مجھے وظائف سے
غیبی مدد کیسے ملی

افادات : حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
پی-ایچ-ڈی (امریکہ)

مجھے وظائف سے
غیبی مدد کیسے ملی

افادات : حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
پی۔ایچ۔ڈی (امریکہ)

مجھے وظائف سے
غیبی مدد کیسے ملی؟

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم
(پی ایچ ڈی، امریکہ)

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب....... مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی؟

مجالس.......... حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

ناشر............ دفتر ماہنامہ عبقری ''مرکز روحانیت وامن'' قرطبہ چوک لاہور

سن اشاعت....2013ء

قیمت..........300روپے

خط و کتابت کا پتہ: دفتر ماہنامہ عبقری مرکز روحانیت وامن 78/3' قرطبہ چوک
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی' لاہور

فون فیکس:042-37552384,37597605,37586453

E-mail:contact@ubqari.org

دنیا بھر میں مشکلات سے چھٹکارے اور پریشانیوں سے نجات کیلئے درس بروز
جمعرات براہ راست درس سنیے۔

Website:www.ubqari.org

ضروری گزارش

☆ اس کتاب میں ذکر کردہ سچے واقعات مختلف طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے ذاتی تجربات ومشاہدات پر مشتمل ہیں۔ جوان ہی کی زبانی مجلس مجذوبی میں جوکہ ہر درس کے بعد منعقد ہوتی ہے میں بیان کئے گئے ہیں اور مرد و خواتین کے خطوط کی صورت میں تحریر کردہ ہیں۔ کوشش کی گئی ہے کہ ان ہی کے الفاظ میں تحریر کئے جائیں اسی وجہ سے بعض جگہ تکرار بھی محسوس ہوتی ہے لیکن یہ تکرار بھی ایک دکھی دل کے بعد نکلنے والی وہ آواز ہے جس میں اخلاص کی مٹھاس اور اپنے پیدا کرنے والے کے شکریہ کے الفاظ ہیں۔

☆ اس کتاب میں ذکر کردہ تمام وظائف کی حضرت جی حکیم صاحب کی طرف سے تمام لوگوں کو مکمل اجازت ہے صرف جائز اور نیک مقصد کے لئے اور یہ بھی اجازت ہے کہ آپ دوسروں کو بھی دے سکتے ہیں۔

☆ اس کتاب میں ذکر کردہ اذکار اور آیات میں حتیٰ الامکان تصحیح کی مکمل کوشش کی گئی ہے۔ اگر پھر بھی کہیں بشری تقاضے کے تحت غلطی رہ گئی ہو تو ضرور اطلاع دیں مشکور رہیں گے۔

مجھے پڑھنے سے کیا ہوگا....؟

ان اعمال وظائف کے کارگر ہونے کی چند شرائط ہیں:

○ یقین کے ساتھ عمل کریں، شک عمل کو ضائع کر دیتا ہے۔

○ توجہ کے ساتھ عمل کریں، بے توجہی سے پڑھی جانے والی دعائیں ہوا میں گم ہو جاتی ہیں۔

○ رزق حلال کا اہتمام کریں، حرام غذا عمل کے اثر کو ختم کر دیتی ہے۔

○ ہر عمل اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کریں، مالک راضی ہوگا، تو کام بنے گا۔

○ فرائض کا اہتمام کریں، جو لوگ نماز اور دیگر فرائض ادا نہیں کرتے ان کے اعمال بے اثر رہتے ہیں۔

○ حرام کاموں سے بچیں، وہ کام جنہیں شریعت نے حرام قرار دیا ہے ان کا ارتکاب روحانیت کو نقصان پہنچاتا ہے، تب عمل کارگر نہیں ہوتا۔

○ الفاظ کی تصحیح کا اہتمام کریں، الفاظ غلط پڑھنے سے معنی بدل جاتے ہیں۔

○ طہارت کا اہتمام کریں، خود بھی پاک صاف ہوں، لباس اور جگہ بھی پاک صاف رکھیں۔

○ عاجزی اور آہ وزاری کے ساتھ عمل کریں۔

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
تجارتی نفع	02	اباجان کے یقین کی طاقت	12
کاروباری ترقی	02	کراماتی تیل کی کرامات	13
برکت کا عجیب مشاہدہ	02	نماز نے جان بچالی	13
برکت ہی برکت	03	عبقری نے پکا نمازی بنادیا	14
برکت کی کنجی	03	نوکری مل گئی	14
خوشگوار زندگی کا راز	03	کثرت تھی۔۔۔مگر برکت نہ تھی	15
ناراضگی ختم	04	اعمال کے نفع ہی نفع	16
جو چاہیں منوالیں	05	سکونِ قلب کے موتی	16
اموال رزق میں احتیاط	05	رزق و اعمال میں بڑھوتری	19
تجارت میں مزہ آنے لگا	06	وساوس کا علاج	19
ہدایت کے متمنی کیلئے نور کا راستہ	07	جذباتی پن، ڈر ختم	19
غیبی مدد کا آنکھوں دیکھا نظارہ	07	بھیانک حادثے سے معجزانہ حفاظت	19
ڈوبی ہوئی رقم کی واپسی	08	ایک ماہ بعد بچہ مل گیا	20
ستر شفائیں، فائدے ہی فائدے	08	برکت کا آسان عمل	22
اللہ نے سود سے بچالیا	09	دل کی مراد پوری ہوئی	22
بچہ تندرست ہوگیا	09	ڈینگی کا یقینی توڑ	22
چھ آیات شفاء کا عمل	10	ہر کام میں آسانی کیلئے	23
دوانمول خزانے کی برکت	11	یاسلام کا جادوئی اثر	23
سامان باحفاظت مل گیا	11	سردمہری کا علاج	24

گھر میں سکون کیلئے	24	امن دوستی کا پیغام	37
عبقری کو جھولا مل گیا	25	انجان راستوں سے شناسائی	38
ڈرائیور مہربان ہو گیا	26	سواری میں آسانی	38
یاسلام کی برکت	26	پیشاب کی نلکی سے چھٹکارہ	38
ہمدردی گلے پڑ گئی	27	دکھیوں کا سہارا	39
مدد کو متوجہ کرنے کیلئے	28	گھریلو مسائل کا حل	40
خراب حالات میں حفاظت	28	پیدل چلنے سے بچ گیا	40
مشکل وقت میں آسانی کیلئے	29	برکت کا خزانہ	42
خراب جنریٹر چل پڑا	30	برکت اتنی کہ لوگ پریشان......!	42
فجر کی پابندی کیلئے آسان عمل	30	پیٹرول کی بچت	43
باعزت رہنے کا راز	31	جاب میں کامیابی کیلئے	43
چھوٹا عمل ....بڑا کمال	32	مہنگائی کا توڑ	43
اللہ نے عزت بچالی	33	یہ وظیفہ کمال ہے	44
جوئے کی لعنت سے چھٹکارہ	34	منہ سے بے ساختہ یاحفیظ نکلا	44
اسپیشل ڈسکاؤنٹ	34	کثرت سے برکت تک	45
بُری عادت سے نجات	34	شوہر کی سخت دلی کا دُور ہو جانا	45
ساس بہو کی پکی صلح	35	بچے کی جان بچ گئی	45
بیوی کی عقلمندی	35	انجکشن کے ری ایکشن کا اثر ختم	46
اب گاڑی کرے گی انتظار	36	پانچواں کلمہ اور بارش	47
ذکر میں دھیان کیلئے	36	شدید گرمی میں پسینوں سے نجات	47
برکت والے رزق کا راز	37	اللہ کے کلام کا معجزہ	48
رشتہ کے لیے عمل	37	فلموں کا شوق اور میری توبہ	48

خراب مشین چل پڑی	49	آدھا کلو کے برابر رسولی	65
عزت میں اضافہ اور رزق میں فراغی	50	قبیح عادت سے چھٹکارہ	65
یقین کی طاقت	50	اپنا گھر مل گیا	65
خراب موٹر چلنے لگی......!	51	بیماریاں نہیں لگتیں	66
اس کا علاج ممکن نہیں	52	پرانے ٹائیفائیڈ سے صحت یابی	66
مشکلات کا حل	52	فجر کے وقت میری آنکھ کھلی	67
گھر ٹوٹنے سے بچ گیا.....!	56	اُستاد بھی حیران.....میں بھی حیران.....!	67
ایک منٹ میں جھگڑا ختم	56	پڑھائی میں دل لگانے کیلئے	69
کیلکولیٹر چل پڑا.....!	56	بہن کا رشتہ طے ہو گیا	69
گھریلو لڑائی ختم	57	موٹر سائیکل مل گئی	70
سخت مزاج کا دل نرم کرنے کیلئے	57	دشمن دوست بن گئے	70
بچی کی عجیب وغریب حرکتیں	58	گاڑی خود بخود ٹھیک ہو گئی	71
ناممکن کو ممکن بنانے کیلئے	58	مشکل آسان ہو گئی	71
چوری سے حفاظت	60	26 سال پرانے اثرات زائل	72
نماز فجر کی پابندی	60	جو چاہا وہ ہوا.....!	73
بجلی کے بل کی بچت	61	نوکری واپس مل گئی	74
مشکلات کا حل	61	جوتوں کی حفاظت کے لئے	74
بخار سے نجات	62	دشمنی دوستی میں بدل جائے	75
مالی نقصان سے حفاظت	62	کمر کے درد کا علاج	75
پاپا میں ''یاحفیظ'' پڑھ لوں گی	63	کاروباری پریشانی کا خاتمہ	75
ٹینشن ڈپریشن کا علاج	64	گردوں کے درد کا علاج	75
جسمانی بیماریوں سے نجات	64	بچوں کی تربیت کیلئے	76

آرمی آفیسرز کی حفاظت	76	بلڈ پریشر نارمل رکھنا آسان	88
عمل شروع کرتے ہی ثمر	77	مسنون دعا کی پابندی سے قبض ختم	89
موٹر سائیکل کا روحانی لاک	78	سب رکاوٹیں کھل گئیں	89
مشکلوں میں آسانی کیلئے	78	قربانی کا جانور مل گیا	90
2007 میں پڑھے واقعات یاد آگئے	79	حاسدین دوست بن گئے	90
نا اُمید مریضہ کی کھانسی کا علاج	79	جھگڑا فساد کے خاتمے کیلئے	91
کینسر کے مریض کا فوری علاج	80	بجلی کا بل آدھا ہوگیا	91
رجال الغیب کی مدد	80	اعمال کی برکت سے کوئی نقصان نہ ہوا...!	91
مریض کی عیادت کے فوائد	81	خوف وڈر سے نجات	92
ڈینگی بخار کا انوکھا علاج	82	اپنی خواہش کے مطابق گائے ملی	93
موٹر سائیکل تو پنکچر ہے......!	83	نوکری مل گئی	93
اللہ کریم سے باتیں کیا کریں	83	جگر اور پیٹ کے درد سے نجات	94
زیادہ بھوک لگنے کا علاج	84	مردہ مچھلی ٹھیک ہوگئی	94
انمول خزانہ بچے بھی پڑھتے ہیں	84	گمشدہ چیزوں کی تلاش کا پر تاثیر عمل	95
مہنگائی کا علاج	85	مالی مشکلات اور کان کا کامیاب آپریشن	96
عہدے میں ترقی کیلئے	85	ذکر الٰہی کی بدولت جادو سے نجات	96
ڈینگی بخار کا خاتمہ	85	گاڑی کی حفاظت	97
وقت پر نماز سے مشکل آسان	86	درس میں حاضری کی آسانی	97
کمر کے مہروں کی تکلیف سے نجات	86	سورۃ فاتحہ کی برکت سے آپریشن سے نجات	98
موٹر سائیکل مل گئی	86	عشاء اور فجر کی پابندی کیلئے	98
غیبی حفاظت کا نظام	87	آگ بجھ گئی	99

مالی فائدے کا راز	99	فالج کا علاج	109
بُرے حادثات سے حفاظت	99	آندھی کو روک دینے والا عمل	110
گھریلو ناچاقی اور دنیاوی مسائل کا حل	100	حیرت انگیز برکت	110
چھ لاکھ کا قرض اتر گیا	100	غیبی طریقے سے مدد	111
خزانہ غیب سے بچیوں کی فیس کا بندوبست	101	ایکسیڈنٹ سے حفاظت	111
دوست حیران رہ گیا	101	بڑے نقصان سے حفاظت	111
دل نور سے منور ہوگیا	102	سات بار سانس والا عمل	112
بے شمار مسائل کا حل	102	عقل حیران رہ گئی	113
جھگڑے ختم، ماحول خوشگوار	103	سفارش کے بغیر ٹرانسفر	114
میرے گھر میں سکون ہے	103	خواب میں بزرگ کی زیارت	115
سینے کی جلن سے چھٹکارا	103	مخلوق آپ کے تابع	115
زندگی کا بارہا آزمودہ عمل	104	خاندانی سر درد کا مرض	116
موت کا خوف ختم	104	خاوند کی توجہ حاصل کرنے کیلئے	116
طلاق ہونے سے بچ گئی	104	کریم رب نے دعا سن لی	117
ڈینگی بخار سے نجات	105	بہت بڑے نقصان سے حفاظت	118
نافرمان اولاد کیلئے	105	مسواک کا کرشمہ	119
جو بچے پڑھتے نہ ہوں....!	105	موبائل کا فضول استعمال	119
اذان سے سر درد ختم	108	دل کا درد ختم	120
خارش سے نجات	108	چھوٹی بچی کا اعمال پر یقین	120
گھر سے اشیاء غائب	108	مچھروں سے بچاؤ	121
گردن توڑ بخار کا علاج	108	مسائل اور پریشانی کا حل	121

منافع بخش سودا	122	باعزت رہائی	133
بیٹا باحفاظت گھر آگیا	122	ہارٹ اٹیک سے صحت یابی تک.....!	133
ایک ہفتے میں ہوش آگیا	122	جوڑوں کا درد ختم	134
خون خوار گھوڑے سے حفاظت	123	دل کی گھبراہٹ دور ہوگئی	134
چوروں سے حفاظت کیلئے	123	بچھو کے ڈنگ سے شفا	135
برکت بھی سکون بھی	125	ہڈیوں کے کینسر کا علاج	136
پچیس منٹ میں ٹینکی بھر گئی	125	پندرہ دن میں گاڑی مل گئی	136
عزت ووقار کا خزانہ	126	شوہر کے پیار اور توجہ کیلئے	136
بارات کے کھانے میں برکت	126	کومے کے مریض کو شفاء	137
زندگی کا سکون	127	تین منٹ میں چابی مل گئی	137
پیٹرول کی بچت	127	جلدی نہیں تو دیر سے	137
دودھ پینے سے نقصان نہیں ہوتا....!	128	سردرد سے فوری نجات	137
دکان ومکان کی حفاظت کیلئے	128	انوکھا کرشمہ	138
زکوۃ سے رزق میں فراخی	129	گناہوں پر پشیمانی	138
نوح علیہ السلام کو نفل کا ہدیہ	129	بچوں کے شور سے نجات	138
امتحان میں کامیابی	130	اللہ تعالیٰ کی مدد کا عجیب واقعہ	139
کالج میں جاب مل گئی	130	پانچ سو کا نوٹ مل گیا	140
منہ سے آگ نکلتی ہے	130	فصل کی حفاظت کیلئے	140
شہد کے تاجر	131	گمشدہ چیز کیلئے	140
تھوڑی سی کوتاہی پر فوری سزا	132	والدہ کی چادر	141
آسان سفر کیلئے	132	ہر نقصان سے حفاظت	141

بچے مل گیا	141	الرجی کا خاتمہ	151
آنکھ کی بینائی کیسے لوٹی	142	بالوں کا گرنا بند	151
غیبی نظام حرکت میں آگیا	143	سورہ کوثر کی طاقت	152
ماں کی دعا سے کامیابی	143	سورہ قریش سے جلد ٹرین مل گئی	152
فوری فیصلہ ہوگیا	143	آیت الکرسی سے حفاظت	152
میٹر نیا.....بل پرانا	144	اذان کے عمل سے بخار ختم	153
بغیر دعا کے زخم ٹھیک	144	بچی کی عجیب وغریب حرکتیں	153
بہت پیارا اسم	145	سورہ کوثر کی وجہ سے خوش اخلاقی کا رویہ	154
بچے کا اعمال پر یقین	145	ڈینگی بخار کا علاج	154
ٹائر پنکچر نہیں ہوتا	145	بسم اللہ کا لاک	154
رزق کی خوشحالی	146	جادو جنات ختم	155
بے اولادی کا مرض ختم	146	سورۃ یٰسین کی برکت سے چاول بچ گئے	155
اللہ نے رشوت سے بچالیا	147	ٹینشن ڈیپریشن کا علاج	156
بند سگنل کھل گئے	148	سورۃ کوثر سے کرم ہوا	156
سورۃ الم نشرح سے گاڑی چل پڑی	148	14 سالہ گائنی کا مسئلہ ختم	156
اللہ ھو کے مراقبے سے کھانسی ختم	149	نانا کا ڈینگی ختم	157
یَاحَفِیْظُ سے نلکا ٹھیک	149	سورۃ القریش کا معجزہ	157
تین گھونٹ سے ٹانسلز کی تکلیف ختم	150	اپنا کاروبار مل گیا	158
فالج کے مرض سے نجات	150	ڈینگی بخار کا خاتمہ	158
ڈینگی بخار کا علاج	150	شوگر کنٹرول رہتی ہے	159
انمول خزانہ اور ناممکن شادی	151	یقین کی کیفیت	159

بچے بیمار نہیں ہوئے....!	159	گمشدہ بکری آسان وظیفے سے مل گئی	170
چھڑی چھوٹ گئی....!	160	خواب میں اللہ نے اپنی رحمت دکھائی	171
10 سالہ نزلے اور کیرے سے نجات	160	حضرت فاطمہؓ کو نوافل ہدیہ کرنا	171
نوکری مل گئی	160	سورۃ اخلاص سے حاکم افسر محکوم بن گیا	172
گرتے platlets کا شافی علاج	160	سفر کی مشکلات اور بدنظری سے نجات	173
پرانی الرجی کا خاتمہ	161	ناراض میاں بیوی کی رضامندی	173
اذان کی طاقت	161	جان لیوا حادثات سے حفاظت	174
خودکشی کو دل چاہتا تھا	162	سونے سے پہلے اعمال کی برکت	174
دس سال پرانا نزلہ وزکام کا خاتمہ	164	اعمال کی برکت سے پیٹ کا علاج	175
آخری چھ سورتوں سے رزق میں برکت	164	سورۃ کوثر سے گھریلو مسائل کا حل	176
فرعون غرق شُد	164	کھانا پھر بھی بچ گیا	177
اذان اور سورۃ مؤمنون سے ڈینگی کا علاج	165	سورۃ کوثر سے غیبی امداد	177
حضرت عمرؓ کا نام لکھنے سے بچے نے ضد چھوڑ دی	165	سورۃ فاتحہ کے عمل سے چھٹی منظور	178
سورۃ کوثر اور دعا سے رقم کا غیب سے انتظام	165	6 دو نفل سے بات بن گئی	179
بھاگنے والا بچہ سورۃ الفیل سے ٹھیک ہوگیا	166	رش غائب ہوگیا	179
عبقری کے مضمون سے بے نمازی نمازی بن گئے	166	سورۃ الم نشرح سے ٹکٹ مل گئی	179
چھوٹی سی دعا سے یورک ایسڈ کا خاتمہ	167	یَاحَفِيْظُ کی برکت	180
تھیلی سے لینے والا ہاتھ دینے والا بن گیا	167	ہر قسم کی پھنسی ہوئی گاڑی نکل جاتی ہے	180
اذان اور سورۃ مؤمنون سے جادو کا خاتمہ	168	گولیوں سے حفاظت کا عمل	181
سورۃ اخلاص سے بیوی فرمانبردار بن گئی	170	وضو کے تین گھونٹ پانی سے الرجی کا خاتمہ	181
۱۴ سال بعد اولاد مل گئی	170	گھٹنے کے درد کا علاج	181

سورۃ فاتحہ کے دم سے سر درد ختم	182	دل کے دورے سے شفا کا دم	193
باوضو رہنے کے کمالات	182	دو انمول خزانے سے اجڑا گھر آباد ہوگیا	193
اللہ والوں کے وسیلے سے دعا کی قبولیت	183	بون میرو کینسر سے شفایابی	194
25 ہزار کی نوکری مل گئی	183	برین ہیمرج سے شفایابی	195
سورۃ کوثر پڑھنے سے انعام نکل آیا	184	لاعلاج مریض صحت یاب	196
ایک دعا سے گاڑی کا مسئلہ حل ہوگیا	184	سورۃ کوثر سے زچگی کے تمام مسائل کا حل	196
گاڑی کو آگ لگنے سے بچ گئی	185	سورۃ کوثر سے گاڑی کا لاک کھل گیا	197
بلی کے بچے گم ہونے سے بچ گئے	186	ملازم دکان کا مالک بن گیا	197
فالج کی مریضہ ٹھیک ہوگئی	186	عبقری رسالے سے مخلوق خدا کی خدمت	198
گمشدہ بچے کی بازیابی	186	3 سال پرانی ناراضگی ختم	198
رشتے کی بندش ختم ہوگئی	187	انمول خزانے سے امتحان میں کامیابی	199
سارا نظام میرے موافق ہوگیا	188	چوری شدہ موٹر سائیکل کی بازیابی	199
خوشحالی کے دروازے کھل گئے	188	ڈوبی ہوئی رقم کی واپسی	200
ایکسیڈنٹ سے بال بال بچ گئے	189	شکر ادا کرنے سے مشکلات کا حل	201
خراب A.C ٹھیک ہوگیا	189	اذان کے عمل سے نماز کی پابندی	202
سورۃ کوثر سے اولاد کی نعمت مل گئی	190	فالج کا مریض ٹھیک ہوگیا	202
کلمہ طیبہ سے دل کے بند وال کھل گئے	190	درس میں حاضری سے پانچویں اسکیل کی نوکری	202
فالج کا بغیر دوائی کے بذریعہ ذکر علاج	191	درس میں شرکت سے ٹانگ ٹھیک ہوگئی	203
اللہ پر کامل یقین سے حصول نعمت	191	اذان اور سورۃ مؤمنون	204
درس پر آنے سے دوسروں کی رہنمائی	192	ایمرجنسی کیس کا علاج چھ سورتیں	206
بچے کی پیدائش مراحل میں آسانی	193	یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ	206

دانت مضبوط اور چمک دار	206	خراب معدہ بالکل ٹھیک	219
جلد اثر دیکھانے والا عمل	207	درود پڑھا..... جھگڑا ختم	220
یہ عورت کیسے بچ گئی؟	207	رزق کے بند دروازے کھلوانے کیلئے	220
وہ گرا، بے ہوش ہوا اور خود بخود اٹھ کے چل پڑا	208	اللہ الصمد کا عمل کسی معجزے سے کم نہیں	221
درس میں حاضری سے پورے ہفتے کا سکون	209	برکت کا یقین کامل	221
رب انی مغلوب فانتصر کا موکل	210	سکون افزاء سے شفاء	221
اپنا مکان مل گیا	211	خوشحال گھر۔۔۔زندگی آسان	222
موصول شدہ خواتین کے تجربات ومشاہدات		نافرمان اولاد کی فرمابرداری	222
مدتوں کا سر درد لمحوں میں ختم	214	شدید درد کا علاج	223
جوڑوں کا شدید درد ختم	214	آیت کریمہ سے سر درد ختم....!	223
اعمال کی برکات	214	نوکری بچ گئی	223
سورۃ فاتحہ کا فیصلہ کن عمل	215	تعلقات میں بحالی	224
اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں کا کمال	215	اللہ ھو کے مراقبے کا کمال	224
خطبات عبقری کا فیض	216	دانت درد سے نجات	224
کلمہ تمجید سے کھانے میں برکت	216	مسنون دعا کا جادوئی اثر	224
اللہ نے عزت رکھ لی	217	ادائیگی قرض میں سہولت	225
15 افراد کا کھانہ 30 افراد کیلئے کافی	217	امتحان میں کامیابی	225
جھگڑتے لوگوں کے درمیان صلح	217	شوال کے نفل سے کام بن گیا	226
بازار جانا آسان ہوگیا	218	اچھے رشتے کیلئے	228
گھنٹوں کا کام منٹوں میں	219	سورۃ الکوثر صبح وشام کی تین تسبیحات	228

رحمتیں عنایتیں بے شمار	229	جو چاہو کھالو.....!	238
بندشیں ختم۔۔۔مسائل حل	229	طبیعت ٹھیک ہوگئی۔۔۔!	238
جام ٹریفک میں آسانی سے راستہ	230	تہجد کی پابندی کے لئے	239
وضو کے تین گھونٹ	230	جسم کی گٹھلیاں ختم	240
بارش وطوفان سے حفاظت	231	شدید کھانسی کا خاتمہ	240
بہترین حافظے کیلئے	231	تیز بخار کا خاتمہ	240
بے نمازی کیلئے	232	پاسپورٹ کا مسئلہ حل	240
بندش پریشانیاں ختم	232	قبولیت کا یقین	241
گھٹنے بازو کا شدید درد ختم	232	سو فیصد قبولیت کا نسخہ	241
جادو کا توڑ	233	مسائل حل ہوگئے	242
جادو ٹوٹا اور مسئلہ حل	233	ہر مشکل وپریشانی کا آخری حل	243
ولادت میں آسانی کیلئے	233	اچھی جاب کیلئے	243
نہ یقین آنے والا معجزہ	234	عمل کا فوری ثمر	243
بندش واثرات ختم	235	نفع بخش کاروبار	243
تمنائے حج	235	محبت پانے کا راز	244
ہڈیوں کی ٹی بی کا خاتمہ	235	درد گردہ ختم	244
حاسدین خود ذلیل ہوئے	236	سر درد سے نجات	244
پولیس والوں سے حفاظت	236	جنت کا نورانی لقمہ	245
خوفناک حادثہ اور اللہ کی مدد۔۔۔۔	237	اللہ کی امان میں	245
تمام مشکلات حل	237	سورۃ قریش کی برکت	245
گھٹنے کے درد سے نجات	237	اصل حقیقت	246

رزق کی کشادگی کے لئے 246
جادو ٹونے کا آخری علاج 247
نوکری کی تلاش 248
رشتہ کے لئے وظیفہ 248
پرانی تکلیف سے نجات 249
شدید درد سے نجات 249
برکت کا راز 249
اولاد کی خواہش 249
شادی کے مسئلے کا حل 250
حفاظت کا حصار 250
جو پڑھا وہی آیا 251
طالبعلموں کیلئے تحفہ 251
منٹوں میں حاجت پوری 252
کمر کے درد سے چھٹکارہ 253
چست و ہوشیار رہنے کیلئے 255
گرمی دانے ختم 255
گھر سے نکلنے کی دعا کی برکت 256
جان کی حفاظت 256
مزیدار کھانا بنانے کا وظیفہ 257
اللہ کی غیبی مدد 257
چالان سے کشا 258
سفر میں آسانی کیلئے 258
یَاحَفِیظُ کا عمل 259
ایک دم سے کھانسی غائب 259
اعمال کا ہدیہ کام آگیا 260
یہاں پھونک ماری..... وہاں بیماری ختم 260
اللہ سے ملانے والا عمل 261
انگ انگ روشن ہوگیا 261
ہر حادثے سے حفاظت 262
خوشیوں کی بہاریں 262
گھٹنوں کا درد ختم...... 262
چوتھے دن ویزہ لگ گیا 265
اپنی مرضی کا کرایہ 265
داغ ختم۔۔۔لوگوں کا اسرار شروع 265
داغلوں کی بھرمار 266
بلغم والی کھانسی کا علاج 266
اذان کی برکت 267
وضو کے تین گھونٹ پانی سے دکھ درد سب ختم 267
معدہ ٹھیک..... طبیعت فریش 267
رشتہ پھر سے بحال ہوگیا 267
بسم اللہ شریف پر یقین 268
یاحفیظ کے فائدے 268

عمل ایک فائدے بے شمار 269
دل میں انجانا خوف تھا...... 270
طبیعت بحال ہوگئی 270
اللہ نے ایسا انتظام کیا.... 270
قربان جانے کو جی چاہتا ہے 271
فوراً کسی بڑے ہسپتال لے جائیں 271
مختصر عرصے میں اپنا گھر.....! 272
کھانا اتنا مزے کا مت بنایا کرو 273
جسم کے دردوں سے نجات 274
سینے کے درد سے ہمیشہ کیلئے نجات 274
سالن میں ذائقے کیلئے 275
درس نے اللہ سے ملادیا 275
الرجی سے شفاء یابی 275
سورہ قریش کی برکت سے بیٹی مل گئی 275
گرمیوں کے روزے آسان 276
وقت میں برکت ہوجانا 276
طبیعت میں غصہ اور سختی کا علاج 276
بغیر اسباب حرمین کا سفر 276
گھریلو رزق میں برکت ہی برکت 277
شرمندگی کا احساس اور اللہ کی مدد 277
منہ کے دانوں کا حل 278
دل کے مرض سے نجات 278
غصے کی عادت سے چھٹکارہ 279
مزاج میں نرمی کیلئے 279
پانچ سو روپے کی غیبی مدد 280
موبائل مل گیا......! 280
اللہ کی مدد آگئی 281
20 سال پرانا بلڈ پریشر ختم 282
جسمانی اور اخلاقی بیماریوں کا علاج 283
بلڈ پریشر کے مرض سے نجات 283
معاشی حالات بہتر ہوگئے 283
موڈ خراب نہیں ہوتا 284
ڈپریشن کا خاتمہ 284
دانتوں کے درد کیلئے 284
مقعد کے دانوں کا علاج 285
مہروں کی بیماری سے نجات 285
برکت کے 3 خزانے 285
بازو کا درد ختم 286
بیماریوں سے شفاء کیلئے 286
نافرمان اور بداخلاق اولاد کیلئے 287
فرشتوں کو متوجہ کردینے والا عمل 288
ہیپاٹائٹس سی سے نجات 288

ڈر خوف سے نجات	288	سبزی فروش کے کام میں برکت	298
معاشی تنگی کا حل	289	چند دنوں میں حالت بدل گئے	299
میرا داخلہ ہوگیا	289	سر کھجانے کی فرصت نہیں	299
پانی کی فروانی کیلئے	289	شریر لوگوں سے حفاظت	300
سر کا درد ختم	290	معجزانہ حفاظت	300
امتحان میں آسانی کیلئے	290	دل کے درد کا علاج منٹوں میں	301
اعمال تمام مسائل کا حل	290	گلے کی خراش اور بخار کے لئے	301
بغیر دواء کے بخار ختم	290	بیٹے بیٹی کی شادیوں کے مسائل کا حل	301
سخت تکلیف سے شفاء	291	بے گناہ قیدی کی آزادی	302
پانچ منٹ میں طبیعت ٹھیک	291	بدبو بالکل ختم ہوگئی	303
کان کا بہنا ختم	292	اعمال کے قیمتی موتی	303
گھریلو پریشانیاں ختم	293	میرا تو بچہ مرجائے گا	304
الرجی ختم...... نہ سن بلاک نہ کوئی دوا	293	زہریلے کیڑے کا علاج	304
بچے کا دودھ چھڑانے کیلئے	293	پھول سی بیٹی	305
گھر کا خرچ آدھا ہوگیا	294	روحانی پھکی کا قہوہ	305
جنات سے بچاؤ	294	خوش خوراک مائی	306
سامان کی حفاظت کے لئے	294	دور جدید کے سچے واقعات	306
بچوں کا عمل پر یقین	295	سکون کا پیغام	307
قیمتی ڈائری مل گئی	296	سسرالی مان گئے	308
سیوریج کا مسئلہ حل	296	موبائل بیڑی میں برکت	308
کامل توکل پر اللہ کی عطاء	297	گناہوں سے نفرت	308

وضو کے تین گھونٹ پانی نے صالحہ بنادیا	309	خودکشی کا ارادہ ملتوی....!	313
اسٹوڈنٹس کیلئے جادو کی چھڑی	309	شوہر کے ہاتھوں ستائی ہوئی	313
لذیذ کھانے بنانے کا آسان عمل	310	جلدی امراض کیلئے طاقتور عمل	313
عدے کا مسئلہ حل	310	اللہ کا تعلق مل گیا	314
بغیر گولی کے ایڑی کا درد ختم	310	دانتوں کی تکلیف ختم	315
بڑے بڑے دانوں کا علاج	311	ٹانگوں کا شدید درد ختم	315
یرقان کا علاج	311	شادی کا مسئلہ حل	315
طبیعت ٹھیک ہوگئی.....!	311	گالیوں کی عادت ختم	316
لیکوریا کا مسئلہ حل	312	بڑھتی ہوئی لڑائی رک گئی	316
سردیوں میں زکام سے حفاظت	313	بیٹی کے جہیز کی غیبی مدد	317

{ختم شد......}

132 ممالک میں براہ راست درس کا فیض

مال سے نہیں اعمال سے زندگی بنتی ہے۔ اب یہ سنی سنائی کہانی نہیں بلکہ ایک زندہ جاوید حقیقت ہے۔ اگر آپ بھی اس حقیقت کو پانا چاہتے ہیں تو دنیا بھر میں سکون، عافیت و امن پھیلانے اور اعمال کے ذریعے اپنی پریشان زندگی سے نجات پانے کے لیے ہر جمعرات تسبیح خانہ (قادری ہجویری رحمہ اللہ) میں ہونے والا درس براہ راست عبقری ویب سائٹ پر دنیا کے تقریباً 132 ممالک میں سنا جاتا ہے۔ خود بھی سنیے دوست احباب کو میسج اور فیس بک کے ذریعے اس کا لنک سینڈ کیجئے۔

شائد...... آپ کا ایک میسج کسی کی زندگی پلٹنے کا سبب بن کر آپ کیلئے صدقہ جاریہ اور قبر میں ٹھنڈک کا سامان بن جائے

www.ubqari.org

حال دل

ایک شخص نے خواب دیکھا کہ وہ کسی جنگل میں چلا جا رہا ہے۔ اتنے میں اسے پیچھے آہٹ محسوس ہوئی۔ مڑ کر دیکھا تو ایک خوفناک شیر اس کے تعاقب میں چلا آ رہا ہے۔ وہ گھبرا کر بھاگ کھڑا ہوا، شیر بھی پیچھے پیچھے بھاگا۔ اتنے میں ایک گہرا گڑھا آڑے آ گیا۔ اس نے جان بچانے کیلئے گڑھے میں جھانک کر دیکھا تو اس میں ایک بہت بڑا سانپ منہ کھولے بیٹھا نظر آیا۔ اب یہ بہت گھبرایا کہ کرے تو کیا کرے.....! آگے خطرناک سانپ ہے....... تو پیچھے خوفناک شیر.......!

اتنے میں اسے ایک درخت نظر آیا۔ یہ اس کی ٹہنی سے لٹک گیا لیکن ایک نئی مصیبت کھڑی ہو گئی وہ یہ کہ ایک سفید اور سیاہ چوہے دونوں مل کر اس ٹہنی کی جڑ کو کتر رہے ہیں۔ اب تو یہ بہت گھبرایا کہ عنقریب یہ دونوں چوہے ٹہنی کاٹ ڈالیں گے اور میں گر جاؤں گا اور پھر شیر اور سانپ کا لقمہ بن جاؤں گا۔ ابھی وہ اس فکر میں تھا کہ اس کی نظر اوپر شہد کے چھتے پر پڑی اور شہد پینے میں مشغول ہو گیا۔ اب شہد کی لذت میں کچھ ایسا گم ہوا کہ نہ شیر اور سانپ کا خوف رہا اور نہ ہی دونوں چوہوں کا ڈر......! اب اچانک ٹہنی جڑ سے ٹوٹ گئی اور یہ دھڑام سے نیچے گرا۔ شیر اس پر جھپٹا اور اس نے چیر پھاڑ کر گڑھے میں گرا دیا اور سانپ (بڑا اژدھا) اس کو نگل گیا پھر آنکھ کھل گئی۔

مذکورہ بالا خواب میں جنگل سے مراد دنیا ہے اور خوفناک شیر موت ہے جو پیچھے لگی ہوئی ہے، گڑھا قبر ہے جو آگے ہے، وہ سانپ برے عمل ہیں جو قبر میں ڈسیں گے اور دو سفید اور سیاہ چوہے دن اور رات ہیں، اور وہ ٹہنی زندگی ہے جسے وہ کاٹ رہے ہیں، اور شہد کا چھتہ دنیا کی فانی لذات ہیں جس میں مشغول ہو کر انسان شیر (موت) گڑھا (قبر) سانپ (سزائے اعمال بد) اور سیاہ و سفید چوہوں یعنی دن اور رات کو بھول جاتا ہے مگر وہ دونوں چوہے یعنی دن اور رات مل کر اس کی زندگی کی ٹہنی کو برابر کترتے رہتے ہیں جوں ہی اس کی مدت پوری ہوتی ہے وہ موت کا شکار ہو جاتا ہے۔

واقعی انسان دنیا کی محبت میں ایسا مست اور غافل ہو چکا ہے کہ اس کو موت، قبر کی پرواہ باقی ہی نہ رہی......!

زیر نظر کتاب مرنے سے پہلے کی تیاری کی ایک کوشش ہے جو ذاتی مشاہدات پر مبنی واقعات پر مشتمل ہے۔ آیئے......! اللہ کے نام، اس کے سچے رسول ﷺ کے پاکیزہ فرمان اور اولیائے کرام کے آزمودہ ایسے اعمال سے پر سکون زندگی تلاش کرتے ہیں جس کو کرنے والا کبھی نامراد نہیں ہوتا۔

زندگی کا نیا انداز، نئی سوچ، پرسکون زندگی اور عافیت کے نظام کے متلاشی ضرور اس کتاب کا مطالعہ کریں اور اپنے کریم اور محبت کرنے والے رب کی غیبی مدد کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ کوئی بات نہیں آپ گناہ گار ہیں لیکن ان گناہوں سے گھبرائیے نہیں صرف ایک بار اس کتاب کو ضرور پڑھیں.....! یہ کتاب ضرور آپ کو آپ کے رب سے ملانے کا ایک ذریعہ ہے انشاء اللہ۔

اگر یاد آ جائے تو اس فقیر کو بھی اپنے قیمتی لمحات میں یاد کر لیجئے گا آپ کا مجھ پر احسان عظیم ہوگا۔

خواستگار اخلاص و عمل اور طالب دعائے نیم شبی
بندہ حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

''اعمال سے پلنے، اعمال سے بننے اور اعمال سے بچنے کا یقین'' یہ تسبیح خانے کا پیغام ہے۔ ''جو میرا ہے وہ تیرا ہے اور جو تیرا ہے وہ پورے عالم کا ہے'' یہ تسبیح خانے کا پیغام ہے۔ اللہ سخی کا ساتھی ہوتا ہے۔ اللہ خود سخی ہے اس لیے اللہ سخی کو پسند کرتا ہے اور اللہ کے حبیب ﷺ بھی سخی، قیامت کے دن سخی کی سفارش کرے گا اس لیے کہ اللہ کے حبیب ﷺ خود سخی ہیں۔

سخاوت مال کی بھی ہوتی ہے، سخاوت اعمال کی بھی ہوتی ہے۔ مال کی سخاوت یہ ہے کہ دوسروں کیلئے دنیا کی ضرورتوں اور چیزوں کا ذریعہ بننا اور اعمال کی سخاوت یہ ہے کہ لوگوں کیلئے دنیا کی چیزوں کا ذریعہ بھی بننا اور آخرت کی چیزوں کا ذریعہ بھی بننا ہے۔ جو مال کی سخاوت کرتا ہے وہ چھوٹا سخی ہے، جو اعمال کی سخاوت کرتا ہے وہ بڑا سخی ہے وہ دراصل لوگوں کو دنیا میں بھی خیریں پہنچاتا ہے اور آخرت میں بھی خیریں پہنچاتا ہے اور یاد رکھیئے گا مال کی سخاوت کا فر کر سکتا ہے مگر اعمال کی سخاوت کا فر نہیں کر سکتا ہے۔......! وہ صرف اللہ جل شانہٗ نے مسلمانوں کو یہ نعمت عطا فرمائی ہے کہ مسلمان جو ہے وہ اعمال کی سخاوت کرے اور اعمال کی سخاوت یہ ہے کہ اللہ پاک نے جو نعمت مجھے اور آپ کو دی ہے ان تمام نعمتوں کا ہم کسی دوسرے کیلئے بھی ذریعہ بن جائیں یہ اعمال کی سخاوت ہے کہ جو نعمت مجھے اور آپ کو اللہ جل شانہٗ نے دی ہے دوسروں کیلئے ہم ذریعہ بن جائیں کہ یا اللہ تو نے مجھے دیا ہے اور اس سے میری تکلیف، مصیبت دور ہوئی، اللہ اس کے ذریعے سے کسی اور کی تکلیف بھی دور ہو جائے، کسی اور کی مصیبت بھی دور ہو جائے، کسی اور کے دکھ بھی دور ہو جائیں۔ تو میں اس کا ذریعہ بن جاؤں۔ اللہ سخی کو پسند فرماتے ہیں تو کون سخی ایسا ہے جو کہتا ہے کہ میں لوگوں کو اعمال کا نفع بتاؤں گا، اللہ کے بندوں کیلئے اعمال کے نفعے کا ذریعہ میں بنوں گا۔

مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی؟

(بذریعہ خطوط ملنے والے تجربات)

تجارتی نفع

میں گزشتہ دنوں کاروباری سلسلے کی غرض سے چین گیا۔ وہاں میں جب بھی کوئی مال خریدنے نکلتا تو سورۃ قریش پڑھنا شروع کر دیتا تھا۔ سورۃ قریش سے اللہ تعالیٰ نے اتنی آسانی اور رحمت فرمائی کہ جس جگہ سے بھی مال خریدا سستا اور اچھا خریدا۔ دوسرے لوگ جو کہ سال ہا سال سے چائنہ جا رہے ہیں ان سے کم ریٹ پر خریدا اور وہ لوگ جن جگہوں پر کبھی پہنچے بھی نہیں تھے وہاں میں پہلے ہی چکر میں پہنچ گیا یہ سب سورۃ قریش کے عمل کی وجہ سے اور آپ کی دعاؤں کی وجہ سے ممکن ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطاء فرمائے۔

کاروباری ترقی

آپ نے سورۃ کوثر والا عمل جب سے بتایا ہے **129** بار سورۃ الکوثر اول آخر تین دفعہ درود شریف نماز فجر کے بعد مستقل پڑھ رہا ہوں۔ میں اپنے کاروبار سے مایوس ہو چکا تھا جب سے میں نے سورۃ کوثر پڑھنی شروع کی تو اس عمل کی برکت سے اتنے زیادہ گاہک اس مہینے میں آئے کہ میں حیران ہو گیا جن گاہکوں نے آنا ہی چھوڑ دیا تھا اور دوسری دکانوں سے خریداری کرنا شروع کر دی تھی وہ بھی واپس آ گئے۔ اب میرا کاروبار اچھا چل رہا ہے۔ (محمد جمیل، لاہور)

برکت کا عجیب مشاہدہ

حضرت جی! میرا ایک دوست ہے اس کا نام ساجد اقبال ہے۔ اُس نے بتایا کہ مریدکے کے پاس میری موٹر سائیکل میں پٹرول ختم ہو گیا اور میری جیب میں صرف

تیس روپے تھے، اُن تیس روپے کا پٹرول ڈلوایا اور سورۃ الکوثر پڑھنی شروع کر دی سورۃ کوثر کی برکت سے وہ وحدت روڈ پر ہاسٹل سے ہو کر میرے پاس آیا اور کہہ رہا تھا کہ ابھی تک موٹر سائیکل سے پٹرول ختم نہیں ہوا حالانکہ یہ ناممکن تھا کہ وہ یہاں پہنچ جاتا۔ واپسی پر بھی وہ اسی پٹرول میں ہاسٹل گیا۔ یہ سورۃ الکوثر کا کمال ہے۔

برکت ہی برکت

میری ہمشیرہ بتا رہی تھیں کہ ہم نے چار مہمانوں کی دعوت کی ہوئی تھی مگر دعوت میں بہت زیادہ مہمان آ گئے ہم پریشان ہو گئے کہ انتظام بہت تھوڑا ہے اور مہمان بہت زیادہ ہیں۔ سب نے سورۃ الکوثر پڑھنی شروع کر دی۔ اللہ پاک نے سورۃ الکوثر کی برکت سے کھانے میں برکت عطا فرمائی۔

برکت کی کُنجی

حضرت جی! میرا ایک دوست عبدالحسیب لاہور کا رہنے والا ہے۔ اس کو میں نے **129** بار سورۃ کوثر صبح و شام پڑھنے کیلئے بتائی تھی۔ اس نے مجھے بتایا کہ جب سے میں نے سورۃ کوثر پڑھنی شروع کی ہے گھر میں بہت ہی زیادہ برکت شروع ہو گئی ہے۔

خوشگوار زندگی کا راز

آپ نے سرگودھا کے بیان میں فرمایا تھا کہ جس عورت کا خاوند سخت ہو اور غصے والا ہو تو وہ عورت صبح و شام **800** مرتبہ: ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ '' پڑھے۔ اگر عورت غصے والی، سخت اور بدمزاج ہو تو خاوند پڑھے۔ اس عمل سے وہ نرم اور معتدل مزاج ہو جائے گی اور اگر عورت پڑھے تو خاوند نرم مزاج ہو جائے گا۔

ہمارے جاننے والے ہیں ان کی بیوی مجھے بتا رہی تھی کہ میرے خاوند انتہائی سخت ہیں مجھے مارتے بھی ہیں تو میں نے ان کو یہ عمل بتایا۔ کچھ ہی دنوں کے

بعد بتانے لگیں کہ جب سے میں نے صبح وشام آٹھ سو مرتبہ: ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ '' پڑھنی شروع کی تو جتنے دن میں پڑھتی رہی وہ مجھ سے محبت سے پیش آتے رہے، زندگی خشگوار ہوگئی اور جب میں نے پڑھنا چھوڑ دیا تو پھر ویسے ہی سختی کرنے لگے ہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ نماز کی پابندی کریں اور وظیفہ نہ چھوڑیں سب ٹھیک ہوجائے گا۔ پھر وہ روزانہ اس کے پڑھنے کا اہتمام کرنے لگیں۔

(محمد اکمل فاروق، سرگودھا)

ناراضگی ختم

حکیم صاحب! دفتر میں ایک دو لوگوں سے کسی وجہ سے کچھ ان بن ہوگئی تھی۔ چند دن پہلے میرے دماغ میں ایک بات آئی اور احساس ہوا کہ یہ اچھی بات نہیں ہے اُن سے ناراضگی ختم ہونی چاہیے۔ آپ نے ایک عمل یہ بتایا تھا کہ اپنے دشمن یا وہ شخص جس کے ساتھ کوئی ناراضگی ہو یا وہ بندہ جو تمہارے خلاف بغض رکھتا ہو اس کے لئے دعا کرو۔ یہ عمل میرے ذہن میں آیا۔ میں اس وقت دفتر کے گراؤنڈ فلور پر تھا تو میں نے دل ہی دل میں دونوں بندوں کے لئے دعا شروع کردی۔ ان کی دنیا و آخرت کی خیر کے لئے دعا کرنا شروع کردی۔ میرا دفتر چوتھی منزل پر تھا۔ لفٹ کے ذریعے چوتھی منزل پر گیا کمپیوٹر آن کیا تو وہ بندہ جس سے میری ناراضگی زیادہ تھی وہ آیا۔ اُس نے مجھے سلام کیا اور کچھ کام کہا...... !یہاں یہ بات بتاتا چلوں کہ وہ عہدہ میں چار گریڈ مجھ سے بڑا تھا۔ اُس نے مجھے کوئی کام کہا میں نے اُس کا کام کردیا تو جاتے وقت اُس نے میرا شکریہ ادا کیا اور اب ہم دونوں دن میں کئی بار ملتے ہیں اور ایک دوسرے کو سلام کرتے ہیں۔

دوسرا بندہ وہ میرا ہم نام خدا بخش اسٹور کیپر 14 گریڈ میں تھا اور میرا 12 گریڈ تھا۔ تقریباً 1 گھنٹے بعد وہ بندہ بھی میرے پاس آیا کچھ مذاق ہوا میں نے اسے چائے کی دعوت دی اس نے قبول کرلی اور اب میں تقریباً 2 یا 3 بار اسے ضرور ملتا ہوں۔ اللہ نے دونوں بندوں سے میری ناراضگی دعا کی وجہ سے ختم کردی۔ **(خُدا بخش)**

جو چاہیں منوالیں

میں فجر سے پہلے اُٹھا اور اپنے بھائی کے لئے ''دو نفل صلوٰۃ الحاجت'' کے پڑھ کر خُوب رو رو کر دعا کی کہ اے اللہ! میں نماز پڑھتا ہوں مگر یہ میرا بھائی اُٹھانے کے باوجود نماز کے لئے نہیں آتا۔ اے اللہ! اس کو بھی پکا نمازی بنادے۔ پھر میں نماز پڑھنے مسجد چلا گیا واپسی پر میں نے اُسے پھر اٹھایا کہ نماز پڑھ لو تو اس نے جواب دیا میں نے نماز پڑھ لی ہے۔ پھر میں نے اگلے دن دوبارہ دو رکعت نفل والا عمل کیا اور اب دعا یہ کی کہ اے اللہ! میں مسجد میں باجماعت نماز پڑھتا ہوں، یہ میرا بھائی بھی مسجد میں نماز باجماعت پڑھنے لگ جائے، دعا کرکے میں نے فجر کی سنتیں گھر میں پڑھیں اور تین منٹ جماعت کھڑی ہونے میں باقی تھے مسجد چند قدم پر تھی میں نے اُسے اٹھایا کہ اُٹھو جماعت کھڑی ہونے لگی ہے تو وہ فوراً اُٹھا اور مسجد میں باجماعت نماز پڑھ کر آیا۔ اب تو اللہ سے بس یہی دعا ہے کہ اللہ ہم دونوں کو استقامت دے۔ آپ کی دعاؤں کا ہر دم ہر قدم محتاج ہوں دعاؤں میں یاد رکھیں بڑی مہربانی ہوگی۔

اموال رزق میں احتیاط

میں پارٹ ٹائم فروٹ کا کام تقریباً ڈھائی سال کے عرصہ سے کر رہا ہوں۔ میں حرام رزق کی احتیاط کرتا تھا مگر کوئی نہ کوئی غلطی ہوجاتی تھی۔ وہ غلطی یہ ہوتی تھی کہ اچھے اور خراب مال کو ملا کر بیچ دیتا تھا۔ اب جب سے وہ درس جس میں آپ نے اس کار کی مثال دی کہ وہ گاڑی جس کا اے سی چل رہا ہے مگر ٹھنڈک پیدا نہیں ہورہی پتہ چلا کہ اس میں کوئی سوراخ ہے جہاں سے باہر کی گرم ہوا اندر آرہی

ہے اور ٹھنڈک نہیں ہو رہی وہ سوراخ حرام رزق ہے۔ یہ مثال سنی اور مثال نے اندر ایک ہل چل مچا دی۔ تسبیح خانے میں ایک ماہ قیام کیا اور عید کے بعد چند معاملات کی بنا پر تقریباً ڈیڑھ ماہ کے بعد دوبارہ فروٹ کی ریڑھی لگانی شروع کی۔ اب تو میں اچھا اور ہلکا مال الگ کر دیتا ہوں اور پھر گاہک کو یہ بھی کہتا ہوں کہ یہ ریٹ ہے اپنی مرضی سے ڈال لو، میں خود نہیں ڈالتا تم خود اچھا اچھا مال نکال لو۔

تقریباً آج سات یا آٹھ دن ہوئے ہیں کاروبار دوبارہ شروع کئے ہوئے۔ مجھے یہ یاد ہے کہ میں نے تقریباً -/2500 روپے سے کاروبار شروع کیا تھا اور آج ہفتہ ہے میں نے گاؤں بچوں کے پاس جانا ہے میرے پاس ڈیڑھ کلو سیب، تقریباً دس درجن کیلے ہیں جو بچوں کے لئے لے کر جا رہا ہوں اور تقریباً 4500 روپے جیب میں بھی ہیں اور کھانا بھی پہلے سے زیادہ کھایا اور اللہ کے بندوں کو چائے بسکٹ وغیرہ بھی کھلائے غریب گاہک کو ایک دو کیلے زیادہ بھی دیئے تین وقت کھانا اسی میں کھاتا رہا اللہ نے اتنی برکت دی کہ میں حیران ہوں۔ **(عبداللہ، لاہور)**

تجارت میں مزہ آنے لگا

میں جب منڈی یا دفتر جاتا ہوں تو گھر سے نکلنے کی دعا: ''بِسۡمِ اللّٰهِ تَوَكَّلۡتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' اور ساتھ 11 بار یَا حَفِیۡظُ پڑھتا ہوں اس کی برکت یہ دیکھی ہے کہ اب اللہ کی مدد ہوتی ہے کہ مجھے منڈی سے مال ٹھیک مل جاتا ہے، مناسب قیمت پر مل جاتا ہے اور منافع بھی اچھا مل جاتا ہے بڑی برکت دیکھی ہے، اب ایک دن کی سیل اتنی ہوتی ہے کہ ایک جیب میں پوری نہیں آتی مجھے دوسری شلوار والی جیب میں پیسے ڈالنے پڑ جاتے ہیں اور مجھے اب اس تجارت میں مزا آنے لگا ہے میرا دل لوگوں کی خدمت سے باغ باغ ہوتا ہے اور منافع بھی ملتا ہے اللہ اس منافع کو آخرت کا منافع بھی بنا دے۔ آمین۔ **(خدا بخش، لاہور)**

ہدایت کے متمنی کیلئے نور کا راستہ

اللہ تعالیٰ آپ کو بلندی اقبال کے ساتھ درازی عمر بھی عطا فرمائے تا کہ مخلوق خدا تا دیر آپ سے فیض پاتی رہے۔ آمین۔ میرے شوہر باقاعدگی سے آپ کا رسالہ ''عبقری'' خریدتے تھے لیکن کبھی میری نظر سے نہیں گزرا۔ پھر ایک آدھ بار میں نے ''عبقری'' کو پڑھا تو مجھے اُس نے اپنا گرویدہ کر لیا۔ اب میں بڑی شدت سے ''عبقری'' کا انتظار کرتی ہوں۔ ''عبقری'' میں وہ تمام معلومات ہوتی ہیں جو مجھ جیسی گھریلو خواتین کو گھر بیٹھے بٹھائے فراہم ہوتی ہیں۔ ''عبقری'' ہدایت کے متمنی انسانوں کو ہدایت و نور کا راستہ بھی دِکھاتا ہے جس پر چل کر ایک انسان اپنی آخرت کو سنوار سکتا ہے۔ اللہ ''عبقری'' کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے (آمین) ''عبقری'' مسلمانوں کے درمیان سلوک و اتفاق و اتحاد، پیار و محبت، ایثار و قربانی جیسے جذبات پیدا کرنے کا سبب بنے (آمین) مجھے ''عبقری'' میں دیئے گئے مختلف وظائف پڑھ کر دلی خوشی راحت و سکون حاصل ہوتا ہے۔ ان وظائف کی وجہ سے زندگی گزارنا آسان ہو جاتا ہے۔ میں یہ وظائف وقتاً فوقتاً کرتی رہتی ہوں بلکہ ضرورت پڑنے پر دوسروں کو استفادہ کے لئے بتاتی ہوں۔

غیبی مدد کا آنکھوں دیکھا نظارہ

کسی سامان کی فوراً فروخت کے لیے باوضو ہو کر تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر سامان پر دم کر دیں: فَلَنۡ اَبۡرَحَ الۡاَرۡضَ حَتّٰى يَاۡذَنَ لِىۡۤ اَبِىۡۤ اَوۡ يَحۡكُمَ اللّٰهُ لِىۡ ۚ وَهُوَ خَيۡرُ الۡحٰكِمِيۡنَ (سورۃ یوسف، 80)

چاول کا سیزن چھ ماہ کا ہوتا ہے۔ سیزن فارغ تھا یونٹ چلانے کے لئے چکی لگا لی کہ چلو فارغ وقت آٹے کا کاروبار کر لیں، گندم کی پسائی شروع ہو گئی ہماری دوسری فلور ملوں کی طرح مارکیٹ تو تھی نہیں اس لئے آٹا زیادہ مقدار میں تیار ہوا اور

بہت زیادہ اسٹاک ہو گیا اور سیل اتنی تھی نہیں کہ سٹاک کم ہوتا، میں نے عبقری سے اس عمل کے متعلق پڑھا اور اسی وقت یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر آٹے پر پھونک دیا۔

رب کریم کا ایسا کرم ہوا کہ ٹھیک دو گھنٹے کے بعد سارے اسٹاک میں سے نصف آٹے کا آرڈر بذریعہ فون مجھے مل گیا اور ہمارا نصف آٹا فروخت ہو گیا۔ الحمدللہ عبقری آپ کا شکریہ!

ڈوبی ہوئی رقم کی واپسی

ہمارا چاول کا کاروبار ہے۔ والد صاحب نے ایک شخص کے متعلق بتایا کہ یہ کاروبار میں لین دین کا اچھا نہیں ہے اس سے اجتناب برتا جائے۔ اس شخص سے ہم لوگوں نے کافی عرصہ سے ایک لاکھ روپے لینے تھے۔ بار بار مانگ کر تھک چکے تھے اور اب تو اس کو یاد دلانا بھی بھول گئے تھے۔ میں نے ہر نماز کے بعد ''انمول خزانہ نمبر 1 '' پڑھنا شروع کر دیا اور مسلسل پڑھتا رہا تھوڑے دنوں کے بعد وہ بندہ خود آ کر رقم واپس کر کے چلا گیا۔ میں نے والد صاحب سے پوچھا کہ کیا آپ نے اس سے رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تھا؟ والد صاحب نے انکار کیا کہ ہم نے اس کو کچھ نہیں کہا بلکہ مجھے تو یاد بھی نہیں تھا کہ اس سے پیسے مانگنے ہیں۔ یہ سب ''انمول خزانہ نمبر 1 '' کی برکت سے ہوا کہ وہ بندہ خود آ کر پیسے دے گیا۔ الحمدللہ **(علی نصیر صاحب، گجرات)**

ستر شفائیں، فائدے ہی فائدے

میری پھوپھو بیماریوں سے پریشان تھیں۔ عمر 75 سال تھی اور نماز روزہ کی پابند تھیں۔ بہت بیمار رہتی تھیں۔ ہر وقت درد کی شکایت، بلڈ پریشر لو، جسم کا ٹوٹنا، بھوک نہ لگنا، کبھی کمر درد، کبھی آنکھوں میں درد کبھی کچھ تو کبھی کچھ بے حد پریشان کیا کروں کیا نہ کروں ادویات استعمال کر کر کے تنگ آ چکی تھیں۔

میں نے پھوپھو کو ستر شفائیں استعمال کرنے کے لیے دی چند دنوں کے بعد

پھوپھی سے پوچھا کیا حال ہے؟ کہنے لگیں ''پتر میں تے بچ پئی آں'' ستر شفائیں میں نے خود بھی استعمال کی مجھے بھی بہت فائدہ ہوا ہے۔ **(شہباز حسین، گجرات)**

اللہ نے سود سے بچالیا

میرے دوست ادریس کی مین بازار لالہ موسیٰ میں مدینہ بیکری ہے۔ کچھ عرصہ پہلے اس کے کاروباری حالات بہت خراب ہو گئے یہاں تک کہ دکان خالی ہو گئی چند چیزوں کے علاوہ کچھ نہ بچا۔

اس قدر پریشان کہ اُس نے اِرادہ کیا کہ سود پر رقم اُٹھائیں اور دکان میں مال ڈالیں تا کہ حالات بہتر ہو سکیں، مجھے اُس نے اپنے اس ارادے کے متعلق بتایا میں نے اُن سے عرض کیا کہ ایک تو پہلے ہی آپ کے حالات بہت خراب ہیں اور دوسرا آپ اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دشمنی کرنا چاہ رہے ہیں۔ اس خیال کو اپنے ذہن سے بھی نکال دو اور بس ''سورۃالکوثر'' پڑھنا شروع کر دو اور کثرت سے سورۃالکوثر پڑھتے رہو۔ اُنھوں نے پورے یقین سے ''سورۃالکوثر'' پڑھنا شروع کر دی۔

الحمدللہ! خدا کی طرف سے ایسی غیبی مدد آئی کہ ان کا ایک دوست آیا اور کہنے لگا: بھائی! آپ کی دُکان خالی کیوں ہے؟ ادریس صاحب نے اس کو سارا حال بتایا تو وہ دوست کہنے لگا: آپ ابھی میرے ساتھ چلو میرے ایک جاننے والے ہیں اُن سے مال لے آؤ، تھوڑے تھوڑے کر کے پیسے دیتے رہنا۔ چند روز بعد ایک اور دوست آیا کہنے لگا: میرے پاس کچھ رقم ہے جو میرے استعمال میں نہیں ہے وہ آپ اپنے کاروبار میں لگا لو، جب آپ کا کاروبار چلنے لگ جائے تو واپس کر دینا اللہ کریم کا ایسا کرم ہوا کہ سیل بھی بڑھ گئی اور کاروبار بھی ٹھیک ہو گیا۔ یہ سب "سورۃ کوثر" کے پڑھنے کی وجہ سے ہوا۔ **(نعیم صاحب، لالہ موسیٰ)**

بچہ تندرست ہو گیا

ایک دفعہ میرے بیٹے کو رات کو کھانسی کا مسئلہ ہوا۔ کھانسی کا یہ دورہ بہت

شدید تھا اور بچہ ساتھ ساتھ بہت تنگ کر رہا تھا رات کا کافی حصہ گزر گیا۔ آخر دل میں آیا کہ ''دوانمول خزانے'' کا دم کیا جائے ہم دونوں میاں بیوی نے ''دوانمول خزانے'' کا دم کیا بچے کی کھانسی رک گئی اور آرام سے سو گیا۔

چھ آیات شفاء کا عمل

میرا بیٹا کئی دفعہ بیمار ہوا۔ کافی علاج بھی کرائے مگر افاقہ صرف وقتی طور پر ہوتا۔ ستمبر کے رسالے میں چھ آیات شفاء کا عمل پڑھا۔ ان آیات کا پانی پر دم کیا۔ اور تعویذ بنایا اس سے بچہ بہت جلد شفایاب ہوا۔ دوسرے بیٹے صفوان کو پیٹ میں گیس کی بہت تکلیف تھی اور اس کی وجہ سے درد بھی بہت زیادہ تھا۔ اس وجہ سے بچے کو بالکل چین نہیں تھا۔ ''یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا وَکِیْلُ یَا سَلَامُ'' پڑھ کر اس پر دم کیا گیا تو اللہ نے جلد بچے کو تکلیف سے نجات عطا فرمائی۔

چھ آیات شفاء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

1) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿سورۃ توبہ، آیت ۱۴﴾

2) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ﴿سورۃ یونس، آیت ۵۷﴾

3) فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ﴿سورۃ نحل، آیت ۶۹﴾

4) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿سورۃ بنی اسرائیل، آیت ۸۲﴾

5) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿سورۃ الشعراء، آیت ۸۰﴾

6) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ ﴿سورۃ حم سجدہ، آیت ۴۴﴾

دوانمول خزانے کی برکت

ایک صاحب کو جنات نے بہت تنگ کر رکھا تھا۔ ان صاحب نے اُن جنات سے نجات کیلئے دوانمول خزانے کا ورد شروع کر دیا اور اس کا مکمل اہتمام شروع کر دیا۔ جنات نے مزید تنگ کرنا شروع کر دیا۔ اُن صاحب نے ''دوانمول خزانے'' کا اہتمام نہیں چھوڑا۔ اب جنات نے سامنے آ کر اُس کے پڑھنے سے منع کرنا شروع کر دیا مگر یہ صاحب مستقل مزاجی سے عمل کرتے رہے۔ آخر جنات زخمی حالت میں پٹیاں باندھے ہوئے نظر آنے لگے اور ان کی حالت بگڑتی چلی گئی آخرکار اس ''دوانمول خزانے'' کی برکت سے ہی اللہ نے ان جنات سے نجات عطا فرما دی۔

سامان باحفاظت مل گیا

میں چین سے واپس پاکستان آ رہا تھا مگر وقت پر ائیرپورٹ نہ پہنچ سکا، تو اسٹاف نے کہا کہ آپ سامان نہیں لے جا سکتے، البتہ خود جا سکتے ہیں مجھے بڑی پریشانی ہوئی تو میں نے ''سورۃ قریش'' کا ورد شروع کر دیا اچانک ایک دوست نظر آیا وہ بھی پاکستان واپس جا رہا تھا، میں نے اُس سے کہا کہ تم پیچھے آ رہے ہو میرا سامان پچھلے جہاز میں لے آنا وہ رضامند ہو گیا اُس نے سامان مکمل پیک کر کے ہینڈ کیری بنا لیا اور وہ لے جانے لگا اسٹاف نے منع کیا کہ اتنا سامان ہاتھ میں نہیں لے جا سکتے کئی دفعہ منع کرنے پر آخرکار خود ہی انہوں نے اجازت دے دی۔ **(حافظ عمران)**

اعمال سے دعاؤں کی قبولیت

میرے جسم میں درد رہتا تھا۔ کبھی کبھی تو حالت یہ ہو جاتی کہ مشکل سے حرکت کر پاتا اور تکلیف حد سے بڑھ جاتی تھی میری عمر 79 سال ہے۔ حضرت صاحب 22 مئی کو گجرات تشریف لائے تو میں بھی درس سننے آیا حضرت صاحب نے جو اعمال بتائے میں نے بڑے غور سے سنے۔

دو انمول خزانے سے خزانہ نمبر 1 ہر نماز کے بعد ایک بار، 21 بار صبح اور 21 بار شام روزانہ پڑھنا ہے۔

انمول خزانہ نمبر 2 سارا دن کھلا پڑھنا ہے۔

129 بار سورۃ الکوثر صبح وشام اول آخر درود شریف کے ساتھ۔

افحسبتم اور اذان والا عمل......!

سات بار اذان اور سورۃ المئومنون کی آخری چار آیات عشاء کے بعد اور فجر سے پہلے سات بار پڑھتا ہوں۔

حضرت حکیم صاحب کے ان دیئے ہوئے اعمال کے کرنے سے مجھے یہ فائدہ ہوا ہے کہ ان کو پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنے جسم پر پھیرنے سے میرے سارے جسم کا درد 90% ختم ہوگیا ہے اور میری دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

ابا جان کے یقین کی طاقت

میرا بیٹا A.TV میں ملازم تھا۔ ایک دن مجھے کہنے لگا: ابا جی! ٹی وی والے ملازمین کو نوکریوں سے نکال رہے ہیں اور میرے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کو نوکری سے نکال دیا ہے۔ میں نے کہا: فکر نہ کرو اللہ کریم اس کی جگہ تمہیں ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ لگا دے گا۔ تھوڑے دنوں بعد ٹی وی والوں نے اُسے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ بنا دیا پھر چند دنوں بعد کہنے لگا: ٹی وی والے مکمل شعبہ ختم کر رہے ہیں اور تمام ملازمین کو نوکریوں سے نکال رہے ہیں، میں نے کہا: اللہ مددگار ہے چاہے سب کو نکال دیں تمہیں نہیں نکالیں گے۔

ٹی وی والوں نے شعبہ ختم کر دیا، ملازمین کو نوکریوں سے نکال دیا، مگر میرا بیٹا ابھی بھی نوکری کر رہا ہے، نہ میں عامل ہوں اور نہ بہت زیادہ علم رکھتا ہوں۔ بس حضرت جی کے بتائے ہوئے اعمال کرتا ہوں اگر کوئی بزرگ سمجھ کر میرے پاس آجاتا ہے کہ بابا جی آپ نمازی بندے ہیں سر درد کر رہا ہے دم کر دیں تو جو دل میں آتا ہے میں پڑھ کر دم کر دیتا ہوں، رب کریم کرم کر دیتا ہے اور بندہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ صرف سر درد نہیں کوئی بھی مسئلہ پیش آجائے دم کر دیتا ہوں اللہ کرم کر دیتا ہے۔

(احمد سعید ریحان، گجرات)

کراماتی تیل کی کرامات

میرے کندھے کی ہڈی میں شدید درد تھا۔ بہت دوائیں استعمال کیں، عارضی فرق پڑتا تھا پھر شروع ہو جاتا تھا۔ کراماتی تیل دودھ میں ڈال کر صبح وشام استعمال کیا چند دن کے استعمال سے کندھے کا درد بالکل ٹھیک ہوگیا اور پھر کبھی نہیں ہوا۔

ہمارے چودھری کی بیوی کو پٹھوں اور جوڑوں کا درد تھا۔ ڈاکٹروں، حکیموں سے علاج کروایا مگر فرق نہ پڑا۔ اگرچہ درد میں کچھ کمی ہوئی تھی مگر چند دن کے بعد وہی حال.....! کراماتی تیل سے مالش کی جس سے پٹھوں اور جوڑوں کا درد ختم ہوگیا۔

(صبغت اللہ محلہ، گجرات)

نماز نے جان بچالی

تقریباً سات سال پہلے جہلم سرائے عالمگیر والی نہر میں صبح فجر کے وقت ایک بڑی روڈ لائنز بس گر گئی تھی اور ایک بھی مسافر زندہ نہ بچ سکا تھا۔

میرے والد صاحب نہاری کا کام کرتے تھے۔ ''برکت علی نہاری'' والے کے پاس ملازم تھے۔ تہجد گزار، پرہیز گار تھے۔ ایک دفعہ والد صاحب راولپنڈی اسی بس میں جا رہے تھے فجر کی اذان ہوئی تو نہر سے پہلے پٹرول پمپ تھا والد صاحب نماز کے لئے پٹرول پمپ پر اتر گئے اور کہا کہ بس جاتی ہے تو جائے لیکن میں نماز پڑھ کر جاؤں گا چاہے دوسری بس میں جانا پڑے۔ والد صاحب نے پٹرول پمپ پر نماز پڑھی تو بس جا چکی تھی اور وہ دوسری بس میں سوار ہو گئے۔ بس نہر تک پہنچی تو پتا چلا کہ

کوئی مسافر نہیں بچا بس نہر میں گری ہوئی ہے، بہت زیادہ سردی تھی خیر بس سے نیچے اتر کر دیکھا تو وہی بس تھی جس بس سے وہ نماز پڑھنے کیلئے اُترے تھے۔ بس کے تمام مسافر فوت ہو گئے کوئی زندہ نہ بچا۔ اللہ نے نماز کی برکت سے ان کو بچا لیا۔ میرے والد صاحب مجھے اکثر یہ واقعہ سناتے تھے اور نماز کی تلقین کرتے۔ الحمدللہ ہم سب نمازی ہیں۔ **(محمد جمیل صاحب، گجرات)**

عبقری نے پکا نمازی بنا دیا

جس دن سے عبقری پڑھنا شروع کیا ہے مختلف وظائف پڑھتے رہتے ہیں۔ نماز پہلے بھی پڑھتے تھے لیکن پابندی نہیں ہوتی تھی اب الحمدللہ کوئی نماز نہیں چھوٹتی۔ حضرت صاحب گجرات تشریف لائے اور بہت سے اعمال کی اجازت دی۔ عبقری ہمیں پہلے ہی بہت پسند تھا ہم سب گھر والوں نے مختلف وظائف شروع کیے ہوئے ہیں جن سے ہمیں مختلف فوائد مل رہے ہیں لیکن جو سب سے زیادہ نفع ہمیں ہوا ہے وہ یہ ہے کہ ہم سب گھر والے نماز کے پابند ہو گئے ہیں، جس طرح ہم عبقری کا ہر مہینے انتظار کرتے ہیں اب ہم سب گھر والے اگلی نماز کا بھی اسی طرح انتظار کرتے ہیں میں اس بات پر خدا کا بے حد شکر گزار ہوں کہ حکیم صاحب اور عبقری کی بدولت میرے سب گھر والے اور میں خود نمازی بن گیا ہوں خدا حکیم صاحب اور عبقری کو دن دگنی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ آمین۔ **(عبدالغفور، گجرات)**

نوکری مل گئی

درس میں آنے کی برکت سے اللہ کریم نے مجھے بہترین روزگار کی صورت میں سرکاری نوکری سے نوازا۔ **5** ستمبر کو میں نے ڈیوٹی پر حاضری دی، **9** ستمبر کو ایک اور شخص واہگہ ٹاؤن سے سمن آباد ٹاؤن ٹرانسفر کرا کر آ گیا جس کی وجہ سے مجھے ڈیوٹی پر چارج نہیں دیا گیا تھا اور نہ ہی تنخواہ دی گئی۔ اس پریشانی کا ذکر حکیم صاحب سے بذریعہ خط کیا آپ حج پر تشریف لے گئے تھے مجھے صبر کرنا پڑا۔ دو ماہ گزر گئے تھے جب آپ حج سے واپس آئے تب آپ نے سورۃ الکوثر پڑھنے کا حکم فرمایا یہ سترہ نومبر کی جمعرات تھی اسی جمعرات میں نے تسبیح خانہ کے باتھ روم صاف کیے یہ خدمت میرے دل میں اللہ پاک نے ہی ڈالی ہوگی ورنہ اتنے سال ہو گئے مجھے آتے ہوئے کوئی خدمت نہ کر سکا اور گھر جا کر میں نے سورۃ الکوثر پڑھی تو **19** نومبر کو اس شخص نے خود ہی اپنا ٹرانسفر واپس واہگہ ٹاؤن کروا لیا۔ میں بہت خوش ہوا اللہ کا شکر ادا کیا اور نوافل ادا کیے۔ میرے پاس جیب خرچ کے لیے پیسے نہیں تھے دوستوں سے اُدھار رقم لے کر آفس آنے جانے کا خرچہ کیا کرتا تھا۔

عبقری میں "سورۃ المزمل" کا عمل چھپا میں نے روزانہ فجر کے بعد اس عمل کو کرنے کا ارادہ کیا اور اس کے بعد محرم کے مہینے کی چاند کی پہلی اتوار سے رات کو سورۃ الفاتحہ کا عمل شروع کیا یہ دونوں عمل ابھی جاری ہیں ان اعمال کی برکات سے آج اللہ کریم نے مجھے تین ماہ کی تنخواہ **34873/-** روپے دلوا دی۔ الحمدللہ اس جمعرات یہ ارادہ کیا ہے کہ اپنی تنخواہ سے ہر ماہ ڈھائی فیصد دین کے کام میں خرچ کیا کروں گا۔ انشاءاللہ **(محمد عرفان، لاہور)**

کثرت تھی۔۔۔ مگر برکت نہ تھی

حکیم صاحب کے احسانات سے نہ صرف میں بلکہ میرے بہت سے ملنے والے فیض یاب ہو رہے ہیں۔ عبقری رسالہ میرے سامنے دیکھتے ہی دیکھتے بہت سے لوگ پڑھنے لگے ہیں۔ خاص طور پر برکت والی تھیلی کا تو جواب نہیں۔ میرے پاس آج سے پہلے آمدنی تو بہت تھی مگر برکت سے محرومی تھی پیسوں کا پتا ہی نہیں چلتا تھا کہاں چلے جاتے ہیں مگر سورۃ الکوثر کے عمل سے دن بدن گھر کے حالات نہ صرف میرے بلکہ میری دوستوں کے بھی بہتر ہو گئے۔ میں آپ کے ادارے کے تمام لوگوں کے لیے دعا گو ہوں اور ہمیشہ انشاءاللہ دعا گو رہوں گی۔

khushi jeevay sarfraz shah vich manchester

اعمال کے نفع ہی نفع

﴿1﴾ میرے ایک دوست کا کالج کے داخلے کا مسئلہ تھا اسے میں نے يَاهَادِىُ يَارَحِيْمُ پڑھنے کو بتایا تھا۔ وہ دوست بتانے لگا کہ میں نے خوب پڑھا اور اتنا پڑھا یہاں تک کہ میرا مسئلہ اللہ نے حل فرما دیا۔

﴿2﴾ میں نے کسی سے پیسے لینے تھے وہ دے نہیں رہا تھا میں نے يَاهَادِىُ يَارَحِيْمُ پڑھا اس نے پیسے دے دیئے۔ الحمدللہ

﴿3﴾ ایک دوست کو تھیلی والا عمل بتایا تھا اس نے عمل کیا اور کہنے لگا کہ جب تک پڑھتا رہا گھر سے پیسے ملتے رہے اور ہر وقت جیب میں پیسے رہتے تھے جب سے پڑھنا چھوڑا ہے پیسے ملنے بھی بند ہو گئے ہیں۔

﴿4﴾ میری چھوٹی بہن سات آٹھ سال کی ہے اس نے بھی اپنی تھیلی بنائی ہوئی تھی وہ "سورۃ الکوثر تھیلی پر پڑھتی رہتی کبھی "قل ھو اللہ" پڑھنا شروع کر دیتی باہر گلی میں چیز لینے گئی اور اپنی تھیلی کے پیسوں سے تین روپے کی چاکلیٹ لے آئی جب کھولی تو اُس میں دو چاکلیٹ نکلی پہلے کبھی ایسے نہیں نکلی تھی۔

﴿5﴾ اکیڈمی میں ایک دوست کو سبق یاد نہیں تھا سر نے جن کو سبق یاد نہیں تھا مارنا شروع کر دیا۔ اُس نے يَاهَادِىُ يَارَحِيْمُ پڑھا تو وہ بچ گیا۔

سکونِ قلب کے موتی

دل بہت بجھا ہوا اور خوفزدہ رہتا تھا۔ حکیم صاحب نے مجھے یہ وظیفہ پڑھنے کیلئے دیا۔ 11 دفعہ سورۃ الفاتحہ، 11 دفعہ آیۃ الکرسی، 11 بار آیت کریمہ، 11 دفعہ سورۃ فلق اور سورۃ الناس اکٹھی پڑھنی ہے ایک بسم اللہ کے ساتھ اول و آخر 11 بار درود شریف یہ وظیفہ پڑھنے سے دل کو بہت سکون ملا ہے۔

سورہ فاتحہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١﴾
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٢﴾
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٣﴾
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ﴿٤﴾
اِهْدِ نَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿٥﴾
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ﴿٦﴾
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿٧﴾

آیت الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾

آیت کریمہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

سورۃ فلق

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾
مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾
وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾
وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ﴿۴﴾
وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

سورۃ ناس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾
مَلِکِ النَّاسِ ﴿۲﴾
اِلٰہِ النَّاسِ ﴿۳﴾
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾
الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿۵﴾
مِنَ الْجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

رزق واعمال میں بڑھوتری

حکیم صاحب نے مجھے سورۃ القریش پڑھنے کیلئے دی، سورۃ قریش کی برکت سے ابو کا کاروبار بھی ٹھیک ہوگیا ہے، اور وہ نمازیں بھی پڑھنا شروع ہوگئے ہیں۔ سورۃ قریش زبان پر اتنی جاری ہوگئی ہے کہ سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے پڑھتی رہتی ہوں۔

وساوس کا علاج

مجھے وسوسے بہت زیادہ آتے تھے، نماز کے دوران اور وضو کرتے وقت پاکی ناپاکی کے بارے میں شک رہتا تھا۔ حضرت حکیم صاحب نے مجھے پندرہ شعبان کو صلوٰۃ تسبیح تین دفعہ پڑھنے کی تاکید کی۔ ہر صلوٰۃ تسبیح پڑھنے کے بعد ایک تسبیح درودشریف ایک تسبیح استغفار اور ایک تسبیح: ”رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ“ اس کو پڑھنے سے میرے سارے شک اور وسوسے دور ہوگئے اور میری زندگی میں سکون آگیا ہے۔

جذباتی پن، ڈر ختم

حکیم صاحب نے مجھے یَااللّٰہُ یَاھُوَ اَغِثْنَا کا ذکر کرنے کو بتایا۔ اس ذکر کو پڑھنے سے میرا جذباتی پن اور ڈر ختم ہوگیا دل میں سکون آگیا اور اللہ پر یقین آگیا اس کے بعد جو بھی حکیم صاحب نے پڑھنے کو بتایا وہ میں نے یقین سے پڑھا اور مجھے فائدہ ہوا۔

بھیانک حادثے سے معجزانہ حفاظت

میرا ایک دوست جس کا نام بلند بخت ہے اُس نے بتایا کہ ٹریفک سگنل بند تھا اور میں سڑک کے بالکل درمیان میں تھا اچانک ٹریفک انتہائی تیز رفتاری سے چل پڑی، میں نے کہا کہ آج تو میری جان چلی جائے گی، میں ”انمول خزانہ نمبر 2“

khush dewaz sarfraz shah vich manchester

پہلے ہی سے پڑھتا آ رہا تھا مجھے معلوم ہی نہیں ہوا کہ میرے پاس آتے ہی کاریں اور موٹر سائیکل میرے پاس سے کیسے ہٹ گئیں اور میں شدید حادثہ سے معجزانہ طور پر بچ گیا جو کہ میرے خیال میں یقینی تھا میں تو آنکھیں بھی بند کر چکا تھا کہ آج نہیں بچوں گا۔ الحمدللہ دو انمول خزانے کی برکت سے حادثے سے بچ گیا۔

(محمد اکمل فاروق، سرگودھا)

ایک ماہ بعد بچہ مل گیا

حکیم صاحب! میرا ایک دوست جس کا نام شکیل ہے وہ قصور کا رہنے والا ہے اس کا چھوٹا بھائی گم ہو گیا تھا۔ تقریباً ایک ماہ تک ڈھونڈتے رہے وہ نہیں ملا گھر والے بہت ہی زیادہ پریشان تھے اُنہوں نے آپ سے بات کی تو آپ نے فرمایا کہ "بِسْمِ اللّٰهِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ يَا جَامِعُ يَا مُعِيْنُ" کثرت سے پڑھو۔ اُنہوں نے پڑھنا شروع کیا ابھی دو تین دن ہی پڑھا تھا کہ اُن کا بچہ مل گیا یہ سب اس وظیفے کی برکت سے ہوا ہے۔ **(محمد اکمل فاروق، سرگودھا)**

(اس وظیفے کو میں اکثر درس میں بیان کرتا ہوں اور خاص طور پر ایسے لوگ کسی مصیبت، پریشانی میں الجھ کر مایوس ہو چکے ہوتے ہیں۔ میرا تجربہ ہے کہ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ کو پڑھنے والا کبھی مایوس نہیں ہوا اور مایوس ہو بھی کیسے سکتا ہے کہ خود اللہ کے رسول ﷺ نے مصیبت، پریشانی اور نقصان ہو جانے کی صورت میں اس آیت کو پڑھنے کی تاکید کی ہے۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا" جب کوئی مسلمان کسی (چھوٹی

یا بڑی) مصیبت میں مبتلا ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق یہ الفاظ کہتا ہے۔ "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ" "ہم خدا ہی کے ہیں اور اسی طرف ہم کو واپس جانا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اسے اس چیز کا بہتر بدلہ عطا فرماتا ہے۔

(مشکوٰۃ شریف: جلد دوم)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب ابوسلمہ رضی اللہ عنہ (یعنی میرے پہلے شوہر) کا انتقال ہوا تو میں نے کہا کہ ابوسلمہ سے بہتر کون مسلمان ہو گا وہ ابوسلمہ جنہوں نے سب سے پہلے مع اہل وعیال کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ہجرت کی اور پھر میں نے مذکورہ بالا کلمات کہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے مجھے ابوسلمہ کے بدلے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا فرمایا یعنی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح میں آئی۔ **(مسلم)**

"اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ" کا مطلب یہ ہے کہ ہم اور وہ چیزیں جو کہ ہماری کہلاتی ہیں سب خدا ہی کی ملکیت اور اس کی پیدا کی ہوئی ہیں اور ہم لوٹ کر اسی کی طرف جانے والے ہیں۔ گویا اس آیت میں یہ تسلیم واقرار ہے کہ خود ہماری جان اور ہماری ذات اور ایسی چیزیں جن کا ہم اپنے کو مالک سمجھتے ہیں، جو ہمارے اختیار میں ہیں اور ہماری طرف ان کی نسبت کی جاتی ہے وہ سب کی سب حقیقت میں خدا ہی کی ملکیت میں ہے ہمارے پاس تو وہ صرف عاریتاً ہیں۔ خدا ہی کی طرف سے ہماری ابتداء ہوئی اور اس کی طرف ہماری انتہا بھی

ہے۔ لہٰذا جو شخص اس مضمون کو اپنے قلب و دماغ میں راسخ کرے اور جس مصیبت میں وہ مبتلا ہو اس مصیبت پر صبر و رضا کے دامن کو پکڑے رہے تو اس کے لیے وہی مصیبت آسان و سہل ہو جاتی ہے لیکن اتنی بات جان لینی چاہئے کہ مصیبت و بلا پر جزع و فزع کے ساتھ اس آیت کو محض زبان سے ادا کرنا چنداں مفید نہیں ہے۔

برکت کا آسان عمل

میرا ایک دوست ایوب ریحان مجھے بتا رہا تھا کہ میں 129 دفعہ صبح ''سورۃ کوثر'' پڑھتا ہوں اس سے بہت ہی زیادہ برکت ہو گئی ہے جب سے پڑھ رہا ہوں میری برکت والی تھیلی سے پیسے ختم نہیں ہوتے۔ **(محمد اکمل فاروق، سرگودھا)**

دل کی مراد پوری ہوئی

حضرت حکیم صاحب! میں نے مدرسہ میں داخلہ لینا تھا اور مجھے قوی یقین تھا کہ اگر میں گھر والوں کو بتا دوں گا تو وہ صاف طور پر منع کر دیں گے میں بہت پریشان تھا پھر میں نے ہر فرض نماز کے بعد ''خزانہ نمبر 1'' پڑھنا شروع کر دیا اس نیت کے ساتھ کہ اس کی برکت سے مجھے مدرسہ میں پڑھنے کی اجازت مل جائے گی۔ پھر میں نے کچھ وقت تک یہ عمل کیا اور پھر جب اجازت مانگی تو اجازت مل گئی۔ الحمد للہ

ڈینگی کا یقینی توڑ

حضرت ابھی جو عید الفطر گزری ہے اُس کی چاند رات کو میری بھابھی کو ڈینگی بخار ہو گیا اور دو دن میں بہت شدت اختیار کر گیا، پلیٹ لیٹس کی تعداد کم ہو کر چالیس ہزار تک پہنچ گئی اور حالت تشویش ناک حد تک پہنچ گئی۔ ہمارے ایک خیر خواہ نے مولانا صاحب سے اس بات کا ذکر کیا تو اُنہوں نے کہا کہ اکیس مرتبہ کے اعتبار

سے جتنی مرتبہ ہو سکے ''خزانہ نمبر 1'' پڑھو اور اُنہوں نے خود بھی پڑھنا شروع کر دیا، میں نے بھی ہسپتال میں جا کر مریض کے پاس بیٹھ کر ''خزانہ نمبر 1'' پڑھنا شروع کر دیا۔ یقین جانئے! صرف ایک دن کے بعد طبیعت میں بہتری آنا شروع ہو گئی اور دو دن بعد بھابھی مکمل صحت مند ہو کر گھر آ گئیں۔ **(عبدالباسط، کراچی)**

ہر کام میں آسانی کیلئے

مجھے اپنا پاسپورٹ بنوانا تھا اور پاسپورٹ کیسے بنوایا جاتا ہے مجھ کو اس کا کوئی تجربہ نہ تھا اپنے دوستوں سے مشورہ کیا ایک دوست نے کہا کہ اب نوابشاہ سے بھی بننا شروع ہو چکا ہے کیونکہ وہاں پر نیا سیٹ اپ ہے تو آپ وہاں سے بنوا لیں۔ میں نوابشاہ جانے کیلئے تیار ہوا گاڑی اپنی تھی صبح ٹھیک 10-30 پر روانہ ہوا اور ساتھ رسالہ عبقری کا شمارہ بھی لے لیا۔ رسالے میں جنات کا پیدائشی دوست کا واقعہ پڑھنے لگا تو اس میں یَاسَلَامُ کے متعلق پڑھا کوئی بھی پریشانی ہو، کوئی کام ہو اس سے پہلے اکیس دفعہ کامل یقین سے یَاسَلَامُ پڑھیں تو آسانی ہو جائے گی۔ میں نے اکیس دفعہ یَاسَلَامُ پڑھا اور اور اپنے سفر پر روانہ ہو گیا۔ اب نوابشاہ پہنچتے پہنچتے دیر ہو گئی اور آفس ٹائم ختم ہونے کے قریب تھا خیر آفس پہنچا تو جو شخص ملا اس نے نہایت عزت سے بات کی اور بٹھایا سارے کام خود کیے مجھے کوئی تکلیف نہ ہوئی تیس منٹ کے اندر اندر ہمیں فارغ کر دیا حالانکہ ایسا ہونا ناممکن تھا اور یوں یَاسَلَامُ پڑھنے کی برکت سے یہ سب آسانی ہوئی۔ **(آصف قائم خانی، کنڈیارو، سندھ)**

یاسلام کا جادوئی اثر

میں صبح ناشتہ کرنے کیلئے ابھی بیٹھا تھا کہ موبائل کی گھنٹی بجی فون اُٹھایا تو چھوٹے بھائی نے کہا کہ فوراً دُکان پر آ جائیں ضروری کام ہے، میں فوراً ناشتہ چھوڑ کر دُکان پر پہنچا تو پتہ چلا کہ میرے بھتیجے کا کسی سے جھگڑا ہو گیا ہے۔

ہوا یہ کہ بھتیجے کی موٹر سائیکل کسی صاحب کی موٹر سائیکل سے ٹکرا گئی اور اُن صاحب نے بھتیجے کو موٹر سائیکل سمیت روک رکھا تھا جبکہ اُن کی گاڑی کا کوئی نقصان بھی نہیں ہوا تھا میں نے 11 دفعہ یَا سَلَامُ پڑھ کر اُس شخص پر دم کیا، وہ شخص بضد تھا کہ مجھے موٹر سائیکل کا چین کور نیا لگوا کر دو یا اپنی موٹر سائیکل سے نکال کر دو۔ وہ کسی طرح بات کو سمجھنے کو تیار نہ تھا لیکن میں مطمئن تھا اور میں نے کہا اچھا ٹھیک ہے جو تم چاہتے ہو ویسا ہی کر لو، تھوڑی ہی دیر گزری کہ اچانک اُس نے کہا کہ بس تم چلے جاؤ کوئی بات نہیں جو ہو گیا سو ہو گیا۔ سب حیران رہ گئے کہ یہ اچانک اس بندے کو کیا ہوا یہ اتنا نرم کیسے پڑ گیا ہے پھر میں نے سب کو بتایا کہ یہ سب یَا سَلَامُ کے وظیفہ کا کمال ہے۔

سرد مُہری کا علاج

ابھی کچھ عرصہ پہلے میرا بیٹا بیمار ہوا، اُس کو ڈاکٹر کے پاس لے گئے ڈاکٹر صاحب جو کہ بڑے ہی سخت مزاج کے ہیں زیادہ بات نہیں کرتے اور بات سنتے بھی نہیں تھے جو بولو تو خاموش کروا دیتے، خیر میں 21 دفعہ ’’یَا سَلَامُ ‘‘ پڑھ کر اُن کے کمرے میں داخل ہوا تو جیسے ہی اُن کی نظر مجھ پر پڑی ایک دم مُسکرانے لگے اور خوشی سے کہنے لگے آیئے آیئے۔۔ مولانا صاحب بڑے دنوں بعد آنا ہوا۔ میں نے اُن سے عرض کی کہ بچے کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے، اُنہوں نے بہت توجہ سے دیکھا اور بات بھی سنی ورنہ تو وہ صرف اپنی ہی بات سناتے ہیں کسی کی سنتے نہیں ہیں اور یہ سب ’’یَا سَلَامُ ‘‘ کی برکت ہے۔

گھر میں سکون کیلئے

بندہ کو جب سے ’’یَا سَلَامُ ‘‘ کے وظیفے کا پتہ چلا ہے تو تب سے یہ وظیفہ پڑھتا رہتا ہے۔ ’’یَا سَلَامُ ‘‘ کو پڑھنے کی ایک ترکیب اس طرح سے بھی ہے کہ گھر

میں داخل ہوں تو ’’یَا سَلَامُ ‘‘ اکیس بار، درود شریف اور سورۃ اخلاص ایک ایک بار، یا سات دفعہ ’’یَا سَلَامُ ‘‘ پڑھیں اور پھر گھر میں داخل ہوں۔

ہر گھر میں چھوٹی موٹی تکرار چلتی رہتی ہے کبھی بچوں پر اور کبھی کسی کام کی وجہ سے تو بندہ کے ساتھ بھی ایسا ہی معاملہ تھا کہ کوئی چھوٹا سا مسئلہ بھی ہوتا تو بات فوراً جھگڑے کی طرف بڑھ جاتی اور ایسا جھگڑا ہوتا کہ اللہ کی امان، حالانکہ میں بہت کوشش کرتا ہوں کہ جھگڑا نہ ہو لیکن بس ہو ہی جاتا تھا۔ جب سے ’’یَا سَلَامُ ‘‘ پڑھنا شروع کیا تو کچھ عرصے بعد احساس ہوا کہ جھگڑا بالکل ختم ہو گیا ہے اگر مجھے غصہ آتا ہے تو اہلیہ مسکرا کر ٹال دیتی ہیں اور اگر انہیں غصہ آتا ہے تو مجھے ہنسی آ جاتی ہے اور معاملہ اسی وقت ختم ہو جاتا ہے۔

گھریلو جھگڑے ایسے ہوتے ہیں کہ ان کا اثر براہ راست آپ کے کاروبار پر اور آپ کی صحت پر ضرور پڑتا ہے اللہ پاک نے ’’یَا سَلَامُ ‘‘ کی بدولت میرے گھر میں سکون کی بہاریں لوٹا دیں۔

عبقری کو جُھولا مل گیا

یہ واقعہ 10 محرم کا ہے، میں اور میرا دوست جاوید اور ان کا بیٹا عبقری (جو کہ دس سال کا ہے) سفر میں ساتھ تھے۔ ہم لوگ چائے پینے کیلئے سی این جی پمپ پر رُکے، وہاں پر بچوں کے جُھولے لگے ہوئے تھے اور بھائی جاوید کا بیٹا عبقری فوراً جُھولے کی طرف بھاگا، جُھولے چار پانچ تھے لیکن وہاں پر بچے پہلے سے موجود تھے وہ عبقری کو جُھولا نہیں دے رہے تھے اور میں بیٹھا یہ سب دیکھ رہا تھا کہ عبقری کبھی ایک جُھولے کی طرف اور کبھی دوسرے جُھولے کی طرف جاتا لیکن اسے جھولا کسی نے نہ دیا اور دس منٹ کے بعد وہ واپس آ گیا تو میں نے پوچھا عبقری کیا ہوا؟ تو اس کا منہ لٹک گیا اور اُن بچوں کی طرف اشارہ کیا کہ وہ جُھولا جُھولنے نہیں دیتے۔ میں نے کہا اچھا

ایسا کرو ’’یَاسَلَامُ‘‘ اکیس دفعہ پڑھو، اس نے پڑھنا شروع کر دیا اتنے میں پیچھے سے کسی بچے نے عبقری کو زور سے پکارا کہ آجاؤ جُھولا لے لو۔ عبقری یوں خوشی سے اچھلا اور بھاگا جُھولا جھولنے لگا۔

ڈرائیور مہربان ہوگیا

ہم تین ساتھی بذریعہ بس کنڈیارو سے احمد پور شرقیہ جا رہے تھے جب سکھر پہنچے تو بس نے وہاں اسٹاپ کیا، عصر کی نماز کا وقت ہو چکا تھا اور بس کو رکے دو تین منٹ گزر چکے تھے تو میں نے سوچا کہ نماز یہیں پڑھ لیں، اپنے ایک ساتھی سے مشورہ کیا تو اس نے کہا ٹھیک ہے۔ ڈرائیور کو بتا دو کہ ہم نماز پڑھ کے آ رہے ہیں لیکن میں نے دل میں سوچا کہ یہ مشکل ہے کیونکہ بس کے چلنے کا ٹائم ہو چکا ہے اور ڈرائیور حضرات گاڑی بالکل بھی نہیں روکتے پھر میں نے اپنے ساتھی سے کہا کہ ہم سب مل کر 21,21 دفعہ ’’یَاسَلَامُ‘‘ پڑھتے ہیں پھر جا کر ڈرائیور سے بات کرتے ہیں، سب نے کہا ہاں بالکل ٹھیک ہے خیر میں اکیس دفعہ ’’یَاسَلَامُ‘‘ پڑھ کر اپنی سیٹ سے اُٹھا اور سیدھا ڈرائیور کے پاس گیا، ڈرائیور گاڑی چلانے کو بالکل تیار تھا لیکن میں نے ہمت کر کے ڈرائیور سے کہا کہ ہمیں نماز ادا کرنی ہے۔ ڈرائیور نے یوں گھورتی ہوئی نظروں سے دیکھا اور پوچھا نماز میں ابھی کتنا وقت باقی ہے۔؟ میں نے کہا بیس منٹ باقی ہے اور پھر اس کے بعد نماز کا وقت ختم ہو جائے گا تو اس نے تھوڑی دیر سوچا۔ اور کہا جاؤ نماز پڑھ آؤ میں انتظار کرتا ہوں۔ مجھے حیرانگی ہوئی کہ وہ مان گیا، آخر ہم نے ’’یَاسَلَامُ‘‘ پڑھا تھا وہ مانتا کیسے نہیں۔

یاسلام کی برکت

میں سکھر سے اپنے شہر کنڈیارو کی طرف آ رہا تھا اور دوست بھی ساتھ تھے۔ جب خیر پور سے قریب ہوئے تو ٹریفک سخت جام ہوگئی۔ ہم لوگ اِدھر اُدھر سے ہوتے ہوئے آگے چلتے رہے، جب عین اُس جگہ پہنچے جہاں سے ٹریفک جام تھی ہم رُک گئے کہ مزید آگے چلنا مشکل تھا عجیب پریشانی تھی میں نے اکیس دفعہ ’’یَاسَلَامُ‘‘ پڑھا تو اچانک مخالف سمت سے ٹریفک آنا بند ہوگئی اور ہم لوگ چلنا شروع ہوئے اور جیسے ہی اُس مقام سے نکلے تو اچانک ایک سپاہی بھاگتا ہوا آیا اور اپنے دوسرے ساتھی سے کہا کہ سامنے سے روڈ بند کرو، اُنہوں نے روڈ بند کر دیا لیکن اس وقت تک ہم لوگ نکل چکے تھے اور یہ سب ’’یَاسَلَامُ‘‘ کے پڑھنے سے ہوا۔

ہمدردی گلے پڑگئی

ہمارے ایک عزیز ہیں اُنہوں نے مجھے بتایا کہ اِن کے پاس محلّے کے ایک حاجی صاحب آئے اور اُن سے کہا کہ عمرہ کی ٹکٹ کروا دیں کیونکہ مولانا صاحب کے حج وعمرے پر لے جانے والوں سے تعلقات تھے۔ اس لئے اکثر لوگ اس سلسلے میں مولانا صاحب سے ہی رابطہ کرتے تھے۔ حاجی صاحب نے کہا کہ جولائی کی 28/29 تاریخ ہونی چاہیے لیکن ایجنٹ نے مولانا صاحب سے کہا کہ تیس تاریخ کی سیٹیں بک ہوگئی ہیں۔ مولانا صاحب نے جب یہ بات حاجی صاحب کو بتائی تو حاجی صاحب نے کہا کہ مجھے تو 28/29 تاریخوں میں ہی سیٹیں چاہئیں ورنہ میری رقم -/109000 روپے واپس کر دیں۔ مولانا صاحب نے بہت سمجھایا کہ ایک دن کا تو فرق ہے لیکن وہ نہ مانے اور کہا کہ میرے پیسے واپس کر دیں تو مولانا صاحب نے کہا کہ ٹکٹ منسوخ کروانے کی صورت میں وہ پیسوں کی کٹوتی کریں گے تو حاجی صاحب نے کہا کہ ٹھیک ہے جو دو چار ہزار کاٹیں گے وہ میں ادا کر دوں گا۔

مولانا صاحب نے ایجنٹ سے جب بات کی تو ایجنٹ نے کہا کہ یہ ٹکٹیں سعودیہ عرب سے بک ہوئی ہیں اول تو منسوخ نہیں ہونگی اور اگر ہوئی تو فی ٹکٹ -/25000 روپے کی کٹوتی ہوگی اور دو ٹکٹوں کی رقم -/50000 روپے ہوگی جو ادا کرنی ہوگی اب تو مولانا صاحب کہنے لگے میں بہت پریشان ہوا اور دوبارہ حاجی صاحب کے

Khush Jeeney sarfraz shah vich manchester

پاس گیا لیکن اب کی بار میں پورے راستے ''یَاسَلَامُ '' کا وظیفہ پڑھتا ہوا گیا، ان کو بہت سمجھایا لیکن وہ مان نہیں رہے تھے اور میں مسلسل ''یَاسَلَامُ '' پڑھ رہا تھا دل میں ایک اطمینان کی کیفیت تھی خیر وہ نہ مانے تو میں گھر چلا آیا تو تقریباً دو گھنٹے بعد ان کا فون آیا کہ ٹھیک ہے آپ ٹکٹ منسوخ نہ کروائیں اس طرح ''یَاسَلَامُ '' پڑھنے کی برکت سے اللہ پاک نے ایک بڑی مشکل سے بچا لیا۔ **(آصف قائم خانی، کنڈیارو)**

مدد کو متوجہ کرنے کیلئے

ایک مرتبہ میں اپنے کزن کے گھر سے واپس اپنے گھر جانے کیلئے نکلا تو بس اسٹاپ کی طرف جاتے ہوئے پورے راستے **درود ابراھیمی** پڑھتا رہا بس اسٹاپ پر کھڑا ہوا تھا کہ اچانک دل میں خیال آیا بس تو دیر سے آئے گی کیوں نہ میں کسی سے لفٹ لے لوں۔ تین موٹر سائیکل سوار سامنے سے گزر گئے لیکن میں نے کسی کو بھی رُکنے کا اشارہ نہ کیا، پیچھے سے ایک اور موٹر سائیکل سوار آرہا تھا میں نے اسے دیکھ کر سوچا کاش یہ مجھے لفٹ دے دے۔ میں اسے دیکھ ہی رہا تھا اور وہ آگے جا کر رُک گیا اور مجھے کہا کہ بیٹھ جاؤ اور مجھے گھر کے قریب چھوڑ کر چلا گیا۔

خراب حالات میں حفاظت

ایک مرتبہ میرے بڑے ماموں مورو شہر سے ہمارے یہاں کراچی تشریف لائے تاکہ نانی کا ڈاکٹر سے چیک اپ کرواسکیں ساتھ میں میرا کزن جنید بھی تھا۔ ماموں کے ساتھ ہم لوگ صدر گئے گاڑی جنید نے چلائی جو کہ نیا ڈرائیور تھا خیر صدر میں بڑی مشکل سے پارکنگ کی جگہ ملی۔ ہم سامان خرید کر جب فارغ ہوئے تو شام ہو چکی تھی، ماموں نے مجھ سے کہا کہ بھئی ہم نے تو مولٹی فوم بھی لینا ہے، وہ بھی ہمیں دلوادو اور آپ اس فوم کو بس میں لے کر آجانا کیونکہ گاڑی میں تو آنہیں سکتا۔۔ میں خاموش رہا کہ اتنے میں جنید نے کہا فوم بس میں نہیں آسکتا ہم اس کو گاڑی ہی میں لے چلیں گے خیر جونہی ہم دُکان کی

طرف بڑھے تو دُکانیں بند ہونا شروع ہوگئیں۔ اچانک حالات خراب ہو گئے ہر طرف افراتفری ہوگئی، ہم گاڑی میں بیٹھ کر لائنز ایریا کی طرف پہنچے تو دیکھا کہ کچھ لڑکے بائیک پر سوار تھے اور ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے چلے گئے پھر لائنز ایریا سے نکل ہی رہے تھے کہ پتا چلا کہ گاڑی میں سی این جی نہیں ہے اور پٹرول بھی بہت کم تھا گاڑی بھی آواز دینے لگی یہ دیکھتے ہی گھبراہٹ شروع ہوگئی کیونکہ مجھے تو پتا تھا کہ ایسے حالات میں جان بچانا کتنا مشکل ہو جاتا ہے۔ بس میں نے ''درود ابراہیمی'' پڑھنا شروع کر دیا، یقیناً اس وقت ماموں بھی کچھ پڑھ رہے تھے درود ابراہیمی کی برکت سے ایسا ہوا کہ ہم لائنز ایریا سے نکلے ہی تھے کہ سامنے سی این جی پمپ نظر آیا وہاں ہو کا عالم تھا سڑک بالکل سنسان تھی، ہم نے سی این جی بھروائی اور ناظم آباد پہنچے وہاں اپنے عزیز کے گھر پر قیام کیا کیونکہ ناگن چورنگی پر شدید فائرنگ ہو رہی تھی اور ہمارا گھر چورنگی سے دو منٹ آگے تھا اور رستہ ناگن چورنگی سے ہوتا ہوا جاتا تھا، کچھ دیر بعد پتا چلا کہ فائرنگ بند ہو گئی ہے تو ہم نکلے اور باآسانی گھر پہنچ گئے یہ سب ''درود شریف'' کی برکت سے ہوا کہ ہم بہت سے حادثوں سے بچ گئے اور اگر لائنز ایریا میں ہم پھنس جاتے تو وہ علاقہ خطرناک تھا اور سی این جی پمپ بھی بند ہونے لگے تھے گھر پہنچتے ہوئے دیکھا پورا شہر بند تھا۔ صرف ہماری ہی گاڑی تھی روڈ پر، گھر پہنچ کر اللہ کا شکر ادا کیا۔ **(محمد سہیل قائم خانی، کراچی)**

مشکل وقت میں آسانی کیلئے

ایک بار میں کچھ ضروری کاغذات فوٹو کاپی کروانے فوٹو اسٹیٹ کی دکان پر گیا اور راستے میں **سورۃ قریش** اور درود شریف کا ورد کرتا ہوا گیا دیکھا کہ وہ دکان بند ہو رہی تھی تو میں نے جلدی سے اُس دکاندار سے کہا کہ یہ تین کاغذ کی کاپی کر دیں اُس نے ابھی دو کاپی ہی کی تھیں کہ مشین خراب ہوگئی اور مجھے صبح ان کاغذات کو ساتھ

لے کر ضروری کام سے جانا تھا میں نے دوکاندار سے کہا کہ بھائی دوبارہ کوشش کر کے دیکھو دوکاندار نے ایک دو بار ٹرائی کر کے دیکھا مگر مشین نہیں چلی۔ اس وقت میں سورۃ قریش کا ورد کرنے لگا اور اس نے مشین صحیح کرنے کی کوشش کی اور کاپی نکالی تو کاپی نکل گئی اور میری کاپی نکالنے کے بعد مشین پھر سے خراب ہوگئی۔

(محمد سہیل قائم خانی، کراچی)

خراب جنریٹر چل پڑا

کچھ روز پہلے ہم جنریٹر لینے صدر گئے۔ وہاں موجود عبقری ایجنسی سے دوائی بھی لی۔ جنریٹر لینے کے لئے دُکان تک بڑی مشکل سے پہنچے کیونکہ دو دن بعد شہر کُھلا تھا اس لئے ٹریفک جام تھی۔ جنریٹر لینے کے بعد روانہ ہوئے تو مجھے یہ آیت یاد آئی یَارَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ اور میں نے اس کا ورد کرنا شروع کر دیا اور اللہ نے غیب سے راستے بنا دیئے اور ہم بڑی جلدی گھر پہنچ گئے۔ جنریٹر کچھ دن بعد اسٹارٹ کیا تو اسٹارٹ نہ ہوا، انکل پریشان ہو گئے میں نے بھی بہت کوشش کی لیکن وہ اسٹارٹ نہ ہوا پھر میں نے اُس پر سورہ قریش پڑھ کر دم کرنا شروع کر دی جیسے ہی سورہ قریش پڑھنا شروع کی جنریٹر اسٹارٹ ہوگیا۔ **(محمد سہیل قائم خانی، کراچی)**

فجر کی پابندی کیلئے آسان عمل

کافی عرصہ سے میں سوچ رہا تھا کہ فجر کی نماز کی پابندی کروں آنکھ کھلتی تھی مگر اُٹھ نہیں پاتا تھا۔ ''مراقبہ'' کا عمل کافی مرتبہ رسالے میں دیکھا پر کبھی کیا نہیں۔ اب مسلسل تیس دن ہو گئے ''مراقبہ'' کرتے ہوئے اور اب اس کی برکت سے رات کو جلدی آنکھ کُھل جاتی ہے تہجد بھی پڑھتا ہوں فجر کے بعد اشراق اور چاشت بھی پڑھ لیتا ہوں۔ نمازوں میں دل لگنے لگا اور تسبیحات بھی پڑھنا شروع کر دی پہلے یہ سب خواب لگتا تھا۔ **(محمد سہیل قائم خانی، کراچی)**

طریقہ مراقبہ

مراقبہ کا طریقہ اس طرح ہے کہ سانس روک کر یہ تصور کریں کہ **اللہ** کا نام میرے دل میں آرہا ہے اور **اللہ** کا نام دل میں آنے کی وجہ سے دل کا میل، کچیل، غلاظتیں ظلمتیں، قدورتیں وغیرہ دُھل رہی ہیں اور **ھو** کے ذریعے یہ سب بیماریاں دل سے باہر نکل رہی ہیں۔

باعزت رہنے کا راز

مارچ کے رسالے میں ''یَاعَزِیْزُ'' کے فوائد پڑھے تو عقل حیران رہ گئی اور ایسا لگا کہ دل کی مراد حاصل ہوگئی دل نے کہا کہ بس اسی میں میرے تمام مسائل کا حل ہے اور میں نے اعتماد کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا ابھی دو تین روز ہی ہوئے تھے ''یَاعَزِیْزُ'' کا کمال کُھلنا شروع ہو گیا میرے رُکے ہوئے کام خود بخود بننے لگے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ مجھے احترام کی نظر سے دیکھا جانے لگا اور لوگ بڑی عزت سے ملنے لگے۔ **(محمد سہیل قائم خانی، کراچی)**

(روحانی غسل کے ذریعے ایگزائٹی، ٹینشن، ڈیپریشن، اسٹریس، ذہنی الجھنیں، گھریلو جھگڑے دکھ، ہر قسم کے درد، تکالیف اور لاعلاج، طویل العلاج بیماریاں حتٰی کہ کینسر جیسے لاعلاج مرض سے نجات مل جاتی ہے اور اس کے علاوہ وسوسے، گندے خیالات بُری عادات، بُری صحبتیں، چڑچڑا پن، بے ہودہ باتیں، گالیاں اور والدین کی نافرمانی جیسے پریشان کر دینے والے مسائل اور مایوس کر دینے والی بیماریاں بس ایسے چند لمحوں میں ختم ہوجاتی ہیں، جس کا اندازہ آپ کر ہی نہیں سکتے۔ (روحانی غسل کے مزید حیرت انگیز کمالات کو جاننے کے لئے اِدارہ عبقری کا شائع کردہ کتابچہ ''روحانی غسل کے کرشمات'' کا مطالعہ فرمائیں۔)

طریقہ روحانی غسل

روحانی غسل کا طریقہ یہ ہے کہ آخری چھ سورتیں مع تسمیہ اول و آخر تین [illegible] درود شریف کے ساتھ تین مرتبہ پڑھیں اور اسکے بعد بیت الخلاء کی دعا:

"بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ" پڑھ کر [illegible]یاں پاؤں غسل خانے (wash room) میں رکھ کر اندر چلے جائیں، غسل کر [illegible]ہاتے وقت یہ دعا دل ہی دل میں مسلسل پڑھتے رہیں، زبان سے بالکل نہ پڑھیں [illegible] اپنی ہر بیماری اور پریشانی کا تصور کرتے رہیں کہ وہ بھی اس پانی کے ساتھ ڈھل [illegible] ہیں اور اس کے بعد جب باہر آئیں تو سیدھا پاؤں باہر رکھیں اور پھر اسی ترتیب [illegible] آخری چھ سورتیں پڑھیں جیسے پہلے پڑھیں تھیں اور درود شریف تین بار مکمل کر [illegible]۔

{نوٹ}: غسل جنابت کی صورت میں نہانے سے [illegible] چھ سورتیں نہ پڑھیں بلکہ نہانے کے بعد جب باہر آجائیں تو بعد میں پڑھ لیں

{اہم بات}

یاد رہے بیت الخلاء کی دعا بیت الخلاء کے اندر ز[illegible] سے بالکل نہیں پڑھنی بلکہ دل ہی دل میں پڑھنی ہے، کیونکہ بیت الخلاء میں زبان [illegible] ذکر نہیں کرسکتے۔

(آپ کے مسائل اوران کا حل ج ۲، [illegible] بہشتی زیور، حصہ دوئم ص ۸۳)

چھوٹا عمل .... بڑا کمال

ہمارے ایک عزیز اور دوست محمد سلیم میمن صاحب بتا رہے تھے کہ ایک دن وہ رقم کے سلسلے میں سخت پریشان تھے، اُس دن کمپنی کو آن لائن ادائیگی کروانی تھی لیکن مطلوبہ رقم سے تقریباً ڈیڑھ لاکھ روپے کم تھے، ٹائم بھی بہت کم تھا اور کہیں سے اس دن رقم ملنے کا آسرا بھی نہیں تھا۔ اُنہوں نے کئی جگہ کوشش کی لیکن کہیں سے صحیح جواب نہ ملا، اُن کی مارکیٹ میں بہت عزت تھی لیکن اس وقت

پیسے ملنے ناممکن تھے۔ انہیں خیال آیا کہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درس میں سورۃ کوثر کے فضائل بہت سنے تھے بتانے لگے کہ میں نے اُسی وقت موٹرسائیکل کی چابی اُٹھائی اور سورۃ کوثر بمعہ بسم اللہ پڑھا ہوا اور میڈیسن مارکیٹ چل پڑا اور وہ کہتے ہیں کہ جتنی دیر میں مارکیٹ میں رہا مسلسل سورۃ کوثر کا ورد کرتا رہا اور وہ کہتے ہیں کہ الحمدللہ....! میں جب مارکیٹ سے نکلا تو میری جیب میں تقریباً پانچ لاکھ پچیس ہزار روپے تھے۔ اُن پارٹیوں سے رقم ملی جن سے اُس وقت ملنا ناممکن تھا یہ سب ''سورۃ کوثر'' کی برکت سے ممکن ہوا۔ اُس دن سے میں نے ہر کام میں ''سورۃ کوثر'' کا ورد جاری رکھتا ہوں اور مجھے لاتعداد دفعہ فائدہ ہوا اور کئی دوسرے دوستوں کو بتایا انہیں بھی کافی فائدہ ہوا الحمدللہ۔ **(عبدالصبور قریشی، سکھر)**

اللہ نے عزت بچالی

میرے ہم زلف ایک آئل ملز میں بطور پارٹنر کام کر رہے تھے اور ساری ذمہ داری اُن پر ہی تھی۔ اُنہوں نے سارے اِسٹاف پر اندھا اعتماد کیا ہوا تھا خود نہایت شریف اور ایماندار آدمی ہیں لیکن اسٹاف کی ہیرا پھیری کی وجہ سے آئل ملز نقصان میں چلی گئی اور آخر کار وہ بند کرنا پڑا، مل کے مالک نے سارا اِلزام کا ذمہ داران کو ٹھہرایا اور دن بدن مختلف طریقوں سے اُن پر دباؤ بڑھتا گیا اور وہ مزید پریشان ہوگئے۔ اس دوران میں نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے اس پریشانی کا تذکرہ کیا تو حضرت نے اٹھتے بیٹھتے "اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ" مسلسل پڑھنے کے لیے کہا۔ الحمدللہ....! کچھ عرصہ کے بعد اس عمل کے پڑھنے کی برکت سے اور حضرت صاحب کی دعاؤں سے مالک کے دل کو اللہ نے نرم کیا۔ مل مالک تمام پارٹیوں (جن کی رقم مل کی طرف نکلتی تھی جو کہ کروڑوں میں تھی) سے کہتا تھا کہ اپنی رقم حاجی عبدالمجید سے وصولی کرو۔ میرا کوئی واسطہ نہیں لیکن "اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ

اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ" وظیفہ کی برکت سے آڈیٹر کی رپورٹ یہ آئی کہ سارا نقصان اسٹاف کی نااہلی کی وجہ سے ہوا ہے۔ اس رپورٹ کو دیکھ کر مِل کا مالک آخرکار پارٹیوں کو رقم دینے پر آمادہ ہوگیا اور اس طرح ان کی یہ مشکل اور پریشانی دور ہوگئی۔

جوئے کی لعنت سے چھٹکارہ

عرض یہ ہے کہ آپ نے جو"سورۃ الکوثر" کا وظیفہ بتایا تھا میں چار مہینے سے پڑھ رہا ہوں۔ اُس کے پڑھنے سے اللہ رب العزت نے مجھ پر یہ مہربانی فرمائی کہ مجھے ایک بڑی برائی سے نجات دلا دی، وہ برائی جواء کھیلنے کی تھی۔ میں اس گندی عادت کے جال میں بُری طرح سے پھنس چکا تھا۔ آپ کی مہربانی سے میں اس دلدل سے باہر نکلنے میں کامیاب ہوگیا۔ (ع۔ص، سکھر)

اسپیشل ڈسکاؤنٹ

قرآن پاک کی "سورۃ القریش" جہاں ٹریفک کو ختم کرتی ہے وہاں اس کے پڑھنے سے رکشے والا پیسے خود کم کر لیتا ہے۔ ایک دن میں رکشے والے سے پیسے طے کر کے اُس میں سوار ہوگیا اور پورے راستے سورۃالقریش پڑھتا رہا جب منزل پر پہنچا تو جو رقم ہماری طے ہوئی تھی رکشے والے نے اس سے کم کا مطالبہ کیا۔ باوجود میرے اسرار کے وہ اپنی بات پر ہی ڈٹا رہا۔ سبحان اللہ۔

بُری عادت سے نجات

{1} حضرت حکیم صاحب! پہلا مشاہدہ وہ ایک قرآنی دعا: "رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ﴿الفرقان آیت ۷۴﴾" والی دعا ہے۔ اس کا نقد نفع میں نے اپنے گھر میں دیکھا ہے۔ میری اہلیہ جو کہ چوبیس گھنٹے ٹیلی ویژن دیکھتی تھی اس دعا کو سات آٹھ ماہ پڑھا اب

حالت یہ ہے کہ ایک سال سے ٹیلی ویژن بند ہے، کیبل اُتر گئی ہے۔ گھر میں ہر وقت ذکراذکار اور قرآن کی تلاوت ہوتی ہے اللہ رب العزت نے بڑا اکرم کیا ہے۔

ساس بہو کی پکّی صلح

{2} میرا چھوٹا بھائی سعودی عرب میں ملازمت کرتا ہے اس کی اہلیہ اور ہماری اماں گاؤں میں ساتھ رہتی ہیں۔ ساس اور بہو آپس میں خوب لڑتی رہتی ہیں اور جب بھی لڑتی ہیں تو مجھے چکوال سے گاؤں جا کر اُن کی صُلح کروانی پڑتی ہے۔

چار پانچ ماہ پہلے رات کو فون آیا کہ لڑائی ہوگئی ہے، میری والدہ بضد تھیں کہ میں نے اس کے ساتھ نہیں رہنا اور بھائی کی اہلیہ بھی کہے کہ میں نے ان کے ساتھ نہیں رہنا۔ مجھے ملازمت سے چھٹی نہیں ملی، پرائیویٹ ملازمت تھا، چھٹیاں کم ہی ملتی ہیں۔ میں نے رات کو ہی والدہ اور بھائی کی اہلیہ کو بیت الخلاء والی دعا:

"بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ"

اے اللہ میں تجھ سے پناہ چاہتا ہوں مذکر جن سے اور مونث جن سے۔ اس دعا کی ایک تسبیح اول آخر تین دفعہ درود شریف پڑھ کر دونوں کو ہدیہ کی اور سو گیا۔ دوسرے دن میں ڈیوٹی پر چلا گیا۔ دن کو دس گیارہ بجے فون آیا اور مجھ سے دونوں نے کہا کہ ہماری صلح ہوگئی ہے۔ حکیم صاحب! آپ یقین جانئے یہ صلح ایسی ہوئی ہے کہ ایسی صلح میں نے پہلے نہیں دیکھی۔ والدہ غصے کی بہت تیز ہیں، بہرحال اب میں بہت سکون میں ہوں یہ اللہ آپ کی نسلوں کو آباد کرے میری یہ بہت بڑی اُلجھن تھی جو کہ حل ہوگئی۔

بیوی کی عقلمندی

{3} میری اپنی اہلیہ کے ساتھ کسی بات پر لڑائی ہوگئی، میں بہت غصے میں تھا۔ میں نے دفتر سے اہلیہ کو فون کیا اور خوب سنائیں اور ساتھ ہی کہا کہ گھر آکر بات کروں گا۔ اہلیہ نے تین دفعہ درود شریف اول آخر اور بیت الخلاء

والی دعا کی ایک تسبیح پڑھ کر مجھے ہدیہ کی۔ آپ یقین جانئے جب انہوں نے ہدیہ کیا تو مجھے فوراً محسوس ہو گیا اور میں نے گھر آ کر ان سے پوچھا کہ کیا فلاں وقت میں آپ نے کچھ پڑھا تھا... ؟ تو انہوں نے بتایا کہ ہاں اُسی وقت میں نے یہ عمل کیا تھا۔ میں نے مسکراتے ہوئے اُسے بتایا کہ مجھے محسوس ہو گیا تھا اور اُسی وقت میرا غصہ خود بخود ختم ہو گیا تھا۔

اب گاڑی کرے گی انتظار

مجھے مہینے میں ایک دفعہ گاؤں جانا پڑتا ہے۔ پہلے میں گاڑی کے انتظار میں بے چین کھڑا رہتا تھا اب میں ''آخری چھ سورتیں'' اور ''انمول خزانہ'' پڑھ کے نکلتا ہوں تو گاڑی میرا انتظار کرتی ہے اور کرایہ بھی مناسب ادا کر کے سفر کرتا ہوں۔

''اللہ تیرا شکر ہے'' والی تسبیح بھی پڑھتا ہوں یعنی (یہ الفاظ ۱۰۰ / سو بار دھراتا ہوں) اس سے بہت سکون اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ملتی ہیں۔

ذکر میں دھیان کیلئے

حضرت جی! آپ نے پچھلی جمعرات کے درس میں ''لاہوتی وضو'' کا عمل بتایا تھا۔ اہلیہ نے اس عمل کو کیا اور کہنے لگیں کہ اس عمل کے کرنے سے مجھے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ پہلے ذکر اور اعمال کرتے وقت دھیان، توجہ ہٹ جاتی تھی اب یہ عمل کرنے سے توجہ اور دھیان بڑھتا جا رہا ہے۔

> وضاحت: لاہوتی وضوء کا طریقہ یہ ہے کہ وضوء کرتے وقت مکمل سُنتوں کا خیال رکھا جائے اور ہر عضوء کو دھوتے وقت گناہوں کے دُھلنے کا تصور کیا جائے مثلاً کلی کرتے وقت زبان سے ہونے والے گناہ (غیبت، چغلی، جھوٹ، گالی وغیرہ) دُھلنے کا تصور کیا جائے اسی طرح ہر ہر اعضاء کو دھوتے وقت اس

> سے متعلقہ گناہ دھلنے کا سوچا جائے.....۔ (لاہوتی وضوء کی تفصیل اور حیرت انگیز انکشافات جاننے کے لیے حضرت حکیم صاحب مدظلہ کا یکم جولائی 2010 کا درس سماعت فرمائیں جو اِدارہ عبقری لاہور کی جانب سے C.D's کی شکل میں جاری ہو چکا ہے)

برکت والے رزق کا راز

ہمارے جو ہمسائے ہیں ان کی اہلیہ کپڑے سیتی ہیں۔ وہ لوگ کافی پریشان رہتے تھے۔ میری اہلیہ نے اُنھیں ''سورہ الکوثر'' والا عمل بتایا ہے اب وہ کہتی ہیں کہ جب سے یہ عمل شروع کیا ہے میرے گھر میں سکون ہے، پریشانیاں حل ہو رہی ہیں اور گھر میں بہت برکت ہو گئی ہے۔ اسی طرح ایک اور جاننے والی کو میری اہلیہ نے ''انمول خزانہ'' پڑھنے کے لیے دیئے تھے اُنہوں نے بھی بتایا ہے کہ پہلے گھر میں بے سکونی تھی لڑائی، جھگڑے اور رزق کی بے برکتی تھی جب سے ''دو انمول خزانے'' پڑھنا شروع کیے ہیں اللہ کا شکر ہے حالات ٹھیک ہوتے جا رہے ہیں۔ **(محمد عرفان)**

رشتہ کے لیے عمل

اللہ پاک نے ہمیشہ مجھے اپنے کرم سے نوازا ہے۔ نومبر کے عبقری کے رسالے میں شادی کا ایک خاص عمل تھا جو کہ ''قرآن پاک'' کا پڑھنا تھا۔ وضو کر کے طاق عدد میں درود شریف پڑھ کر پھر شادی میں آسانی کی نیت سے قرآن پاک کھولیں اور روز کا جتنا پڑھ سکیں وہ پڑھیں۔ پھر جہاں سے چھوڑیں وہیں سے دوسرے روز طاق عدد میں درود شریف پڑھ کر شروع کریں اور آخر میں دعا کریں۔ میں نے تین پارے ہی پڑھے تھے کہ اللہ پاک نے اچھی جگہ رشتہ کر دیا۔

امن دوستی کا پیغام

میں نے اس عمل کو کئی با آزمایا ہے۔ اگر کوئی آپ سے جھگڑا کر رہا ہو تو آپ

"یَاسَلَامُ" پڑھنا شروع کر دیں اور مسلسل پڑھیں، جھگڑا کرنے والا خود ہٹ جائے گا، اگر جھگڑا شروع ہو گیا ہے تو وہ ختم ہو جائے گا اور اگر کوئی جھگڑا کرنا چاہتا ہے تو وہ کر نہیں سکے گا۔

اگر دو آدمی یا کوئی گروہ آپس میں لڑائی کر رہے ہوں تو تیسرا آدمی "یَارَءُوْفُ" پڑھتا جائے انشاء اللہ فساد ختم ہو جائے گا۔ میرا آزمودہ ہے۔

انجان راستوں سے شناسائی

عبقری سے دوستی کرنے سے پہلے میں کسی دوسرے شہر میں جانے سے پریشان ہو جاتا تھا۔ اکثر راستہ بھول جاتا تھا کیونکہ راستے سے واقفیت نہیں ہوتی تھی لیکن اب کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ اگر کبھی راستہ بھول بھی جاؤں "سورۃ یٰسین" پڑھنا شروع کر دیتا ہوں، اللہ مدد کر دیتا ہے اور راستہ خود بخود مل جاتا ہے۔ **(عبدالرحمن صادق)**

سواری میں آسانی

ہمارا گاؤں لنک روڈ پر واقع ہے۔ سواری مشکل سے ملتی ہے۔ ہمیں جب بھی کہیں آنا جانا ہوتا ہے "درود شریف" پڑھتے ہیں اللہ کے فضل سے ہمیں بہت جلد سواری مل جاتی ہے اور ہمیں کبھی بھی پریشانی نہیں ہوتی۔ **(مائدہ امتیاز، پٹیالہ)**

پیشاب کی نلکی سے چھٹکارہ

عبقری کا قاری ہوں، حضرت حکیم صاحب کا درس نیٹ سے سنتا ہوں۔ میرے والد صاحب بوڑھے ہو گئے ہیں اور بیمار رہتے ہیں۔ عرصہ ڈیڑھ سال سے اُن کو پیشاب کی نلکی لگی ہوئی تھی۔ میں نے کسی درس میں سنا تھا کہ **سورۃ الفاتحہ** میں شفاء ہے میرے دل میں خیال آیا کہ میں بھی **سورۃ فاتحہ** پڑھ کر والد صاحب کو دم کروں کہ شاید اللہ کریم میرے والد صاحب کو بھی شفاء دے دے۔

میں نے اول آخر درود شریف تین بار اور **سورۃ الفاتحہ** تین بار پڑھ کر والد صاحب پر دم کرنا شروع کر دیا۔ جب بھی ان کے پاس ہوتا مسلسل پڑھ کر دم کرتا رہتا، نماز پڑھ کر گھر آتا تو دم کر دیتا۔ کبھی اُن کے پاؤں دبانے بیٹھتا تو اُس وقت اُن کو دم کرتا۔ تقریباً ایک ہفتہ کے بعد میرے والد صاحب کو جہاں پیشاب کی نلکی لگی ہوئی تھی وہاں درد ہونا شروع ہو گیا والد صاحب نے مجھے بتایا کہ درد ہو رہا ہے۔ میں نے دیکھا نلکی تو بالکل ٹھیک لگی ہوئی تھی لیکن والد صاحب مسلسل درد کی شکایت کر رہے تھے۔ رات کا وقت تھا ڈاکٹر کے پاس لے کر جانا بھی مشکل تھا میں نے خود ہی ہمت کر کے والد صاحب کے پیشاب کی نالی اُتار دی، نالی کے اُترتے ہی ان کو سکون مل گیا، کہنے لگے کہ اب میں ٹھیک ہوں، اس دوران میں مسلسل دم کرتا رہا۔ تھوڑی دیر کے بعد کہنے لگے کہ پیشاب کے لئے جانا ہے میں نے فوراً سہارا دیا وہ اُٹھے اور بالکل نارمل حالت میں پیشاب کر کے آئے۔ اللہ کریم کے کرم سے اُس دن کے بعد سے پیشاب کی نلکی کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ والد صاحب کی صحت پہلے سے بہتر ہے اور نارمل حالت میں پیشاب وغیرہ کرتے ہیں۔ **(افتخار احمد، بھاگووال خورد)**

دکھیوں کا سہارا

میں تقریباً چھ ماہ سے عبقری کا مستقل قاری ہوں اور یہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ عبقری زندگی کے ہر پہلو میں مدد کرتا ہے۔ جب سے میں نے اسے پہلی بار پڑھا ہے تب سے ہی میں اس کا دیوانہ ہو گیا ہوں اور جب تک مجھے ہر مہینے یہ رسالہ نہیں مل جاتا مجھے چین نہیں آتا۔ میں نے رسالے میں ایک عمل پڑھا تھا یہ بہت ہی لاجواب عمل ہے، بالخصوص دفتروں میں کام کرنے والے حضرات کے لیے ایک بہترین تحفہ ہے۔

ستمبر 2011ء کے شمارے میں چھپنے والا یہ عمل جب میں نے رش اور ٹریفک سے نجات کے لئے پڑھا تو میں نے اس عمل کو بہت خوب پایا۔ میں ایک پرائیویٹ کالج کی کینٹین چلاتا ہوں اور میرے ساتھ مسئلہ یہ تھا کہ جب اسٹوڈنٹ کی

بریک ہوتی تو ایک دم رش لگ جاتا تھا جس کی وجہ سے سامان چوری ہونے کا خطرہ رہتا تھا اور کئی بچے پیسے دیئے بغیر چلے جاتے تھے جب سے میں نے سورۃ الم نشرح کے بارے میں پڑھا ہے تب سے میں ہر روز صبح تین دفعہ "سورۃ الم نشرح" پڑھ کر پھونک مار دیتا ہوں اب رش لگنا ختم ہو گیا، اور کالج میں بریک کا نظام ختم کر دیا گیا ہے۔ اب جس کلاس کا پیریڈ فری ہوتا ہے وہ اسٹوڈنٹ آ کر چیز وغیرہ لے لیتے ہیں اور پورا دن ایک روٹین میں کام چلتا رہتا ہے حالانکہ اس سے پہلے مجھے ایک سال کا عرصہ ہو گیا ہے کبھی بھی ایسا نہیں ہوا اور سورۃ الم نشرح کی وجہ سے میرا کام بھی اچھا ہو گیا اور رش کا سامنا بھی نہیں کرنا پڑتا، سیل بھی پہلے سے اچھی ہے اور ذہنی سکون بھی ہے۔ (**محمد لطیف**)

گھریلو مسائل کا حل

حضرت صاحب! آپ نے مجھے دوسری شادی کیلئے "**یَاعَزِیْزُ یَاوَدُوْدُ**" کا وِرد دیا تھا۔ اللہ نے کرم کیا ہے میرا بہت اچھے دین دار گھرانے میں رشتہ ہو گیا ہے شکر الحمدللہ۔ اب میری خواہش ہے اللہ پاک مجھے بدنظری اور حسد سے بچا لیں اور مجھے دین اور دنیا کی خوشیاں دیں اور نیک اور صالح اولاد بھی۔

پیدل چلنے سے بچ گیا

میں نے کتاب مجھے شفاء کیسے ملی میں **سورۃ القریش** کے فوائد پڑھے کہ اگر گاڑی نہ مل رہی ہو یا ٹریفک جام جیسے مسائل ہوں تو یہ پڑھیں انشاءاللہ کام بن جائے گا۔ ۲۸ فروری کو میرا ٹیسٹ تھا دوست مجھے Lums چھوڑ آیا ساتھ کہنے لگا کہ واپسی پر کسی سے لفٹ لے لینا یا پھر کوئی گاڑی مل جائے گی۔ میں نے **سورۃ القریش** فوراً پڑھ لی کہ اللہ کام آسان بنا دے، ٹیسٹ ختم ہوا تو ایک پیپر گم ہونے کی وجہ سے ہمیں دس منٹ مزید بیٹھنے کو کہا گیا کہ وہ پیپر Confirm کریں۔ انہی دس منٹ کے دوران میری اپنے سے آگے بیٹھے لڑکے سے گپ شپ ہو گئی حافظ آباد کا رہنے والا تھا لاہور میں اس کے کچھ رشتے دار رہتے تھے۔

میں نے پوچھا: آپ کے پاس اپنی کنوینس ہے....؟ کہنے لگا ہاں ہے۔ میں نے کہا کہ مجھے کلمہ چوک اتار دو گے؟ اُس نے کہا: ہاں اتار دوں گا مگر کچھ دیر انتظار کرنا پڑے گا کیونکہ میں نے ڈرائیور کو فون کر دیا ہے وہ آتا ہی ہوگا پھر اُسی نے مجھے بوتل پلائی کچھ دیر میں ڈرائیور آ گیا، لڑکے نے ڈرائیور سے کہا کہ کلمہ چوک سے لے چلو۔ ڈیفنس سے کلمہ چوک تک کافی فاصلہ ہے گاڑی میں ہمیں بیس منٹ لگے۔ کلمہ چوک اتر کر وہاں سے بس پر سوار ہونا تھا میرے پہنچتے ہی 51 نمبر بس کھڑی تھی اور جانے والی تھی میں نے وہ چھوڑ دی سوچا اگلی میں جاؤں گا دس منٹ بعد اگلی بس آ گئی میں اُس میں سوار ہو کر ہاسٹل آ گیا شام کو دوست سے ذکر کیا تو دوست حیران رہ گیا کہنے لگا کہ میں دو دفعہ کلمہ چوک سے 51 نمبر بس کے لئے انتظار کرتا رہا ہوں اور ہر دفعہ مجھے آدھے پونے گھنٹے انتظار کرنا پڑا۔ یہ سب سورۃ القریش کی برکت تھی اگر خدانخواستہ لفٹ نہ ملتی تو بیس کلومیٹر پیدل چلنا پڑتا۔ (**عبداللہ، لاہور**)

برکت کا خزانہ

عبقری کے ہفتہ وار درس میں میں نے ''سورۃ کوثر'' کے فضائل سنے تو اپنے اہل خانہ کو بھی اس کی فضیلت سے آگاہ کیا۔ اب میں اور میرے اہل خانہ اپنے روزمرّہ کے امور میں برکت اور رحمت کے لیے بِسمِ اللہ کے ساتھ سورۃ کوثر ضرور پڑھتے ہیں۔ میری امی روزانہ صبح وشام 129 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر کچن اور گھر کی بیشتر اشیاء پر دم کرتی ہیں۔ اس دم کی برکت سے UPS کا بیک اپ ٹائم ڈبل ہوگیا حالانکہ اب لائٹ پہلے سے زیادہ جانے لگی ہے۔ اس دم ہی کی برکت سے مجھے بہت دنوں تک موٹر سائیکل میں پٹرول ڈلوانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اس کے علاوہ گھر کی بیشتر اشیاء میں برکت ہوگئی ہے۔

برکت اتنی کہ لوگ پریشان......!

آپ نے مجھے کثرت سے ''دو انمول خزانے'' پڑھنے کی تاکید کی لہٰذا اسی دن سے میں پابندی سے ''دو انمول خزانے'' کا وِرد کرنے لگا اور کچھ قیمتی سامان چوری ہوا تھا علاوہ ازیں قرب و جوار کے کچھ دُکاندار مختلف طرح سے تنگ اور پریشان کرتے رہتے ہیں اس مسئلہ کے لئے میں نے خصوصی دعا کی درخواست کی تھی۔ گزشتہ ہفتے میں نے محسوس کیا کہ میرے مال میں اضافہ ہوا ہے اور یہ اضافہ چوری ہوجانے والے مال سے زیادہ ہے میں نے اپنے کیش میں مبلغ پانچ ہزار روپے کا اضافہ پایا تو بہت حیران ہوا گزشتہ دنوں میں نے یہ مسئلہ کسی بزرگ کے سامنے پیش کیا پہلے تو انہوں نے شبہ ظاہر کیا کہ شاید میں نے کسی جادو یا عمل کے ذریعے سے کھوئے ہوئے پیسے واپس لیے ہیں یا حاسدین میں سے کسی کے پیسے جادو کے ذریعے حاصل کیے ہیں میں نے انہیں یقین دلایا کہ میں نے ایسا کچھ نہیں کیا ہے تو وہ کہنے لگے کہ یقیناً پھر تم کوئی ایسی پڑھائی کر رہے ہو کہ جس کی برکت سے تمھارے مال میں برکت ہو رہی

ہے تو میں نے بتایا کہ میں ''دو انمول خزانے'' کثرت سے پڑھ رہا ہوں۔ وہ کہنے لگے کہ اسی وِرد کی وجہ سے غیب سے مدد ہوئی ہے۔ **(محمد عظیم صادق)**

پیٹرول کی بچت

میں اپنے 125 موٹر سائیکل میں ہر ہفتہ پٹرول کی ٹینکی فُل کرواتا تھا جو کہ ہفتہ بھر چلتی تھی پھر میرے بڑے بھائی نے مجھے ''سورۃ کوثر'' کے فضائل بتائے تو اگلی بار میں نے پٹرول بھرواتے وقت پہلے ایک بار ''سورۃ کوثر'' بمعہ بِسمِ اللہ پڑھی جس کا مجھے حیرت انگیز تجربہ رہا اور کچھ دنوں تک تو مجھے خود بھی یقین نہ آیا کہ ''سورۃ کوثر'' کی برکت سے مجھے اگلے پندرہ دن تک پٹرول بھروانے کی ضرورت نہیں پڑی، الحمدللہ۔ **(سلیمان بٹ)**

جاب میں کامیابی کیلئے

میرا بھائی اپنی جاب کے سلسلے میں بہت پریشان تھا۔ بیرون مُلک چلا گیا لیکن وہاں سیٹ نہیں ہو رہا تھا آپ کا درس پچھلے سال سنا تو آپ نے سورۃ الکوثر کا وظیفہ بتایا۔ میں نے اور میری امی نے سورۃ الکوثر پڑھنا شروع کر دی تو میرا بھائی اللہ کے حکم سے وہاں سیٹ ہوگیا۔ دبئی کی کمپنی میں سول انجینئر ہے۔

ہم نے پچھلے سال چاول اور گندم تھوڑی لی تھی لیکن اِس ڈر سے کہ یہ ختم نہ ہو جائے گندم پر اور چاولوں پر سورۃ الکوثر دم کر دی۔ اللہ کے حکم سے اب تک چاول کھا رہے ہیں۔

مہنگائی کا توڑ

''روحانی غسل'' واقعی ایک ایسا عمل ہے کہ جس بیماری یا پریشانی کی نیت سے کیا جائے وہ ختم ہو جاتی ہے۔ ''روحانی غسل'' آج کے بدترین مہنگائی کے دور میں دُکھی انسانیت کیلئے محفوظ پناہ گاہ ہے اور مہنگائی کا منہ توڑ جواب ہے۔

میرا معدہ ایک دن صبح ہی سے بہت زیادہ خراب تھا اور میرے پیٹ میں شدید درد اُٹھ رہا تھا اس دن میں درد کی وجہ سے دفتر بھی نہ جا سکی پھر میں نے سوچا کیوں نہ ''روحانی غسل'' سے فائدہ اٹھایا جائے میں نے ''روحانی غسل'' کیا۔ غسل کے دوران اپنی بیماریوں سے نجات کا تصور دل میں کرتی رہی اور جیسے ہی غسل کر کے باہر آئی تو اپنے آپ کو درد سے رہا پایا اور اللہ کا شکر ادا کیا۔

یہ وظیفہ کمال ہے

ایک جمعرات کو درس کے دوران ہی کہیں سے میوزک کی بہت زیادہ آواز آرہی تھی اور اس کی وجہ سے بڑی ڈسٹربنس پیدا ہو رہی تھی مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کیا پڑھوں پھر اچانک ''سورۃ فاتحہ اور سورہ اخلاس والا وظیفہ'' (اول آخر تین دفعہ درود شریف ،ایک دفعہ سورہ فاتحہ اور تین دفعہ سورہ اخلاص) ذہن میں آیا میں نے ایک بار پڑھا کوئی فرق نہ پڑا پھر تین چار بار عمل کرنے سے وہ میوزک بند ہو گیا لیکن کچھ دیر کے بعد پھر شروع ہوا تو میں نے وہی وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا پھر آخر آواز بند تو نہ ہوئی کم ہو گئی کہ درس کی آواز سمجھ آنے لگ گئی معلوم یہ ہوا کہ اعمال کرنے سے فائدہ ضرور ہوتا ہے۔

منہ سے بے ساختہ یا حفیظ نکلا

رسالے کے ذریعے مجھے پہلے بھی بہت فائدے ہوئے ہیں۔ رسالے میں میں نے یَاحَفِیْظُ کے کمالات پڑھے تو اس کو پابندی سے پڑھنا شروع کر دیا۔ میں ایک دن بازار میں جا رہا تھا اور اچانک سامنے سے موٹر سائیکل آگئی۔ میں سائیکل پر تھا اور ہم دونوں کی ٹکر ہو گئی۔ میرے منہ سے بے ساختہ یَاحَفِیْظُ کا لفظ نکلا جس کی وجہ سے ذرا برابر بھی چوٹ نہ آئی اور موٹر سائیکل والا بھی بچ گیا جبکہ حادثہ اتنا شدید تھا کہ بچنے کا کوئی چانس ہی نہیں تھا۔ میں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اُس نے اپنے نام کی برکت سے میری جان بچالی۔ **(M.W، ضلع چکوال)**

کثرت سے برکت تک

میں مادی دنیا کو سب کچھ سمجھنے والے ملک میں یعنی امریکہ میں رہتا ہوں سورۃ کوثر والے عمل سے میری آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ نظر آتا ہے یعنی کثرت کی بجائے برکت ملنا شروع ہو گئی ہے میں نے یہ عمل کافی لوگوں کو بتایا ہے اور وہ اس سے کافی مطمئن اور خوش نظر آتے ہیں۔ **(اسحاق، امریکہ)**

شوہر کی سخت دلی کا دور ہو جانا

میں ایک دن صبح ناشتہ کر رہا تھا یہ تقریباً آٹھ نو ماہ پہلے کی بات ہے۔ میری بھابھی جو کہ میری بڑی سالی بھی ہیں وہ آ گئیں اور رونے لگیں اور اپنے شوہر کے تشدد اور بے راہ روی کی شکایت کرنے لگیں اور عجیب مایوسی کی باتیں کرنے لگیں۔ اس بیچاری پر اُس کا شوہر یعنی میرا بھائی بہت تشدد اور انتہائی توہین آمیز سلوک کرتا تھا اور میرے بھائی نے دوسری شادی بھی کی ہوئی تھی۔ بھابھی مجھے کہنے لگی: تم بتاؤ اب میں کدھر جاؤں......کیا کروں.......؟ وہ بہت پریشان تھیں، میں نے ان سے کہا ایک وعدہ کریں جو میں کہوں گا اس پر عمل کریں گی آپ کے سارے مسئلے حل ہو جائیں گے۔ کہنے لگیں: ٹھیک ہے۔ میں نے کہا: نماز پڑھ کر دعا کریں اور یہ وظیفہ ہر وقت اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھیں ''یَاخَالِقُ یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ'' وہ کہنے لگیں: ضرور کرونگی۔ پھر انہوں نے خوب توجہ اور دل جمعی سے اس عمل کو کرنا شروع کر دیا۔ اُس دن کے بعد سے اب تک انھوں نے کوئی شکایت نہیں کی بلکہ وہ بہت خوش ہیں ہم خود دیکھتے ہیں کہ اُن کے ساتھ اُن کے شوہر کا رویہ بالکل ٹھیک ہو گیا اور اُس دن کے بعد سے ان پر تشدد اور توہین کا کوئی واقعہ نہیں ہوا بلکہ ان کے شوہر کا رویہ اب اُن کے ساتھ بالکل ہمدردانہ ہو گیا۔

بچے کی جان بچ گئی

میرے بچے کو بیمار ہوئے تقریباً 7,6 دن ہو گئے تھے اس دن جمعرات کا

دن تھا اور بچے کی حالت بہت خراب تھی بالکل نڈھال پڑا تھا، سوائے رونے یا دودھ پینے کے اور کوئی حرکت نہیں تھی، مختلف ڈاکٹروں اور مختلف ادویات کے استعمال کے باوجود بخار جان نہیں چھوڑ رہا تھا۔ ہسپتال لے گیا، ہسپتال سے واپس آ کر تقریباً 2½ بجے کا وقت تھا ظہر کی نماز پڑھنا تھی وضو کے دوران خیالات آ رہے تھے کہ کہیں زیادہ طبیعت خراب ہو گئی تو اس کی جان کو بھی خطرہ ہے۔ نماز کے بعد اچانک اللہ نے حضرت صاحب کی ایک بات یاد کروائی۔ ایک دفعہ حضرت صاحب نے کہا تھا کہ کربلا کے میدان میں جب یزید کی افواج نے حملہ کیا تو آخری وقت میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے ہاتھ حضرت علی اصغر رضی اللہ عنہ پیاس سے نڈھال تھے کہ حلق میں ایک تیر آ کر لگا اور خون کا فوارہ نکلا۔ اس وقت حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے دونوں ہاتھوں میں وہ خون لے کر اللہ سے مخاطب ہو کر کہا کہ ’’اے اللہ اگر تو اس طرح حسین (رضی اللہ عنہ) سے راضی ہے تو پھر حسین (رضی اللہ عنہ) بھی تجھ سے راضی ہے۔‘‘ سبحان اللہ..... اس وقت بھی اللہ کی وفا کو سامنے رکھا۔ قربان جائیں ان پاک اور عظیم لوگوں پر۔ پھر ایک دم خیال آیا کہ سورۃ فاتحہ اور سورہ اخلاص کا عمل (تین بار اول آخر درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص کروں اس کا ثواب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور حضرت علی اصغر رضی اللہ عنہ کو ہدیہ کروں اور پھر دعا کروں میں نے اسی طرح کیا، اس وقت کیا کیفیت بنی ان کی عظمت اور قربانی اور پھر اللہ کی وفا کی تلاش پتہ نہیں کیا دعا کی کچھ خبر نہیں دعا کی بھی بس روتا رہا، اللہ کا کرنا تھا کہ بغیر کسی دوائی کے بچہ رات تک پچاس فیصد ٹھیک ہو گیا بخار ٹوٹ گیا۔ اس کے دست جو دن میں پندرہ، سترہ بار کی تعداد میں تھے واضح فرق پڑ چکا تھا۔

انجکشن کے ری ایکشن کا اثر ختم

سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص والا عمل (تین بار اول آخر درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص) بہت جگہوں پر آزمایا اور اکثر یہ عمل کرتا بھی رہتا ہوں اور یہی محسوس ہوتا ہے جیسے ہر دن اس عمل کی طاقت بڑھ رہی ہے۔

ہسپتال میں نرس نے اہلیہ کو ایک انجکشن لگایا تو وہ ری ایکٹ کر گیا۔ اس کی سانس اُکھڑ گئی۔ چہرہ لال سرخ ہو گیا اور بہت مشکل سے سانس چل رہا تھا ڈاکٹر نے فوراً ایک اور انجکشن منگوایا اسی دوران میں نے سبحان اللہ خان والا عمل کیا اور فوراً ہی اس کی حالت بہتر ہو گئی حتیٰ کہ دوسرا انجکشن بھی لگانا نہیں پڑا۔ **(حسن ہاشمی، لاہور)**

پانچواں کلمہ اور بارش

عبقری کے پچھلے دو تین شماروں میں سے کسی ایک شمارے میں میں نے پانچویں کلمے کے بارے میں پڑھا تھا کہ جب چاہیں گرمی کے موسم میں (خصوصاً) رب کی رحمت والی بارش سے مالا مال ہو جائیں۔ رسالے میں کچھ یوں درج تھا کہ وضو کر کے تسبیح لے کر بیٹھ جائیں اور پانچویں کلمے کا ورد شروع کر دیں دل میں ٹھان لیں کہ رب سے عاجزی کے ساتھ منوا کر ہی اٹھیں گے انشاء اللہ۔ پچھلے مہینے گرمی زوروں پر تھی دل میں بے چینی بھی تھی اور تڑپ بھی کہ مہمانوں نے آنا ہے میں ایسا کیا کروں کہ یہ گرم موسم خوشگوار موسم میں تبدیل ہو جائے اور لوگ ڈسٹرب بھی نہ ہوں، آرام سے آئیں اور عافیت کے ساتھ روانہ بھی ہو جائیں۔ میں نے مہمانوں کے آنے سے دو دن پہلے وضو کر کے تسبیح ہاتھ میں پکڑ لی اور پانچویں کلمے کا ورد شروع کر دیا۔ مشکل سے دو تسبیحاں پڑھی ہونگی کہ آسمان پر گھٹائیں چھا گئیں اور ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چلنی شروع ہو گئی۔ اور اس طرح تپتا موسم ٹھنڈی میٹھی اور پر لطف فضاؤں میں تبدیل ہو گیا۔

شدید گرمی میں پسینوں سے نجات

حضرت جی! وضوء کے تین گھونٹ پانی والے عمل سے یہ فائدہ ہوا کہ میں بیکری میں کام کرتا تھا وہاں گرمی کے موسم میں تو حالت غیر ہو جاتی ہے طبیعت نڈھال

ہوجاتی ہے، میں پسینے میں شرابور ہوجاتا تھا۔ اس بیماری سے بہت پریشان تھا جس دن سے یہ عمل کیا اب میں ٹھیک ہوں اور اس سال روزے بھی پورے رکھے۔ جب کہ اس سے پہلے میں روزوں کا سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ **(محمد اکرم، تحصیل دنیاپور)**

اللہ کے کلام کا معجزہ

میرے کزن کی اہلیہ میوہسپتال میں ایک ہفتہ سے بے ہوش تھی۔ ڈاکٹرز نے جواب دے دیا تھا اور کہا کہ بس دعا کریں۔ ہم بھی اپنی طرف سے پوری کوشش کریں گے کہ کسی طرح مریضہ کی جان بچ سکے۔ عبقری میں **لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٍ** ’’والا عمل توجہ اور دھیان سے بار بار پڑھا اور اُس کو دم کیا تو رات کو ہی تھوڑا ہوش آ گیا اور صبح تک وہ مکمل ہوش میں آ گئی تھی۔ اللہ کے کلام کا یہ معجزہ دیکھ کر سب حیران رہ گئے اور سب کے ایمان کو تقویت ملی۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ صرف یہ آیات ۳۱۳ مرتبہ یا ۱۱۰۰ مرتبہ یا کثرت کے ساتھ بلا تعداد پڑھ کر مریض پر سات یا گیارہ دن دم کریں۔ مریض اللہ کے فضل سے بہت تیزی کے ساتھ صحت یابی کی طرف چل پڑے گا۔ **(ذوالفقار علی ولد دوست محمد)**

فلموں کا شوق اور میری توبہ

میں بچپن سے ایکشن فلموں کا جنون کی حد تک شوقین تھا۔ اس کی ایک وجہ مارشل آرٹس سے لگاؤ ہے۔ یہ علیحدہ بات کہ ابھی تک سیکھنے کی حسرت ہی ہے کچھ شعور ملا تو دل میں بڑی خواہش ہوئی کہ (فلموں کا) شوق بدل جائے لیکن ایسا نہ ہو سکا۔

حج کے بعد غالباً 17 نومبر کو جو آپ کا درس تھا اس میں آپ نے ایک عمل بتایا تھا کہ ہاتھوں کو کشکول بنا لیں اور دل کو اس میں رکھیں اور تصور یہ کریں کہ یا اللہ میرا دل سیاہ ہے آپ اس کو صاف شفاف مصفیٰ و مجلیٰ کر دیجیے۔ میں نے یہ عمل کرنا شروع کر دیا آپ یقین کریں اُس دن سے دل کی حالت بدل گئی۔ اس دن سے آج تک کوئی فلم نہ دیکھی اور نہ دیکھنے کی خواہش پیدا ہوئی۔

پہلے میں عشاء کی نماز پڑھ کر کمپیوٹر کے سامنے بیٹھ جاتا تھا۔ اب رب کریم کا کرم ہے ذکر کرتا ہوں یا درس سنتا ہوں۔ اس عمل کا دوسرا فائدہ یہ ہوا کہ میں تنہائیوں کے گناہ میں مبتلا تھا کیا بتاؤں آپ کو...... اس عمل کی برکت سے ان گناہوں سے بھی نجات مل گئی۔ تنہائی کے گناہوں سے بچنے کے ضمن میں ایک Message نے بڑا دل پر اثر کیا ’’تنہائی میں گناہ کرنے سے بچو......... کیونکہ اس کا گواہ اللہ تعالیٰ خود ہوتا ہے‘‘

ابھی یہ تصور صحیح پختہ نہیں ہوا لیکن پھر بھی اس عمل کی برکت سے ان دونوں عذابوں سے نجات مل گئی۔ حالانکہ میرا خیال تھا کہ میں دنیا کی ہر چیز چھوڑ سکتا ہوں، ہر اپنا شوق بدل سکتا ہوں لیکن شاید ایکشن موویز دیکھنا نہ چھوڑ سکوں۔ **(علی عامر)**

خراب مشین چل پڑی

صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں سنا کہ وہ دو رکعت پڑھ کر اللہ پاک سے اپنے مسائل حل کرا لیا کرتے تھے۔ ایک صحابی رضی اللہ عنہ کے گھر کھانے کو کچھ نہیں تھا گھر آ کر اپنی اہلیہ سے پوچھتے ہیں کہ کچھ بندوبست ہے؟ وہ کہتی ہیں نہیں ہے۔ جا کر دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ سے مانگتے ہیں پھر آ کر پوچھتے ہیں۔ پھر اہلیہ یہی جواب دیتی ہیں کہ کچھ نہیں ہوا۔ صحابی رضی اللہ عنہ پھر جا کر نماز پڑھتے ہیں اور آ کر پوچھتے ہیں اسکے بعد اہلیہ کی طرف سے وہی جواب آتا ہے کہ کچھ نہیں ہوا۔ یہ صحابی رضی اللہ عنہ تیسری مرتبہ صلوۃ الحاجت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں کہ میرے نماز پڑھنے میں کمی ہے آپ پھر نماز پڑھ کر دعا کرتے ہیں جب آپ گھر آ کر پھر اہلیہ سے پوچھتے ہیں تو گھر میں ایک پرانی چکی خود بخود چلنا شروع ہو جاتی ہے اور گھر کے تمام برتن اس آٹے سے بھر لیے جاتے ہیں۔ یہ واقعہ جب سے میں نے سنا ہے اس واقعے نے

دو رکعت نماز پر میرا یقین نہایت پختہ بنا دیا ہے۔ اب جو بھی میرے مسائل ہوتے ہیں میں اس نماز ہی کے ذریعے حل کرواتا ہو۔

ایک دفعہ کمپیوٹر خراب ہوگیا۔ میں نے دو رکعت نماز ''صلوٰۃ الحاجت'' پڑھی اور دعا کرنے کے بعد دوبارہ چلانے پر کمپیوٹر بالکل صحیح چل گیا۔ اسی طرح میری سلائی مشین نہیں چل رہی تھی ''صلوٰۃ حاجت'' پڑھنے کے بعد ٹھیک ہوگئی۔

عزت میں اضافہ اور رزق میں فراغی

روحانی کلاس کے اختتام پر حکیم صاحب نے ''روح گلاب'' کے فوائد ارشاد فرمائے تھے۔ الحمدللہ اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ ان میں تین چیزیں تھیں (سفید لباس، باوضو رہنا اور گلاب کا عطر) کہ جو بھی اس کا اہتمام کرے گا رزق دوڑ کر اُس کی طرف آئے گا اور اللہ تعالیٰ اُسے عزت عطا فرمائیں گے۔ واقعی ایسا ہی ہوتا ہے الحمدللہ بہت نفع ہوا۔

یقین کی طاقت

مجھے مدرسہ کا لاؤڈ اسپیکر بنوانا تھا۔ مستری کے پاس لے کر گیا تو اس نے ابھی اسپیکر کو ہاتھ ہی لگایا تھا کہ بجلی چلی گئی اور بجلی واپس آنے کا شیڈول تقریباً دو گھنٹے بعد کا تھا۔ میں نے ''سورۃ القریش'' پڑھنی شروع کی اور خوب استغفار کیا تو ایک دم بجلی آ گئی۔ وہ مستری بڑا حیران ہوا خیر اس نے کام شروع کیا اور اسپیکر کو ٹھیک کر دیا اور کہنے لگا: مولانا صاحب! جو کام آپ لائے تھے وہ تو ٹھیک کر دیا لیکن اس کا ایک پرزہ اور خراب ہے وہ بھی ٹھیک کرنا ہوگا بس پندرہ بیس منٹ کا کام ہے۔ میں نے کہا ٹھیک ہے لیکن اس وقت پھر بجلی چلی گئی تو وہ مستری کہنے لگا: بھائی صاحب کچھ پڑھیں تو میں نے پھر سورۃ القریش پڑھنی شروع کی اور پھر بجلی آ گئی مستری نے کام شروع کیا اور میں سورۃ القریش مسلسل پڑھتا رہا اور جیسے ہی اس نے کام ختم کیا ادھر میں نے سورۃ القریش کا پڑھنا بند کی اور بجلی پھر چلی گئی اللہ پاک کی شان کریمی ہے کہ میرا کام ہوگیا۔ صرف سورۃ القریش کی برکت ہے۔

(محمد آصف محمود، کنڈیارو)

خراب موٹر چلنے لگی......!

کافی عرصے سے ہماری پانی والی موٹر خراب تھی بہت ٹھیک کروائی لیکن پھر خراب ہو جاتی تھی پانی اُٹھاتی ہی نہ تھی بہت پیسہ لگایا آخر کار ہم نے موٹر کو ایسے ہی چھوڑ دیا اور سرکاری پانی استعمال کرنا شروع کر دیا کافی ٹائم سرکاری پانی استعمال کرتے رہے لیکن اس سے گزارا نہیں ہوتا تھا کبھی پانی آتا اور کبھی نہیں۔ بہت مسئلہ بن گیا تھا رات 9 بجے کے بعد پانی نہیں آتا تھا۔

حضرت صاحب کی درس کی کیسٹ سن رہے تھے جس میں ''مَاشَاءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ'' کا ذکر بھی موجود تھا ہم نے یہ پڑھنا شروع کر دیا اور ہمارے گمان میں بھی نہ تھا کہ موٹر ٹھیک ہو جائے گی۔ ایک دن پانی کی کافی تنگی محسوس ہو رہی تھی ہم نے موٹر چلائی تو اُس نے پانی دینا شروع کر دیا ہم حیران پریشان تھے کہ یہ وہی موٹر ہے جو چلتی بھی نہ تھی اور خراب تھی پانی بالکل نہ دیتی تھی اور تب سے اب تک ماشاء اللہ موٹر نہ صرف صحیح چل رہی ہے بلکہ پانی بھی صحیح اُٹھاتی ہے۔ یہ صرف اُسی رب کے کلام پاک کی برکت کا کرشمہ ہے ہم نے صرف پڑھنا شروع کیا تھا حالانکہ موٹر پر دم بھی نہیں کیا تھا بسم اللہ کر کے چلائی اور وہ چل پڑی۔ تقریباً ہماری موٹر دو سے تین سال تک خراب رہی اور ڈیڑھ سال سے بالکل بند تھی۔ اب ہم مسلسل ''مَاشَاءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ'' پڑھ کر دم کرتے رہتے ہیں اور ماشاء اللہ سے بالکل صحیح چل رہی ہے۔

اسی طرح اس آیت ''مَاشَاءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ'' کا ایک اور کرشمہ یہ ہے کہ میرے بڑے بھائی کی دکان کا بلب خراب ہوگیا جو کے کافی مہنگا بلب تھا۔ ہم

نے اُسے یہی آیت بتائی اُس نے یہ عمل چند مرتبہ پڑھا اور بلب بالکل ٹھیک ہو گیا بھائی بہت خوش ہوا کہ اتنا مہنگا بلب اللہ کے کرم سے ٹھیک ہو گیا اس عمل کو یقین کے ساتھ کرنا ہے۔ جتنا یقین ہو گا اتنا کام اچھا ہو گا۔

اس کا علاج ممکن نہیں

سرگودھا سے ہمارے عزیز ایک مریضہ کو لے کر آئے تھے اس عورت کو کینسر تھا۔ ڈاکٹروں نے تقریباً لاعلاج قرار دے دیا تھا کہ اس کا علاج ممکن نہیں ہے۔ حضرت صاحب نے: ’’فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ‘‘ (سورۃ انعام، 45) ہر وقت پڑھنے کو بتایا۔ وہ عورت بہت زیادہ تکلیف میں تھی نہ وہ خود سوتی تھی اور نہ ہی دوسروں کو سونے دیتی تھی الحمدللہ سورہ انعام کی آیت نمبر 45 کو مسلسل پڑھتے رہنے سے وہ بالکل ٹھیک ہو گئی ہے اور مجھے پتہ چلا ہے کہ اب وہ دونوں میاں بیوی عمرہ بھی کر آئے ہیں۔

مشکلات کا حل

ایک خاتون کے ساتھ بہت مسائل تھے اُن کی بچی کی شادی نہیں ہو رہی تھی جس بڑی بچی کی شادی ہو گئی تھی اس کا شوہر اس سے ناراض تھا اسی طرح کے کچھ اور بھی مسائل تھے۔ جب اُنہوں نے اپنی یہ داستان سنائی تو میں نے سب سے پہلے انہیں درس پر آنے کے لیے کہا اور انہیں دو انمول خزانے پڑھنے کے لیے دیئے۔ دو تین ماہ کے اندر ہی اُن کی مشکلات آسان ہونا شروع ہو گئیں اور اب اُن کی بیٹی کا نکاح طے ہو گیا۔ بڑی بیٹی کی خاوند سے صلح ہو گئی اور بیٹے کا مسئلہ بھی حل ہو گیا بغیر جھگڑے کے اس کا نکاح بھی ہو گیا۔ بیٹی کے نکاح کے انتظامات کے بارے میں پریشان تھیں کہ انتظامات کیسے کروں گی؟ میں نے انہیں حضرت صاحب کی بتائی ہوئی آیت: ’’اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ‘‘ (سورۃ مائدہ 114) پڑھ کر آسمان پر پھونکنے کے لیے کہا تو دس بارہ دن کے اندر اللہ تعالیٰ نے غیب سے ایسی مدد فرمائی کہ جو جو کام کرنا چاہتی تھی وہ سارے اللہ پاک نے غیب سے مدد کر کے حل کر دیئے۔ اب بہت خوش ہیں اور دعائیں کرتی ہیں کہ آپ نے مجھے درس کا بتایا اور اللہ پاک نے ساری مشکلیں حل کر دیں۔

اللہ والو!

بڑی پرانی سی بات ہے کہ میں چھوٹا سا تھا تو ایک بابا جی نے ایسے ہی چلتے چلتے ایک بات کہہ دی تھی جو اُس وقت تو سمجھ نہ آئی لیکن بڑے عرصے کے بعد بات سمجھ آئی۔ بس سمجھ یہ آئی کہ واقعی کہنے والے نے کہا ’’یہ زندگی مال سے نہیں اعمال سے بنتی ہے‘‘۔ گردش ایام نے اور زندگی کی صبح و شام نے اس عقدے کو حل کیا۔ اس سوال کا جواب دیا۔ اور جواب یہی دیا کہ واقعی زندگی مال سے نہیں اعمال سے بنتی ہے۔

ابھی ہی کی بات ہے ایک صاحب کہنے لگے کہ میرے بچے کی آنکھوں سے پانی نہیں رُک رہا تھا، اتنے رئیس آدمی ہیں کہ چھوٹی چھوٹی سی بات پر فوراً بہت بڑے اسپیشلسٹ ڈاکٹر کے پاس پہنچ جاتے، کہنے لگے مجھے یہ خیال آیا کہ کیوں نہ سورۃ المئومنون کی آخری چار آیت اور اذان کا عمل کروں، پھر دن میں کئی دفعہ یہ عمل پڑھ پڑھ کے اُس کے کانوں میں دم کر دیا۔ ایک دو دن ہی کیا اس کے بعد ہم بھول گئے۔ پھر جب خیال آیا دیکھا تو وہ بچے کی آنکھوں سے پانی بہنا ختم ہو گیا تھا۔ اللہ والو! ہمیں تو زندگی میں اللہ پاک جل شانہ نے اعمال ایسی نعمت دی ہے جس سے ہم ہر مشکل حل کرا سکتے ہیں۔

صحابہ کرامؓ، اہل بیتؓ کی زندگی میں یہی تو راز تھا۔ ان کو جب بھی کوئی دکھ پہنچتا تھا فوراً اعمال کی طرف اور اعمال سے مراد اللہ۔ راز ہی یہی ہے اور کیا ہے؟ اچھا پھر یہ جو میں پوچھتا ہوں نا! تو حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بھی اسی طرح صحابہؓ سے پوچھا کرتے تھے اور صحابہ کرامؓ بتایا کرتے تھے۔

"حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ، فرماتے ہیں ایک مرتبہ جزیرہ عرب میں ایک چرواہا اپنی بکریاں چرا رہا تھا کہ اچانک وہاں ایک بھیڑیا آ گیا اور اپنی پچھلی ٹانگوں پر بیٹھ گیا اور چرواہے سے کہنے لگا: کیا تو خُدا سے نہیں ڈرتا؟ کہ تو میرے اور اس رزق یعنی (بکریوں) کے درمیان حائل ہو گیا ہے، جو اللہ نے میرے لئے عطا فرمایا تھا۔

بھیڑیے کی بات سن کر چرواہا بہت حیران ہوا اور سوچنے لگا کہ بھیڑیا تو مجھ سے انسانوں کی طرح بات کر رہا ہے اس پر اس بھیڑیے نے کہا: کیا میں تجھے اس سے بھی حیران کن اور عُمدہ بات بتاؤں؟ کہ اللہ کے آخری نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یثرب میں مبعوث ہو گئے ہیں اور لوگوں کو آسمان کی باتیں بتا رہے ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق بھیڑیے کی یہ باتیں چرواہے کے دل میں گھر کر گئیں، اُس نے سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کا پکا اِرادہ کر لیا اور بھیڑیے سے مخاطب ہو کر کہنے لگا: اگر میں جاتا ہوں تو ان بکریوں کی حفاظت کون کرے گا؟ بھیڑیا کہنے لگا: جب تک تم واپس نہیں آ جاتے میں

ان کی حفاظت کروں گا۔ چرواہے نے سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر سارا واقعہ سنایا۔

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ چرواہا سچ کہتا ہے "قیامت اُس وقت تک نہیں آئے گی جب تک وحشی جانور انسانوں کے ساتھ بات نہ کرنے لگیں" پھر سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو جمع ہونے کا حکم فرمایا اسکے بعد سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے چرواہے کو کہا کہ اپنا (مُحیّر العقول) واقعہ سب کے سامنے بیان کرو۔ (خصوصیات اسمِ محمد، ملخصاً)

میں بھی آپ سے پوچھتا رہتا ہوں اسی لیے ہر جمعرات کو ہر ہفتے پوچھتا ہوں۔ اچھا آپ حضرات اس کے فائدے کچھ زیادہ محسوس نہیں کرتے ہونگے۔ لیکن جو نیٹ والے ہیں اتنے زیادہ مستفید ہوتے ہیں کہ آپ سوچ نہیں سکتے اس وقت پوری دنیا میں یہ ہماری مجلسِ مجذوبی سنی جا رہی ہے اور درس بھی اب یہ مجالس مجذوبی بھی اور پورا ورلڈ سن رہا۔ پوری دنیا سن رہی ہے۔ اس لیے کہتا ہوں کہ آپ بڑھ چڑھ کر اعمال کے نفعے بتایا کریں۔ مخلوق کی جو خدمت کرتا ہے میرا رب اس کو عطا کرتا ہے۔ اللہ کو اپنے گناہگار سے گناہگار بندے بھی اچھے لگتے ہیں۔ ماں کا بچہ کیسا ہی کیوں نہ ہو، کالا ہو، بدصورت ہو لیکن ماں کیلئے ہیرا ہے وہ اس کو چاند اور شہزادہ کہہ کر پکارتی ہے۔ ماں جو ہوئی اور رب اپنے بندے سے ایک ماں کے مقابلے میں ستر گناہ زیادہ محبت کرتا ہے۔

گھر ٹوٹنے سے بچ گیا.....!

میری بیٹی اور داماد لندن میں مقیم ہیں۔ ان کا آپس میں چھوٹی سی بات پر مسئلہ بن گیا اور بات بہت دور تک چلی گئی۔ اس کے بعد میری بیٹی نے ''روحانی غسل'' کیا جب وہ غسل کر رہی تھی تو اس کے واش روم میں جو لوہے کے شاور لگے ہوئے تھے وہ سب خود ہی ٹوٹ گئے، پانی والے پائپوں سے مسلسل پانی بہنا شروع ہو گیا۔ تو اس کے میاں نے پوچھا کہ یہ کیسے ٹوٹ گئے یہ تو ہتھوڑے سے بھی ٹوٹنے والے نہیں ہیں بیٹی نے بتایا کہ میں نے تو کچھ نہیں کیا خود ہی ٹوٹے ہیں۔ بہر حال اس ''روحانی غسل'' کے بعد ان کے تمام معاملات ٹھیک ہو گئے ہیں اور وہ آپس میں بالکل امن و سکون سے رہ رہے ہیں۔

ایک منٹ میں جھگڑا ختم

آپ نے ایک عمل بتایا تھا کہ جب کہیں لڑائی ہو رہی ہو تو سورۃ قریش پڑھیں یہ آج ہی کا واقعہ ہے کہ میں ٹریفک میں ایک اشارے پر کھڑا تھا کہ دو موٹر سائیکل والے آپس میں لڑنا شروع ہو گئے لڑائی شدت اختیار کر گئی میں نے سوچا کہ معاملہ گڑبڑ ہو رہا ہے اس لئے میں نے سورۃ قریش پڑھ کے اُن پر دم کرنا شروع کر دیا فوراً ایک تیسرا موٹر سائیکل سوار پیچھے سے آیا اور آ کے پوچھنے لگا کہ بھئی کیوں لڑ رہے ہو ایک کہنے لگا کہ یہ میرے پیچھے بار بار ہارن بجاتا ہے دوسرا بولا کہ میں تو ایسے ہی کروں گا۔ تیسرے نے کہا بھئی ہارن تو میں بجا رہا تھا آپ خواہ مخواہ آپس میں لڑ جھگڑ رہے ہیں۔ صرف ایک منٹ میں ہی اللہ پاک نے سورۃ قریش کی برکت سے ان کی لڑائی کو صلح میں بدل دیا۔ **(انیس گل صاحب)**

کیلکو لیٹر چل پڑا.....!

ایک نوجوان بتانے لگا کہ پچھلے ماہ میرے فائنل ایگزامز تھے اور میں کمرے میں بیٹھا تیاری کر رہا تھا تو اچانک میرا کیلکولیٹر چلتے چلتے کام کرنا چھوڑ گیا اور جام ہو گیا اس کا + والا بٹن کام نہیں کر رہا تھا میرا دھیان اس بات پر گیا کہ ہر کام اللہ کے حکم سے ہوتا ہے میں نے فوراً سات مرتبہ اذان پڑھ کے کیلکو لیٹر پر دم کیا اور اسے تھوڑی دیر دھوپ میں رکھ دیا پھر چلایا تو نہ چلا میں نے سوچا کہ ایسے ہو نہیں سکتا کہ اللہ کا نام لیا ہو اور کام نہ بنے میں نے اپنی بہن کو دکھایا اس نے چلایا تو فوراً چل پڑا۔ یہ فائدہ ''اذان'' کی برکت سے ہوا ورنہ اس وقت میرے پاس اتنا ٹائم بھی نہیں تھا کہ میں جا کے نیا لے آتا۔

گھریلو لڑائی ختم

آپ نے پچھلے دنوں ایک عمل بتایا تھا کہ کہیں لڑائی ہو رہی ہو تو کسی کنکر پر سات مرتبہ سانس روک کر ''وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ'' پڑھیں اور وہ کنکر اس گھر میں پھینک دیں جہاں لڑائی ہو رہی ہو۔

اس اتوار کی بات ہے کہ میں عشاء کی نماز پڑھ کے فارغ ہوا تو مسجد کے ساتھ والے گھر سے اچانک لڑائی جھگڑے اور گالیوں کی آواز آنا شروع ہو گئی میں نے ایک کنکر پکڑا اور اس پر سانس روک کے یہ آیت پڑھتا رہا، جتنی بار بھی پڑھی گئی اسی طرح سات مرتبہ سانس روک کے یہ آیت پڑھی اور اس کنکر پر پھونک مار کے ان کے گھر کے دروازے پر وہ کنکر مارا جونہی کنکر مارا لڑائی ختم ہو گئی۔

سخت مزاج کا دل نرم کرنے کیلئے

آپ کی مجلس میں ایک عمل سنا تھا کہ اگر کوئی سرکش آفیسر آپ کا کام نہ کر رہا ہو تو اس کے لیے آیت: ''فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ'' سورۃ انعام ﴿۴۵﴾ پڑھتے ہوئے جائیں وہ آپ کا کام کر دے گا۔

میرا دوست B.Tech کر رہا ہے اس کی فرسٹ ایئر میں ٹریننگ تھی۔ اس

نے ٹریننگ پوری کی اور جس آفس میں ٹریننگ کی تھی وہاں کا آفیسر اسے ٹریننگ لیٹر نہیں دے رہا تھا کیونکہ وہ مال کھانے کے چکروں میں تھا۔ میں نے اُسے بتایا کہ یہ آیت 41 مرتبہ پڑھ کے جاؤ۔ اُس نے ایسے ہی کیا اور سیدھا بڑے افسر کے پاس گیا اس افسر نے توجہ سے اس کی بات سنی اور نیچے آ کے دوسرے افسر کو خوب ڈانٹ بھی پلائی اور اُس کا لیٹر بھی اُس کے کالج کے E.Mail پر Send کروا دیا۔

(محمد قاسم صاحب)

بچی کی عجیب وغریب حرکتیں

میری بیٹی قرآن پاک حفظ کر رہی ہے۔ لیکن اسے پتہ نہیں کیا ہو گیا تھا کہ وہ عجیب وغریب حرکتیں کرتی رہتی اور ہر وقت شرارتیں کرتی رہتی تھی۔ میری اہلیہ بھی اس کی وجہ سے اتنا پریشان رہتی کہ اکثر رو پڑتی اور کہتی کہ ہم اس پر اتنی محنت بھی کر رہے ہیں اور یہ پڑھ بھی نہیں رہی۔ اس کا کیا بنے گا....؟ اس کے مدرسے والوں سے بات کی انہوں نے بھی یہی رپورٹ دی کہ یہ ہر وقت شرارتیں اور عجیب وغریب حرکتیں کرتی ہے اور پڑھائی میں بالکل توجہ نہیں دیتی۔

ایک دن میں نے اپنی اہلیہ سے کہا کہ اسے روحانی غسل کرواؤ۔ اس کی برکت سے اللہ پاک فضل فرمائے گا تو جیسے ہی اس نے روحانی غسل کیا اس دن سے ماشاءاللہ وہ بالکل ٹھیک ہو گئی ہے۔ آج 15 دن ہو گئے ہیں اب وہ سبق بھی پہلے سے زیادہ یاد کر لیتی ہے اور منزل بھی اسے پختہ یاد ہے۔ **(محمد صادق صاحب)**

ناممکن کو ممکن بنانے کیلئے

حضرت حکیم صاحب نے ”اذان“ والا عمل بتایا تھا۔ میں نے اس عمل کو کئی مرتبہ آزمایا خاص طور پر کسی بھی گمشدہ چیز کیلئے میں سات بار ”اذان“ پڑھتا ہوں اور وہ چیز مل جاتی ہے۔

میرا موبائل فون جو کہ کافی مہنگا تھا وہ یونیورسٹی کی بس میں گم ہو گیا۔ میں نے سات بار ”اذان“ پڑھی اور دوبارہ اُس بس میں گیا جا کے دیکھا کہ بس کی کھڑکیاں، دروازے کُھلے ہوئے تھے ڈرائیور اور کنڈکٹر باہر کھڑے تھے اور میرا موبائل ایک سیٹ پر بحفاظت پڑا تھا کسی نے بھی نہیں اٹھایا۔

اسی طرح ایک مرتبہ میرے بھائی کے اوریجنل ڈاکومنٹس گم ہوئے تھے ہوا یوں کہ فیض آباد کے پل کے نیچے سے گزرتے ہوئے موٹر سائیکل پر شاپر میں تیز ہوا لگی اور سارے کاغذات بکھر گئے لیکن اُسے پتہ نہ چلا تقریباً پانچ کلومیٹر آگے جا کر اُس نے دیکھا تو خیال آیا وہ واپس اُسی راستے سے اُس جگہ آیا جہاں کاغذات بکھرے تھے۔ پھر اس نے سات مرتبہ ”اذان“ پڑھ کے تمام ڈاکومنٹس ڈھونڈنا شروع کیے اور الحمدللہ تھوڑی ہی دیر میں اُس کے سارے اوریجنل ڈاکومنٹس مل گئے۔

اس کے علاوہ ہم لوگ اپنے والد صاحب کے ساتھ کچہری میں گئے۔ تو وہاں کام کرنے والا آدمی جو تھا وہ ہمارا کام نہیں کر رہا تھا کافی دیر بعد جا کے اُسے منایا اور اُس نے ہماری فائل ڈھونڈنا شروع کی جس فائل پر ہم نے بیان دینا تھا لیکن کافی تلاش بسیار کے بعد بھی وہ فائل نہیں مل رہی تھی میں نے ”اذان“ پڑھنا شروع کر دی ابھی دو مرتبہ ہی ”اذان“ پڑھی تھی کہ وہ فائل مل گئی۔

میری موٹر سائیکل تقریباً 15 دن سے خراب تھی میں نے کافی ٹرائی کی لیکن وہ اسٹارٹ نہیں ہو رہی تھی میں اسے مکینک کے پاس لے گیا وہ کہنے لگا کہ اسے کسی اور کے پاس لے جاؤ مجھ سے اس کا کام نہیں ہوگا۔ میں نے 7 بار ”اذان“ پڑھی اور جونہی کک ماری فوراً ایسے اسٹارٹ ہو گئی جیسے مردے میں جان آ جاتی ہے اس کے علاوہ بھی حفاظت کیلئے ”اذان“ کے کئی مشاہدات ہیں۔ **(عبدالوہاب صاحب)**

چوری سے حفاظت

میرے پاس ''کہف'' کے بہت زیادہ مشاہدات ہیں۔ میں جب بھی موٹر سائیکل کو لاک کرتا ہوں تو سات مرتبہ کہف پڑھ لیتا ہوں تو الحمدللہ کبھی پریشانی نہیں ہوئی نہ ہی کوئی چیز چوری ہوتی ہے حالانکہ پہلے ایک مرتبہ میرا ہیلمٹ چوری ہوگیا تھا لیکن اُس کے بعد جب میں لاک لگاتا ہوں تو اُس پر سات دفعہ لفظ ''کہف'' پڑھ لیتا ہوں اس کے بعد چاہے جتنی بھی دور چلا جاؤں موٹر سائیکل بحفاظت کھڑی رہتی ہے۔

ہمارے علاقے میں آج کل کافی چوریاں ہورہی ہیں اور وہ ایسے انداز سے آتے ہیں اور چوری کرتے ہیں کہ کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہوتی سنا ہے اُن کے پاس کوئی لیزر والا بلیڈ ہوتا ہے جس سے ہر گھر کنڈی کاٹ دیتے ہیں اور آواز تک نہیں آتی میں رات سونے سے پہلے بھی سات مرتبہ ''کہف'' پڑھ کے چاروں طرف پھونک دیتا ہوں اور اس میں پڑوسیوں کے گھر کا بھی تصور کرلیتا ہوں تاکہ ہر طرف حفاظت رہے۔ پچھلے دنوں ہمارے ساتھ والے گھر میں چور آئے انہوں نے آکر گاڑی اسٹارٹ کی لیکن نہ ہوئی اور انہیں ناکام ہی واپس جانا پڑا۔

نماز فجر کی پابندی

حکیم صاحب نے ''خوشبو'' کے فوائد کے بارے میں فرمایا تھا۔ تو جب سے میں نے ''خوشبو'' لگانا شروع کی ہے اس کے عجیب ہی کمالات سامنے آئے ہیں سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ پہلے تو میں ہاسٹل میں فجر کے وقت سویا رہتا تھا لیکن جب سے ''خوشبو'' والا عمل شروع کیا تب سے فجر کے وقت ایک عجیب ہی کیفیت ہوتی ہے کہ فوراً آنکھ کھل جاتی ہے اور میں نماز پڑھنے چلا جاتا ہوں اور نماز میں بھی اتنا دھیان اور سرور ہوتا ہے کہ پہلے کبھی نہیں تھا۔ عشاء کے وقت ''خوشبو'' لگاؤں تو اگلے دن باقی ہر نماز میں بھی توجہ اور دھیان رہتا ہے اس کے علاوہ ''اذان'' کے کافی زیادہ کمالات اور مشاہدات میرے ذہن میں ہیں۔ **(عبدالوہاب صاحب)**

بجلی کے بل کی بچت

میرے پاس ایک ایم این اے کا بیٹا آتا ہے۔ مجھے کہنے لگا کہ ہم نے بجلی میٹر کے ساتھ کچھ ایسا کام کیا ہوا تھا کہ ہمارا بل کم آتا تھا پھر چھاپہ پڑا تو جرمانہ لگ گیا ڈیڑھ لاکھ کا۔ کہنے لگا: جب سے میٹر پر ''سورۃ کوثر'' پڑھ کر پھونکنا شروع کی ہے عالم یہ ہے میری بہنیں وغیرہ آئی ہوئی تھیں گرمیوں کے دن تھے اور اے سی سارے چل رہے تھے۔ میں نے سوچا تھا کہ اس بار بل آئے گا کوئی 50,55 ہزار کا لیکن جب بل آیا تو صرف پانچ ہزار کا بل آیا تھا جبکہ عام طور پر عام دنوں میں 35,40 ہزار تک آتا تھا۔

مشکلات کا حل

ایک صاحب بتانے لگے کہ میں نے ابھی درس میں آنا نیا نیا ہی شروع کیا تھا جب حضرت صاحب نے ''اذان اور سورۃ مومنون'' والا عمل بتایا تھا۔ میرے حالات کچھ ایسے تھے کہ کسی نہ کسی مشکل سے دوچار رہتا۔ جمعہ کی صبح کو میں نے کام پر ذرا جلدی جانا تھا تو جب میں گھر سے نکلا تو آگے جا کے جناح ہسپتال کے نزدیک میرا ایک دوست ملا۔ میں گاڑی سے باہر نکلا لیکن چابی اندر ہی رہ گئی اور ساتھ ہی میری گاڑی سنٹرل لاک ہوگئی صبح کا وقت تھا اس وقت کوئی لاک ماسٹر بھی نہیں مل سکتا تھا۔ خیر میں نے ''اذان'' پڑھنا شروع کردی۔ سورۃ مومنون کی آخری 4 آیات تو مجھے یاد نہیں تھیں میرا دوست کسی لاک ماسٹر کو ڈھونڈنے گیا۔ میں نے سوچا پتہ نہیں اسے لاک ماسٹر ملے یا نہ ملے۔ میں ''اذان'' پڑھتا رہا۔ چند لوگ بھی سائیڈوں پر آکے کھڑے ہوگئے۔ اچانک دوست کا فون آیا کہ میں لاک ماسٹر کو لے کر آرہا ہوں تم پریشان مت ہو۔ پھر لاک ماسٹر آگیا اور تقریباً پونا گھنٹہ کوشش کرتا رہا لیکن لاک نہ

کھلے۔ وہ بھی پریشان ہو کہ کہنے لگا کہ ہم تو پانچ منٹ میں ہر قسم کے لاک کھول لیتے ہیں یہ پتہ نہیں کیوں نہیں کھل رہے۔ خیر اس نے سائیڈ سے کوئی آلہ ڈال کے دروازے تو کھول دیئے لیکن لاک نہیں کھل رہے تھے۔ میں آگے چل پڑا۔ اور سوچتا رہا کہ یہ کوئی بندش ہے جس کی وجہ سے لاک نہیں کُھل رہے۔ اس لئے میں نے چلتے چلتے ''آخری چھ سورتیں'' پڑھنا شروع کر دیں ابھی تیسری سورت پر ہی پہنچا تھا کہ اچانک کلک کر کے تمام لاک خود ہی کھل گئے۔

بخار سے نجات

میرا بیٹا جس کی عمر چار ساڑھے چار سال ہے وہ ایک دن اسکول سے واپس آ کر کہنے لگا کہ میرے سر میں بھی درد ہے۔ ماتھے اور کمر میں بھی درد ہے اور ساتھ ہی اسے بہت تیز بخار ہو گیا۔ میں نے اسے دوائی وغیرہ دی لیکن فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ اس وقت میرے پاس قرآن شریف رکھا ہوا تھا میں نے **سورۃ المومنون** کی آخری چار آیات سات مرتبہ اور سات مرتبہ ''اذان'' پڑھ کے اُس کے کانوں میں پھونک مارنا شروع کر دی اور ہر آدھے گھنٹے بعد مسلسل یہ عمل کیا الحمدللہ دوسرے ہی دن بچہ بالکل صحت یاب ہو گیا۔

اس کے علاوہ میں تسبیح خانے میں اس نیت سے آتا تھا کہ میرے کام کی رکاوٹیں اور مشکلات ٹل جائیں۔ مجھے ابھی نہیں پتہ تھا کہ درس کے بعد بھی کوئی مجلس ہوتی ہے پھر جس دن مجھے پتہ چلا تو میں نے سوچا کہ چلو مجلس مجذوبی میں جا کر بیٹھتے ہیں اس سے اعمال کے فوائد معلوم ہوتے رہیں گے۔ الحمدللہ اس دن سے میرے حالات کافی بہتر ہو گئے ہیں اور پریشانیوں سے چھٹکارے کی امید پیدا ہو گئی ہے۔

مالی نقصان سے حفاظت

پہلے میری بائیک کا خرچہ بہت زیادہ ہوتا تھا مجھے ہر مہینے ڈیڑھ مہینے بعد اس

کی ٹیوننگ سروس کروانا پڑتی تھی اور اگر نہ کرواتا تو بائیک ٹھیک نہیں چلتی تھی پھر میں نے ایسے کیا کہ جب بھی گھر سے نکلتا تو ایک دفعہ مسنون دعا۔

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ اور گیارہ مرتبہ **یَاحَفِیْظُ** پڑھ لیتا تھا تو اب پچھلے تقریباً تین ماہ سے میں بالکل بھول ہی گیا تھا کہ اس کا آئل چینج کروانا ہے میں ویسے ہی چلاتا رہا اس میں کسی قسم کی کوئی خرابی نہیں ہوئی جب مکینک کے پاس گیا تو وہ کہنے لگا کہ اس میں تو آئل بالکل ہی نہیں ہے۔ یعنی اس کی ٹیوننگ اب ڈھائی تین ماہ بعد کروانا پڑتی ہے۔ میں جان بوجھ کے لیٹ کرتا رہتا ہوں اور کہتا ہوں کہ اسے کچھ نہیں ہوگا۔ اس سے میرا خرچہ بہت کم ہو گیا ہے

دوسرا یہ کہ جب بھی پٹرول ڈلواتا ہوں تو **سورۃ الکوثر** پڑھ لیتا ہوں پٹرول جب 60/70 روپے لیٹر تھا اس وقت جتنے کا ڈلواتا تھا اب بھی اتنے روپے کا ہی ڈلواتا ہوں حالانکہ پٹرول کی قیمت 100 روپے سے بھی بالاتر ہو گئی ہے۔ لیکن میں نے اپنے پیسے نہیں بڑھائے **سورۃ الکوثر** پڑھتا ہوں اور اتنا ہی فاصلہ طے کرتا ہوں جتنا پہلے سے کیا کرتا تھا میرے اخراجات بالکل کم ہو گئے ہیں۔

پاپا میں ''یَاحَفِیْظُ'' پڑھ لوں گی

ایک صاحب بتاتے ہیں میری چار سال کی بیٹی ہے اس کا اسکول کا پہلا دن تھا میں نے اسے دس روپے دیئے اور کہا کہ بڑے بھائی کے (جو چھ سال کا ہے) پاس رکھوا دو اور بریک کے وقت اس سے لے لینا، تو بچی کے منہ سے جو پہلے الفاظ نکلے وہ یہ تھے کہ پاپا! میں **یَاحَفِیْظُ** پڑھ لوں گی۔

اگلے دن میں نے بچوں کے اسکول شوز لینے تھے۔ میں نے گیار دفعہ **یَاحَفِیْظُ** پڑھا اور دونوں بچوں کو ساتھ موٹر سائیکل پر بٹھایا جب دکان کے پاس پہنچے تو بیٹی کہنے لگی پاپا میرے پاؤں سے چپل اتر گئی جب دیکھا تو

واقعی نہیں تھی میں نے موٹر سائیکل واپس موڑی سارے راستے دیکھتا آیا لیکن نہ ملی پھر واپس اسی دکان کے پاس پہنچے۔ جب بائیک کھڑی کی تو موٹر سائیکل کی کک کے ساتھ اس کی چپل لٹکی ہوئی تھی۔

ٹینشن ڈپریشن کا علاج

پچھلے دنوں میرے پاس ایک کسٹمر آیا ان کے چہرے ہی سے پریشانی کے آثار ظاہر تھے۔ میں نے پوچھا چودھری صاحب کیا بات ہے کہنے لگے کہ ہمارے پورے خاندان میں ڈپریشن کا مسئلہ ہے اور سمجھ نہیں آ رہی کہ کیا کریں وہ لاہور کے کسی اسپیشلسٹ سے کافی عرصہ علاج بھی کرواتے رہے لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔ میں نے انہیں ”روحانی غسل“ کا طریقہ بتایا اور کہا چودھری صاحب آپ یہ غسل کریں انشاءاللہ آپ کو بہت فائدہ ہوگا۔ پھر کچھ دن بعد میں نے انہیں فون کیا اور پوچھا اب کیسی طبیعت ہے وہ بہت خوشی سے بتانے لگے کہ پہلے سے بہت فرق ہے میں نے کہا آپ مستقل کرتے رہیں ان شاءاللہ آپ کو دوائیوں کی بجائے اس روحانی غسل سے اللہ پاک شفاء عطا فرمائے گا۔ اللہ پاک نے ان کو واقعی شفاء عطا فرمادی۔

جسمانی بیماریوں سے نجات

آپ نے اذان اور **سورۃالمومنون** کا عمل بتایا تھا۔ میری والدہ کو 30/35 سال سے مرگی کے دورے پڑتے تھے۔ دورے تو اپنی جگہ لیکن ساتھ ساتھ ہر وقت جسم میں اور سر میں درد رہتا تھا اس عمل کی برکت سے اب اللہ کا شکر ہے کہ ان کے جسم اور سر میں درد نہیں ہوتا اور وہ پہلے سے کافی بہتر ہوگئی ہیں۔

دوسرا یہ کہ میرا چار سال کا بیٹا ہے جب سے پیدا ہوا ہے تقریباً تب سے ہی اسے ٹانگ میں مسلسل درد رہتا تھا اور کبھی کبھار تو درد اتنی شدت اختیار کر جاتا کہ کوئی بھی میڈیسن لینے سے فرق نہیں پڑتا تھا تو اس کے لیے بھی یہی اذان اور سورۃ

المومنون کا ہم عمل کیا اب الحمدللہ اسے درد نہیں ہوتا اور اگر کبھی ہو تو یہ عمل کرتے ہیں اور درد فوراً ختم ہو جاتا ہے۔

آدھا کلو کے برابر رسولی

حضرت جی دامت برکاتہم! میری Wife کے پیٹ میں رسولی تھی جو کہ لیڈی ڈاکٹر نے بتایا تھا کہ مالٹے سے تھوڑی بڑی ہے اور اس کا وزن تقریباً آدھا کلو ہے تو میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ تم وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی اس نیت سے پیا کرو کہ اس کی برکت سے یہ رسولی ختم ہو جائے اور چوتھا گھونٹ پیٹ پر لگا لیا کرو اللہ پاک اس عمل کی برکت سے شفاء دے گا۔

تقریباً ایک مہینہ تک یہی عمل کرتے رہے اور پھر جب UltraSound کروایا تو وہ ڈاکٹر کہنے لگی: وہ رسولی تو بالکل ختم ہی ہوگئی ہے۔ بالکل نظر نہیں آ رہی جبکہ اس سے پہلے جس ڈاکٹر نے بتایا تھا کہ تمہارے پیٹ میں رسولی ہے اس ڈاکٹر کا اپنا آپریشن ہوا ہے اور وہ ہسپتال میں پڑی ہوئی ہے۔ **(کامران شہزاد، مانسہرہ)**

قبیح عادت سے چھٹکارہ

میں ایک دینی مدرسے میں پڑھتا ہوں ہمارے مدرسے کا ایک طالب علم بہت زیادہ نسوار رکھتا تھا تو حضرت صاحبنے ایک مرتبہ ’’یَامَانِعُ“ کا عمل بتایا تھا میں نے اس لڑکے سے یہی کہا کہ جب بھی تم جیب سے نسوار کی پڑیا نکالو تو فوراً ’’یَامَانِعُ“ پڑھنا شروع کر دیا کرو تو کل جب میں اس سے ملا تو اس نے بتایا کہ الحمدللہ ایک ہفتے کے اندر اندر میں نے نسوار چھوڑ دی ہے ’’یَامَانِعُ“ پڑھنے کی بدولت۔ **(ہارون احمد صاحب)**

اپنا گھر مل گیا

میں کرائے پر رہتا تھا اپنا گھر نہ ہونے کی وجہ سے بہت پریشان تھا یہاں

تسبیح خانے میں ایک صاحب آتے ہیں میں بھی ان کی وساطت سے یہاں آیا ہوں اُنہوں نے مجھے سورۃ الکوثر کا عمل بتایا۔ میں صبح شام 129 مرتبہ سورۃ الکوثر اول آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھتا رہا ماہ رمضان میں جو سورۃ الکوثر کا خاص عمل تھا وہ بھی کرتا رہا۔ الحمدللہ 3/4 ماہ گزرنے کے بعد اللہ پاک نے مجھے اپنا گھر دے دیا ہے اور بہت سہولت والا معاملہ فرمایا ہے۔

اسی طرح حضرت صاحب درس میں جو بچوں سے دعا کروانے والا عمل بتایا ہے وہ میں نے کیا کہ میری بیوی کو جادو، ٹونے کا مسئلہ تھا اور وہ بہت بیمار رہتی تھی تو ہماری ایک چھوٹی بیٹی ہے میں نے اسے کہا کہ بِسۡمِ اللّٰہ پڑھ کر اپنی امی کو پھونک مار دو اللہ پاک انہیں شفاء دے گا۔ تو ایسے کرنے سے اللہ پاک نے کرم فرمایا دیا اور ہر قسم کے جادو ٹونے سے انہیں اپنی پناہ میں لے لیا اور وہ بالکل صحت یاب ہو گئیں۔ صرف ایک معصوم بچی کے دم اور دعا کرنے سے۔

بیماریاں نہیں لگتیں

بیت الخلاء کی دعا کا اہتمام کرنے، سنتوں اور نوافل میں آخری چھ سورتیں پڑھنے اور روحانی غسل کرنے سے اللہ جل شانہ نے مجھ پر کرم فرمایا ہے اور کافی مہینوں سے مجھے کوئی بھی بیماری نہیں لگی جبکہ میں اکثر بیمار رہتا تھا حتیٰ کہ چھوٹی سے چھوٹی بیماری بھی نہیں آتی۔

پرانے ٹائیفائیڈ سے صحت یابی

رس میں حضرت صاحب نے سات دفعہ اذان اور سورۃ المومنون کی آخری چار آیات کا عمل بتایا تھا میں اپنے گاؤں گیا تو وہاں میری چھوٹی بہن ہیں اُن کو کافی عرصے سے ٹائیفائیڈ بخار تھا اور ختم نہیں ہوتا تھا۔ میرے پاس وقت کم تھا اس لیے میں نے صرف ایک ہی وقت میں سات ''اذانیں'' دائیں کان میں پڑھیں اور سات اذانیں ان کے بائیں کان میں۔ اسی طرح سورۃ المومنون کی آخری 4 آیات بھی 7،7 مرتبہ پڑھ کے ان کے دونوں کانوں میں پھونک ماردی اور میں لاہور آ گیا۔ 3/2 ماہ بعد پھر چھٹی پر اُن کے ہاں جانا ہوا تو وہ کہنے لگی بھائی! مجھے ایک بار پھر دم کر دو میرا بخار پہلے دم سے ہی ختم ہوگیا ہے۔ (کیپٹن صاحب)

فجر کے وقت میری آنکھ کھلی

میں ویلڈنگ کا کام کرتا ہوں اور الحمدللہ کام کے دوران بھی اور کہیں آتے جاتے ہر وقت ''انمول خزانہ نمبر 2'' پڑھتا رہتا ہوں تو ایک دن یوں ہوا کہ میں لوہے میں جھری مار رہا تھا کہ اچانک بجلی بند ہوگئی۔ میں نے کام وہیں چھوڑا اور نماز پڑھنے چلا گیا واپسی پر جب لائٹ آ گئی تو گرائنڈر خود ہی چل پڑا اور اس میں سے اچانک بجلی کی چنگاریاں نکلیں اور ایک چنگاری میری آنکھ پر اتنے زور سے لگی کہ میری آنکھ کی ہڈی کٹ گئی۔ ڈاکٹر نے بتایا کہ الحمدللہ آنکھ بچ گئی ہے اور زخم پر ٹانکے لگوانے سے انشاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ ٹانکے لگوا کر میں گھر آ گیا اور جو ذکر آپ نے دیا ہوا تھا میں نے وہ پڑھنا شروع کر دیا'' عَفُوٌّ کَرِیۡمٌ '' لیکن درد اتنا شدید تھا کہ میری چیخیں نکل رہی تھیں اور میں بالکل حواس باختہ ہو کر پکار رہا تھا'' یَا کَرِیۡمُ یَارَحۡمٰنُ یَا رَحِیۡمُ '' تو ہی مجھے شفاء دینے والا ہے ایسا کرتے کرتے اچانک مجھے محسوس ہوا کہ کسی نے آ کر اپنی انگلی میرے درد والی جگہ پر رکھ دی ہے۔ میں غنودگی میں تھا۔ سوچا کہ میری بیوی ہوگی لیکن جونہی وہ انگلی میری آنکھ پر لگی میرا درد بالکل ختم ہوگیا اور میں گہری نیند سوگیا اس کے بعد فجر کے وقت ہی میری آنکھ کھلی لیکن درد نہیں تھا۔

اُستاد بھی حیران..... میں بھی حیران.....!

یہ جنوری کی ایک سرد رات کی بات ہے کہ میری وائف کو نزلہ، زکام کے

ساتھ بخار ہو گیا اور جسم میں بھی بہت درد تھا۔ میری بھی کیفیت یہی تھی، تو بیگم کہنے لگی کہ مجھے ڈاکٹر سے بخار اور جسم درد کی دوائی لا دیں۔ میں نے کہا کہ دوائی تو میری جیب میں ہے۔ مگر اس سے تو پتہ نہیں....! آپ کو آرام آئے یا نہ آئے۔ آپ ایسا کرو کہ ''روحانی غسل'' کر لو ان شاء اللہ بخار اتر جائے گا۔ وہ کہتی ہے کہ ''ہائے میں تو مر جاؤں گی'' اتنی سردی میں کیسے نہاؤں....! میں نے سوچا کہ چلو میں ہی روحانی غسل کر لیتا ہوں۔ میں نے یقین سے غسل کیا اور الحمدللہ! بالکل ٹھیک ہو گیا، میری وائف کو یقین نہیں تھا وہ اصرار کرتی رہی کہ مجھے دوائی ہی لا کر دے دیں۔ میں نے اسے دوائی لا کر دی وہ دو دن بیمار رہنے کے بعد ٹھیک ہوئی، جبکہ میں تو اسی رات ہی ٹھیک ہو گیا تھا جب سردی میں روحانی غسل کر لیا تھا۔

اس کے علاوہ میرا چونکہ ہربل میڈیسن کا کاروبار ہے۔ ایک دن میری دکان پر ایک بندہ آیا جسے کافی دنوں سے بخار تھا میں نے اس کی تشخیص کی اور ایسے ہی میرے ذہن میں بات آئی کہ ایک حدیث شریف کے مطابق اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بخار کو پانی سے ٹھنڈا کرنے کا حکم ہے۔ لہٰذا....! میں نے اُس شخص کو روحانی غسل کا طریقہ سکھایا اور کہا کہ روزانہ تین بار ''روحانی غسل'' کرو۔ ساتھ ہی سیٹ پر میرے استاد بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ کہنے لگے کہ کیا تمہارا اسے مارنے کا ارادہ ہے....؟ اسے پہلے ہی بخار ہے اور جب نہائے گا تو یقیناً یہ آدمی سردی سے مر جائے گا۔ میں نے کہا کہ یہ جو ''روحانی غسل'' ہے یہ بذات خود ایک علاج ہے۔ استاد کہنے لگے چلو ٹھیک ہے....! پھر تم اس سے رابطہ رکھنا۔ دو دن بعد جب میں نے فون پر اس سے پوچھا کہ کیسے ہو۔؟ تو وہ بتانے لگا کہ الحمدللہ! میں نے ایک بار ہی ''روحانی غسل'' کیا تھا اور میرا بخار اتر گیا، مجھے دوائی کھانے کی ضرورت ہی نہیں پڑی۔ یہ سن کر میرے استاد بھی حیران تھے اور یقیناً میں خود بھی حیران تھا۔ **(فقیر آصف، منڈی بہاالدین)**

پڑھائی میں دل لگانے کیلئے

پچھلے ہفتے میرا ایک کزن مجھ سے کہنے لگا کہ میرا پڑھنے کو دل ہی نہیں کرتا نہ ہی نماز میں دھیان ہوتا ہے وہ کالج میں پڑھتا ہے اور ان دنوں اس کے پیپر ہو رہے تھے وہ کہتا ہے کہ جب بھی پڑھنے بیٹھوں فوراً دل اکتا جاتا ہے اور میں پڑھنا چھوڑ دیتا ہوں میں نے اسے کہا کہ جب بھی نماز پڑھنے جاؤ یا نصابی کتابیں پڑھنے بیٹھو تو پہلے سات مرتبہ اذان اور سات بار سورۃ المومنون کی آخری چار آیات پڑھ لیا کرو۔ پھر دو دن بعد مجھے بتانا اس نے تو مجھے نہ بتایا لیکن چار دن بعد میری اس سے جب ملاقات ہوئی تو میں نے پوچھا کہ اب کیسے ہو؟ کہنے لگا کہ میں نے وہ عمل ایک مرتبہ کیا تھا اب بالکل ٹھیک ہو گیا ہوں نہ نماز میں کوئی وسوسہ آتا ہے نہ ہی پیپر کی تیاری کرتے وقت دل اکتاتا ہے۔

بہن کا رشتہ طے ہو گیا

کچھ عرصہ پہلے ماہنامہ عبقری میں ایک عمل دیا گیا تھا سورۃ آل عمران کی پہلی تین آیات 319 مرتبہ، اول آخر درود شریف، 21 دن۔ وہ لوگ جن کا رشتہ نہیں ہوتا ان کے بارے میں تھا کہ وہ یہ عمل کریں۔ میری بہن نے یہ عمل اپنی نیت سے کرنا شروع کر دیا پہلے اکیس دن تو اسی کشمکش میں بے یقینی کے ساتھ پڑھتی رہی کہ پتہ نہیں اس کا فائدہ ہو یا نہ ہو۔ لیکن جب دوسری بار اکیس دن کا عمل کیا تو اللہ پاک نے اس کے رشتے کا انتظام فرما دیا جہاں رشتہ طے ہوا انہوں نے صرف دو ماہ بعد کی تاریخ مانگ لی اب بہن کی شادی پر کافی پیسوں کی ضرورت تھی عبقری میں ہی ایک اور عمل آیا تھا ''مالا مال عمل'' کے نام سے میں نے وہ عمل کیا۔

طریقہ عمل:

کپڑے کی ایک عدد تھیلی جو باآسانی جیب میں آسکے اس پر صبح

وشام 129، دفعہ سورۂ کوثر مع تسمیہ اور اول و آخر 7، 7 بار درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ اس کے علاوہ دن میں جتنی دفعہ بھی تھیلی میں نوٹ ڈالیں یا نکالیں ایک دفعہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کرلیا کریں یہ عام معمول کی زندگی کا عمل ہے جس سے لاکھوں لوگوں کو فائدہ ہوا اور ہو رہا ہے۔ آپ خود بھی یہ نہایت ہی آسان عمل زندگی میں لائیں اور صدقہ جاریہ اور برکت کو عام کرنے کی نیت سے دوستوں کو متعارف کرائیں اور خدا پاک کی غیبی مدد کا نظارہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔

میری والدہ، والد اور بہن نے کثرت سے یہ عمل شروع کر دیا۔ ہمیں نہیں پتہ چلا کہ اللہ پاک نے کیسے انتظام فرما دیا۔ اس کی شادی پر جتنے بھی اخراجات ہوئے وہ بالکل آسانی سے ہمیں رشتہ داروں سے میسر آتے رہے اور ہمیں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

موٹر سائیکل مل گئی

دو دن پہلے کی بات ہے کہ میں اپنے کام سے واپس آ رہا تھا کہ مجھ سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل اور موبائل فون چھین لیا گیا۔ تھانے گیا تو کافی دیر تگ و دو کرنے کے باوجود بھی نہ میری FIR کاٹی جا رہی تھی اور نہ ہی کوئی میری بات سن رہا تھا رات آٹھ بجے میں واپس آ گیا۔ میری روٹین ہوتی تھی کہ میں آیۃ الکرسی پڑھ کے گھر سے نکلتا ہوں تا کہ سارے راستے حفاظت رہے۔ جب گھر واپس آیا تو میں نے سوچا کہ ضرور میرے پڑھنے ہی میں کمی تھی جو میرے ساتھ یہ معاملہ ہوا یہی باتیں اللہ سے کرتے کرتے میں سو گیا۔ تقریباً دس بجے تھانے سے فون آ گیا کہ آپ کی موٹر سائیکل مل گئی ہے آ کر لے جائیں۔ **(عبدالرحمن صاحب)**

دشمن دوست بن گئے

جو شخص کسی کی جان نہ چھوڑتا ہو اور جان بوجھ کے اسے تنگ کرتا ہو تو اس

کے لئے حضرت صاحب نے ایک عمل بتایا تھا ہر نماز کے بعد سورۃ نصر اس ترتیب سے پڑھے کہ فجر کے بعد 21 مرتبہ، ظہر کے بعد 22 مرتبہ، عصر کے بعد 23 مرتبہ، مغرب کے بعد 24 مرتبہ اور عشاء کے بعد 25 مرتبہ۔ میں نے یہ عمل صرف 11 دن کیا اور مجھے تنگ کرنے والوں نے مجھ سے معافی مانگی اور میری طرف دوستی کا ہاتھ بھی بڑھایا جو میرا دشمن بنا ہوا تھا اور ہر معاملے میں مجھے تنگ کرتا تھا الحمدللہ اب وہی میرا ہمدرد اور خیر خواہ بن گیا ہے۔

گاڑی خود بخود ٹھیک ہوگئی

ہم لوگ تسبیح خانے میں حاضری کیلئے رات کو ایبٹ آباد سے آ رہے تھے۔ میرے ساتھ دو بندے اور بھی تھے۔ راستے میں گاڑی نے Missing کرنا شروع کر دیا میں نے اپنے ساتھیوں سے بھی کہا اور خود بھی انمول خزانہ نمبر 2، سورۃ کوثر اور درود شریف پڑھنا شروع کر دیا آپ یقین جانیں کہ ہمیں معلوم نہیں کہ گاڑی کس طرح خود بخود ٹھیک ہوگئی۔ اس کے بعد ہم لاہور آئے یہاں آ کر بھی ادھر اُدھر پھرتے رہے لیکن گاڑی نے ایک بار بھی تنگ نہیں کیا اور اللہ کے فضل سے ہم بالکل خیریت سے یہاں پہنچ گئے اور اس وقت بھی وہ گاڑی باہر بالکل صحیح سلامت کھڑی ہے۔

مشکل آسان ہوگئی

میرا شاہ عالمی میں کاروبار ہے جس دکان میں میرا کاروبار ہے وہ دکان 30 سال پہلے والد صاحب نے پگڑی پر لی تھی اب مالک کہتے ہیں کہ ہم نے مارکیٹ کی ساری 9 دکانیں فروخت کر دینی ہیں جب ہم اُن سے سودا کرنے گئے تو اُنہوں نے پچاس لاکھ کی ڈیمانڈ کی اور یہ بھی کہا کہ آپ کی پگڑی نہیں ہے آپ صرف کرائے پر ہیں اب آپ کو پوری رقم دینا پڑے گی۔ جب ہم دوبارہ اُن کے پاس جانے لگے تو میں نے دو نفل حاجت کے پڑھے اور راستے میں آپ کا بتایا ہوا

عمل ایک بار سورۃ الفاتحہ تین بار سورۃ لاخلاص مع تسمیہ اول آخر تین بار درود شریف پڑھتا رہا اور یہ عمل میں نے گیارہ مرتبہ پڑھا۔ جب وہاں جا کے بیٹھے تو میں مسلسل لا خلابہ پڑھتا رہا۔

میرے پاس اس وقت صرف 18 لاکھ تھے باقی رقم کا انتظام نہیں ہو رہا تھا۔ لیکن اللہ پاک نے اُن کے دلوں کو ایسا نرم کر دیا کہ جو جو باتیں ہم کہہ رہے تھے وہ ساری مان رہے تھے اور صرف اٹھارہ لاکھ میں وہ دکان ہمیں فروخت کر دی۔ باقی جتنے دکاندار ہیں وہ ابھی تک کوشش کر رہے ہیں لیکن اُن کا ابھی تک سودا نہیں ہو رہا۔ حالانکہ اُن کی دکانیں بھی مارکیٹ کے اندر ہیں اور وہ پیسے بھی ہم سے زیادہ دے رہے ہیں۔ جبکہ ہماری دکان بھی فرنٹ پر ہے اور پیسے بھی صرف اٹھارہ لاکھ۔ اس کے باوجود ان کا سودا نہیں ہو رہا۔ اور وہ مالک انہیں زیادہ پیسوں میں بھی دکان بیچنے پر تیار نہیں ہو رہے۔

> اللہ والو! یہ جو لاخلابہ ہے یہ ابن سنی کی روایت ہے۔۔ اصل لفظ ہے اللھم لاخلابہ یہ روایت ہے باقاعدہ جب بھی کوئی چیز خریدیں یا فروخت، خرید وفروخت کریں اور صرف لاخلابہ بھی پڑھیں لیں تو کبھی بھی اس میں نقصان نہیں ہوگا۔

26 سال پرانے اثرات زائل

ایک میاں بیوی جو پاکستانی شہری ہیں اور آج کل وہ امریکہ میں تعینات ہیں۔ بیوی کسی امریکی ایجنسی میں کام کرتی ہے اور ان کے خاوند امریکی ایئرفورس میں ہیں۔ بیوی پچھلے 26 سال سے غیر مرئی طاقتوں کے زیر اثر تھیں اور 26 سال سے بہت کرب میں مبتلا تھیں او جو کچھ بھی کماتے وہ سارے کا سارا اُن کی بیماری پر لگ جاتا جب پاکستان میں تھیں تو درس میں بھی حاضر ہوتی رہیں لیکن اس وقت انہوں نے اعمال کی طرف توجہ نہیں کی لیکن جب امریکہ چلی گئیں تو وہاں انٹرنیٹ کے ذریعے درس سنتی رہیں اور سات مرتبہ اذان اور سورۃ المومنون کی آخری چار آیات سات مرتبہ کا عمل شروع کیا۔ اللہ کریم نے اس عمل کی بدولت 26 سال پرانے تمام اثرات زائل کر دیئے اور الحمدللہ وہ مکمل صحت یاب ہوگئیں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے یہ دوسرا واقعہ بتایا کہ انہوں نے ایک تھیلی بنا کے اس میں رقم رکھ کر اس پر 129 مرتبہ ”سورۃ کوثر مع اول آخر سات بار درود شریف“ والا عمل شروع کر دیا۔

اس سے یہ فائدہ ہوا کہ پہلے جو کمائی ان کی بیماریوں کے علاج پر خرچ ہو جایا کرتی تھی اب وہ سارا سلسلہ برکت میں تبدیل ہو گیا ہے اور اب وہ بہت آرام سے کہتی ہیں کہ اب میرے پاس اتنے پیسے ہیں کہ پاکستان جاتے ہوئے اپنے عزیز و اقارب کیلئے میں تحفے تحائف لے سکوں گی۔ اذان، سورۃ مومنون کی آخری چار آیات اور سورۃ الکوثر سے انہوں نے اتنی برکت اور ثمرات پائے ہیں۔

(محسن انصاری صاحب)

جو چاہا وہ ہوا.....!

ایک دن کمپنی کے مینجر سے چھوٹی سی بات پر میرا جھگڑا ہو گیا مجھے پورا یقین تھا کہ وہ شام کو امریکہ میں موجود کمپنی کے مالک سے میری شکایت کرے گا. میں نے تسبیح خانے میں آ کر آپ سے عرض کی تو حکیم صاحب نے سورۃ الفاتحہ اور سورۃ اخلاص والا عمل تین نصاب پڑھنے کو کہا میں نے وہ عمل شروع کر دیا اول آخر تین مرتبہ درود شریف ایک بار سورۃ الفاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھنے سے یہ عمل ایک بار ہو گا اور یہ عمل اکتالیس بار پڑھنے سے ایک نصاب مکمل ہو گا۔ اس طرح کے تین

نصاب کا مجھے حکم تھا۔ ابھی میں نے پہلا نصاب بھی پورا نہیں کیا تھا کہ امریکہ سے باس کا فون آگیا۔ اس نے تحمل سے میری پوری بات سنی اور میرا ہر مطالبہ مان لیا۔ دوسرے دن جب میں کمپنی میں گیا تو مینجر نے کل والے معاملے کے متعلق بات بھی نہ کی اور ہر معاملہ اس طرح ہو رہا تھا جس طرح میں نے چاہا تھا۔ **(محمد حسن ہاشمی صاحب)**

نوکری واپس مل گئی

میں WMC کے Snitation Deptt میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر آفیسر ہوں۔ کچھ دن پہلے مجھے ٹرمینیٹ کر دیا گیا تو میں سیدھا حکیم صاحب کے پاس آیا اور سارا معاملہ عرض کیا آپ نے پوچھا کہ وجہ کیا تھی؟ میں نے کہا حضور! غلطی تو میری ہی تھی آپ نے فرمایا کہ کون سا وظیفہ پڑھتے ہو میں نے بتایا کٓهٰيٰعٓصٓ، حٰمٓ عٓسٓقٓ، فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ آپ نے فرمایا کہ ساتھ دو نفل بھی پڑھو اور ہر سجدے میں چالیس بار آیت کریمہ ''لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ'' پڑھنی ہے اور کثرت سے اپنا ذکر بھی کرتے رہو۔

میں نے یہ عمل شروع کر دیا اور اللہ پاک کے فضل و کرم سے چند دن بعد مجھے فون آگیا کہ MD صاحب آپ سے ملنا چاہتے ہیں جب میں گیا تو انہوں نے مجھے دوبارہ بحال کر دیا اور جو جو مراعات (گاڑی وغیرہ) مجھے ملی ہوئی تھیں وہ بھی دوبارہ مل گئیں۔

جوتوں کی حفاظت کے لئے

حضرت صاحب نے 11 بار يَاحَفِيْظُ پڑھنے کا عمل بتایا تھا پہلے جب میں مسجد جاتا تو یہ خطرہ ہوتا کہ جوتے کہیں گم نہ ہو جائیں۔ لیکن پھر میں اول آخر تین بار درود شریف اور گیارہ بار يَاحَفِيْظُ پڑھ کے جوتے کے گرد حصار کر دیتا ہوں اور جہاں پر بھی ہوتے جوتے رکھتا واپسی پر وہیں پڑے رہتے ہیں اور اب انہیں کوئی نہیں اٹھاتا۔

دشمنی دوستی میں بدل جائے

مجھے جادو، سحر، بندش اور مالی مشکلات کی بہت پریشانی تھی مجھے آپ نے کثرت سے سورۃ القریش پڑھنے کو بتائی۔ اور اب الحمدللہ میں تین لاکھ مرتبہ پڑھ چکا ہوں اور اس کی عجیب تاثیر میں نے یہ دیکھی کہ جب کسی بندے کے ساتھ لین دین کے مسئلے میں جھگڑے کا خطرہ ہو تو میں پہلے سے پڑھی ہوئی سورۃ القریش کے ذخیرے میں سے ایک تسبیح یعنی 100 مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہدیہ پہنچاتے ہوئے اس بندے کو ہدیہ کر دیتا ہوں تو یقین کریں کہ میں نے بارہا یہ آزمایا کہ جو بظاہر دشمنی پر تلا ہوتا ہے وہی اس عمل کی برکت سے بالکل شیر و شکر ہو جاتا ہے اور سارے معاملات میرے موافق ہو جاتے ہیں۔ **(انیس خان صاحب)**

کمر کے درد کا علاج

میری کمر میں بائیں جانب درد رہتا تھا۔ میں انجکشن لگوا لیتا تھا جس سے 3/2 دن فرق رہتا لیکن پھر درد شروع ہو جاتا۔ پھر میں نے ''وضو کے بعد تین گھونٹ پانی'' کا عمل شروع کیا اس سے مجھے آرام آگیا اور اللہ کا کرم ہے کہ مجھے شفاء ہوئی **(آصف محمود صاحب)**

کاروباری پریشانی کا خاتمہ

میں ایک سال پہلے کاروبار کی پریشانیوں میں مبتلا تھا۔ مجھے حکیم صاحب نے صبح و شام 129 بار سورۃ الکوثر مع اول آخر 7 بار درود شریف پڑھنے کا حکم دیا۔ میں یہ عمل کرتا رہا اور اب اللہ کا شکر ہے کہ بہت سی پریشانیوں سے دور ہو گیا ہوں اور کرم ہے کہ میری بہت ساری پریشانیاں ختم ہو گئی ہیں۔ **(نعمان صاحب)**

گردوں کے درد کا علاج

پچھلے ہفتے کی بات ہے کہ میری والدہ کے گردوں کا نظام اچانک خراب ہو گیا

اور انہیں بہت زیادہ تکلیف شروع ہوگئی۔ وہ کافی بوڑھی ہیں اور اکثر بیمار بھی رہتی تھیں اُن کی یہ حالت دیکھ کر بہت پریشانی ہوئی اور پھر اللہ کا نام لے کر سات دفعہ درود پاک پڑھنے کے بعد سورۃ الفاتحہ پڑھنا شروع کردی۔ اور مسلسل پڑھتے رہے تو اس کی برکت سے اللہ پاک نے کرم فرمایا اور ان کی طبیعت کچھ سنبھل گئی۔ پھر مزید 4/3 دن اسی طرح کثرت سے ''سورۃ فاتحہ'' پڑھ کے ان پردم کرنے سے ان کا نظام جو خراب ہوا تھا اللہ پاک نے درست کردیا اور وہ بالکل ٹھیک ہوگئیں۔ (**محمد ریاض صاحب**)

بچوں کی تربیت کیلئے

میرا بیٹا ڈھائی سال کا ہے۔ وہ مٹی، چونا اور ریت وغیرہ بہت زیادہ کھاتا تھا۔ جب ہم نے ڈاکٹر کو دکھایا تو اُنہوں نے دوائی دی لیکن اس کے استعمال سے بھی اُسے کوئی فرق نہ پڑا۔ میں نے یہاں درس کے دوران آپ سے سنا کہ اگر کوئی اس طرح کا مسئلہ ہو (مثلاً سگریٹ، نسوار یا مٹی وغیرہ کا) تو یَامَانِعُ پڑھیں۔ میں نے گھر والوں کو بتایا کہ جب بھی یہ مٹی کھائے تو سب یَامَانِعُ پڑھیں۔ اس بچے نے بھی سن لیا اور وہ خود بھی پڑھنے لگ گیا۔ گھر والے بھی سب پڑھتے رہے اور الحمدللہ اس نے سب کچھ چھوڑ دیا ڈاکٹر کو ہم نے بتایا تو کہنے لگے کہ بہت اچھی بات ہے اب جب کبھی وہ مٹی یا ریت کے قریب ہوتا ہے تو خود ہی پڑھنے لگ پڑتا ہے اور اللہ کا شکر ہے کہ اب وہ بالکل ٹھیک ہے۔ (**احسان الحق صاحب**)

آرمی آفیسرز کی حفاظت

ایک آرمی کے افسر بتاتے ہیں کہ تین دن پہلے میں LOC بارڈر پر گیا ہوا تھا۔ جب واپس آرہے تھے تو راستے میں میرے ڈرائیور نے کہا کہ سر میں تھک گیا ہوں اور مجھے نیند آرہی ہے۔ میں نے کہا ٹھیک ہے گاڑی میں خود چلا لیتا ہوں۔ ہمارے ساتھ کچھ دوسرے فوجی آفیسر بھی تھے۔ ہم چلتے رہے۔ جب آدھا رستہ طے ہوگیا تو آگے ٹریفک بلاک تھی کیونکہ سلائیڈنگ ہورہی تھی۔ میں بھی رک گیا۔ اس وقت میں آیۃ الکرسی پڑھ رہا تھا اور کلمہ پڑھتے پڑھتے میری بھی آنکھ لگ گئی۔

اچانک میری آنکھ کھلی تو اوپر سے پہاڑ نیچے آرہا تھا میں نے فوراً سیلف مارا اور گاڑی 1 فٹ پیچھے کرلی اور ہم بال بال بچ گئے۔ اب راستہ بالکل بند ہوچکا تھا۔ سارے آرمی آفیسر کہتے ہیں کہ سر اب کیا کریں؟ میں نے کہا کہ انتظار کرتے ہیں اور FW والوں کو کال کرکے صورتحال کا بتایا تو انہوں نے کہا کہ ابھی تو برف باری ہورہی ہے صبح ہم کچھ کریں گے۔ پیچھے ڈیلیگیشن بھی تھا وہ سارے گھر رہتے تھے ہم نے دوبارہ پیچھے گاڑی موڑلی۔ لیکن تھوڑا سا آگے جانے کے بعد پھر سلائیڈنگ آرہی تھی میں نے چھوٹے چھوٹے پتھروں پر گاڑی چڑھادی اور گاڑی پھنس گئی میں نے دیکھا اوپر سے پورا پہاڑ نیچے آگیا میں نے گاڑی ریورس کی اور اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی اور سب کو خوفناک حادثے سے بچالیا۔ اس وقت میں سورۃ الکوثر پڑھ رہا تھا اور اللہ کا کرم ہے کہ اس کی برکت سے ہم سب بچ گئے۔ ہمیں یہ پڑھتے ہی رہنا چاہیے۔ بہت ہیوی سلائیڈنگ تھی اگر گاڑی صرف ایک فٹ پیچھے نہ ہوتی تو ہم سب نیچے دب جاتے۔

عمل شروع کرتے ہی ثمر

میں مکہ کالونی گلبرگ میں رہائش پذیر ہوں پہلے میں رکشہ چلاتا تھا لیکن تین ماہ پہلے میرے مالک نے مجھ سے رکشہ لے لیا۔ اب میں جوتے وغیرہ پالش کرکے گزارکرتا ہوں۔ کل پرسوں کی بات ہے کہ جب میں یہاں تسبیح خانے میں آرہا تھا تو گھر کے اتنے حالات خراب تھے کہ میرے پاس ایک پیسہ بھی نہ تھا۔ وہاں سے پیدل ہی آیا اور یہاں آکے بھی حکیم صاحب سے ملاقات نہ ہوئی۔ عارف بھائی نے مجھے دو انمول خزانے دے کر کہا کہ اسے کثرت سے پڑھیں میں رونے کی سی کیفیت

میں واپس پیدل ہی گھر پہنچا گھر جا کے میں نے اہلیہ کو دوانمول خزانے دے کر کہا کہ یہ پڑھو اور میں کام پر جاتا ہوں۔ خود تو میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ میری بچی کے لیے دودھ بھی اس دن نہیں تھا۔ جب میں برش اور پالش وغیرہ پکڑ کے کام پر گیا تو فردوس مارکیٹ کے نزدیک مجھے اللہ پاک نے زمین پر سے 500 روپے دیئے۔ یہ برکت صرف میری اہلیہ کے ''دوانمول خزانے'' پڑھنے کی وجہ سے حاصل ہوئی **(حبیب احمد صاحب)**

موٹر سائیکل کا روحانی لاک

میں جب بھی اپنی موٹر سائیکل لاک کرتا ہوں تو فی امان اللہ کہہ دیتا ہوں اور مجھے اس پر پورا یقین ہوتا ہے پھر جب بھی واپس آتا ہوں تو چیز وہیں پر موجود ہوتی ہے پہلے مسجد میں جوتے بہت چوری ہوتے تھے اور میں سنبھال سنبھال کے رکھتا پھرتا تھا۔ اب جب بھی جوتے اتارتا ہوں تو پورے یقین کے ساتھ فی امان اللہ کہہ دیتا ہوں۔ واپسی پر جوتے بھی محفوظ ہوتے ہیں۔ **(فیصل رسول صاحب)**

مشکلوں میں آسانی کیلئے

میں تقریباً چار سال سے تسبیح خانے آرہا ہوں۔ پہلے میرا اچھرے میں ایک چھوٹا سا کھوکھا تھا لیکن اس وقت اعمال کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے اپنی دکان دی ہے۔ تھوڑا عرصہ پہلے مالک دکان نے زبردستی اپنی دکان خالی کروالی تھی اور معاملات کافی خراب ہو گئے تھے پھر ایک اور دکان ملی اُس میں سے بھی تقریباً پانچ لاکھ کا نقصان ہوا اس دوران میں نے ''سورۃ کوثر'' 129 بار صبح شام اور ''دوانمول خزانے'' کا ورد نہیں چھوڑا پھر اللہ پاک نے اعمال کی برکت سے مجھے مین روڈ پر ہی بہت کم ریٹ پر دکان دی۔ پہلی دکان کا ایڈوانس چھ لاکھ تھا اس دکان کا صرف تین لاکھ ہے۔ میں نے مارکیٹ میں ایک بندے کے پیسے دینے تھے وہ مجھے بہت تنگ کرتا تھا میں نے ایک تسبیح سورۃ قریش مع اول آخر سات بار درود شریف پڑھ کے

اس بندے کو ہدیہ کر دی تو وہ بڑے اخلاق سے پیش آیا اور کہنے لگا کہ ساجد صاحب! آپ جتنا مرضی مال یہاں سے لے جائیں اور اپنی دکان کو بھریں اور کام شروع کریں پیسوں کی فکر نہ کریں۔ تو اس طرح جب بھی کوئی معاملہ پیش آتا ہے تو میں سورۃ کوثر اور دوانمول خزانے کثرت سے پڑھتا ہوں اور اللہ پاک اعمال کی برکت سے بہت آسانیاں پیدا کر دیتا ہے۔ **(محمد ساجد صاحب)**

2007 میں پڑھے واقعات یاد آگئے

میں لاہور کے ایک دینی مدرسے میں پڑھتا ہوں میرے استاد محترم نے فرمایا کہ ایک اللہ والے کے مواعظ میں ایک عمل لکھا ہے کہ: سورۃ الاعلیٰ کی آیت:

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى ۝ اِلَّا مَاشَآءَ اللّٰهُ

21,11,7,3 یا کسی بھی طاق تعداد میں مع اول آخر ایک مرتبہ درود شریف ہر فرض نماز کے بعد پڑھنے سے یہ فائدہ ہوگا کہ جو کچھ بھی پہلے پڑھا تھا وہ سب کچھ یاد آنے لگے گا۔ میں نے اس عمل کو روزانہ کا معمول بنالیا۔

مجھے اس کا مشاہدہ یہ ہوا کہ ایک دن استاد محترم نے مجھے اچانک جمعہ پڑھانے کیلئے کھڑا کر دیا۔ حالانکہ میں نے تقریر کرنے کیلئے تیاری بھی نہیں کی تھی۔ 2007ء میں میں نے ایک کتاب پڑھی تھی جس میں معتبر واقعات درج تھے۔ جب استاد محترم نے جمعہ پڑھانے کیلئے کھڑا کیا تو وہی واقعات میری زبان پر خود بخود جاری ہو گئے جو تقریباً چار سال پہلے پڑھے تھے۔ میں خود سوچنے لگا کہ میں نے تو کوئی کتاب وغیرہ بھی نہیں پڑھی تھی۔ پھر یاد آیا کہ جو عمل استاد محترم نے بتایا تھا یہ اسی کی برکت اور کمال ہے۔ (ہارون احمد)

نا اُمید مریضہ کی کھانسی کا علاج

میری ''Readymade'' کپڑوں کی دکان ہے۔ پچھلے دنوں میرے

Khush Jeeyay sarfraz shah vich manchester

پاس شاپنگ کیلئے ایک خاتون آئیں اُنہیں بہت زیادہ کھانسی آرہی تھی حتیٰ کہ کھانستے کھانستے اُن کا سانس اُکھڑنے لگا۔ میں اس وقت دکان پر بیٹھا دوانمول خزانے پڑھ رہا تھا۔ میں نے جلدی سے گلاس میں پانی لے کراس پر ''دوانمول خزانے'' کے وظیفے کی پھونک ماری اور کہا کہ آنٹی یہ پی لیں.....اس سے انہیں افاقہ ہوا۔

میں نے کہا کہ ایسا کریں ہر وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی اس کھانسی کی نیت سے پیا کریں اور اَللّٰهُ شَافِيْ، اَللّٰهُ كَافِيْ، اَللّٰهُ مُعَافِيْ کہہ لیا کریں۔ اگلے ہفتے وہ خاتون دوبارہ میری دُکان ڈھونڈتے ہوئے آئیں اور بے ساختہ کہنے لگیں کہ میرے گھر میں سارے ڈاکٹر ہیں۔ میں نے ان سے بھی علاج کروایا اور پھر دبئ جا کے بھی اور پتہ نہیں کہاں کہاں سے اپنا علاج کرایا، یہاں تک کہ تمام ہسپتالوں کا چکر لگا یا لیکن میرا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ جب سے میں نے ''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی'' والا عمل کیا میں شفایاب ہوگئی میں نے دوبارہ ٹیسٹ کروائے سارے ''TestClear'' ہو گئے۔ مجھ سے سارے پوچھتے ہیں کہ کہاں سے علاج کروایا....؟ کون سے ڈاکٹر کے پاس گئی تھیں....؟ اب وہ خاتون بھی سب کو یہی عمل بتاتی ہیں۔ میں نے اس خاتون کو دوانمول خزانے بھی دیئے اور وہ کہہ رہی تھیں کہ میں انشاءاللہ تسبیح خانے درس سننے بھی ضرور جایا کروں گی۔ **(محمد ساجد، لاہور)**

کینسر کے مریض کا فوری علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ يَا سَلَامُ یہ تین چیزیں ملا کر 131 دفعہ پڑھ کے کینسر کے مریض کو دم کیا اور پانی پر دم کر کے پلایا اللہ پاک نے اُسے اُسی وقت شفاء دے دی۔ **(قاری منیر صاحب)**

رِجال الغیب کی مدد

میں بہاولپور میں محکمہ پولیس میں ہوتا ہوں۔ میں نے ماہنامہ عبقری میں

پڑھا تھا کہ جب کوئی چیز گم ہوجائے تو اَعِيْنُوْنِيْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ پڑھیں اللہ کے ایسے بندے ہوں گے جو نظر تو نہیں آئیں گے لیکن تمہاری مدد کریں گے۔ الحمدللہ میرا مشاہدہ ہے کہ جب بھی کوئی پیپر وغیرہ یا کوئی اور چیز روزمرہ کی زندگی میں گم ہوجائے تو میں بھی ڈھونڈتا ہوں میرے گھر والے بھی ڈھونڈتے ہیں۔ ڈھونڈنے کے باوجود بھی جب نہ ملے تو میں یہ پڑھتا ہوں تو وہ چیز فوراً سامنے آجاتی ہے۔ **(مطلوب احمد صاحب، بہاولپور)**

مریض کی عیادت کے فوائد

میں مریض کی عیادت کے فوائد بتانا چاہتا ہوں اللہ پاک نے آخرت میں اس کا جو اجر و ثواب رکھا ہے وہ تو اپنی جگہ ہیں لیکن اس کے ظاہری فوائد بھی بہت زیادہ ہیں۔ میرا ایک دوست تقریباً آٹھ ماہ سے شدید بیماری میں مبتلا ہے۔ میں وقتاً فوقتاً اُس کی عیادت کیلئے جاتا رہتا تھا۔

ایک دن جب میں نے اُس کے ہاں جانے کا ارادہ کیا تو سوچا کہ اس کیلئے کچھ لے جاؤں پھر دیکھا کہ جیب میں اتنے پیسے بھی نہ تھے کہ جو اس دن کافی ہوتے۔ میں نے سوچا کوئی بات نہیں اللہ مالک ہے جو تھوڑا بہت ممکن تھا میں اس کیلئے ہدیہ لے گیا۔ اور جیب بالکل خالی ہوگئی لیکن اللہ پاک نے ایسا بندوبست فرمایا کہ غیب سے مجھے پیسے ملے اور خوب برکت حاصل ہوئی۔ چند دن بعد پھر گیا اس دن بھی وہی صورتحال تھی لیکن پھر میں نے سوچا کہ وہ بے چارہ بے روزگار ہوگیا ہے اس کے گھر خالی ہاتھ نہیں جانا چاہیے۔ جب میں گیا تو جیب خالی تھی لیکن واپسی پر پھر کہیں سے اللہ کی مدد آگئی۔

ابھی پندرہ بیس دن پہلے اس کا فون آیا کہ تم کافی دنوں سے آئے نہیں ہو۔ میں نے کہا آج ضرور آؤں گا۔ اللہ کی قدرت کہ اس دن بھی میں مالی طور پر پریشان تھا لیکن اللہ کی ذات پر پورا بھروسہ تھا۔ اس کی عیادت کر کے جب آیا تو آ کے دفتر

میں تھوڑا سا کام کر کے میں چلا گیا۔ راستے میں مجھے ایک دوست کا فون آیا کہ آپ کہاں ہیں میں نے آپ کے پیسے لوٹانے ہیں میں نے کہا کہ میں مال روڈ سے گزر رہا ہوں اس نے بتایا کہ وہ بھی مال روڈ پر ہی کھڑا ہے۔ خیر میں نے اس سے پیسے لے لیے۔ اسی دن ایک دو اور بندوں نے بھی رقم کی ادائیگی کرنی تھی تو شام کو جب میں نے حساب کیا تو میری جیب میں اتنی زیادہ رقم تھی جتنی ماہانہ تنخواہ بھی نہیں ہوتی یہ تو ظاہری فوائد ہیں مریض کی عیادت کرنے کے آخرت کے اجروثواب کی تو خیر بات ہی کیا ہوگی۔ (**محمد انیس صاحب**)

ڈینگی بخار کا انوکھا علاج

میں تسبیح خانے کے ساتھ آٹھ ماہ سے وابستہ ہوں ایک مرتبہ آپ نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ سے باتیں کیا کرو۔ تو پچھلے سال جب ڈینگی کا وائرس بہت زیادہ پھیلا تو میری اہلیہ بھی بیمار ہوگئی۔ میری بیٹی اس وقت ڈیڑھ سال کی تھی جو صرف ماں کا دودھ ہی پیتی تھی۔ فیڈر سے نہیں پیتی تھی۔ اب ماں تو اس کی بیمار تھی اور حالت یہ تھی کہ بچی بھوک کی شدت سے رو رہی تھی اور اپنی توتلی زبان سے کہہ رہی تھی ''ماماں دودھو دے دو'' بھلا ماں کیسے دودھ پلا سکتی تھی وہ تو خود بے سدھ ہو کے پڑی تھی تو مجھے آپ کا اللہ تعالیٰ سے باتیں کرنے والا ارشاد یاد آیا۔

میں نے جائے نماز بچھا کے دو نفل پڑھے اور اللہ سے کہا کہ یا اللہ بچی کو دیکھ دیکھ کر میرا کلیجہ پھٹ رہا ہے اور مجھے بہت ترس آ رہا ہے۔ الٰہی! تو تو ستر ماؤں سے بھی زیادہ پیار کرنے والا ہے تجھے بھی تو ترس آ رہا ہوگا نا! اس بچی پر۔ اللہ! اس ڈینگی کو بھیجنے والا بھی تو ہے ہم پر رحم فرما اور اس ڈینگی کو واپس لے جا، کہ مجھ سے اپنی بیٹی کا دکھ نہیں دیکھا جا رہا۔ تقریباً آدھا گھنٹہ رو رو کر میں نے اللہ پاک سے باتیں کیں اور جب اگلے دن بیوی کا ٹیسٹ کروایا تو ڈاکٹروں نے بتایا کہ ڈینگی واقعی واپس جا رہا

ہے۔ اس کے ہاتھوں میں خارش شروع ہوگئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ بخار ختم ہونے کی علامت ہے۔ اور الحمدللہ وہ صحت یاب ہوگئی

موٹر سائیکل تو پنکچر ہے......!

پچھلے درس میں میں نے سنا تھا کہ مشکل وقت میں یا اگر راستہ بند ہو تو'' سورۃ الم نشرح پڑھنے سے مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

ایک دن میری ہمشیرہ بیمار ہوگئی اسے لے کر چونگی امر سدھو جانا تھا۔ مجھے موٹر سائیکل چلانا نہیں آتی تھی۔ بس تھوڑی بہت چلا لیتا تھا۔ جب میں اُسے لے کر سانده سے نکلا تو میرے دل میں خوف تھا کہ کہیں گر نہ جاؤں لیکن میں نے سورۃ الم نشرح پڑھی اور چونگی امر سدھو کی طرف اپنی اہلیہ اور ہمشیرہ کے ساتھ چل پڑا اور الحمدللہ بغیر کسی رکاوٹ یا پریشانی کے میں وہاں پہنچ گیا۔ جن کے گھر گئے انہوں نے مجھ سے موٹر سائیکل مانگی جب میں نے انہیں چابی دی تو وہ کہنے لگے کہ موٹر سائیکل تو پنکچر ہے۔ آپ کیسے یہاں تک آ گئے؟ میں نے کہا کہ ہمیں تو پتہ بھی نہیں چلا ہم تو بالکل خیریت سے آئے ہیں۔ (**محمد لطیف صاحب**)

اللہ کریم سے باتیں کیا کریں

ایک صاحب نے بتایا کہ میرا 13 سال کی عمر میں ایکسیڈنٹ ہوا تھا۔ باقی تو سب کچھ ٹھیک ہو گیا لیکن تب سے لے کر آج تک مسلسل یورین بیگ لگا ہوا ہے۔ اللہ پاک نے مجھے نماز پڑھنے کی توفیق دی اور 25/20 سال میں مسلسل نمازیں پڑھتا رہا۔ داڑھی بھی رکھ لی پھر آہستہ آہستہ میرا جسم پھول گیا اور مجھ سے نماز پڑھنا مشکل ہو گیا کیونکہ نلکی کے ساتھ نماز نہیں پڑھی جاتی تھی۔ لوگ مجھے طعنے دیتے اور باتیں کرتے کہ تو نے داڑھی بھی رکھی ہوئی ہے نمازیں بھی نہیں پڑھتا۔ میں مجبور کیا کر سکتا تھا۔ جب نماز پڑھتا تو مجھے تکلیف شروع ہو جاتی اور ایسے لگتا جیسے پیشاب بند ہو گیا ہے حالانکہ پیشاب آ رہا ہوتا تھا۔

Khush leevay sarfraz shah vich manchester

دن اسی طرح گزرتے گئے اور میں 45 سال کی عمر کو جا پہنچا تقریباً چھ ماہ پہلے ایک دوست نے مجھے ''ماہنامہ عبقری'' دیا۔ اس میں لکھا تھا کہ ''اللہ کریم سے باتیں کیا کریں''۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے باتیں کرنا شروع کردیں کہ یا اللہ مجھے اس قابل بنا کہ میں نماز پڑھ سکوں۔ اس کے ساتھ میں نے رسالے میں سے ایک ''درود شریف'' اور ''دو انمول خزانے'' کثرت سے پڑھنا شروع کردیئے۔

اب عالم یہ ہے کہ یورین بیگ بھی لگا ہوا ہے اور میں نمازیں بھی اتنی آسانی سے اور ہر قسم کی تکلیف کے بغیر پڑھ لیتا ہوں جیسے مجھے یورین بیگ لگا ہی نہیں ہوا۔

زیادہ بھوک لگنے کا علاج

میں نے ماہنامہ عبقری میں **سورۃ الکوثر** کی برکت اور کمالات پڑھے تو میں نے اسے مسلسل پڑھتے رہنا اپنا معمول بنا لیا مجھ سے بھوک برداشت نہیں ہوا کرتی تھی ایک دن میں ناشتہ کیے بغیر ہی یہاں تسبیح خانے آ گیا اور سوچا کہ کسی ہوٹل سے ناشتہ کرلوں گا۔ راستے میں مسلسل **سورۃ الکوثر** پڑھتا رہا۔ مجھے ایسے محسوس ہورہا تھا کہ جیسے مجھے ناشتہ کی طلب ہی نہیں رہی اور نہ ہی مجھے بھوک محسوس ہورہی تھی۔ یہاں آکر ظہر پڑھی پھر جب میں واپس گھر گیا تو اس وقت بھی مسلسل سورۃ الکوثر پڑھتا رہا اور اس وقت بھی بھوک نہیں لگی۔

انمول خزانہ بچے بھی پڑھتے ہیں

میرے تائے کے بیٹے چونگی امرسدھو میں رہتے ہیں۔ وہ کافی پریشان تھے میں نے ان کو دو انمول خزانے پڑھنے کو دیئے انہوں نے پڑھنا شروع کردیا اُن کی دو چھوٹی بیٹیاں ہیں انہوں نے انہیں بھی انمول خزانہ نمبر 2 یاد کروا دیا۔ ایک دن میں ان کے گھر گیا تو انہوں نے مجھے کہا کہ انکل ہم انمول خزانہ نمبر 2 پڑھتے ہوئے اسکول جاتی ہیں پہلے رکشہ والا ہم سے دس روپے کرایہ لیتا تھا اب صرف پانچ روپے دیتے

ہیں ایک دن ہم پڑھنا بھول گئے تو اُس نے ہم سے 10 روپے ہی لیے۔ ہم نے اگلے دن سے پھر پڑھنا شروع کردیا اور ابھی تک پانچ ہی دیتے ہیں میں نے کہا کہ اسے پڑھنا مت چھوڑنا۔ **(طاہر صاحب)**

مہنگائی کا علاج

میں نے ماہنامہ عبقری میں **سورۃ الکوثر** کی برکت پڑھی تھی پہلے میں ہر ماہ 600/500 کا پٹرول ڈلواتا تھا پھر میں نے یہ عمل شروع کیا کہ جب پٹرول ڈلوانے لگتا ہوں تو مسلسل ''سورۃ کوثر'' پڑھتا رہتا ہوں اور پٹرول ڈلوانے کے بعد ٹینکی بند کرتے وقت ٹینکی پر پھونک مار دیتا ہوں اب الحمدللہ پورے مہینے میں صرف 200 یا 300 کا پٹرول لگتا ہے اور سارا مہینہ آرام سے نکل جاتا ہے۔ **(محمد شہباز صاحب)**

عہدے میں ترقی کیلئے

چند دن پہلے ایک نکاح کی تقریب میں حکیم صاحب نے درس ارشاد فرمایا تھا اور اس میں **سورۃ نصر** کا عمل بتایا تھا کہ صبح فجر کے بعد 21 مرتبہ **سورۃ نصر** مع اول آخر 3 بار درود شریف پڑھیں۔ میں یہ عمل پابندی سے شروع کردیا۔ اس کے بعد آپ سے میری ملاقات ہوئی اور میں نے بتایا کہ میرا ڈیزیگنیشن اسسٹنٹ آفیسر تھا اور اب جنرل آفیسر ہوگیا ہے۔ یقین جانیں اس عمل کو شروع کرنے کے بعد ایک ہفتے کے اندر اندر لاہور میں اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ آفیسر کا میرا ڈیزیگنیشن ہوگیا۔ پتہ نہیں وہ عمل کتنا طاقتور تھا مجھے اس سے ایک ہفتے میں ہی اتنا نفع ہوا اور اب یہ عمل میرا معمول بن گیا ہے۔ **(فیض احمد فریدی صاحب)**

ڈینگی بخار کا خاتمہ

میرا ڈیڑھ سال کا بیٹا ہے اس کو ڈینگی بخار ہوگیا تھا۔ میں نے فوراً اپنے بچے

کی طرف سے روحانی غسل ہر گھنٹے بعد کیا اور سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان والا عمل کیا، صرف 2 دن میں میرا بچہ ڈینگی بخار کے شکنجے سے آزاد ہو گیا وہ بچہ اب بالکل ٹھیک ہو گیا ہے۔

وقت پر نماز سے مشکل آسان

آفس کے کام کے سلسلے میں ہماری پوری ٹیم کا بر ڈن بہت زیادہ بڑھ گیا تھا اور دن میں مسلسل 19/18 گھنٹے کام کرنے کے باوجود بھی بر ڈن ختم نہیں ہو رہا تھا۔ ہر قسم کی تدبیر آزما کے دیکھ لی مگر کچھ نہ بنا۔ ایک دن بیٹھا میں سوچ رہا تھا کہ مسئلہ کیا ہے جو اتنی پریشانی بڑھی ہوئی ہے۔ شاید اعمال میں کوئی کمی آئی ہے تو اچانک دل میں ایک بات آئی کہ ہم پوری ٹیم کام کی مصروفیت کی وجہ سے نماز کو لیٹ کر کے پڑھتے ہیں۔ جماعت گزر جانے کے بعد علیحدہ علیحدہ پڑھتے تھے۔ ہم نے تہیہ کر لیا کہ کم از کم کام کی وجہ سے نماز نہیں چھوڑنی پھر ہم نے ایسا ہی کیا۔ یقین مانیں جب ہم نے کام شروع کیا تو صرف دو دن میں پچھلے ڈیڑھ ماہ کا رکا ہوا کام مکمل ہو گیا۔ جو کام مسلسل 19/18 گھنٹے مصروفیت کے باوجود نہیں ہوتا تھا وہ کام صرف دو دن میں 4/3 گھنٹے لگانے سے ہو گیا۔ **(محمد حسن ہاشمی، لاہور)**

کمر کے مہروں کی تکلیف سے نجات

میں آخری چھ سورتوں کے متعلق بتانا چاہتا ہوں کہ حکیم صاحب نے فرمایا تھا کہ نماز میں آخری چھ سورتیں پڑھنے سے مسائل اور بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں۔ مجھے مہروں کی تکلیف تھی اور میں درس میں آکر ٹیک لگا کر بیٹھتا تھا۔ پھر میں نے ہر سنت اور نفل نماز میں آخری چھ سورتیں اس نیت سے پڑھنا شروع کیں اور اب الحمدللہ بالکل صحت یاب ہو چکا ہوں اب ٹیک بھی نہیں لگانی پڑتی۔

موٹر سائیکل مل گئی

میں انکم ٹیکس آفیسر ہوں۔ میں ۱۱ دفعہ یَاحَفِیۡظُ کا عمل پابندی سے

پڑھتا ہوں۔ اس کے علاوہ دو انمول خزانہ بھی ہر نماز کے بعد پڑھتا ہوں۔ ایک دن میں اپنے آفس گیا تو وہاں قصوری ٹاور کے پاس ہی ایک جوس والا ہے میں اس کے پاس رک گیا اور موٹر سائیکل وہیں کھڑی کر کے تھوڑی دیر بیٹھ گیا۔ پھر میں پیدل ہی قصوری ٹاور اپنے آفس چلا گیا۔ وہاں سے مجھے ہائی کورٹ میں تھوڑا کام تھا پیدل ہی ہائی کورٹ گیا۔ وہاں سے انکم ٹیکس آفس میں گیا پھر وہاں سے پرانی انارکلی پھرتا پھراتا واپس قصوری ٹاور آ گیا اور شام کو چھٹی کے وقت مجھے یاد نہیں آ رہا تھا کہ میری موٹر سائیکل کہاں ہے۔ میں بیسمنٹ میں گیا وہاں پارکنگ میں بھی نہیں کھڑی تھی۔ پھر میں نے ''اِنَّالِلّٰہِوَاِنَّاۤاِلَیۡہِرَاجِعُوۡنَ'' پڑھنا شروع کر دیا اور واپس اوپر اپنے دفتر میں آ گیا، اچانک کھڑکی کے شیشے سے میری نظر نیچے پڑی اور مجھے اپنی موٹر سائیکل نظر آئی جو صبح سے بغیر لاک کے جوس والے کے قریب کھڑی تھی۔ فوراً میرے ذہن میں آیا کہ جو میں ہر نماز کے بعد انمول خزانہ نمبر 1 گیارہ مرتبہ یاحفیظ پڑھتا ہوں آج اُسی کی برکت سے میری موٹر سائیکل بحفاظت کھڑی رہی ہے۔ **(نعیم اختر صاحب)**

غیبی حفاظت کا نظام

میرا معدنیات کا کام ہے تو کانوں کے سلسلے میں معائنے کیلئے ہمیں کراچی سے بلوچستان جانا پڑا۔ کراچی سے ہمیں ہر شخص نے منع کیا کہ بلوچستان میں خاص طور پر خضدار کا علاقہ بہت خطرناک ہے۔ آپ وہاں مت جائیں۔ کیونکہ وہاں حالات بہت خراب ہیں لیکن ہمارا جانا بہت ضروری تھا تو حکیم صاحبنے مجھے سورۃ القریش کا ذکر دیا ہوا تھا۔ میرے ساتھ کچھ اور ساتھی بھی تھے ہم نے رینٹ پر گاڑی لی اور آگے گئے جس کے پاس جانا تھا اس کا ایڈریس معلوم نہیں تھا۔ ہم جگہ جگہ سے راستہ پوچھ رہے تھے تو وہ لوگ کہنے لگے کہ آپ اس طرح خود کو ظاہر کر رہے ہیں اور مقامی لوگوں سے آپ کو خطرہ بڑھ جائے گا۔ تو تھوڑی ہی دیر میں شام

ہو گئی جس جگہ پہنچنا تھا وہاں صرف جیپ کا رستہ تھا جیپ ڈھونڈتے ڈھونڈتے مزید دیر ہو گئی۔ مختصر یہ کہ رات کا سفر تھا اور بلوچستان میں جس کے پاس جانا تھا انہوں نے فون پر کہا کہ آپ واپس چلے جائیں کسی صورت میں یہاں نہ آئیں۔ راستے میں ڈاکوؤں کا خطرہ ہے آپ کی گاڑی بھی جائے گی اور خود آپ کو بھی نقصان پہنچے گا۔ سارے ساتھی شدید خوف زدہ تھے۔

میں ۱۱ مرتبہ یَاحَفِیْظُ والا عمل اور سورۃ قریش مسلسل پڑھتا رہا اور ہم 4 دن وہاں رہے جہاں بھی گئے اللہ پاک نے حفاظت فرمائی۔ مقامی لوگ لوٹنے کی بجائے ہماری مدد کرتے رہے اور بلوچی سردار بھی حیران تھے کہ ہم خیریت سے پہنچ کیسے گئے اور جب کراچی واپس پہنچ کر انہیں فون کیا تو پھر بھی حیران تھے کہ واپس خیریت سے کیسے پہنچ گئے اللہ پاک نے 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ اور مسلسل سورۃ القریش پڑھتے رہنے کی برکت سے ہر خطرے سے ہماری حفاظت فرمائی۔ **(انیس گل صاحب)**

بلڈ پریشر نارمل رکھنا آسان

جب سے میں نے روحانی غسل والا عمل سنا ہے، میں مسلسل اسے کر رہا ہوں۔ اس سے مجھے یہ نفع ہوا کہ میرے سر کے بال بڑی تیزی سے گر رہے تھے اب وہ رک گئے ہیں اور بال گھنے ہونا شروع ہو گئے ہیں اس کے علاوہ ٹینشن بہت زیادہ رہتی تھی یادداشت بھی کمزور تھی ”روحانی غسل“ کی برکت سے وہ بھی ٹھیک ہو گئی ہے اور اب میں ہر وقت فریش رہتا ہوں۔ میرا بلڈ پریشر ہائی رہتا تھا اس سے میرا بلڈ پریشر بھی نارمل رہتا ہے۔ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پی لیتا ہوں، اسی پانی کی برکت سے میرا معدہ بھی ٹھیک رہتا ہے اور اس میں کوئی تیزابیت، تبخیر وغیرہ نہیں ہوتی۔ اللہ پاک کا شکر ہے کہ جو اعمال یہاں تسبیح خانے سے ملتے ہیں وہ اختیار کر لیتا ہوں اور آگے بھی صدقہ جاریہ کی غرض سے بتاتا رہتا ہوں۔ **(محمد عبدالقیوم صاحب)**

مسنون دعا کی پابندی سے قبض ختم

میں جب بھی بڑا گوشت یا انڈہ وغیرہ کھاتا تھا تو مجھے اس سے بہت زیادہ قبض ہو جاتی تھی تو جب سے میں نے ہر کھانے کے بعد مسنون دعا: "بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ" پڑھنی شروع کی ہے تب سے کچھ نہیں ہوتا اب میں بڑا گوشت بھی کھا لیتا ہوں اس عید پر بھی بہت کھایا اور گوشت سے مجھے کوئی نقصان نہ ہوا اور نہ ہی انڈے سے۔ **(عبدالعلی صاحب)**

سب رکاوٹیں کھل گئیں

ماہنامہ عبقری میں میں نے سورۃ الم نشرح کا عمل پڑھا کہ ٹریفک میں اگر رکاوٹ ہو تو یہ سورت پڑھنی چاہیے۔ تو میں نے اسے ٹریفک میں آزمایا اور بہت اچھا پایا۔ ایسے لگتا ہے کہ جیسے سارے ٹریفک کے اشارے اس عمل کے تابع ہو گئے ہیں کہ اس کے پھونکتے ہی کھل جاتے ہیں اور جیسے ٹریفک سارجنٹ بھی میری پھونک کا ہی منتظر ہو کہ کب میں سورۃ الم نشرح پڑھ کے پھونک ماروں اور وہ راستہ کھول دے۔ پھر میں نے اس عمل کو گردے کی پتھری کیلئے بھی کیا اور سوچا کہ یہ بھی ایک قسم کی رکاوٹ ہے وہ مسئلہ بھی اللہ تعالیٰ نے حل کر دیا۔ ایک دوست کو دل کے والو کا پرابلم تھا وہ بھی مسئلہ اللہ پاک نے حل کر دیا۔ میرا لوہے کا کام ہے میرا کاروبار ایک سال سے بند تھا۔ جدھر بھی جاتا کوئی کام نہیں مل رہا تھا اب کثرت سے سورۃ الم نشرح پڑھنے سے اللہ پاک نے وہ رکاوٹ بھی کھول دی ہے۔ اور لوگ خود فون کر کے مجھے مال دے رہے ہیں۔ الحمدللہ اس عمل میں بہت طاقت ہے۔ جو جو رکاوٹیں جس کام میں ہوں اس کی تاثیر سے سب رکاوٹیں کھل جاتی ہیں۔ **(انعام اللہ صاحب)**

قربانی کا جانور مل گیا

پچھلے چند سالوں سے ہم قربانی نہیں کر پا رہے تھے۔ اس سال بھی قربانی کی نیت تو تھی لیکن اتنے وسائل نہیں تھے۔ حکیم صاحب نے ایک مرتبہ درس میں ایک عمل عنایت فرمایا تھا کہ جن کی بیٹیوں کے رشتے نہ ہو رہے ہو اور جن کو کاروباری مسائل کا سامنا ہو یا کسی بھی قسم کی مشکل ہو تو وہ عشاء کی نماز کے بعد کھلے آسمان کے نیچے ننگے سر (صرف مرد حضرات) بیٹھ جائے اور 313 بار یہ دعا اول آخر 11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے۔ ’’یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیَ الْخَیْرَ‘‘ تو اللہ پاک نے مجھے اس عمل کی توفیق عطا فرمائی ابھی میں نے یہ عمل چھ دن ہی کیا تھا کہ اللہ پاک نے ہمیں ایک خوبصورت دنبہ عطا فرمایا اور اس کی قربانی کرنے کا ہمیں مزہ آ گیا۔ یہ عمل مسلسل سات دن کرنا ہوتا ہے **(محمد عثمان)**

حاسدین دوست بن گئے

جس مسجد کے ساتھ کرائے کی دکان چلاتا ہوں اس مسجد کے ایک بزرگ بابا جی مجھے بہت پریشان کرتے رہتے تھے کبھی کسی بات پر تنقید کرتے کبھی کسی بات، کبھی کسی بات پر تو ایک دن عابد بٹ صاحب میرے پاس آئے۔ میں نے ان سے کہا کہ بٹ صاحب! اس طرح بابا جی بہت پریشان کرتے ہیں اور یہ میرے لیے بہت مسئلہ بنا ہوا ہے۔ بٹ صاحب کہنے لگے کہ یہ تو مسئلہ بہت آسان ہے میں نے پوچھا کیا کروں؟ کہتے ہیں درود ابراھیمی پڑھ کے اُن بابا جی کو ہدیہ کر دو۔ میں نے درود ابراھیمی پڑھ کر اُن کو ہدیہ کیا اور ساتھ دعا بھی کی کہ یا اللہ ان کو ہدایت دے دے یا پھر میری اُن سے جان چھڑا دے۔ اللہ پاک نے کرم فرمایا اور اب ایسے ہوتا ہے کہ وہ بزرگ آتے ہیں صرف سلام کر کے چلے جاتے ہیں۔ اب انہوں نے پریشان کرنا چھوڑ دیا ہے۔

جھگڑا فساد کے خاتمے کیلئے

کل رات تقریباً 8 بجے کے بعد میرے گھر کے باہر عورتیں لڑ رہی تھی اور بہت زیادہ ہجوم اکٹھا ہو گیا تھا۔ میری بچی نے کہا کہ آپ اذان پڑھیں انشاء اللہ ان کی لڑائی ختم ہو جائے گی میں نے اذان پڑھی اور دوسری مرتبہ پڑھتے ہی شور ختم ہو گیا۔ میری اہلیہ دیکھنے کیلئے باہر نکلی کہ کیا معاملہ ہوا ہے جب دیکھا تو نہ کوئی لڑائی تھی اور نہ ہی کسی قسم کا ہجوم اللہ پاک نے اذان کی برکت سے واقعی ہر چیز کا خاتمہ کر دیا۔ **(غلام محمد صاحب)**

بجلی کا بل آدھا ہو گیا

حکیم صاحب نے حج پر جانے سے پہلے درس میں فرمایا تھا کہ میٹر پر بھی **سورۃ الکوثر** کا دم کیا کریں۔ میں نے اسی رات گاؤں اپنی اہلیہ کو فون کیا کہ حکیم صاحب نے یہ عمل ارشاد فرمایا ہے۔ لہٰذا تم بھی کبھی کبھار میٹر کے قریب سے گزرتے ہوئے تین مرتبہ **سورۃ الکوثر** پڑھ کے دم کر دیا کرو کیونکہ پچھلے 3/2 ماہ سے کبھی 1600 روپے بل آ رہا تھا اور کبھی =/1700 روپے۔ اہلیہ نے یہ عمل کرنا شروع کر دیا اس کے بعد 2 ماہ جو بل آیا وہ پہلے مہینے =/800 تھا اور دوسرے مہینے سوا آٹھ سو روپے یعنی %50 کم ہو گیا ہے۔

اعمال کی برکت سے کوئی نقصان نہ ہوا.....!

پچھلے سے پچھلے ہفتے میں جب گھر گیا تو میرا ایک نو سال کا بیٹا ہے جو چوتھی کلاس کا سٹوڈنٹ ہے۔ وہ دوسرے بچوں کے ساتھ چھت پر کھیل رہا تھا اور وہ چھت تقریباً 18 فٹ اونچی ہے۔ ایسے شرارتوں میں ہی میرے بھتیجے نے میرے بیٹے سے کہا کہ تجھے اللہ کی قسم ہے تو اس چھت سے چھلانگ لگا کے دکھا۔ میرے بیٹے نے بھی بھولے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا: اچھا.....! تم نے مجھے اللہ کی قسم دی ہے، تو یہ

لو..... اس نے چھلانگ لگادی۔ اٹھارہ فٹ کی بلندی سے نیچے گرا اور حیرت کی بات یہ کہ..... گرتے ہی وہ دوڑنا شروع ہوگیا۔ اس کے بعد اپنی اکیڈمی چلا گیا، شام کو اس نے کہا: کہ مجھے بہت درد ہو رہا ہے اور چھلانگ والا واقعہ سنایا۔

یہاں یہ بتاتا چلوں.....! کہ میں نے اسے تسبیح خانے میں بتائے جانیوالے چند اعمال سکھائے ہوئے ہیں کہ بیٹا جب گھر میں داخل ہو تو بلند آواز سے ''السلام علیکم'' کہو اور پھر تین مرتبہ ''سورۂ اخلاص'' پڑھا کرو اسے ہاتھ روم کی دعا بھی یاد کرائی ہوئی ہے اور وہ روحانی غسل بھی روزانہ کرتا رہتا ہے۔

قصہ مختصر میں نے سوچا کہ اس کے پیپر شروع ہونے والے ہیں اس لیے فوراً کوئی مناسب علاج وغیرہ کروانا چاہیے تو جب اسے لیبارٹری ٹیسٹ کروانے کیلئے میں لے کر گیا تو انہوں نے اچھی طرح ٹیسٹ کرنے کے بعد کہا کہ اسے لے جائیں یہ بالکل تندرست ہے اور اسے کچھ نہیں ہوا۔ اللہ تعالیٰ کے خاص کرم سے اور اعمال کی برکت سے اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ **(خدا بخش صاحب)**

خوف وڈر سے نجات

میں PCSIR لیبارٹری میں سینئر ٹیکنیشن کے طور پر کام کرتا ہوں۔ مجھے حکیم صاحبنے سورۃ الکوثر اور چند دوسرے وظائف پڑھنے کو بتائے تھے تو ان وظائف کی برکت سے میری 11 ویں گریڈ سے 14 ویں گریڈ پر ترقی ہوگئی ہے۔

تقریباً 2 سال پہلے میں نے حکیم صاحب سے عرض کیا تھا کہ مجھے اور میری والدہ کو رات کے وقت بہت زیادہ ڈر لگتا ہے اور ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے ہمیں کوئی ہلا رہا ہو تو حکیم صاحب نے آخری چھ سورتوں کا عمل ہمیں عنایت کیا تھا۔ روزانہ رات کو سوتے وقت ایک دفعہ آیۃ الکرسی اور آخری چھ سورتیں پڑھ کے میں پورے گھر کو پھونک مار کے سوتا ہوں اور اللہ کے فضل سے تب سے ہمیں رات کو کسی نے نہیں ڈرایا اور نہ ہی کسی نے ہلایا۔

اپنی خواہش کے مطابق گائے ملی

میرے بچوں کو عید پر قربانی کا بہت شوق تھا لیکن میرے پاس اتنے اسباب نہیں تھے میں نے کہا کہ جب اللہ پاک کوئی وسیلہ بنائے گا تو ضرور قربانی کریں گے۔ پھر ہمارے خاندان میں ہی گائے کی قربانی کیلئے تھوڑے تھوڑے پیسے ملا کر 7 حصے بن گئے اور جب میں قربانی کا جانور لینے کیلئے نکلا تو دو رکعت نفل صلوٰۃ الحاجت کے پڑھے اور سارے راستے مسلسل **سورۃ کوثر** پڑھتا گیا کیونکہ سگیاں والی منڈی میں بہت زیادہ مہنگائی تھی تو جب وہاں پہنچا تو ایک بندے نے گائے کا 54 ہزار روپیہ مانگا۔ میں نے کہا کہ یہ تو ہمارے بس کی بات نہیں۔ میں نے حکیم صاحب کا فرمایا ہوا عمل ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ، تین بار سورۃ اخلاص مع اول آخر 3,3 مرتبہ درود شریف پڑھ کے پوری منڈی کو ہدیہ کر دیا۔ میں نے اسے کہا کہ ہمارے پاس تو 7 حصے ملا کر 42 ہزار روپے ہیں۔ کہنے لگا مجھے اس کے 49 ہزار ملتے تھے میں نے نہیں بیچی۔ اس دوران میں مسلسل سورۃ کوثر پڑھتا رہا۔ جب میں واپس مڑنے لگا تو کہنے لگا لائیں 42 ہزار ہی دے دیں اور گائے لے جائیں۔ اس طرح الحمدللہ ہمارا قربانی کا شوق پورا ہوگیا۔ **(محمد عامر صاحب)**

نوکری مل گئی

ایک صاحب کہتے ہیں کہ میں پچھلے سال سے Job Less تھا تو میں نے اذان والا عمل اور دو انمول خزانے پڑھنا شروع کیے اللہ پاک کی رحمت سے ایک ہفتے کے اندر میرا نوکری کا مسئلہ حل ہوگیا۔ اس کے علاوہ چونکہ میرا تعلق سیلز کے شعبہ سے ہے اس لیے میرا زیادہ تر وقت سڑکوں پر ٹریفک میں ہی گزرتا ہے اور لاہور کی سڑکوں پر ٹریفک بھی اکثر ہی جام رہتی ہے تو ایسی صورتحال میں میں سورۃ قریش پڑھنا شروع کر دیتا ہوں اور جونہی پڑھتا ہوں راستے خود بخود کھلنا شروع ہو جاتے ہیں یہ میں نے

بہت مرتبہ آزمایا اور بعض اوقات تو ایسی صورتحال ہوتی تھی کہ میں سوچتا کہ آگے نکلنا مشکل ہے لیکن اس کے پڑھتے ہی ٹریفک خود بخود چلنا شروع ہو جاتی ہے۔

جگر اور پیٹ کے درد سے نجات

دو سال پہلے میرے پیٹ میں شدید درد ہوا۔ کئی ڈاکٹروں کو دِکھایا لیکن کسی کو بھی مرض کی اصل وجہ معلوم نہ ہوئی پھر ایک دوست کے ذریعے بڑی مشکل سے آغا خان ہسپتال کے ایک ڈاکٹر سے وقت لیا۔ ان سے چیک اپ کروایا تو انہوں نے بتایا کہ آپ کے جگر کے اُوپر چربی آرہی ہے جس کی وجہ سے وہ پسلیوں سے ٹکراتا ہے تو درد ہوتا ہے۔ میں حکیم صاحب دامت برکاتہم کی خدمت میں آیا۔ آپ نے مجھے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی والا عمل بتایا اور دوائی دی، میں نے وہ عمل شروع کر دیا اور تیسرا گھونٹ آدھا پی کے باقی آدھا میں اپنے پیٹ پر مل لیتا تھا۔ اس سے اتنا فائدہ ہوا کہ درد کی شدت بالکل ختم ہو گئی اور میرا مسئلہ حل ہو گیا۔ الحمدللہ چھ ماہ کا عرصہ بالکل خیریت سے گزر گیا ہے کوئی تکلیف نہیں ہے۔ **(تنویر احمد)**

مردہ مچھلی ٹھیک ہو گئی

میری اردو بازار میں دکان ہے۔ مجھے گھر میں مختلف جانور، پرندے پالنے کا شوق ہے۔ میں نے 6/5 سال سے شوقیہ طور پر مچھلیاں بھی رکھی ہوئی ہیں۔ خاص طور پر ایک شارک جو تقریباً میرے بازو جتنی لمبی ہے میں اسے لایا تھا تو کافی چھوٹی تھی۔ پچھلے دنوں ان کا پانی چینج کرنا تھا۔ جب پانی چینج کر لیا تو لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے اس کو آکسیجن نہ ملی اور وہ شارک بالکل الٹی ہو گئی۔ میں نے بہت بھاگ دوڑ کی۔ مارکیٹ گیا انہوں نے کہا کہ بس وہ ختم ہو گئی ہے (کیونکہ مچھلی کا الٹا ہو جانا اس کے مردہ ہو جانے کی علامت ہوتی ہے) میں نے والدہ سے کہا کہ آپ کثرت سے سورۃ الکوثر کا ورد کریں۔ جتنی بھی ہو سکے پڑھ پڑھ کے اُس پر دم کرتی رہیں۔

میری والدہ نے مسلسل پانچ گھنٹے اس پر دم کیا اُسے پانی سے نکال کے اُس کے منہ پر بھی پھونکیں ماریں اور مسلسل پانچ گھنٹے اس پر دم کرتی رہیں اور اس دوران لائٹ نہیں آئی لیکن اس عمل کی برکت سے اللہ پاک کا اتنا کرم ہوا کہ وہ شارک بچ گئی جب میں نے دوپہر کو گھر فون کیا تو والدہ نے کہا تم ٹینشن نہ لو شارک بالکل ٹھیک ہو گئی ہے میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ وہ بچ جائے گی۔

گمشدہ چیزوں کی تلاش کا پرتاثیر عمل

ایک عمل حکیم صاحب نے فرمایا تھا کہ جب کوئی چیز گم ہو جائے تو یَامَلِیْكُ یَا مُقْتَدِرُ پڑھنا چاہیے ہم دونوں میاں بیوی شاپنگ کیلئے مارکیٹ گئے اور وہاں سے کافی مہنگا سویٹر خریدا۔ لیکن وہ کسی جگہ رکھ کر بھول گئے۔ جب واپس گھر آگئے تو خیال آیا کہ سویٹر تو وہاں رہ گیا ہے۔ پہلے گاڑی میں چیک کیا لیکن گاڑی میں نہیں تھا۔ اہلیہ بہت پریشان تھی میں نے اسے کہا کہ فکر نہ کرو۔ ایک عمل ہے اس کی برکت سے سویٹر مل جائے گا۔ اس نے 11 مرتبہ یَامَلِیْكُ یَا مُقْتَدِرُ پڑھا کہ یا اللہ تیرا ملک بہت وسیع اور اقتدار لازوال ہے۔ پھر اُس دکان کے نمبر پر فون کیا اور پوچھا وہ کہنے لگے کہ یہاں تو کوئی سویٹر نہیں ہے۔

اہلیہ مزید پریشان ہوئی اور کہنے لگی کہ سویٹر تو گیا میں نے کہا یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ اللہ پاک کا نام لیا ہو اور مسئلہ حل نہ ہو۔ تھوڑی دیر بعد اُن دکان والوں کا فون آیا کہ ہماری 3/2 برانچز ہیں آپ نے کون سی برانچ سے خریدا تھا ہم نے بتایا کہ ہم لبرٹی مارکیٹ والی برانچ پر گئے تھے تو وہ کہنے لگے کہ یہ تو دوسری برانچ ہے۔ خیر! انہوں نے وہاں کا نمبر لکھوایا ہم نے وہاں فون کیا تو پتہ چلا کہ سویٹر وہاں بالکل حفاظت سے رکھا ہے۔ حالانکہ وہاں کافی رش رہتا ہے اور پھر ہم جا کے وہاں سے سویٹر لے آئے یہ میرا 4/3 بار کا تجربہ ہے کہ کوئی بھی چیز گم ہو تو یہ پڑھنے سے مل جاتی ہے۔ **(انیس گل صاحب)**

مالی مشکلات کا حل اور کان کا کامیاب آپریشن

میرے بچے کی سماعت کا مسئلہ تھا۔ جب اس کا چیک اپ کروایا تو ڈاکٹروں نے آپریشن تجویز کیا لیکن آپریشن کروانے کے لیے میرے پاس رقم نہیں تھی میں حضرت صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے مجھے ''یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِیْثُ'' کثرت سے پڑھنے کو فرمایا۔ اس ورد کی برکت سے اللہ پاک نے کرم فرمایا اور با آسانی بچے کا آپریشن ہو گیا۔ اس کے علاوہ بھی میرے کئی مسائل حل ہو گئے۔ میں سورۃ الکوثر کا عمل بھی صبح شام 129 مرتبہ مع 11 مرتبہ اول آخر درود شریف مسلسل کرتا ہوں۔ **(شہزاد صاحب)**

ذکر الٰہی کی بدولت جادو سے نجات

مجھ پر کسی نے کالا جادو کر دیا۔ اور میں اس کا توڑ کرنا چاہتا تھا کیونکہ جب مجھ پر جادو ہوا تھا تو میرے کپڑے پھٹتے تھے تو میں نے رات کو سوتے وقت اکتالیس مرتبہ ''یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ'' پڑھنا شروع کر دیا کچھ دنوں بعد مجھے اشارے ملنا شروع ہو گئے کہ فلاں بندہ ہے اب مجھے اس کا توڑ کرنا تھا۔ پھر میں نے حکیم صاحب کی کتاب کالی دنیا اور کالا جادو وظائف اولیا اور سائنسی تحقیقات سے ''یَا مُمِیْتُ'' کا وظیفہ پڑھا۔ یہ روزانہ 7 ہزار مرتبہ پڑھنا تھا میں نے پڑھنا شروع کر دیا تو جب پڑھتے پڑھتے میں تسبیح کاؤنٹر جیب میں رکھتا تو جنات شرارت سے 3/2 ہزار نمبر آگے کر دیتے لیکن مجھے یاد ہوتا تھا کہ میں نے کتنی تعداد پڑھی لی ہے اور اب کہاں سے شروع کرنا ہے پھر پڑھتے پڑھتے میں نے اس کے تین سوا لاکھ ختم کیے اور الحمدللہ خواب میں مجھے بتایا گیا کہ ہماری جان چھوٹ گئی ہے۔

وہ ایسے کہ ایک رات میں نے دیکھا کہ شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ تشریف فرما ہیں ایک نوجوان انہیں شرارت کے طور پر سفید کھلونے بھیجتا ہے وہ مسکرا کر فرماتے ہیں کہ ہم سے بھی شرارتیں کرنے سے باز نہیں آتا پھر انہوں نے فرمایا کہ باہر جو لڑکا کھڑا ہے اسے پکڑ لاؤ جب اسے لایا گیا تو کھلونے ختم ہو گئے۔ وہ اسے دیکھ کر مسکراتے ہیں اور فرماتے ہیں جا تجھے معاف کیا آئندہ ایسی حرکت مت کرنا۔ الحمدللہ اب میں اللہ کے فضل سے بالکل ٹھیک ہوں۔ **(فیصل صاحب)**

گاڑی کی حفاظت

میں 3,2 ہفتے سے درس میں حاضر ہو رہا ہوں۔ ابھی نماز پڑھنے کے دوران مجھے یاد آیا کہ میری گاڑی باہر کھڑی ہے اور میں جلدی کی وجہ گاڑی صحیح پارک نہ کر سکا تھا اس لئے چابی ایک صاحب کو دے دی تھی پارکنگ کیلئے اور اب اس بات کو کافی دیر گزر چکی تھی تو میں نے سوچا کہ آج ''سورۃ الکوثر'' کو آزماؤں۔ تو میں سورۃ الکوثر پڑھتے پڑھتے گیا اور دیکھا کہ ایک بندہ کھڑا تھا اس کے پاس چابی تھی۔ اس نے مجھے چابی دیتے ہوئے کہا کہ آپ نے جنہیں چابی دی تھی وہ کہیں چلے گئے ہیں اور چابی میرے حوالے کر گئے تھے میں بہت خوش ہوا کہ میری گاڑی بالکل محفوظ کھڑی تھی۔ **(میاں طارق صاحب)**

درس میں حاضری کی آسانی

میں بہاؤالدین زکریاؒ یونیورسٹی میں لیکچرار ہوں اور ساتھ ساتھ ہائی کورٹ میں ایڈووکیٹ ہوں۔ آج میرا سمسٹر کا پیپر تھا اور میں نے حکیم صاحب کی زیارت بھی ضرور کرنی تھی میرے پاس صرف دو راستے تھے یا تو میں لاہور آ جاتا یا پھر پیپر میں الجھا رہوں۔ میں نے درود شریف پڑھا۔ اللہ کو یاد کیا اور دعا کی کہ یا اللہ درس میں حاضر ہونے کی کوئی راہ نکال دے۔ تھوڑی دیر بعد خود اتھارٹی یونیورسٹی والوں نے فون کیا کہ ملک صاحب اگر آپ مائنڈ نہ کریں تو آپ کا پیپر ہفتے کو رکھ دیں؟ آپ کو اس میں پریشانی تو نہیں ہو گی؟ اس طرح درود شریف کی برکت سے میں خوشی خوشی درس کیلئے حاضر ہو گیا۔

سورۃ فاتحہ کی برکت سے آپریشن سے نجات

میں سورۃ فاتحہ کی برکت بتانا چاہتا ہوں میری اہلیہ کو پتھری کا مسئلہ تھا ان کی سہیلی نے کہا کہ آپ کو آپریشن کرانا پڑے گا۔ میں نے انہیں کہا کہ سورۃ فاتحہ کثرت سے پڑھیں ہم تو اس بات کو بھول گئے تقریباً دو ہفتے بعد ان کی سہیلی کہنے لگی کہ آپ نے اچھے ڈاکٹر سے آپریشن کرایا ہے تبھی تو آپ کے ٹانکے بھی نظر نہیں آرہے وہ کہنے لگی کہ میں نے تو کوئی آپریشن نہیں کرایا اور الحمدللہ سورۃ الفاتحہ کی برکت سے اس کا پتھری کا مسئلہ حل ہو گیا اور آپریشن کی نوبت ہی نہیں آئی۔ **(ملک خورشید صاحب)**

عشاء اور فجر کی پابندی کیلئے

میں نے 6/5 ماہ پہلے سے نمازیں پڑھنا شروع کی ہیں لیکن عشاء اور فجر نہیں پڑھی جاتی تھی۔ میں نے اس نیت سے ہر نماز کے بعد انمول خزانہ نمبر 1 پڑھنا شروع کر دیا اور اسکی برکت سے عشاء کی نماز بھی شروع ہو گئی۔ اس کے بعد میں 27 رمضان المبارک کو ختم قرآن کے درس میں حاضری کیلئے تسبیح خانے آیا۔ حکیم صاحب کا درس سنا اور پھر اللہ پاک کے کرم سے میں نے فجر پڑھنا بھی شروع کر دی۔ 3,4 دن بعد جب میں سونے کیلئے لیٹا تو کچھ پڑھتے پڑھتے آنکھ لگ گئی۔ اچانک مجھے محسوس ہوا کہ کسی نے میری ٹانگ کو بہت زور سے پکڑا ہوا ہے۔ میں نے تعوذ اور تسمیہ کے ساتھ آخری تین سورتیں پڑھنا شروع کر دیں اور جب تین مرتبہ پڑھ لیں تو فوراً میری ٹانگ چھوٹ گئی۔ پھر میں نے اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کے پورے جسم پر مل لیا اور ایسا کرنے سے میرا درد بھی ختم ہو گیا جو کسی نادیدہ شکنجے کی وجہ سے میری ٹانگ میں ہو رہا تھا۔ **(محمد اویس صاحب)**

آگ بجھ گئی

کل ایسا ہوا کہ ہمارے گھر میں آگ لگ گئی تو میری امی نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی دعا پڑھنا شروع کر دی تو الحمدللہ اس کی برکت سے آگ بجھ گئی۔ نوٹ! حضرت ابودرداء کی دعا انمول خزانہ نمبر 1 میں ہے **(حذیفہ شمسی)**

مالی فائدے کا راز

حکیم صاحب نے کافی عرصے سے مجھے **سورۃ الکوثر** پڑھنے کا فرمایا ہوا تھا لیکن میں نے توجہ نہیں کی اور اس کو اتنی اہمیت نہ دی کاروبار کے سلسلے میں ہر وقت پریشان رہتا تھا اور خاص طور پر مہینے کے آخری دنوں میں جب پیسے بالکل ختم ہو جاتے تو اور پریشانی ہوتی۔ میں نے صبح کے وقت 129 مرتبہ سورۃ الکوثر مع اول آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھنا شروع کی۔ اور اب اللہ کا شکر ہے کہ پیسے بھی ختم نہیں ہوتے اور سارا دن گاہک بھی آتے رہتے ہیں۔ **(محمد عثمان صاحب)**

بُرے حادثات سے حفاظت

میری عادت ہے کہ اکثر دوران سفر میں یہ دعا مسلسل پڑھتا رہتا ہوں:

”حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ“

یا پھر آیۃ الکرسی پڑھتا رہتا ہوں اور میرے مشاہدے میں آیا ہے کہ یہ مجھے حادثات سے بچاتی ہیں پچھلے ہفتے کی بات ہے کہ میں صبح ساڑھے سات بجے جب گھر سے نکلا تو دھند بہت زیادہ تھی۔ میں لنک روڈ سے اکبر چوک کی طرف جا رہا تھا۔ میری بائیک کی اسپیڈ تقریباً ستر کے قریب تھی آگے میں نے دیکھا کہ ایک بڑی پسنجر بس رکی ہے اور اُس کے پیچھے ایک ویگن رکی، ویگن نے اپنے آپ کو بچانے کیلئے نیچے والے ٹریک پر گاڑی کو اُتارا اسی دوران ایک تیز رفتار رکشہ بھی آ گیا اب میں پریشان کہ اگر

بریک لگاؤں تو بائیک پھسل جائے گی اس وقت میں ''آیۃ الکرسی'' پڑھ رہا تھا میں نے بریک لگائی بائیک تھوڑی سی سلپ ہوئی لیکن میں بس اور ویگن کو کراس کرتے ہوئے نکل گیا مجھے بالکل سمجھ نہیں لگی کہ میں کیسے نکلا بس اتنا ذہن میں آیا کہ اللہ پاک نے **آیۃالکرسی** کی برکت سے میری غیبی حفاظت فرمائی ہے۔

گھریلو ناچاقی اور دنیاوی مسائل کا حل

میرے گھر میں بڑی ناچاقی تھی۔ میں حکیم صاحب کے پاس آیا آپ نے مجھے ''**اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ**'' کا سبق دیا۔ یہ پڑھتے رہنے سے آناً فاناً سارے مسائل حل ہونا شروع ہو گئے۔ اس کے علاوہ میری ایک بہت عجیب و غریب کیفیت تھی میرے پورے جسم میں درد رہتا تھا اس کی وجہ سمجھ نہیں آتی تھی لیکن جونہی میں نے اس وظیفے کو پڑھنا شروع کیا میرے سارے درد غائب ہو گئے۔ **(سجاد حسین صاحب)**

چھ لاکھ کا قرض اتر گیا

میں 4 سال سے لوہے کا کاروبار کر رہا ہوں اور پچھلے دو برسوں سے کاروبار بالکل بند تھا۔ جب میں تین ماہ پہلے حکیم صاحب کے پاس آیا تھا تو اس وقت بالکل زیرو پر تھا۔ لوگوں نے پیسے روکے ہوئے تھے اور مال دینے والوں نے مال دینا بند کر دیا تھا۔ حکیم صاحب نے مجھے ''سورۃ الکوثر'' کا وظیفہ دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ میں نے انمول خزانہ نمبر 2 بھی پڑھنا شروع کر دیا الحمدللہ چھ لاکھ کا قرض اتر گیا اور وہ لوگ جنہوں نے میرے پیسے دبائے ہوئے تھے اور مانگنے پر بھی نہیں دیئے تھے اب بغیر مانگے ہی دے رہے ہیں اور میں انہیں کہہ رہا ہوں کہ ابھی مجھے ضرورت نہیں ہے۔

خزانہ غیب سے بچیوں کی فیس کا بندوبست

میں نے بچوں کے داخلے بھیجنے تھے اور میرے پاس کوئی رقم نہیں تھی۔ بچیوں نے ٹیوشن پڑھا کے پیسے جمع کیے ہوئے تھے وہ بھی میں نے گھر کے خرچے میں لگا دیئے حالات ہی ایسے تھے کہ مجبوراً گھر میں لگانے پڑے۔ بچیوں کا داخلہ تقریباً 45 ہزار میں ہونا تھا اور کافی دنوں سے کوئی بندوبست نہیں ہو رہا تھا مجھے شرمندگی بھی بہت زیادہ ہو رہی تھی پھر میں نے انمول خزانہ نمبر 2 نہایت کثرت سے پڑھنا شروع کر دیا۔ اللہ پاک نے خزانہ غیب نے بچیوں کی فیس کا بندوبست کر دیا اور اب بچیاں پڑھ رہی ہیں ابھی جو پنجاب حکومت نے لیپ ٹاپ تقسیم کیے ہیں۔ اس میرٹ پر بھی دو بچیوں کے نام آ گئے ہیں۔ حالانکہ اُن کے ڈومیسائل کا مسئلہ تھا کہ اس فارم کیلئے میرے پاس پیسے نہیں تھے لیکن بغیر ڈومیسائل کے ہی گھر میں لیٹر آ گیا کہ آپ میرٹ پر ہیں آپ کی فیس ہم ہر ماہ پندرہ سو کے حساب سے دیا کریں گے۔ یہ سب انمول خزانہ نمبر 2 اور ''سورۃ الکوثر'' کی برکت سے ہوا ہے۔ **(انعام اللہ صاحب)**

دوست حیران رہ گیا

میں لاہور کے ایک دینی مدرسے میں علم حاصل کر رہا ہوں۔ الحمدللہ سورۃ الکوثر 129 مرتبہ صبح و شام لازمی پڑھتا ہوں پچھلے ہفتے ہمارے جامعہ میں ایک طالب علم سویا ہوا تھا تو جب وہ اٹھا تو اس کا بٹوہ غائب تھا۔ وہ بہت پریشان ہوا کہ اس میں 1500 روپے تھے وہ میرے پاس آیا اور کہنے لگا کہ میں نے سارا کمرہ تلاش کر لیا ہے بستر کو بھی کئی مرتبہ جھاڑ کے دیکھ لیا ہے لیکن بٹوہ نہیں مل رہا۔ میں اس کے ساتھ ہو لیا اور سورۃ الکوثر پڑھتے پڑھتے جا کے اس کے بستر کو دوبارہ جھاڑا بٹوہ نیچے گر پڑا۔ وہ طالب علم حیران بھی ہوا اور پریشان بھی کہ میں نے تو پہلے کئی مرتبہ دیکھ لیا تھا لیکن مجھے نہیں ملا۔ یہ سورۃ الکوثر کی برکت ہے۔ **(محمد ہارون صاحب)**

دل نور سے منور ہوگیا

شاہ عالمی مارکیٹ میں میرے بڑے بھائی کی دکان ہے میں وہاں ڈیوٹی کرتا ہوں گزشتہ دنوں پچیس دسمبر کو چھٹی تھی اور مسیحی برادری نے بھی 3,2 چھٹیاں کی ہوئی تھیں تو ہمارے نزدیک ہی بابا برکت علی کی مسجد ہے اس کی سیڑھیوں پر کافی زیادہ دھول مٹی جمی ہوئی تھی باتھ روم بھی بہت گندے تھے تو میں نے امام صاحب سے جھاڑو لیا اور سیڑھیاں اچھی طرح صاف کیں پھر باتھ روم کی بھی صفائی کی کافی لوگوں نے میرا مذاق اڑایا کہ تم یہ کیا کر رہے ہو۔ میں نے انہیں کہا کہ مساجد ہماری عبادت گاہیں ہیں۔ ہمیں اپنی عبادت گاہ کی صفائی بھی عبادت سمجھ کر ہی کرنی چاہیے۔ وہ کہنے لگے کہ چھوڑو اسے یہ تو پاگل ہوگیا ہے۔ حالانکہ اس صفائی کرنے کی برکت سے اللہ پاک نے میرے کاروبار کے بہت سے مسائل حل کر دیئے۔ اور دل نور سے منور ہوگیا۔ **(نعیم جاوید معرفتی صاحب)**

بے شمار مسائل کا حل

میں کاروبار کے لیے ہر وقت پریشان رہتا تھا اسی پریشانی میں حکیم صاحب کے پاس آیا۔ تو آپ نے مجھے ایک وظیفہ عنایت کیا۔

”یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ“ اور فرمایا کہ صبح شام ہر وقت یہ پڑھتے رہا کرو اس کے ساتھ ہی مجھے ایک تھیلی دی اور فرمایا کہ اس پر صبح و شام 129 مرتبہ سورۃ الکوثر مع تسمیہ اول آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھا کرو۔ اس کی برکت سے میرے مسائل حل ہونا شروع ہوگئے ہیں اور سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ اچھا انسان بننے کی بھی امید پیدا ہوگئی ہے واقعی اللہ کے کلام میں بے انتہا برکت ہے اور تسبیح خانے میں بھی جو بندہ حاضر ہوتا ہے بے انتہا فیض حاصل کرتا ہے۔ یہاں سب لوگوں کا جمع ہو کر ذکر و دعا کرنا بے شمار مسائل کا حل ہے۔ ہمیں چاہیے کہ انسانیت کی خدمت کیلئے شب و روز محنت کریں۔

جھگڑے ختم، ماحول خوشگوار

حکیم صاحب نے مجھے ”بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ“ کا ذکر دیا اور کہا کہ اس ذکر کو دس لاکھ دفعہ پڑھیں اس کے بعد جس مقصد کیلئے چند دفعہ پڑھیں گے اللہ تعالیٰ عطا کرے گا۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا۔ اس وظیفے کی برکت سے میرے شوہر کے اقامہ (سول I.D) کا مسئلہ حل ہوگیا اور کاروبار میں بہت بہتری ہوئی۔ ذکر کرتے ہوئے میں کافی پریشانیوں سے بچ جاتی ہوں۔

میرے گھر میں سکون ہے

میں نے ایک عمل ماہنامہ عبقری سے لیا تھا کہ ”سورۃ البقرۃ“ دن میں صرف ایک بار، اکتالیس دن پڑھنے سے گھر کی بلائیں اور آفات ختم ہو جاتے ہیں۔ اس عمل کو کرنے سے میرا گھر جو ہر وقت گندا رہتا تھا، لڑائیاں تھیں، چھوٹی چھوٹی باتوں پر غصہ آجاتا تھا۔ یہ سب ٹھیک ہوگیا ہے اور اب میرے گھر میں سکون ہے۔

درس میں آنے سے میری نالج میں اضافہ ہوا ہے اور ایک اچھے معلم کی کمی پوری ہوگئی ہے۔ میرے دل میں جو بھی سوال اٹھتے ہیں مجھے درس میں اُن سوالوں کا جواب مل جاتا ہے۔ درس میں جو دعا مانگتی ہوں پوری ہوتی ہے۔

میری امی کی کزن کے گھر میں بہت زیادہ لڑائیاں ہوتی تھیں گھر والوں کی آپس میں ہر وقت کسی نہ کسی بات پر نوک جھوک ہوتی رہتی تھی۔ میری امی نے انہیں دو انمول خزانے پڑھنے کیلئے دیئے، دو انمول خزانہ پڑھنے سے اُن کے گھر کی لڑائیاں ختم ہوگئیں اور جو لوگ پہلے ایک دوسرے کو کھانے کو دوڑتے تھے انہیں ایک دوسرے کا احساس ہونے لگ گیا۔ گھر کا ماحول خوشگوار ہوگیا ہے۔

سینے کی جلن سے چھٹکارا

میرے سینے کے اندر ایک جلن مسلسل رہتی تھی۔ میں نے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی اس کی نیت کر کے پینا شروع کر دیئے جلن بالکل ختم ہوگئی ہے۔

زندگی کا بارہا آزمودہ عمل

جب مجھے غصہ آ رہا ہو تو میں دس دفعہ: ’’ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ‘‘ پڑھتی ہوں غصہ ختم ہو جاتا ہے۔ سورۃ الکوثر پڑھنے سے پیسوں میں برکت ہوئی ہے۔ جس چیز پر میں سورۃ الکوثر پڑھ کے دم کر دوں وہ جلدی ختم نہیں ہوتی۔ ہمیں زندگی میں جب بھی کوئی مشکل آئی ہے تو ہم نے اعمال کے ذریعے اللہ پاک سے مانگا ہے اللہ نے ہماری مشکل حل کی ہے۔ میری زندگی کا بارہا آزمودہ عمل ہے۔

ایک دفعہ ہمارے گھر کا مسئلہ تھا ہم نے ’’درود تنجینا‘‘ پڑھا اس درود کی برکت سے ہمارا اپنا گھر بن گیا۔ نوکری کے مسائل حل ہوئے۔ ہمارے ایک رشتے دار نے باہر جانا تھا۔ انہوں نے یہ درود پاک پڑھا تو ان کا ویزا لگ گیا۔ درود تنجینا پڑھنے کی ترتیب یہ ہے درود تنجینا 1001 دفعہ لگاتار پڑھنا ہے جب تک مسئلہ حل نہ ہو اس ترتیب سے پڑھتے رہیں سارے گھر والے مل کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ یا 313 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ (بنت گل خان: اسلام آباد)

موت کا خوف ختم

مجھے موت کا ڈر بہت زیادہ تھا جونہی شام ہوتی تھی مجھے لگتا بس صبح نہیں ہو گی۔ پھر میں نے ہر نماز کے بعد 10 دفعہ ’’ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ‘‘ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک مارنا شروع کر دیا۔ اللہ کا شکر ہے دل مضبوط ہو گیا ہے اور اب کوئی ڈر نہیں لگتا۔

طلاق ہونے سے بچ گئی

جس ٹیلر سے میں اپنے کپڑے سلواتا ہوں اُس کی بہن کو طلاق ہو رہی تھی اس نے مجھے بتایا تو میں نے اُنہیں دو انمول خزانے پڑھنے کیلئے دیئے۔ ایک ماہ کے بعد اُس نے مجھے فون پر بتایا کہ معاملہ کافی بہتر ہو گیا ہے۔ بہن سسرال واپس چلی گئی ہے جبکہ اُن کا اتنا شدید جھگڑا تھا کہ سالہ اور بہنوئی کی آپس میں بہت سخت لڑائی ہوئی۔ دو انمول خزانے کی برکت سے معاملہ ٹھیک ہو گیا۔

ڈینگی بخار سے نجات

میری بھانجی کو ڈینگی بخار ہو گیا تھا اور ڈاکٹروں نے اُس کے ٹیسٹ کروانے کو کہا جب ٹیسٹ کروائے تو رپورٹ میں ڈینگی آیا، میں نے اپنی بھانجی کے کان میں سورۃ المومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر پھونک ماردی اور جب اگلے دن ڈاکٹر کے پاس گئے تو ڈاکٹر نے بخار چیک کیا ڈاکٹر نے کہا کہ اُس کے دوبارہ ٹیسٹ کروائیں جب بھانجی کے دوبارہ ٹیسٹ کروائے تو ٹیسٹ میں ڈینگی وائرس موجود نہیں تھا اور سورۃ المومنون کی آخری چار آیات کی برکت سے ڈینگی بخار ختم ہو گیا اور ایک دفعہ میری بڑی بھانجی کے سر میں بہت درد تھا میں نے سورۃ المومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر اس کے کان میں پھونک دی اور اُس کے سر کا درد بالکل ٹھیک ہو گیا۔ (طیب چودھری)

نافرمان اولاد کیلئے

حکیم صاحب میں نے آپ کو بتایا تھا کہ میرا بیٹا بے ادب و گستاخ ہے اسی طرح میاں بھی پل پل میں غصے سے چیخنے چلانے لگتے ہیں۔ میں نے دونوں کے لئے سات بار ’’اذان اور افحسبتم‘‘ والا عمل شروع کر دیا تو یکدم تبدیل ہو گئے پھر نادانستہ طور پر یہ عمل مجھ سے چھوٹ گیا گھر میں پھر وہی لڑائی جھگڑا اور بے سکونی شروع ہو گئی اب پھر نماز فجر سے پہلے یا بعد میں باقاعدگی سے پڑھ رہی ہوں اور الحمدللہ گھر میں سکون ہے۔

جو بچے پڑھتے نہ ہوں....!

حضرت جی جو بچے اسکول جانے سے انکاری ہوں اور پڑھنے سے دل

چراتے ہوں ان کے کان میں صرف تین دن صبح و شام سات سات مرتبہ سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان پڑھ کر پھونک ماردیں۔ ذرا آواز کے ساتھ پڑھیں تو بچے خود بہ خود پڑھنے لگیں گے۔

اکثر بچے اپنے والدین کا کہنا نہیں مانتے ایسے بچوں کو آٹھ دن لگا تار سورۃالمومنون کی آخری چار آیات اور اذان پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ بہترین رزلٹ ملے گا۔

ایک مشاہدہ جس نے مجھے بھی حیران کردیا وہ یہ ہے کہ تقریباً 2011ء کی بات ہے غالباً میں آپ کا درس سن کر لاہور سے واپس گھر جا رہا تھا مجھے راستے میں میرے دوست کا فون آیا اور اُس کی معرفت ایک خاتون سے بات ہوئی۔ اس خاتون بتایا کہ میں الشفا انٹرنیشنل ہاسپٹل اسلام آباد سے بول رہی ہوں میرے شوہر ہیپاٹائٹس کے مریض ہیں اور ڈاکٹروں نے اُن کو جواب دے دیا ہے کہ اِن کا جگر بالکل ختم ہوگیا ہے ان کو امریکہ لے جائیں وہاں اس کا جگر تبدیل ہوگا وغیرہ وغیرہ۔ وہ بات کرتی ہوئے مسلسل روئے جارہی تھی اور کہہ رہی تھی کہ ہم میں اتنی ہمت نہیں ہے کہ ہم ان کو امریکہ لے جائیں پھر میں نے اُس کو کہا کہ بی بی دیکھو میرے سامنے یہ آنسو نہ بہاؤ بلکہ یہی دو آنسو اگر تم اللہ کریم جل شانہ کے سامنے بہاؤ تو ضرور تمہارا شوہر ٹھیک ہوجائے گا۔

پھر میں نے اس کو سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان والا عمل بتایا کہ ہر نماز کے بعد دن میں پانچ مرتبہ یہی عمل سات سات مرتبہ پڑھ کے اپنے شوہر کے کانوں میں پھونکتی رہیں اور اس کے علاوہ سورۃ الکوثر مسلسل فارغ اوقات پڑھتی رہیں۔ دو دن بعد پھر فون آیا کہ میرے شوہر کی طبیعت پہلے سے بہتر ہے اور ہم نے ڈاکٹروں سے انہیں انڈیا لے جانے کی اجازت لے لی ہے کہ وہاں

کچھ پیسے کم لگتے امریکہ جانے کی ہم میں ہمت نہیں ہے اور اُس عورت نے بتایا کہ ڈاکٹر حضرات نے آٹھ دس دن میں حتمی رپورٹ بنادیں گے اور تقریباً دس دن میں ہمیں انڈیا ریفر کردیا جائیگا۔ میں نے اُس کو کہا کہ بی بی ان دس دنوں میں عمل مکمل پورے دھیان سے کرو اللہ کریم ضرور آپ کی مدد کریں گے۔ اس بی بی نے مکمل دھیان سے اور اللہ کریم کے سامنے رو رو کر دس دن عمل کیا۔

تقریباً دس بارہ دن کے بعد جب حتمی رپورٹ اُن ڈاکٹروں کے سامنے آئی تو سب حیران ہوگئے اور اُسی دن الشفاء انٹرنیشنل ہاسپٹل اسلام آباد میں گیارہ ڈاکٹروں کا بورڈ بیٹھا اور اُنہوں نے دوبارہ چیک کیا اور بار بار چیک کیا وہ تقریباً دو ہفتہ پہلے کی رپورٹ اور موجود رپورٹ جو اُنہوں نے حتمی رپورٹ بنائی تھی انڈیا ریفر کرنے کیلئے دیکھ دیکھ کر حیران تھے کہ آپ کو تو جگر کا مرض ہی نہیں ہے ہلکا سا بخار اور نزلہ ہے۔ اُن گیارہ ڈاکٹروں کے بورڈ نے ان کو فارغ کردیا ہے کہ ارشد صاحب! آپ تو ہمارے پاس معجزانہ طور پر ٹھیک ہوگئے ہیں۔ ٹھیک ایک مہینے کے بعد ارشد صاحب اپنے گھر میں تھے۔ یہ سب سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان کا کمال ہے۔

ایک مشاہدہ اور ہوا وہ یہ کہ ایک عورت کے پیچھے کوئی شیطانی چیز لگی ہوئی تھیں اور طرح طرح سے اُسے تنگ کرتی تھی مجھ سے پہلے وہ بہت سے عاملوں کے پاس جاچکی تھی تعویذ وغیرہ دیئے مگر اسے آفاقہ نہ ہوا۔

اب وہ میرے پاس آئی تو میں نے اس کو کہا کہ میں دم ضرور کروں گا مگر آپ کو بھی کچھ نہ کچھ کرنا ہوگا۔ اُس نے کہا میں ضرور کروں گی پھر اس کو سورہ مومنون کی چار آیات اور اذان والا عمل بتایا۔ اُس نے کرنا شروع کیا تو اُسے مزید اور زیادہ تنگ کرنا شروع کردیا پھر اس نے مجھے شکایت کی میں نے کہا یہ وقتی ہے۔ انشاءاللہ آپ جلد ٹھیک ہو جائیں گی بس عمل جاری رکھیں اور اس کو میں نے ساتھ روحانی غسل بتا دیا جس سے وہ تقریباً چار سے پانچ ہفتہ میں بالکل ٹھیک ہوگئی۔ **(حافظ محمد آصف، منڈی بہاؤالدین)**

اذان سے سر درد ختم

میں نے اپنے چھوٹے بھائی کے کان میں اذان اُسی طریقے سے پڑھی جیسے حکیم صاحب نے بتائی تھی اُس کا سر شدید درد سے پھٹا جا رہا تھا۔ اذان کے عمل سے وہ سکون کی نیند سو گیا۔ میں نے اپنے لیے بھی ایسا ہی کیا میرے سر میں بھی بہت درد تھا صبح ٹھیک ہو گیا تھا۔ (فرحت لاہور)

خارش سے نجات

ایک عورت کو جسم پر خارش بہت زیادہ تھی صرف اُس کو ہی نہیں بلکہ سارے گھر والے ہی اس میں مبتلا تھے۔ اس کو اذان اور "اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ" ایک ایک تسبیح صبح وشام پڑھنے کیلئے وظیفہ دیا۔ اب تک وہ پڑھ رہے ہیں خارش ختم ہو گئی جبکہ ڈاکٹروں سے علاج کرا کے تھک گئے تھے۔ (سلیم اللہ سومرو)

گھر سے اشیاء غائب

پہلے ہمارے گھر سے اشیاء غائب ہو جایا کرتی تھی میری اہلیہ کو کانوں میں عجیب وغریب آوازیں سنائی دیا کرتی تھیں اور کبھی کبھار تو ایسا لگتا کہ کوئی میری اہلیہ کا گلہ دبا کر اس کا دم گھونٹ رہا ہے۔ آپ نے سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان والا عمل دیا۔ اللہ کا شکر ہے اب گھر میں بھی سکون ہے اور ہمیں بھی کافی سکون ہے۔ (محمد فہیم امریکہ)

گردن توڑ بخار کا علاج

میرے بھائی نے مجھے فون کیا کہ میرا دو سالہ بیٹا عبداللہ جناح ہسپتال میں ایڈمٹ ہے اس کو جھٹکے لگ رہے ہیں بخار بھی بہت ہی تیز ہے۔ میرا بھائی فون پر زاروقطار رو رہا تھا کہ بیٹے کی حالت بہت نازک ہے ڈاکٹر کہتے ہیں اس کو گردن توڑ بخار ہے۔ میں اُسی وقت بیٹی کو لے کر ہسپتال پہنچی۔ ہم گئے تو بچہ بے ہوش تھا۔ نہ جانے کیا کیا مشینیں لگی ہوئی تھیں۔

میں نے فوراً پہنچ کر پہلے اس بچے کی طرف سے صدقہ دیا پھر میں نے اور میری بیٹی نے سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ پڑھ کر اُس کے پہلے دائیں کان میں اور پھر بائیں کان میں پھونکنا شروع کیا۔ ہم تین گھنٹے مسلسل پڑھتے رہے۔ الحمدللہ! بچے کو کچھ ہوش آیا اور بخار بھی کم ہو گیا۔ ڈاکٹروں نے بہت سے ٹیسٹ بتائے بس ایک ٹیسٹ اسی وقت ہونا تھا جو کہ ریڑھ کی ہڈی سے پانی لے کر کیا گیا۔ ہم رات بارہ بجے تک وہاں پڑھتے رہے پھر ہم گھر اور بھائی کو یہ عمل دے آئی اور کہا ان شاء اللہ...! اللہ کے کلام کی برکت سے باقی ٹیسٹ اب نہیں کرانے پڑیں گے میں گھر جا کر بھی دعا کروں گی۔ اب تم بس یہ آیات پڑھتے رہنا۔

اگلے دن میں نے بھائی سے پوچھا تو اس نے کہا الحمدللہ اب عبداللہ کافی بہتر ہے۔ پھر میں بھی ہسپتال گئی بچہ ماشاء اللہ کافی بہتر تھا جہاں ڈاکٹرز کو اس کی بیماری کی سمجھ ہی نہیں آ رہی اور نہ جانے کتنے دن اس کو ہاسپٹل رکھنے کو کہا تھا وہاں وہ دوسرے دن ہی گھر چلے گئے اور کوئی اور ٹیسٹ بھی کروانا نا پڑا۔ اب ماشاء اللہ بچہ بالکل ٹھیک۔

فالج کا علاج

ہمارے پڑوسی میرے پاس آئے انہوں نے مجھ سے کہا کہ باباجی میری والدہ کو فالج ہوا تھا آپ آ کر دم کر دیں۔ میں نے افحسبتم اور اذان والا عمل دم کر دیا اور کہا کہ آپ بھی یہ عمل توجہ سے کریں اللہ کرم کر دیں گے۔ تین دن بعد پڑوسی سے ملاقات ہوئی تو وہ کافی خوش تھے اور کہا کہ الحمدللہ ہماری مریضہ پہلے سے بہتر ہے۔ (محمد اسلم جاوید صاحب)

آندھی کو روک دینے والا عمل

ایک دفعہ بہت سخت آندھی آئی کافی پریشانی ہوئی اچانک مجھے اذان والا عمل یاد آیا میں نے اذان پڑھنا شروع کر دی اور لگاتار اذان پڑھتا رہا اس کی برکت سے آندھی رک گئی۔

ایک دفعہ ہم بہاولپور جا رہے تھے چونکہ عید کے دن قریب تھے تو بس والے نے کرایہ زیادہ مانگا ہم نے اذان والا عمل کیا اس کی برکت سے اس نے ہزار کی بجائے چھ سو روپے کرایہ لیا۔

حیرت انگیز برکت

میرے پاس ایک آدمی اپنے معذور بچے کو لے کر آتے تھے اللہ کا شکر ہے وہ بچہ اب پہلے سے بہتر ہے۔ اُس بچے کا باپ اکثر دین اسلام کی تبلیغ کرنے کی وجہ سے سفر میں رہتا ہے۔ ابھی کچھ دن پہلے وہ چالس دن کے لئے گیا تھا وہ آدمی کافی غریب ہے۔ میں اکثر اس کو کچھ نہ کچھ اعمال بتاتا رہتا ہوں جب وہ سفر سے واپس آیا تو میں نے اُس سے پوچھا کہ سفر کی کارگزاری سناؤ۔ وہ مجھے بتانے لگا کہ چالس دن کے سفر پر جانے سے پہلے میرے پاس صرف چھ ہزار روپے تھے اور ان چھ ہزار روپے میں چالیس دن گزرا ے۔ آپ کو پتہ ہے کہ تین وقت کا کھانا، سفری اخراجات وغیرہ اپنی جیب سے کرنے ہوتے ہیں۔ میں اللہ کا نام لے کر باقی ساتھیوں کے ساتھ سفر پر چلا گیا۔ آپ سے سورۃ الکوثر کا سن رکھا تھا۔ وہ عمل میں باقاعدگی سے کرتا رہا میں اپنے گھر سے راولپنڈی پھر لاہور، وہاں سے ہم کو انڈیا کے بارڈر پر بھیج دیا گیا اس کے علاوہ دس دس دن کی ملک کے مختلف علاقوں میں ہم جاتے رہے۔ میں سورۃ الکوثر کا عمل کرتا رہا اور پیسے خرچ کرتا رہا جب میں گھر واپس آیا اور پیسوں کو چیک کیا تو چھ ہزار روپے میں سے بھی بچ گئے تھے۔ یہ سب سورۃ الکوثر کی برکت سے ہوا۔

غیبی طریقے سے مدد

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کے کام سنوار دے اس کی رکاوٹیں ختم ہوں، اس کے مسائل حل ہوں، غیبی مدد اس کے ساتھ ہو جائے اور پریشانیاں دور ہوں تو اس کو چاہیے کہ روزانہ دو رکعت نفل مغفرت برائے تمام مومنین و مومنات، مسلمین، مسلمات جو زندہ ہیں اور وفات پا چکے ہیں اُن کے لئے پڑھے۔ اس عمل کی بدولت اللہ تعالیٰ غیب کے خزانے سے اس کی مدد فرمائیں گے اور دنیا کے تمام مومنین مومنات، مسلمین مسلمات جو زندہ ہیں اور جو وفات پا چکے ہیں ان کے برابر اس شخص کو نیکیاں ملیں گی۔

ایکسیڈنٹ سے حفاظت

کچھ دن پہلے میں اپنی فیملی کے ساتھ شادی کی تقریب کے لئے پنڈی جا رہا تھا۔ پیرودھائی روڈ پر بڑے ٹرالے اور ٹرک وغیرہ بہت ہوتے ہیں۔ میں اپنی سائیڈ پر جا رہا تھا کہ اچانک میری گاڑی کی بائیں سائیڈ سے ڈیمپر والا آ گیا۔ روڈ پر کافی رش تھا اس نے مجھے غلط اوورٹیک کرنے کی کوشش کی اور میری گاڑی کو ڈِمپر مارنے کی کوشش کی کہ اچانک میرے منہ سے ''یَاحَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ'' نکلا بس کیا بتاؤں کہ اس قدرت نے ہماری کیسے مدد کی کہ ایکسیڈنٹ ہوتے ہوتے بچا۔ اسی دن اسی روڈ پر دو تین گاڑیوں سے میرا ایکسیڈنٹ ہوتے ہوتے بچا۔ یہ یَاحَفِیْظُ کا کمال تھا جس کا میں ورد کر رہا تھا۔

بڑے نقصان سے حفاظت

میرے ایک رشتہ دار مجھ سے گاڑی لے کر گاؤں جا رہے تھے جب وہ گاڑی میں سوار ہو رہے تھے تو میں نے ان سے کہا کہ یَاحَفِیْظُ گیارہ مرتبہ پڑھ لیں۔ وہ اپنی بہن کی شادی کے سلسلے میں حضرو جا رہے تھے ان کے فیملی ممبرز حضرو

Khush Jeeyay sarfraz shah vich manchester

کے مختلف علاقوں میں رہائش پذیر ہیں۔ میرے وہ عزیز بتانے لگے کہ جب ہم ایک جگہ پہنچے میرے ساتھ میری بیوی بھی تھیں۔ ہم گاڑی پارک کر کے جانے لگے تو میری بیوی نے بتایا کہ گاڑی میں سے دھواں نکل رہا ہے میں فوراً بھاگا اور گاڑی کو اسٹارٹ کر دیا گاڑی گرم ہو گئی تھی۔ میں نے اُس کے انجن پر پانی ڈالنا شروع کیا خدا نے کیا کہ انجن ٹھنڈا ہو گیا میں پانی ڈال رہا تھا تو سوچا کہ مجھے کوئی نقصان نہیں ہو سکتا کیوں کہ گھر سے یَاحَفِیْظُ پڑھا تھا اس کی مدد سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔

سات بار سانس والا عمل

میرے پاس ایک مریضہ آتی ہیں ان کا تعلق فیصل آباد سے ہے۔ اس کا خاوند یہاں مقامی مل میں فورمین ہے اس لئے وہ بھی خاوند کے ساتھ مل کر کالونی میں رہتی ہیں وہ بی بی اکثر پریشان رہتی تھیں اکثر اس سلسلے میں میں اسے کوئی نہ کوئی مشورہ دیتا رہتا ڈیڑھ مہینہ پہلے وہ میرے پاس آئی تھیں اور مجھے کہنے لگیں ڈاکٹر صاحب میرے بہت سے مسئلے حل نہیں ہو رہے ہیں بہت پریشان ہوں اسے سانس کی تکلیف تھی اور سر میں اکثر درد رہتا تھا میں نے اسے ایک عمل بتایا جو میں نے درس کے دوران انٹرنیٹ پر حکیم صاحب سے سنا تھا وہ میں نے اسے بتا دیا ابھی پانچ دن پہلے وہ میرے پاس آئی تھی میں نے اسے پوچھا کہ اب تمہارا کیا حال ہے اس نے کہا جو آپ نے عمل بتایا تھا اس کی برکت سے میری بہت سی پریشانیاں، بیماریاں اور نہ حل ہونے والے مسئلے، ایسے حل ہو رہے ہیں کہ میں آپ کو کیا بتاؤں میں اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد کا نظارہ دیکھ رہی ہوں اور مسلسل یہ عمل کر رہی ہوں۔

عمل کا طریقہ:

آپ پرسکون ہو کر بیٹھ جائیں اس عمل میں سانس کو سات بار اندر لے کر جانا ہوتا ہے اور سات بار باہر نکالنا ہوتا ہے۔ جب سانس کو ناک کے ذریعے اندر

لے کر جا رہے ہوں تو تصور کریں کہ لفظِ ''اَللّٰهُ'' سانس کے ذریعے آپ کے اندر جا رہا ہے اب آپ سانس روک لیں اور تصور کریں کہ لفظ ''اَللّٰهُ'' آپ کے اندر بھرا جا رہا ہے اور جب آپ دیکھیں کہ سینہ سانس سے بھر گیا ہے تو آپ تصور کریں کہ آپ کے اندر کی تمام بیماریاں، پریشانیاں، تکالیف ٹینشن، ڈپریشن وغیرہ سانس کے ذریعے باہر نکل رہی ہیں۔ سانس باہر نکالتے وقت ''ھو'' کہہ کے سانس باہر نکالیں۔ ایسا سات دفعہ کرنا ہے اس عمل کے کرنے کے بعد آپ تین دفعہ پہلا کلمہ ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' پڑھیں اور کلمہ پڑھنے کے بعد اللہ سے دعا کریں کہ اے اللہ تو اس کلمے کے پڑھنے پر ایک ستر سالہ کافر بھی ہو تو تو اُسے بخش دیتا ہے۔ اے اللہ میں تو مسلمان ہوں اور ابھی میں نے تین بار کلمہ پڑھا ہے تو اس کلمے کی بدولت میری تمام پریشانیاں، بیماریاں دور فرما۔ یہ دعا آپ نے گڑگڑا کر مانگنی ہے پھر اللہ کی مدد کا نظارہ دیکھیں۔

عقل حیران رہ گئی

میں اپنے ماموں کے گھر سے واپس آ رہا تھا۔ میرے پاس سوزوکی وین تھی اور جس روڈ سے میں واپس آ رہا تھا اس پر دو طرفہ ٹریفک چل رہی تھی میری گاڑی کے آگے ایک سوزوکی پک اپ جا رہی تھی اور وہ کافی آہستہ چل رہی تھی اور مجھے جلدی تھی میں نے اس پک اپ کو اوورٹیک کرنے کی کوشش کی۔ پک اپ کے ڈرائیور نے مجھے اوورٹیک کرتے دیکھ کر اپنی گاڑی کی اسپیڈ کم کرنے کے بجائے اور بھی زیادہ بڑھا دی۔ میری گاڑی اسپیڈ میں تھی اور مجھے سامنے والی ٹریفک کا احساس ہی نہ رہا جب میں نے سامنے دیکھا تو سامنے سے ایک بڑا ٹرالہ آ رہا تھا (لانگ وہیکل) اب میرے پاس ٹائم نہیں تھا اگر بریک مارتا ہوں تو وین الٹ جاتی واپس سائیڈ پر ہوتا ہوں تو پک اپ کو لگتی ہے اور سامنے ٹرالہ تھا اور اسی وقت میں نے اپنا انجام سوچ لیا تھا آپ کو

بتا تا چلوں کہ اُس وقت میرے ساتھ میرا ایک دوست بھی بیٹھا ہوا تھا مجھے اچانک اس کی آواز آئی وہ الفاظ یہ تھے۔ یَاحَفِیْظُ. یَاحَفِیْظُ۔

میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں کیسے بیان کروں کہ اتنے بڑے ٹرالے کو کسی طاقت نے اُٹھا کر سڑک سے نیچے کھڑا کر دیا اور میں گم سم یہی سوچتا رہا کہ یہ کیسے ہوا ہم دونوں دوست اور ہماری گاڑی سب کچھ بچ گیا۔ سب کچھ یَاحَفِیْظُ کی برکت سے ہوا۔

سفارش کے بغیر ٹرانسفر

میرے پاس ایک مریض فزیوتھراپی کے لئے آتا تھا۔ اس کو لقوہ کی شکایت تھی وہ اسٹیٹ لائف میں نائب قاصد کی ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے۔ میں نے اُسے کہا کہ تمہیں فزیوتھراپی کے لئے روزانہ آنا پڑیگا آگے سے وہ مجھے کہنے لگا میری ڈیوٹی ایبٹ آباد آفس میں لگی ہوئی ہے جس کے لئے مجھے روزانہ وہاں جانا پڑتا ہے۔ ابھی کچھ دنوں سے میں چھٹی پر ہوں جس کی وجہ سے میں نہیں جارہا لیکن میں بڑا پریشان ہوں وہاں سے آنا جانا بہت مشکل ہے میں چاہتا ہوں کہ وہاں سے میرا ٹرانسفر ہو جائے میں نے اُسے ''سورۃ لھب'' کا وظیفہ دیا جو کہ حکیم صاحب نے درس کے دوران بتایا تھا۔ ابھی اس مریض کو وظیفہ کرتے ہوئے تین چار دن ہی گزرے تھے چوتھے روز وہ میرے پاس بڑی خوشی، خوشی آیا اور مجھے بتایا کہ اللہ کا شکر ہے میرا ٹرانسفر ہو گیا ہے اور وہ بھی میری پسندیدہ جگہ ہری پور آفس میں۔ نہ تو میں نے کوئی درخواست دی تھی اور نہ ہی کہیں سے سفارش کروائی اور ابھی تک تو میں آفس بھی نہیں گیا کہ مجھے فون پر اطلاع ہوئی آپ کا ٹرانسفر ہو گیا ہے اور آپ ہری پور آفس جوائن کریں اور یہ سب اس سورۃ لھب کے وظیفے کی بدولت ہوا۔ وظیفے کا طریقہ یہ ہے۔ ہر نماز کے بعد سورۃ لھب انیس بار پڑھیں۔ انشاء اللہ جو کرے گا وہ مراد پائے گا۔

خواب میں بزرگ کی زیارت

میں ایک فزیوتھراپسٹ ہوں میرے پاس اکثر معذور لوگ ہی آتے ہیں جن میں سے ایک مریضہ جن کا نام (س۔م) ہے ایک سال پہلے میں نے ان کا علاج کیا تھا اور وہ ٹھیک ہو گئی تھیں۔ تقریباً ایک سال بعد اُنہیں دوبارہ تکلیف ہوئی اور اُنہوں نے مجھ سے رابطہ کیا میں اُس کو دیکھنے اس کے گھر گیا۔ باتوں باتوں میں اس نے مجھے بتایا کہ آپ نے ایک سال پہلے مجھے دوانمول خزانے دیئے تھے وہ میں مسلسل پڑھ رہی ہوں آج کل لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے اور میرے کمرے میں اکثر اندھیرا ہوتا ہے لیکن میرے پاس روشنی کا ایک حالہ سا ہوتا ہے۔ میرے سرہانے ایک چمکتی ہوئی چیز ہوتی ہے جیسے میرا رب میرے پاس ہو وہ مریضہ بتا رہی تھیں کہ جب میں نے دوانمول خزانے شروع کئے تھے اس کے کچھ عرصے بعد میں نے ان کو پڑھنا چھوڑ دیا۔ جس دن چھوڑا تھا اس دن ایک خواب دیکھا جس میں ایک بزرگ کی آواز آئی اور وہ کہہ رہے تھے کہ تم نے یہ دوانمول خزانے کیوں چھوڑ دیئے ہیں پھر کہا کہ یہ پڑھو اس میں تمہارا ہی فائدہ ہے میں نے اُن سے پوچھا کہ آپ کون ہیں تو اُنہوں نے کہا کہ میرا تعلق داتا دربار سے ہے۔ یہ کہہ کر وہ بزرگ غائب ہو گئے وہ دن ہے اور آج کا دن ہے میں دوانمول خزانے باقاعدگی سے پڑھ رہی ہوں میرے ہر کام میں اللہ تعالیٰ کی مدد ہوتی ہے۔

مخلوق آپ کے تابع

میرے پاس ایک آدمی اپنے معذور بچے کو لے کر آتا ہے وہ مجھے بتا رہا تھا کہ یہ دعا: ''سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللهَ ''میں نے جب بھی پڑھی ہے بلکہ اس کو پڑھنے کا میرا معمول ہے

اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ غیب سے میری مدد کرتے ہیں۔ ایک دفعہ میں نے کہیں جانا تھا جس کے لئے مجھے کافی ۔سارے روپوں کی ضرورت تھی میں بہت پریشان تھا کہ کیا کروں پیسے کہاں سے لاؤں تو میرے ایک دوست نے ایک اللہ والے کی کتاب اعمال قرآنی سے یہ دعا پڑھنے کے لیے دی جیسے ہی اس عمل کو میں نے شروع کیا اللہ تعالیٰ نے غیب سے میرے لئے روپوں کا بندوبست کر دیا۔ اس دن سے آج تک اس دعا کو پڑھنا میرا معمول ہے۔ اس کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے اول و آخر پانچ، سات یا گیارہ مرتبہ درود شریف اور ایک تسبیح اس دعا: ''سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللهَ'' کی نماز فجر کے سنتوں اور فرضوں کے درمیان پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے آپ کی مدد کرے گا اور اس مخلوق کو آپ کے تابع کر دے گا۔

خاندانی سردرد کا مرض

میں نے عبقری کے شمارے میں سردرد کے لئے ''وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ'' (سورۃ الشعرآء، 130) کا عمل پڑھا۔ آپ یقین کریں میں نے لاتعداد لوگوں پر اس عمل کو پڑھ کر پھونکا اُن لوگوں کا سردرد فوراً ٹھیک ہو گیا۔ میرے پاس فزیوتھراپی کے لئے ایک مریضہ آتی تھی اُس کے گھر والوں کو خاندانی سردرد کا مرض لاحق تھا۔ میں نے اُن کو بھی یہ دعا بتائی۔ کچھ دنوں بعد اس عورت نے بتایا کہ جب سے ہم نے اس دعا کو عمل میں لائے ہیں تب سے ہمارے گھر کے لوگوں کو سردرد کی تکلیف ختم ہو گئی ہے۔ ہم اس کے علاج پر سینکڑوں روپے خرچ کر چکے تھے لیکن اس دعا کی بدولت کسی کو بھی اگر سردرد ہوتا ہے تو ہم سات بار سانس بند کر کے یہ دعا پڑھ کر پھونک مار دیتے ہیں جس سے فوری آرام آ جاتا ہے۔

خاوند کی توجہ حاصل کرنے کیلئے

میں ایک فزیوتھراپسٹ ہوں۔ اس لئے میرا اکثر ہوم وزٹ ہوتا رہتا ہے۔

ایسے معذور جن کو فالج یا جسمانی معذور ہوں وہ کلینک نہیں آ سکتے ہم ان کو گھر پر علاج کی سہولت دیتے ہیں۔ اس حوالے سے میں ایک مریضہ کو روزانہ دیکھنے جاتا تھا وہاں اس کی ایک اٹینڈڈ جو کہ اس کی بہو تھی۔ ایک دفعہ باتوں باتوں میں وہ مجھے بتا رہی تھی کہ میرے خاوند نے دوسری شادی کر رکھی ہے اور عرصہ دس سال سے وہ دوسری بیوی کے آنے کے بعد اس نے میرے ساتھ مکمل رابطہ ختم کر دیا ہے ہم ایک گھر میں رہتے ہیں مگر پھر بھی اجنبی ہیں۔ میرے بچے اب جوان ہو رہے ہیں مجھے اُن کی فکر ہے میں کیا کروں؟ میں نے اس کو ''بِسْمِ اللهِ مَاشَاءَ اللهُ لَاقُوَّةَ اِلَّابِاللهِ'' کا سوا لاکھ کرنے کو کہا۔ یہ عمل بتانے کے چند دنوں بعد پھر اس عورت سے آمنا سامنا ہوا تو میں نے اس سے پوچھا کہ بی بی میں نے آپ کو ایک عمل بتایا تھا؟ کہنے لگی: اُس کے پڑھنے سے میری بیٹی نے امتحان میں اچھی پوزیشن لی ہے اور دس سال میں پہلی بار خاوند کی طرف سے رسپان 25% ملا ہے میں نے اسے کہا ان شاء اللہ آگے بھی فائدہ ہو گا اس کو جاری رکھو واقعی یہ عمل کمال ہے۔

کریم رب نے دعا سن لی

میرے پاس ایک خاتون تشریف لائیں۔ ان کی شادی کو سات سال ہو گئے تھے اور اولاد نہ تھی۔ روپے پیسے کی کمی نہیں تھی گھریلو معاملات خوشگوار تھے ڈاکٹروں، حکیموں سے بھی علاج کروا چکے تھے مگر کچھ حاصل نہ ہوا۔ بہت پریشان تھیں کہ خدا نے سب کچھ دیا ہے لیکن اولاد نہیں دی.....!

آپ نے درس میں فرمایا تھا کہ تنہائی میں اپنے انداز میں رب سے باتیں کیا کریں، رب سے التجاء کیا کریں اور رب سے دعا قبول کروانے والی کیفیت بنائیں۔ میں نے اس کو ''دو انمول خزانہ'' پڑھنے اور تنہائی میں رب سے باتیں کرنے، التجاء کرنے اور خود کو بے بس ظاہر کرنے کو کہا۔ وہ عورت چلی گئی۔ وہ دو انمول خزانہ

پڑھتی رہی اور رب سے تنہائی میں باتیں کرتی رہی مگر اس کی کیفیت نہیں بنتی تھی۔ ایک دن وہ صحن میں بیٹھی تھی اور سامنے درخت پر چڑیا اپنے بچوں کو دانہ کھلا رہی تھی۔ اُس نے دیکھا اور رب سے عرض کیا کہ یا اللہ! تو تو چڑیوں کو بھی بچے دیتا ہے۔ وہ عورت بیٹھی رب سے باتیں کر رہی تھی کیا دیکھتی ہے کہ بلی بچہ منہ میں لیے جا رہی ہے۔ بلی کے بچے کو دیکھ کر اُس عورت کی آنکھوں میں آنسو آ گئے..... ! کہنے لگی اے کریم رب! کیا میں اس بلی سے بھی گئی گزری ہوں، کیا میں جانوروں سے بھی کم تر ہوں....؟ یا رب کریم! تیرے خزانوں میں کون سی کمی ہے.....! وہ زمین پر بیٹھی مسلسل رو رہی تھی اور اپنے رب سے باتیں کر رہی تھی۔ گھر والوں نے دیکھا تو وہ پریشان ہو گئے کہ اس کو کیا ہو گیا ہے یہ کیوں رو رہی ہے؟ سب گھر والے جمع ہو گئے اُس کے خاوند کو فون کر کے گھر بلا لیا۔ ایسے رو رہی تھی جیسے کوئی مر گیا ہو۔ اُس کی جیٹھانی پاس آئی اس نے پوچھا کیا ہوا کسی نے کچھ کہا ہے.....؟ کیوں رو رہی ہو؟ اسے اپنے گلے سے لگا کر دلاسہ دیا کہ بس اب چپ ہو جاؤ۔

اس نے جیٹھانی کو بس اتنا کہا: اپنے رب سے مانگ رہی ہوں مجھے لے لینے دو۔ سب اُسے روتا چھوڑ کر چلے گئے وہ روتی رہی، رب سے التجاء کرتی رہی، رب کو مناتی رہی۔ کافی دیر کے بعد خود ہی چپ ہو گئی اور چند دنوں کے بعد اُس خاتون کی خوشی کی انتہا نہ رہی کہ جب اس کو پتہ چلا کہ وہ اُمید سے ہے۔ رب نے اُس کی دعا سن لی۔ اُس نے اپنے رب سے اپنی دعائیں قبول کروا لیں، اس کو رب کو منانے والی کیفیت مل گئی اور رب نے اس کو چاند سا بیٹا عطا کیا۔ **(قاری مظہر حسین)**

بہت بڑے نقصان سے حفاظت

میں صبح کی دعا: ”بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ“ اور دو انمول خزانے ہر نماز

کے بعد پڑھتا ہوں۔ اس کا فائدہ یہ ہوا کہ میں گاڑی چلا رہا تھا میں نے بریک لگائی مگر بریک نہ لگی۔ میں نے گاڑی آہستہ کی اور آہستہ آہستہ چلا کر گاڑی اُس سیکشن میں لے گیا جہاں گاڑی صحیح کرتے ہیں۔ میں نے اُن کو بتایا کہ اس کی بریک نہیں لگ رہی تو اُنہوں نے چیک کیا اور مجھے کہنے لگے کہ آپ یہاں تک گاڑی کس طرح لے کر آئے ہیں؟ بڑی قسمت ہے آپ کی.....! اُنہوں نے مجھے بتایا کہ ریڈی ایٹر کے پیچھے ایک پنکھا ہوتا ہے جو ٹھنڈی ہوا کو ریڈی ایٹر پر پھینکتا ہے وہ ٹوٹ گیا ہے اور جب یہ ٹوٹتا ہے تو انجن سیز ہو جاتا ہے۔ آپ بھی بچ گئے آپ کا انجن بچ گیا ورنہ بہت نقصان ہو جانا تھا۔ میں اس بڑے نقصان سے صرف اور صرف گھر سے باہر نکلنے والی دعا: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ“ اور دو انمول خزانے کی برکت سے بچا۔ **(محمد عمر ولد مقصود)**

مسواک کا کرشمہ

پہلے مجھے اکثر نیند میں برے، گندے اور ڈرا دینے والے خواب آیا کرتے تھے۔ میں نے آپ کے بیان میں مسواک کے کمالات سنے تھے۔ میں نے تب سے مسواک کرنا شروع کر دی اور اب مسواک ہر وقت میری جیب میں ہوتی ہے۔ میں نے رات کو وضو کر کے سونا شروع کیا مجھے نیند تو چین کی آنے لگی لیکن ان خوابوں نے میرا پیچھا نہ چھوڑا۔ ایک دن میں یوں ہی بیٹھا تھا کہ میرے دل خیال آیا کہ مسواک کو تکیے کے نیچے رکھ کر سوتا ہوں۔ میں نے ایسا ہی کیا یقین جانئے! اُس دن سے مجھے گندے خواب آنا بند ہو گئے۔ **(محمد امین، سکھر)**

موبائل کا فضول استعمال

میں موبائل فون بہت زیادہ استعمال کرتی تھی۔ جس سے میرا وقت بہت ضائع ہوتا تھا۔ میں نے فون استعمال کرتے وقت ”یا مانع“ پڑھنا شروع کر دیا اور اب میں فون صرف ضرورت کے وقت استعمال کرتی ہوں۔

ایک دفعہ میری والدہ کی والد سے لڑائی ہوئی اور نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ والدہ کہنے لگیں میں خودکشی کرلوں گی۔ میں نے والدہ کے لئے ''**اللہ ھُو**'' والا مراقبہ کیا، سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان والا عمل کیا تو صبح والدہ بالکل نارمل تھیں اور لڑائی بھی ختم ہوگئی۔ (**الطاف، کراچی**)

طریقہ مراقبہ

مراقبہ کا طریقہ اس طرح ہے کہ سانس روک کر یہ تصور کریں کہ ''اللہ'' کا نام میرے دل میں آرہا ہے اور ''اللہ'' کا نام دل میں آنے کی وجہ سے میرے دل کا میل، کچیل، غلاظتیں، ظلمتیں وغیرہ دُھل رہی ہیں اور ''**ھُو**'' کے ذریعے یہ سب بیماریاں دل سے باہر نکل رہی ہیں۔

دل کا درد ختم

میرے والد کے دل میں اچانک درد شروع ہوگیا۔ ڈاکٹروں نے دوائی دے کر ٹیسٹ لکھ دیئے مگر درد کسی صورت کم نہیں ہورہا تھا۔ روز 4،3 گولیاں کھا رہے تھے مگر درد جوں کا توں موجود تھا۔ میں نے افحسبتم اور اذان والا عمل شروع کیا پہلے دم سے ہی فائدہ ہوا اور میرے والد دو دن بعد بالکل ٹھیک ہوگئے۔

چھوٹی بچی کا اعمال پر یقین

میری بیٹی عائشہ کہنے لگی: پاپا ہمیں اسکول لے جانے والا رکشہ دیر سے آتا ہے اور اسکول دیر سے پہنچنے کی وجہ سے ہمارے ٹیچر ہمیں سزا دیتے ہیں۔ تو میں نے کہا کہ بیٹا جب کبھی ایسا کوئی مسئلہ ہو تو ''**یَاحَفِیْظُ**'' 11 دفعہ پڑھ لیا کرو۔ ایک دن بیٹی بتانے لگی کہ اب مجھے جب بھی کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو میں ''**یَاحَفِیْظُ**'' 11 دفعہ پڑھ لیتی ہوں۔ ایک دن سر کلاس میں غصے میں آئے کہ تم لوگ شور کررہے ہو کھڑے ہو جاؤ اور ساری کلاس کو سزا دی۔ تو میں نے ''**یَاحَفِیْظُ**'' 11 دفعہ پڑھنا شروع کردیا اور اپنی دوست سے بھی کہا کہ تم بھی پڑھو۔ اُس نے بھی پڑھنا شروع کردیا۔ ٹیچر سزا دیتے ہوئے جب ہمارے پاس پہنچے تو کہنے لگے اچھا تم لوگ بیٹھ جاؤ اور ہم دونوں کو چھوڑ دیا۔ (**محمد آصف محمود**)

مچھروں سے بچاؤ

میرے ایک دوست کہنے لگے: میں رات کو جیسے ہی سونے کیلئے لیٹا تو مچھروں کی بھنبھناہٹ آنی شروع ہوگئی۔ میں پریشان ہوگیا کہ یہ مچھر تو مجھے سونے نہیں دیں گے۔ میرے پاس نہ تو مچھروں سے بچاؤ کا تیل تھا اور نہ ہی گلوب تھا۔ اچانک مجھے ایک عمل یاد آیا اور پڑھنا شروع کردیا پڑھتا رہا، پڑھتا رہا یقین کے ساتھ پڑھتا رہا کہ اس عمل سے مچھر یقیناً میرے قریب نہیں آئیں گے اور واقعی ایسا ہی ہوا۔ وہ صاحب مجھے کہنے لگے کہ: آپ یقین کریں میں ساری رات سکون کی نیند سویا اور ایک مچھر نے بھی مجھے نہیں کاٹا۔ میں نے اُن سے پوچھا کہ آپ نے کیا عمل کیا تھا؟ تو فرمانے لگے کہ: میں نے توجہ سے ''سورۃ القریش'' پڑھی تھی۔ (**محمد آصف محمود**)

مسائل اور پریشانی کا حل

میں بازار سے گزرتا ہوا جامع مسجد اسباق روزانہ پڑھانے جاتا ہوں۔ بازار میں ایک دکاندار ہے جو چابیاں بناتا ہے وہ ہمیشہ پریشان حال بیٹھا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا مسئلہ ہے؟ تم اکثر پریشان رہتے ہو.....! اُس نے اپنی کہانی سنائی کہ جائیداد پر کیس ہے، دکان کم چلتی ہے۔ میں نے اس کو: ''بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَافَتَّاحُ یَاوَاسِعُ'' والا عمل روزانہ 800 مرتبہ پڑھنے کو دیا۔ چند ہی دنوں بعد میں نے اس سے پوچھا: تو وہ کہہ رہا تھا کہ الحمدللہ اب

روزی بھی ملتی ہے، کیس کی بھی تاریخ ملی ہے۔ اور بعد میں اس نے بتایا کہ کیس بھی ختم ہوگیا۔ **(سلیم اللہ، کنڈیارو)**

منافع بخش سودا

ایک اللہ والے نے بتایا کہ ایک آدمی میرے پاس آیا جو پراپرٹی کا کام کرتا تھا۔ مجھے کہنے لگا کہ میرے پچیس پچیس لاکھ کے دو پلاٹ پھنس گئے ہیں۔ بظاہر نکلنے کی کوئی صورت نہیں۔ آپ کوئی وظیفہ دے دیں۔ اللہ والے فرمانے لگے: میں نے اُن سے عرض کیا کہ ستر سال سے اوپر کا بزرگ تلاش کریں اور اُن سے دعا کروائیں کچھ عرصے کے بعد دوبارہ وہ شخص اللہ والے کی خدمت میں حاضر ہوا اور نہایت خوشی سے کہنے لگا: حضرت! آپ کے وظیفے سے میرا کام ہوگیا۔ **(امتیاز حیدر اعوان۔ کراچی)**

بیٹا باحفاظت گھر آگیا

ہمارے ایک دوست کو پولیس کسی شبہ میں گرفتار کر کے لے گئی۔ اغواء کا کیس بہت بھاری تھا۔ وہ بہت شریف لوگ تھے اس ناگہانی آفت پر بہت پریشان ہوگئے۔ کوئی خاص وسائل بھی نہ تھے کہ ضمانت وغیرہ کرواسکتے۔ اس کی ماں ہمارے گھر آئی۔ میں نے اپنی بیوی کے واسطے سے اُن کو لاکھوں کی تعداد میں ’’یَاجَامِعُ یَامُعِیۡدُ‘‘ پڑھنے کو دیا اور ایک ہفتے میں ان کا بیٹا آزاد ہوکر گھر پہنچ گیا۔ **(سلیم اللہ سومرو، کنڈیارو)**

ایک ہفتے میں ہوش آگیا

ایک آدمی رکشہ چلا رہا تھا۔ اس کے رکشہ کو کسی ٹرالر نے ٹکر ماری، وہ بری طرح زخمی ہوا اور بیہوش ہوگیا۔ کافی کوشش کے بعد بھی ہوش میں نہیں آرہا تھا تقریباً ایک دو ہفتے سے وہ بے ہوش تھا۔ اُس کے رشتے دار بہت پریشان تھے۔ میں نے ان کو ’’یَارَحۡمٰنُ‘‘ جو عبقری میں چھپا تھا کثرت سے پڑھنے کو دیا اب وہ بالکل ٹھیک ہے۔ **(سلیم اللہ، کنڈیارو)**

خون خوار گھوڑے سے حفاظت

بندے کا کئی سالوں سے معمول ہے کہ جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو گھر سے نکلنے والی مسنون دعا: بِسۡمِ اللّٰہِ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ‘‘ ضرور پڑھ لیتا ہوں اور الحمدللہ مجھے گھر سے باہر کبھی کسی حادثہ کا سامنا نہیں ہوا ہے۔ ابھی چند روز پرانی بات ہے میں اپنے گھر سے دکان جانے کیلئے نکلا تو معمول کے مطابق پہلے دعا پڑھی اور پھر بایاں پیر گھر سے باہر نکالا اور جیسے ہی آگے چلا تو سامنے ایک تانگہ کھڑا تھا، اس کے گھوڑے کو میں نے دیکھا تو وہ بھی میری طرف ہی دیکھ رہا تھا اور اپنا منہ چلا رہا تھا، مجھے اُس کے تیور کچھ اچھے معلوم نہ ہوئے اور خطرہ محسوس ہوا حالانکہ اگر میری نظر اس پر نہ پڑتی تو میں نے اُس کے بالکل قریب سے گزرنا تھا۔ خیر میں نے ایک سائیڈ لی اور گزر گیا اور جیسے ہی آگے گیا تو ایک لڑکا اُس گھوڑے کے قریب سے آتا دکھائی دیا، اس نے اپنا بازو پکڑ رکھا تھا اور چہرے پر تکلیف کے آثار دیکھ کر میں سمجھ گیا کہ اسے ضرور گھوڑے نے کاٹ لیا ہے۔ میں اس کے قریب گیا اور پوچھا کہ کیا ہوا....؟ کہنے لگا گھوڑے نے کاٹ لیا ہے جب اس کا بازو دیکھا تو گھوڑے کے دانت اندر تک گھس گئے تھے۔ اب میں سوچنے لگا تو فوراً میری چھٹی حس نے مجھے خبردار کیا کہ یہ یقیناً اس مسنون دعا کی برکت ہے جو میں نے پڑھی تھی۔ **(محمد آصف محمود، کنڈیارو)**

چوروں سے حفاظت کیلئے

آج سے چھ سات ماہ قبل کا واقعہ ہے جب میں رات کو دس بجے اپنے آفس پہنچا تو مجھے آفس بوائے نے بتایا کہ سکیورٹی گارڈ تین دن کی چھٹی پر چلا گیا ہے۔ یہ ہفتے کا دن تھا اور ہفتہ کے دن ہماری شفٹ رات 2:30 پر ختم ہوجاتی ہے۔ خیر مجھے وہ عمل ذہن میں آیا جو کہ کچھ یوں تھا: جس چیز کی بھی آپ حفاظت چاہتے ہیں اس پر اپنا

دائیاں ہاتھ رکھ کر سات بار ''بِسۡمِ اللهِ'' پوری پڑھ کر پھونکیں۔ یہ عمل کرنے سے اس چیز کی حفاظت اللہ تعالیٰ خود فرمائیں گے۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ اگرچہ ہمارا آفس ڈی ایچ اے میں ہے مگر پھر بھی ہر چیز کی حفاظت ہمارے ہی ذمے ہے۔ خیر رات 2:30 پر ہماری شفٹ ختم ہوگئی اور دفتر کا عملہ اپنے گھروں کی طرف چل پڑا مگر مجھے آفس میں رکنا پڑا کیونکہ مجھے اپنے ایک کلائنٹ سے بات کرنی تھی اور میں اس کی کال کا انتظار کر رہا تھا۔ 2:30 کا ٹائم تھا، میں اور آفس بوائے اکیلے بیٹھے تھے کہ کب کال آئے اور کب ہم کام ختم کر کے جاسکیں۔ اتنے میں مجھے موٹر سائیکل کا خیال آیا میں نیچے اترا اور دیکھ کے اوپر آ گیا، اتنے میں آفس بوائے کو گھر سے کال آئی اور اُسے جانا پڑا۔ میں نے اس سے دفتر کی چابیاں لے لیں۔ چابیاں دے کر آفس بوائے بھی چلا گیا۔ اب میں آفس میں اکیلا تھا۔ میں اُس کمپیوٹر پر آ کر بیٹھ گیا جو کہ دروازے کے بالکل ساتھ تھا کیونکہ مجھے موٹر سائیکل کے چوری ہونے کا ڈر تھا۔ میرے کلائنٹ سے بات کرنا ضروری تھی اس لیے جا نہیں سکتا تھا۔ رات 3 بجے تک اُس کی کال کا انتظار کرتا رہا۔ 3 بجے کے بعد جب اس کی کال میرے کمپیوٹر پر آئی تو میں اس کو اٹینڈ کرنے ہی لگا کہ مجھے نیچے اپنی موٹر سائیکل کے اسٹارٹ ہونے کی آواز آئی۔ کال اٹینڈ ہو چکی تھی اب میں کال کو بند بھی نہیں کر سکتا تھا کیونکہ اس کے بعد اُس بندے کے پاس ٹائم نہیں تھا کہ وہ بات کر سکے۔ خیر اسی کشمکش میں تھا کہ ایک دم دل سے ایک آواز اٹھی کے اے بندے! کیا تجھے اُس کلام پر اعتبار نہیں جس کی حفاظت میں تو اپنی چیز چھوڑ کر آیا ہے؟ ایک دم دل کو اطمینان ہو گیا اور میں بات میں اتنا مگن ہو گیا کہ 35 منٹ کا پتہ بھی نہ چلا اور جب کال ختم ہوئی تو تقریباً چار بج چکے تھے۔ میں نے جلدی سے آفس کی لائٹس بند کیں اور نیچے اترا تو دیکھا میری موٹر سائیکل وہیں کھڑی تھی۔ اس کے بعد سے اس عمل پر اتنا یقین ہو گیا ہے کہ اب ذرہ برابر بھی ڈر نہیں لگتا۔ (نادر خان، چکوال)

برکت بھی سکون بھی

میں شام چار بجے کے بعد ہوٹل کے باہر فروٹ کی ریڑھی لگاتا ہوں۔ برکت والی تھیلی کے عمل سے ایک فائدہ یہ ہوا کہ مجھے پہلے کبھی کبھی نقصان ہو جاتا تھا۔ جب سے تھیلی پر صبح شام سورة الکوثر 129 بار دم کرنا شروع کی ہے کبھی نقصان نہیں ہوا۔ حکیم صاحب نے اپنی کمائی میں سے 2½ فیصد اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا عمل بتایا تھا۔ اب جب بھی اپنی بیوی کو ماہانہ خرچ دیتا ہوں تو پہلے 2½ فیصد نکال دیتا ہوں جس کی وجہ سے دل و دماغ میں راحت و سکون ہے۔

پچیس منٹ میں ٹینکی بھر گئی

''صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ'' یہ درود شریف میں کثرت سے پڑھتا ہوں جس کی وجہ سے میرے تمام کام آسان ہو جاتے ہیں۔ میری بہن کی شادی سر پر تھی اور فیکٹری والے میرے پیسے نہیں دے رہے تھے۔ میں نے درود شریف پڑھ کر ان کو ہدیہ کرنا شروع کر دیا تو انہوں نے خود بلا کر پورے پیسے دے دیئے اور اب بہن کی شادی بھی ہو گئی ہے۔ ہمارے اوپر والے گھر میں کرائے دار رہتے ہیں۔ انہوں شکایت کی کہ پانی کی موٹر بہت کم پانی دیتی ہے۔ میں نے ''صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ'' والا درود پاک پڑھا اور اُس موٹر کے اوپر پھونک ماردی اور دل میں یقین کر لیا کہ اللہ کے حکم سے اب پانی پورا آئے گا۔ میں نے موٹر چلائی اور اپنے کمرہ میں چلا گیا بیس یا پچیس منٹ بعد ٹینکی بھر گئی۔ میں سوچنے لگا اتنی جلدی ٹینکی کیسے بھر گئی؟ دل میں خیال آیا کہ ہو سکتا ہے آدھی ٹینکی پہلے سے بھری ہو گی لیکن دل کو چین نہ آیا جب ساری ٹینکی خالی ہوئی تو دوبارہ ٹینکی بھری۔ پچیس منٹ میں دوبارہ ٹینکی بھر گئی جو پہلے ڈیڑھ گھنٹہ سے بھی زیادہ ٹائم میں بھرتی تھی۔

عزت ووقار کا خزانہ

درود شریف کو کثرت سے پڑھنے کی وجہ سے اب میں محسوس کرتا ہوں کہ لوگ بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھنے لگے ہیں۔ بہت عزت واحترام سے بات کرتے ہیں جیسے میں کوئی بہت بڑا بزرگ ہوں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ میں تو گناہ گار آدمی ہوں۔ اللہ میری مغفرت کرے۔ اکثر بس میں سفر کرنا ہوتا ہے تو بس اگر بھری ہوئی بھی ہو تو اللہ کے کرم سے مجھے سیٹ مل ماتی ہے۔ میں جس کام کے لیے جاتا ہوں ناکام نہیں ہوتا۔ درود شریف کی برکت سے میرے الٹے کام بھی سیدھے ہو جاتے ہیں۔

بازار سے سودا خریدنے جاتا ہوں تو ریٹ طے کرنے کے بعد بھی دکان دار مزید رعایت کر دیتے ہیں۔ جہاں 100 روپے لگنے ہوں وہاں 50 روپے میں کام بن جاتا ہے۔ میں سوچ نہیں سکتا تھا کہ درود شریف کے اتنے فوائد ہیں۔ میرے گمان میں بھی نہیں جہاں سے اللہ مجھے رزق دیتا ہے۔ سودی قرض سے گھر لیا تھا اب اس گناہ سے بھی توبہ کر لی ہے۔ لاکھوں روپے کا مقروض تھا اللہ نے درود شریف کی برکت سے چالیس فیصد سود کی رقم اتار چکا ہوں۔

بارات کے کھانے میں برکت

بہن کی جب بارات آئی تو دولہے کا بھائی کہنے لگا بارات میں لوگ زیادہ آ گئے ہیں آپ مزید انتظام کر لیں۔ اتنے قلیل وقت میں مزید انتظام کرنا تو مشکل تھا۔ میں نے کثرت سے درود شریف پڑھنا شروع کیا اور دیگوں کے اُوپر پھونکتا گیا اور اُس کو تسلی دی کہ عزت اور ذلت اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ دوسو لوگوں کا انہوں نے کہا تھا اور جب لوگ گنے تو بارات میں تقریباً تین سو لوگ تھے میں گھبرایا نہیں کیونکہ میرے پاس درود پاک کا خزانہ تھا میں پڑھتا گیا اور دیگوں پر دم کرتا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے ایسی

برکت ڈالی کہ مہمانوں کو کھانا کھلانے کے بعد کام کرنے والے ورکرز سب کو گھر کے لئے بھی کھانا دیا، اس کے باوجود کھانا بچ گیا۔ **(سعید احمد اعوان)**

زندگی کا سکون

حکیم صاحب! آپ سے تعلق کے بعد میری زندگی میں بہت سکون ہے۔ مسائل بہت آئے میری زندگی میں لیکن صبر کیا اور انمو خزانہ نمبر 1 کو اپنی زندگی کا حصہ بنایا ہر فرض نماز کے بعد میں ضرور پڑھتا ہوں اللہ کا شکر ہے جہاں بھی کام کرتا ہوں وہاں میری بہت عزت ہوتی ہے اور میرے کام کو پسند کیا جاتا ہے۔ انمول خزانہ سے مجھے عزت ملی، اچھا روزگار ملا اور زندگی میں سکون آ گیا۔ آپ کے درس ہر ہفتہ کے ڈاؤن لوڈ کر کے سنتا ہوں اور بہت فائدہ ہوتا ہے۔ سانس بند کر کے ”اللہ ھُو“ والے عمل کا مراقبہ میں روز کرتا ہوں دل کے اندر میں سکون خود محسوس کرتا ہوں۔ یہ عمل تو میں نے بہت سے لوگوں کو بتایا اور اُنہیں بھی فائدہ ہوا اور اس کے علاوہ دعا کے لیے دونوں ہاتھوں کا کٹورا بنا کے دل کو اُس میں رکھنا یہ تصور کرنا، سبحان اللہ! جو نورانیت کا احساس ہوتا ہے بیان نہیں کر سکتا۔ **(جلیل احمد)**

پیٹرول کی بچت

سورۃ الکوثر کا عمل میں نے عبقری میں پڑھا تھا کہ ایک شخص نے پٹرول ڈلواتے ہوئے سورۃ الکوثر پڑھی اور اُسے فائدہ ہوا۔ میں نے بھی یہ عمل شروع کیا کیوں کہ میرا روزانہ موٹر سائیکل پر آفس جانا ہوتا ہے تو روز کا پچاس روپے کا پٹرول خرچ ہوتا ہے لیکن جب سے یہ عمل شروع کیا ہے 200 روپے کا پٹرول ڈلواتا ہوں اور پانچ سے چھ دن تک چل جاتا ہے۔ یہ سب اسی سورۃ الکوثر کے پڑھنے کی برکت ہے۔ یقین کا قوی ہونا شرط ہے۔ **(جلیل احمد)**

اس کے علاوہ سورۃ الکوثر کی برکت سے میری تنخواہ میں بھی برکت ہوگئی ہے۔ اللہ کا بڑا احسان ہے جب سے آپ کے ساتھ تعلق قائم ہوا ہے میں روزانہ موٹر سائیکل پر آفس جاتا ہوں تو میری زبان پر اللہ کا ذکر ہوتا ہے میرا آفس تقریباً بیس کلومیٹر دور ہے اس فاصلے کے دوران میں دو انمول خزانہ، یَاحَفِیْظُ کا عمل اور سورۃ الکوثر کا عمل اور ''مَاشَاءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ'' ضرور پڑھتا ہوں۔ آفس جاتے وقت اور گھر واپس آتے وقت زبان پر اللہ کا ذکر ہی ہوتا ہے۔ (**جلیل احمد**)

دودھ پینے سے نقصان نہیں ہوتا....!

میں جب بھی دودھ پیتا ہوں مجھے نزلہ زکام شروع ہو جاتا ہے۔ ایک دفعہ درس میں میں نے سنا تھا کہ یہ مسنون دعا: ''بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَافِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ'' پڑھی جائے تو فوڈ پوائزنگ سے انسان محفوظ رہتا ہے۔ اب جب بھی دودھ پیتا ہوں تو یہ دعا پڑھ لیتا ہوں کچھ بھی نہیں ہوتا حالانکہ میں نزلے کا دائمی مریض ہوں۔ پچھلے دنوں ایک دن دعا پڑھنا بھول گیا تو پھر نزلہ زکام کی شکایت ہوگئی۔ مسنون دعا نہ پڑھنے کی سزا ابھی تک بھگت رہا ہوں۔

میں نے زندگی میں جب بھی کسی کا حق دبایا یا کسی کے ساتھ کوئی زیادتی کی مجھے ہمیشہ تین دن کے اندر اس کا بدلہ مل گیا اور ذہن کو جھٹکا سا لگتا ہے کہ فلاں کے ساتھ یہ بُرا کیا تھا جس کی وجہ سے آج میرے ساتھ یہ واقع پیش آیا ہے۔ ویسے میرا مزاج دھوکے فریب والا نہیں ہے لیکن اب اس مشاہدے کے بعد کوشش کرتا ہوں کہ کسی کے ساتھ کوئی زیادتی نہ ہو۔

دکان و مکان کی حفاظت کیلئے

ہماری بس اسٹینڈ پر عرصہ 25 سال سے دکان ہے۔ میرے بڑے بھائی

اور اب میری بھی یہ مستقل عادت ہے کہ دکان بند کھولتے اور بند کرتے وقت کم از کم ایک دفعہ آیت الکرسی، گیارہ دفعہ یَاحَفِیْظُ اور درود پاک پڑھ کر پھونک مار دیتے ہیں۔ اللہ کا کرم ہے کہ ہماری آج تک کبھی چوری نہیں ہوئی۔ حالانکہ وہاں پر کم و بیش چالیس سے پچاس دکانیں ہیں اور ہر دکان میں کم از کم ایک دفعہ چوری ضرور ہو چکی ہے۔ عجیب بات یہ ہے کہ کبھی ایسا بھی ہوتا تھا کہ دکان کا تالا کھلا رہ جاتا اور کبھی تو دکان کا شٹر ہی کھلا رہ جاتا تھا۔ صبح تالا یا شٹر ویسا ہی کھلا ہوتا۔ کوئی بند کر دیتا تھا اور صبح بتاتا تھا کہ بھائی جی! آپ کا تالا یا دکان کا شٹر کھلا رہ گیا تھا میں نے دیکھا تو بند کر دیا۔

زکوۃ سے رزق میں فراخی

پہلے ہم زکوٰۃ نہیں دیتے تھے۔ تقریباً سات سال پہلے ہمیں شعور آیا تب سے زکوٰۃ دینا شروع کی ہے۔ آپ یقین کریں اس کی برکت سے اٹھارہ سال میں اتنا نہیں کمایا تھا جتنا ان سات برسوں میں اللہ نے دے دیا ہے الحمدللہ اس ذات کا احسان ہے کہ اب باقاعدگی سے حساب کر کے پوری زکوٰۃ دیتے ہیں بلکہ کچھ اوپر بھی دے دیتے ہیں تاکہ اگر کوئی کمی بیشی رہ گئی ہو تو پوری ہو جائے۔

نوح علیہ السلام کو نفل کا ہدیہ

کچھ عرصہ پہلے ہم سب گھر والوں کو خارش کی تکلیف شروع ہوئی۔ علاج اور ادویات کے استعمال سے وقتی افاقہ ہوتا تھا مگر مستقل آرام نہ آتا تھا۔ عبقری رسالے میں ایک خاتون نے لکھا تھا کہ جس شخص کو خارش ہو وہ ''دو رکعت نفل'' پڑھ کر اس کا ثواب حضرت نوح کی روح کو ہدیہ کر دے۔ رسالہ کی انتظامیہ نے اپنی طرف سے اضافہ کیا تھا کہ اگر اس کا ثواب سارے انبیاء علیہم السلام کو ہدیہ کریں تو نفع زیادہ ہو گا۔ ہم سب گھر والوں نے ایسا کرنا شروع کر دیا۔ یہ عمل چند ہی دن کیا ہماری خارش کی تکلیف ختم ہوگئی اور کبھی دوبارہ نہیں ہوئی۔

امتحان میں کامیابی

میں نے بی اے کا امتحان دیا۔ میں انگریزی کے پرچے میں فیل ہو گیا۔ دوسری دفعہ پھر فیل ہو گیا حالانکہ پیپرز بہت اچھے ہوئے تھے۔ تیسری دفعہ امتحان دینے سے پہلے ’’دو رکعت نفل صلوٰۃ الحاجت‘‘ کے پڑھنے شروع کیئے۔ دل کو ایک یقین ہوا کہ اس دفعہ کامیابی پکی ہے اور پھر اللہ کے کرم سے پاس بھی ہو گیا۔

کالج میں جاب مل گئی

عبقری کے مارچ 2011ء کے شمارے میں پڑھا تھا کہ فجر کی نماز کے بعد 100 دفعہ ’’یَا عَزِیْزُ‘‘ پڑھنے والے کی محتاجی ختم ہو جاتی ہے۔ میں ان دنوں بے روزگار تھا لہٰذا میں نے پڑھنا شروع کر دیا۔ ڈیڑھ مہینے کے بعد ایک پرائیویٹ جاب مل گئی۔ وہاں دو ماہ کام کیا۔ پھر گھر والوں نے چھڑوا دی۔ ’’یَا عَزِیْزُ‘‘ پڑھتا رہا پھر ایک کیڈٹ کالج میں جاب مل گئی۔ میں اب بھی ہر روز فجر کی نماز بعد پڑھتا ہوں۔ میرے دو کزن ہیں میں نے انہیں بتایا انہوں نے بھی ’’یَا عَزِیْزُ‘‘ پڑھنا شروع کیا دو ماہ میں انہیں بھی ایک پرائیویٹ جاب کی آفر ہو گئی۔

منہ سے آگ نکلتی ہے

میں نے آپ کے درس میں ’’یَا حَفِیْظُ‘‘ اور ایک دعا: ’’بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی دِیْنِیْ وَ نَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ‘‘ کے بارے میں سنا۔ میں صبح و شام 11 دفعہ ’’یَا حَفِیْظُ‘‘، تین دفعہ یہ دعا: ’’بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ‘‘ پڑھنا شروع کر دی تیسرے ہی دن مجھے خواب آیا کہ میرے ساتھ ایک دوست ہے اور ہم گاؤں سے باہر بیٹھے ہیں۔ ہمارے سامنے ایک اور آدمی ہے میرا دوست اسے کوئی چیز مارتا ہے لیکن اس پر اثر نہیں ہوتا بلکہ وہ الٹا میرے دوست پر حملہ آور ہوتا ہے۔ پھر میری طرف منہ کر کے پھونک مارتا ہے تو اس کے منہ سے آگ نکلتی ہے جو میری طرف بڑھتی ہے تو میں بھاگ کھڑا ہوتا ہوں۔ وہ شخص قہقہہ لگاتا ہے اور پھر میری طرف منہ سے آگ پھینکتا ہے۔ میرے قدم بھاری ہو جاتے ہیں گویا کسی نے بیڑی ڈال دی ہو۔ اچانک میرے دل میں خیال آتا ہے اور میں یہ دعا: ’’بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی دِیْنِیْ وَ نَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ‘‘ پڑھنا شروع کر دیتا ہوں تو گویا پاؤں آزاد ہو جاتے ہیں جونہی دعا کے الفاظ ختم ہوتے ہیں پھر پہلے والی کیفیت ہو جاتی ہے پھر میں دعا پڑھتا تو پاؤں آزاد ہو جاتے، میں نے تین دفعہ یہ دعا پڑھی اس کے بعد گیارہ دفعہ یَا حَفِیْظُ پڑھا تو اچانک پیچھے سے ایک جانے والے کی آواز آتی ہے..... کیوں چیخ رہے ہو؟ تو میں اُسے کہتا ہوں کہ جلدی آؤ......!

وہ آتے ہیں اور مجھے موٹر سائیکل پر بٹھا کر لے جاتے ہیں۔ وہ مجھے مسجد کے سامنے اتارتے ہیں۔ میں وضو کرنے بیٹھتا ہوں تو وہی دوست جو میرے ساتھ تھا اس مسجد میں پہنچ جاتا ہے معلوم نہیں کیسے..... میں اُسے کہتا ہوں کہ تم نے مجھ پر جادو کیا ہے؟ پہلے وہ انکار کرتا ہے پھر میں اسے پکڑ کر اُس کے سر پر دو مکے مارتا ہوں تو وہ یکدم بالکل چھوٹا آٹھ نو سال کا بچہ بن جاتا ہے اور کہتا ہے کہ ہاں میں نے تم پر جادو کیا ہے۔

شہد کے تاجر

ہمارے علاقے میں ہر سال اگست، ستمبر اور اکتوبر کے مہینے میں سرحد سے شہد کے تاجر آتے ہیں اور شہد کے فارم لگاتے ہیں۔ اکثر ان کی کوشش ہوتی ہے کہ روڈ کے قریب لگائیں تاکہ آمدورفت کی وجہ سے مال جلدی بک جائے۔ وہاں آس پاس شہد کی مکھیاں اڑتی رہتی ہیں اور اکثر اوقات موٹر سائیکل، سائیکل اور گاڑی کی چھت پر بیٹھنے والے افراد مکھیوں کے حملے کا نشانہ بنتے ہیں اور مکھیاں ان کو کاٹ لیتی ہیں۔ میں جب بھی وہاں سے موٹر سائیکل پر گزرتا ہوں تو سفر کی دعا کے ساتھ گیارہ دفعہ

یَاحَفِیۡظُ پڑھ لیتا ہوں۔ مجھے کبھی کسی مکھی نے نہیں کاٹا حالانکہ میں نے ہیلمٹ یا دستانے وغیرہ کچھ بھی نہیں پہنا ہوتا۔ میرا یقین ہے کہ ''یَاحَفِیۡظُ '' اور مسنون دعا کی برکت سے مجھے کوئی نقصان نہیں پہنچ سکتا۔

تھوڑی سی کوتاہی پر فوری سزا

چار اکتوبر کو ہم راولپنڈی (پی پی ایس سی) کا ٹیسٹ دینے گئے۔ واپسی پر پولیس والوں نے ہمیں روک لیا نہ گاڑی کے کاغذ تھے اور نہ ڈرائیور کے پاس لائسنس تھا۔ دس منٹ انہوں نے کھڑا کیے رکھا بحث ہوتی رہی، ہم دونوں دوست واپس کار میں آ کر بیٹھ گئے۔ اچانک مجھے یاد آیا کہ واپسی کا سفر شروع کرتے وقت میں سفر کی دعا: ''سُبۡحَانَ الَّذِیۡ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا کُنَّا لَهٗ مُقۡرِنِیۡنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ'' اور یَاحَفِیۡظُ پڑھنا بھول گیا میں نے فوراً دعائے سفر پڑھی اور گیارہ دفعہ یَاحَفِیۡظُ پڑھا۔ آپ یقین کریں کہ اُنہوں نے فوراً چھوڑ دیا حالانکہ پہلے ہم اُن کی کافی منتیں کر چکے تھے لیکن وہ کسی صورت چھوڑنے پر آمادہ نہ تھے۔

اسی طرح میرا معمول ہے کہ ہمیشہ سفر میں دعائے سفر ضرور پڑھتا ہوں۔ اللہ کا کرم رہا ہے کہ کبھی حادثہ یا کوئی چیز چوری نہیں ہوئی۔ لیکن جس دن پڑھنا بھول جاؤں تو کوئی چھوٹی موٹی رکاوٹ یا حادثہ فوراً ذہن کو متنبہ کرتا ہے۔ دو یا تین دفعہ پڑھنا بھول گیا اور جب بھی بھولا حادثہ ہوا اور خاصی چوٹیں آئیں۔

آسان سفر کیلئے

مجھے دوران سفر قے کی تکلیف بچپن سے ہے جو ابھی تک جاری ہے۔ سفر کرنا عذاب بن جاتا ہے اگر بہت لمبا سفر نہ ہو تو میں عام طور پر موٹر سائیکل استعمال کرتا ہوں لیکن لمبے سفر میں پبلک ٹرانسپورٹ میں لازماً قے آجاتی ہے۔ عبقری رسالہ کے اندر میں نے ''سورۃ القریش'' کے بارے میں پڑھا۔ پھر میں نے اسے

دورانِ سفر پڑھنا شروع کر دی۔ عام مشاہدہ ہوا کہ جس دن بھی گاڑی نہ ملے پڑھنا شروع کر دیتا ہوں، اللہ کریم کہیں نہ کہیں سے بندوبست کر دیتا ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ دورانِ سفر جس دن بھی ''سورۃ القریش'' کا ورد جاری رکھتا ہوں، اُس دن طبیعت کافی بہتر رہتی ہے اور قے کی تکلیف تو جیسے ختم ہی ہو گئی۔

باعزت رہائی

2000-2001ء میں ہمارے گاؤں میں بم دھماکہ ہوا جس میں 15 بے گناہ لوگ ہلاک ہوئے۔ پولیس والوں نے ظلم یہ کیا کہ پندرہ بے گناہ لوگوں کے خلاف ایف آئی آر کاٹ دی جس میں میرے ابو بھی شامل تھے۔ جس دن اُن کو گرفتار کیا گیا اُس دن سے لے کر اُن کی رہائی تک تقریباً روزانہ (کبھی کبھار ناغہ بھی ہو جاتا) اکتالیس دفعہ سورۃ یٰسین اور 313 دفعہ آیۃ الکرسی پڑھتے رہے۔ اللہ کریم کی خصوصی رحمت ہوئی اور دوران تفتیش انہیں کسی نے ہاتھ تک بھی نہیں لگایا نہ کسی نے اونچی آواز میں اُن سے بات کی حالانکہ ان کے ساتھ موجود لوگوں پر پولیس نے وہ تشدد کیا کہ خدا کی پناہ، صرف سن کر انسان کی روح کانپ اُٹھتی ہے خیر سورہ یٰسین اور آیۃ الکرسی پڑھنے کی وجہ سے والد صاحب اور دوسرے گیارہ افراد باعزت گھر آ گئے۔

ہارٹ اٹیک سے صحت یابی تک.....!

جون میں والد صاحب کو ہارٹ اٹیک ہوا۔ میں اس وقت کھاریاں میں جاب کر رہا تھا۔ اُنہی دنوں آپ کا گجرات میں درس بھی تھا۔ بڑی کوشش کے بعد بھی درس میں شرکت نہ کر سکا۔ علامہ لاہوتی کے کالم میں پڑھا تھا کہ سورۃ الاخلاص کثرت سے پڑھنے والے کی اللہ کریم مشکلیں آسان کرتا ہے۔

سب گھر والوں نے سورۃ الاخلاص مع تسمیہ اور درود پاک پڑھنا شروع کر دیا اور چاچو والد صاحب کو راولپنڈی سی ایم ایچ لے جا رہے تھے ہسپتال

لے جاتے وقت چاچو سے بھی سورۃ الاخلاص پڑھنے کی درخواست کی۔ دوستوں کو پتا چلا تو وہ بھی آ گئے اُن کو بھی اسی عمل پر لگا دیا۔ سورۃ الاخلاص اور آخر میں درود شریف پڑھا۔ بس میرے اللہ نے کرم کیا اور انہیں نئی زندگی مل گئی۔ ان کا دایاں حصہ بالکل سیاہ ہو گیا تھا۔ ایک دفعہ تو ڈاکٹرز بھی مایوس ہو گئے تھے۔ آپ یقین کریں صبح اُنہوں نے موبائل پر ہم سے بات کی تو پتا ہی نہیں چلتا تھا کہ وہ بیمار بھی ہیں یا نہیں جن لوگوں نے ان کی بیماری والی حالت دیکھی تھی وہ اب ابو کو دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ یقین کرنا مشکل ہے کہ یہ کس طرح صحت مند ہو گئے ہیں۔

محترم میں بہت سست اور عجیب مزاج کا حامل ہوں۔ پل میں تولہ پل میں ماشہ والی صورتحال ہے۔ پھر بھی جس دن میں کثرت سے سورۃ اخلاص اور درود ابراہیمی پڑھتا ہوں اللہ کریم اس دن جو چیز بھی کھانے کی خواہش دل میں پیدا ہو پوری کر دیتا ہے اور یوں پوری ہوتی ہے کہ میں خود حیران رہ جاتا ہوں۔ **(احمد نواز، اٹک)**

جوڑوں کا درد ختم

ہماری برادری میں ایک بہت بوڑھی خاتون ہیں۔ ان کو جوڑوں کا بہت درد ہوتا تھا ان کو کسی نے سورۃ الزخرف سپارہ نمبر ۲۵ آیت نمبر ۷۹ ہر نماز کے بعد درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھنے کو بتائی۔ انہوں نے ہر نماز کے بعد پڑھی تو ان کا درد بالکل ٹھیک ہو گیا حالانکہ اس سے پہلے انہوں نے کئی دوائیاں استعمال کیں اور تکلیف ان کی بڑھتی جا رہی تھی۔ **(محمد اکمل فاروق سرگودھا)**

دل کی گھبراہٹ دور ہو گئی

میری ایک ہمشیرہ ہے تقریباً ان کی عمر بارہ سال ہے۔ ان کو اچانک شدید ڈکار آنے لگے اور نڈھال ہو کر بے ہوش ہو گئیں۔ میں نے ان کے قریب کھڑے ہو کر ”مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ“ مسلسل پڑھا وہ ٹھیک ہو گئی۔ دو مریضوں ایسے آئے کہ جو شدید دل میں گھبراہٹ کے مرض میں مبتلا تھے۔ ان پر ”مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ“ پڑھ کر دم کیا ان کی گھبراہٹ دور ہو گئی۔

ہمارا ذاتی ٹیوب ویل تقریباً پچیس سال سے نہیں چلتا تھا۔ ہم نے دوبارہ ٹیوب ویل ٹھیک کروا کر لگایا ہے روزانہ ”مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ“ اور سورۃ القریش پڑھتے ہیں الحمدللہ ٹیوب ویل کا پانی بھی اچھا اور میٹھا نکلا اور ابھی تک صحیح چل رہا ہے۔ **(محمد ندیم احمد، بہاولنگر)**

بچھو کے ڈنگ سے شفا

1993ء ستمبر میں ہم کچھ ساتھی قلات گئے۔ قلات شہر سے تقریباً دو گھنٹے کے فاصلے پر کچھ اونچائی پر ایک گاؤں میں ہم رُکے ہوئے تھے۔ یہ سیب اور آڑو کے باغات والا علاقہ تھا۔ وضو کیلئے ہم اکثر چشموں پر جا کر وضو و غسل وغیرہ کیا کرتے تھے۔ ایک دن ہم تین ساتھی وضو کیلئے گئے تو ایک ساتھی کو بچھو نے کاٹ لیا۔ میں نے فوراً یہ دعا پڑھ کر سات مرتبہ دم کیا۔

”وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ“ (الشعراء، 130)

الحمدللہ تھوڑے وقت کے بعد تکلیف ختم ہو گئی اور کسی ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ اس دعا کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے بچھو کے ڈنگ سے شفاء دے دی۔ تقریباً 15،20 سال پہلے کی بات ہے۔ میں موٹر سائیکل پر گھر آ رہا تھا کہ راستے میں بھڑ نے کاٹ لیا۔ فوراً یہی دعا سات دفعہ پڑھ کر دم کیا۔ لعاب نکال کر ڈنگ والی جگہ پر لگایا الحمدللہ تھوڑی دیر بعد ہی ورم ختم ہو گیا جبکہ چھوٹے بھائی کو اگلے ہی دن بھڑ نے کاٹا۔ تین دن تک درد ہوتا رہا جگہ سوج کر موٹی ہو گئی جیسا کہ عام طور پر بھڑ کاٹنے سے ہوتا ہے۔ دوائیاں انجکشن لگوائے۔ پیسے بھی خرچ ہوئے جبکہ مجھے اللہ تعالیٰ نے دعا کی برکت سے بغیر کسی خرچ اور دوائی کے شفاء دے دی۔ **(محمد زبیر)**

ہڈیوں کے کینسر کا علاج

چاچاجی کو ڈاکٹروں نے ہڈیوں کا کینسر بتایا اور وہ تقریباً تین ماہ تک چارپائی پر پڑے رہے۔ ڈاکٹروں نے کہا کہ یہ چند دن کے مریض ہیں۔ ہم چاچاجی کو آپ کے پاس لے آئے۔ آپ نے سات دن 1001 دفعہ سورۃ الکافرون پڑھنے کو بتایا۔ سات دنوں میں وہ تقریباً پچاس فیصد ٹھیک ہو گئے اور چل کر مسجد جانے لگے جو چارپائی سے ہل نہیں سکتے تھے۔

پندرہ دن میں گاڑی مل گئی

ایک اللہ والے کی قیمتی گاڑی ڈرائیور چُرا کر لے گیا تھا۔ ان صاحب نے مجھ سے رابطہ کیا کہ تم حضرت حکیم صاحب سے کوئی وظیفہ لے کر دو۔ میں نے حضرت حکیم صاحب سے رابطہ کیا تو جواب ملا کہ ''یَاجَامِعُ یَامُعِیۡدُ'' کثرت سے پڑھیں چنانچہ انہوں نے یہ ورد کثرت سے پڑھا۔ پہلے تو کار کے ڈرائیور کا پتہ چلا جو عیاشیاں کرتا پھر رہا تھا۔ پندرہ دن بعد گاڑی بھی پنجاب کے شہر سے مل گئی جبکہ اس کے ملنے کا امکان بالکل نہ تھا۔ **(سلیم اللہ سومرو، کنڈیارو)**

شوہر کے پیار اور توجہ کیلئے

ایک عورت نے مجھے فون کیا کہ میرا شوہر میری طرف نہ پیار سے دیکھتا ہے اور نہ ہی مجھے خرچہ دیتا ہے۔ میں تو پیار کی ایک نگاہ کے لئے ترس گئی ہوں۔ پہننے کیلئے کپڑے بھی مجھے اپنی بڑی بہن سے لینے پڑتے ہیں، میں بہت پریشان ہوں کیا کروں؟ میں نے خاتون کو حضرت حکیم صاحب کا عنایت کیا ہوا یہ عمل کرنے کو دیا کہ گلاب کے پھولوں پر اکیس مرتبہ **سورۃ القریش** اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف دم کر کے دیا اور کہا کہ یہ پھول شوہر کو سونگھاؤ انشاءاللہ خیر ہو جائے گی۔ تھوڑے ہی دنوں میں خاتون کا فون آیا کہ اب میرا شوہر میری طرف پیار سے دیکھتا بھی ہے اور خرچہ بھی دیتا ہے۔

کومے کے مریض کو شفاء

ایک آدمی کو ایکسیڈنٹ میں گاڑی کا شیشہ سر پر لگا۔ اس چوٹ کی وجہ سے وہ کوما میں چلا گیا۔ اس کے گھر والوں نے مجھ سے رابطہ کیا تو میں نے حضرت صاحب کا عنایت کردہ وظیفہ ''یَارَحۡمٰنُ'' پانچ ہزار مرتبہ پڑھنے کو کہا۔ اس کے گھر والوں نے توجہ سے یہ وظیفہ پڑھا۔ اب وہ آدمی بالکل ٹھیک ہے کام کاج کر رہا ہے اور گھوم پھر رہا ہے۔

تین منٹ میں چابی مل گئی

میرے ایک پیارے دوست ہیں ان کی گاڑی کی چابیاں گم ہو گئیں۔ صبح سے لے کر رات 12 بجے تک انہوں نے تلاش کی مگر نہ ملیں۔ مجھے فون کیا کہ گاڑی کی چابی نہیں مل رہیں کیا کروں؟ میں نے کہا: حضرت حکیم صاحب نے مجھے ایک عمل عنایت کیا ہوا ہے آپ وہ پڑھیں اور دوبارہ چابیاں تلاش کریں۔ اس کو میں نے ''یَاجَامِعُ یَامُعِیۡدُ'' پڑھنے کیلئے دیا۔ آپ یقین جانیں اس نے پڑھنا شروع کیا تو صرف تین یا چار منٹ میں چابی مل گئی۔ **(مولانا سلیم اللہ سومرو کنڈیارو)**

جلدی نہیں تو دیر سے

حکیم صاحب نے درس میں **سورۃ الکوثر** بتائی تھی وہ مسلسل پڑھتا ہوں اور گھر والوں کو دو انمول خزانے کا کہا کہ وہ پڑھو۔ یہ عمل کرنے سے مجھے بہت سے فائدے ہوئے ہیں اور میں اپنے آپ کو ایک طرح سے خوش نصیب بھی سمجھتا ہوں کیونکہ میں جس چیز کی خواہش کرتا ہوں مجھے مل جاتی ہے جلدی نہیں تو کچھ دنوں بعد ضرور مل جاتی ہے۔

سر درد سے فوری نجات

ایک بار میری باجی کے سر میں بہت ہی شدید قسم کا درد تھا۔ رات کا ٹائم تھا

سب بہت پریشان تھے کہ اس وقت میں کیا کریں۔ میں نے کہا کہ آج سورۃ الکوثر کا فائدہ دیکھتے ہیں اور امی نے بھی مجھے کہا کہ تم بہت کہتے تھے سورۃ الکوثر کا یہ فائدہ ہے یہ فائدہ ہے اب کرو دم۔ میں نے سورۃ الکوثر پڑھ کر پانی پر دم کیا اور اللہ سے دل ہی دل میں کہا کہ اے اللہ! اگر آج یہ درد ٹھیک نہ ہوا تو شاید میرے گھر والوں کا دل مجھ سے خراب ہو جائے۔ خیر جیسے ہی دم والا پانی باجی کو پلایا تو اسی وقت درد ختم ہو گیا۔

انوکھا کرشمہ

ایک بار ہمارا فریج کولنگ نہیں کر رہا تھا۔ میں نے آپ کے درس سے دوانمول خزانے کے حیرت انگیز فوائد سنے تھے۔ گرمی شدید تھی، گھر والے سارے پریشان تھے۔ میں نے چھوٹے بھائی کو دوانمول خزانے پڑھنے کو کہا وہ ابھی پڑھ ہی رہا تھا کہ اسی دوران بجلی چلی گئی پھر ہم سو گئے بعد میں جب بجلی آئی تو امی جاگیں اور انہوں نے دوبارہ فریج چلایا۔ جب ہم صبح اٹھے تو فریج کی کولنگ پہلے سے کہیں زیادہ بہتر تھی۔ **(ساجد اقبال، سرگودھا)**

گناہوں پر پشیمانی

حکیم صاحب نے آخری چھ سورتیں روزانہ نماز میں پڑھنے کا حکم فرمایا تھا اگرچہ اس عمل میں پابندی تو نہیں کی لیکن جب یہ عمل کرتا ہوں تو محسوس ہوتا ہے کہ دل گناہوں پر نادم ہے اور نیکی کی طرف مائل ہو رہا ہے۔

بچوں کے شور سے نجات

والد محترم کے زمانے سے ہمارے ایک مستقل اور پرانے گاہک ہیں۔ وہ ایک دن دکان پر آئے کہ میری بیوی کا حمل نہیں ٹھہرتا۔ اگر ٹھہر جائے تو ضائع ہو جاتا ہے۔ کہنے لگے: ایک دن ایک درویش نے بتایا کہ جب حمل ہو تو روزانہ رات کو

گیارہ بار آیت الکرسی پڑھ کر بیوی کے پیٹ پر پھونک دینا۔ اس کے بعد سے میرا کوئی حمل ضائع نہ ہوا اور جب بچے ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے اولاد کی اتنی کثرت کی کہ سارا دن کام کر کے جب شام کو تھکا ہوا گھر آتا تو بچوں کا شور ہوتا، ساری رات سو نہ پاتا، دن کو کام کرنے میں مسئلہ ہوتا تھا۔ پھر دوبارہ اسی درویش کے پاس گیا تو انہوں نے فرمایا کہ روزانہ رات کو گیارہ بار سورۃ القریش پڑھ کر بچوں پر پھونک دینا۔ جب سے یہ عمل شروع کیا ہے اس کے بعد کبھی رات کو بچوں کی وجہ سے بے سکون نہیں ہوا۔ ایک صاحب نے بتایا کہ اگر راستے میں چلتے چلتے آنکھ میں کنکر وغیرہ گر جائے تو اسی وقت الٹے قدموں دو تین قدم چلیں تو کنکر نکل جاتا ہے۔

ایک صاحب دوائی لینے آئے۔ وہ تقریباً پچیس تیس سال سے خارش میں مبتلا تھے۔ سارے جسم پر خارش کے دانے اور زخم تھے۔ خون صفاء کھانے سے خارش ٹھیک ہو گئی کہتے ہیں کہ کسی ڈاکٹر اور کسی دوائی کو نہیں چھوڑا تھا لیکن اس دوا سے خارش ختم ہو گئی۔ **(امتیاز احمد)**

اللہ تعالیٰ کی مدد کا عجیب واقعہ

میرا ایک دوست ڈاکٹر توصیف ہے۔ وہ مالی طور پر بہت ہی پریشان تھا۔ حکیم صاحب سے ملاقات کروائی تو حضرت حکیم صاحب نے ''یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ'' پڑھنے کو بتایا۔ میرے دوست یہ وظیفہ تھوڑا بہت پڑھتے رہتے تھے۔ کہنے لگے: میں رات کو اپنے لیے جوتا لینے وحدت روڈ کی ایک دکان پر گیا، اس دکان میں اور بھی گاہک جوتا لے رہے تھے اسی دوران ڈاکو آ گئے، وہ گن پوائنٹ پر سب سے باری باری پیسے لیتے رہے جب میری باری آئی تو وہ کہنے لگے تو رکھ لے تجھ سے نہیں لیں گے۔ وہ ساری دکان کا کیش لے گئے لیکن مجھے چھوڑ گئے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی مدد کا عجیب واقعہ میں نے دیکھا۔ **(محمد اکمل فاروق سرگودھا)**

پانچ سو کا نوٹ مل گیا

میرے پانچ سو روپے گم ہو گئے تھے۔ شائد وہ مجھ سے گر گئے تھے۔ میں نے ”بِسۡمِ اللّٰہِ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ یَا جَامِعُ یَامُعِیۡدُ“ والا عمل کافی دفعہ پڑھا، اس کے ساتھ میں نے ”بِسۡمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیۡنِیۡ وَ نَفۡسِیۡ وَوَلَدِیۡ وَاَھۡلِیۡ وَ مَالِیۡ“ گیارہ دفعہ صبح پڑھا ہوا تھا مجھے یقین تھا کہ میرے پیسے مجھے مل جائیں گے۔ اگلی صبح میرا دوست ہاسٹل کی چھت پر گیا تو وہ پانچ سو وہاں پڑے ہوئے تھے۔ اس نے مجھے دے دیئے حالانکہ ہاسٹل کی چھت پر ہر وقت لڑکے جاتے رہتے ہیں یہ محض اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا ان دونوں اعمال کی برکت سے ہوا۔

فصل کی حفاظت کیلئے

میرا ایک رشتہ دار بتا رہا تھا کہ میں نے ایک ایکڑ زمین پر بھینسوں کیلئے چارہ کاشت کیا ہوا تھا۔ میں روزانہ اس پر اکتالیس دفعہ سورۃ الکوثر پھونک دیتا تھا آس پاس کی تمام زمینوں کا چارہ سخت سردی کی وجہ سے ختم ہو گیا مگر میری زمین پر لگا چارہ خشک نہ ہوا بلکہ اس برکت ہوگئی۔ **(محمد اکمل فاروق سرگودھا)**

گمشدہ چیز کیلئے

حکیم صاحب گمشدہ چیز کے لئے اذان کو بار ہا پڑھا ہمیشہ نفع ہوا۔ ایک دفعہ موبائل گم ہوا اذان پڑھنے سے مل گیا، رقم گم ہوئی اذان پڑھنے سے مل گئی، موٹر سائیکل کی چابی گم ہوئی اذان پڑھنے سے مل گئی، ڈگریز، دفتری کاغذات، ڈومیسائل، الغرض بہت سے اوریجنل کاغذات، دستاویزات گم ہوئے وہ بھی اذان پڑھنے سے مل گئے۔ ایک دن بھائی موٹر سائیکل پر اسلام آباد کچہری شناختی کارڈ بنوانے کیلئے جا رہا تھا راستے میں موٹر سائیکل پر لٹکا ہوا کاغذات کا بیگ پھٹ گیا اور

تمام دستاویزات گم ہو گئیں، بھائی کو معلوم نہ ہوا، 120foot چوڑی روڈ پر تیز رفتار گاڑیوں کا ہجوم تھا۔ خیر منزل پر پہنچے تو بھائی کو پتا لگا کہ راستے میں کہیں اس سے کاغذات گم ہو گئے ہیں آخر وہ واپس گیا اور اذان پڑھتا رہا۔ اللہ کی مدد سے ایک ایک کر کے ڈگری، ڈومیسائل اور کئی دستاویزات علیحدہ علیحدہ فیض آباد کے پل کے نیچے سے مل گئے اس دن تو واقعی کوئی معجزہ ہوا تھا۔

والدہ کی چادر

میری والدہ کی چادر بہت قیمتی تھی اور بالکل نئی تھی۔ وہ شادی پر گاؤں گئیں ان کی چادر غلطی سے کسی اور رشتہ دار کے سامان میں رہ گئی اور پتا لگا کہ گم ہوگئی بہت ڈھونڈی لیکن نہ ملی۔ آذان کے عمل سے ڈیڑھ ماہ بعد مل گئی۔

میرا موٹر سائیکل 15 دن سے اسٹارٹ نہیں ہو رہی تھی۔ مکینک کو دکھایا لیکن کام نہیں بنا میں نے ایک مرتبہ اذان کا عمل کیا اسی دن موٹر سائیکل چل پڑی۔ اب جب کبھی ایسا ہوا تو میں نے یہ عمل کیا اور میرا کام بن گیا۔ **(عبدالاحد)**

ہر نقصان سے حفاظت

حکیم صاحب میں کراچی جیسے شہر میں رہتا ہوں جہاں لوٹ، مار موبائل چھننا، جیب کٹنا وغیرہ روز کا معمول ہے۔ وہیں یہ شہر کاروبار کے اعتیار سے اپنی مثال آپ ہے۔ باوجود خراب حالات کے یہ شہر دوسرے صوبوں سے آئے غریب وتنگدست لوگوں کی روزی کے مسائل حل اور لین دین کے سلسلے میں اکثر گھر سے باہر رہنا پڑتا ہے۔ میں گھر سے نکلتے ہوئے تین بار سانس روک کر ”بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ“ پڑھتا ہوں اس عمل کی برکت سے میرے ساتھ کبھی ایسا کوئی حادثہ نہیں ہوا۔ **(عبدالعزیز شمسی)**

بچہ مل گیا

میرے ایک دوست کے بیٹے کو ایجنسی والے اٹھا کر لے گئے۔ اس کو ایک

تھانے سے دوسرے تھانے منتقل کرتے رہے۔ اس کو سب تھانوں میں ڈھونڈا مگر اس کا کچھ پتہ نہ چل سکا میں نے اس کو ''دو انمول خزانہ'' پڑھنے کو کہا انہوں نے پڑھا الحمدللہ دو دن میں نہ صرف لڑکے کا پتہ چلا بلکہ مقدمہ بھی ختم ہو گیا۔ **(عبدالعزیز شمسی)**

آنکھ کی بینائی کیسے لوٹی

میرے والد کی ایک آنکھ میں موتیا تھا پھر اچانک ان کی سیدھی آنکھ کی بینائی بالکل ختم ہو گئی بڑے بھائی سہیل رضا ان کو مختلف آئی اسپشلسٹ کے پاس لے گئے اُنہوں نے کہا کہ اب ان کی آنکھ صحیح نہیں ہو سکتی۔ ڈاکٹر کا یہ جواب ہم پر بہت بارِ گراں گزرا، ایک لمحے کے لئے دل اُچھل کر حلق میں آ گیا۔ پھر میں والد صاحب کو آنکھوں کے بڑے مشہور ہسپتال جو کہ کورنگی میں ہے وہاں لے گیا۔ انہوں نے بھی بالکل وہی الفاظ دہرائے کہ اب ان کی آنکھ صحیح نہیں ہو سکتی موتیا کا آپریشن بھی کروا لیں تو ان کو اس آنکھ 8 سے نظر نہیں آئے گا۔ ڈاکٹروں سے تو ہم ناامید ہو گئے تو میرے سب سے چھوٹے بھائی نے والد صاحب سے کہا کہ آپ سورۃ الکوثر کثرت سے پڑھا کریں اور عبقری کے ایک شمارے میں چھ رکعات نوافل کا عمل آیا تھا وہ میرے بھائی نے خود شروع کر دیا۔ ابھی کچھ ہی دن یہ عمل کیا تھا کہ والدِ محترم کہنے لگے کہ میری آنکھ نے صحیح طور پر کام کرنا شروع کر دیا ہے۔ سب گھر والے حیران رہ گئے کہ یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے جبکہ اچھے اچھے ڈاکٹر جواب دے چکے تھے کہ اب اس آنکھ میں بینائی آنا ناممکن ہے۔ چھوٹے بھائی نے بتایا کہ اس نے والد صاحب کی صحت یابی کیلئے پورے یقین سے یہ چھ نوافل والا عمل کیا اور عمل کے دوران ہی مجھے یہ محسوس ہو گیا تھا کہ میری حاجت ضرور پوری ہو گی۔

طریقہ عمل: عمل نہایت ہی آسان ہے بس اپنی حاجت ذہن میں رکھ کر دو، دو رکعت کر کے چھ نوافل پڑھیں اور اس کا ثواب حضرت نوح علیہ السلام کو ہدیہ کر دیں اور گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ **(محمد دانش، کراچی)**

غیبی نظام حرکت میں آ گیا

میرے پاس ایک دوست اظہر فاروقی صاحب اکثر آتے تھے اور دو انمول خزانے لے جاتے تھے۔ انہوں نے ایک دفعہ بتایا کہ میرے والد صاحب بیمار ہو گئے ان کو پرائیویٹ ہسپتال میں داخل کروا دیا۔ ہمارے تیس سے چالیس ہزار کا بل ہسپتال والوں نے پکڑا دیا۔ وہ صاحب فرمانے لگے میں دو انمول خزانے پابندی سے پڑھتا تھا اس کی برکت سے اللہ کا غیبی نظام حرکت میں آ گیا اور ہسپتال والوں نے ہم سے اتنی رقم لی کہ وہ اس بل کے سامنے نہ ہونے کے برابر تھی۔ **(محمد دانش، کراچی)**

ماں کی دعا سے کامیابی

میری والدہ تقریباً 8 ماہ سے بیمار تھیں۔ مختلف ہسپتالوں میں اور کبھی گھر میں رہیں اس دوران میں جامعہ دارالعلوم رحمانیہ بفرزون میں درجہ رابعہ کا طالب علم تھا اور والدہ کی بیماری کی وجہ سے صحیح طرح پڑھائی نہ کر سکا اور وفاق المدارس کے امتحانات شروع ہو گئے۔ مجھے لگا کہ ان امتحانات میں کامیاب ہونا مشکل ہے۔ جب پیپر دینے گیا تو والدہ سے کہا کہ دعا کریں، والدہ نے دعا دی اللہ کامیاب کرے گا میں چھ کے چھ پیپروں میں اللہ کے کرم اور ماں کی دعاؤں سے کامیاب ہو گیا۔ **(محمد دانش رضاء، کراچی)**

فوری فیصلہ ہو گیا

ایک بزرگ آئے اور بتایا کہ میں ڈرائیور ہوں اور عبقری کا قاری ہوں۔ کافی عرصے سے میرے مکان کا عدالت میں کیس چل رہا ہے۔ لیکن اس کا فیصلہ نہیں ہو رہا۔ اس بابا جی کو میں نے انمول خزانہ 2 پڑھنے کو بتایا، تقریباً ایک ماہ بعد وہ آئے تو ان سے پوچھا تو بتانے لگے کہ کیس میرے حق میں ہو گیا ہے۔ ایک میری بہو بڑی بد اخلاق تھی آئے دن گھر میں فساد اور جھگڑا کرتی تھی اللہ پاک نے دو انمول خزانہ کی برکت سے اس سے بھی جان چھڑا دی۔ **(ی۔ د، سیالکوٹ)**

میٹر نیا.....بل پرانا

ہمارے گھر میں اس ماہ گیزر دن رات چلتا رہا، اس کے علاوہ چار ہیٹر بھی چلتے رہے۔ نئے میٹر لگنے کی وجہ سے اس دفعہ گیس والوں نے ویسے بھی بل زیادہ بھیجے تھے، ہمارے محلے میں تقریباً اکثر لوگوں کے بل دس ہزار سے زیادہ کے آئے تھے۔ ہمارا میٹر بھی تبدیل ہوا تھا۔ پچھلی دفعہ زیرو میٹر ریڈنگ کا بل بھیجا تھا تو یہ بل تقریباً دو ماہ کا بن جاتا ہے۔ سب کے بل دیکھ کے میرا دل بھی ڈر رہا تھا کہ اس دفعہ کافی بل آئے گا لیکن اللہ کے کلام پر مجھے مکمل یقین اور ایمان تھا کیونکہ میری والدہ روزانہ سورۃ الکوثر 129 دفعہ پڑھ کر دم کرتی تھیں۔ جب ہمارا بل آیا تو دیکھ کر ایمان تازہ ہوگیا اعمال پر یقین اور زیادہ پختہ ہوگیا۔ بل صرف 1690 روپے کا تھا۔ یہ سب سورۃ الکوثر کی برکت سے ہوا۔ سبحان اللہ.....!

بغیر دعا کے زخم ٹھیک

وضو کے بعد تین گھونٹ پانی کی برکت سے پتہ کا درد ختم ہوگیا۔ مجھے کچھ دن پہلے جگر والی جگہ پر کافی شدید درد تھا۔ درد کبھی کم ہوجاتا تھا، کبھی زیادہ ہوجاتا تھا اور کبھی آرام آجاتا تھا لیکن کچھ دنوں سے کافی زیادہ اور مسلسل ہو رہا تھا تو میں نے وضو کے بعد تین گھونٹ اس درد کا تصور کرکے پیئے تو صرف دو دن کے اندر آرام آگیا وہ دن ہے اور آج تقریباً پانچ سے چھ ماہ ہوگئے ہیں پھر کبھی نہیں ہوا۔

میرے پاؤں کے انگوٹھے کا ناخن اندر جلد میں چلا گیا اور وہاں پر ریشہ پڑھ گیا۔ ڈاکٹروں کے پاس اس کا ایک ہی حل ہے کہ ناخن نکلوادیں تب یہ ٹھیک ہوگا کیونکہ ناخن جلد میں چلا گیا ہے تو اس سے انفیکشن ہوگئی ہے لیکن میں نے وضو کے بعد تین گھونٹ اس نیت سے پیئے اور چوتھا گھونٹ منہ میں ڈال کر پھر نکال کر اس زخم پر لگایا صرف دو سے تین دن یہ عمل کیا تو میرا وہ زخم بالکل ٹھیک ہوگیا۔ درد اور شوزش بھی ختم ہوگئی۔ یہ سب وضو کے بچے ہوئے پانی کی برکت سے ہوا۔ سبحان اللہ۔ **(عمر حبیب، گوجرانوالہ)**

بہت پیارا اسم

محترم حکیم صاحب ”یَاحَفِیْظُ“ بہت ہی پیارا اسم ہے۔ جب بھی اسے پڑھتی ہوں میری پریشانی ٹل جاتی ہے، بیماری ختم ہوجاتی ہے اس کے بہت سے مشاہدات ہیں۔ پچھلے درس میں مجھے بہت کمزوری محسوس ہو رہی تھی اور میرے پاؤں کی وینز ایک دوسرے کے اندر جا رہیں تھی۔ میں نے وضو کے لئے ہمت کی اسی حالت میں اور وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیا اور ساتھ ہی گیارہ بار یَاحَفِیْظُ پڑھ کر دم کیا تو درد ٹھیک ہوگیا۔ میں اپنے دفتر میں بیٹھی ہوئی تھی۔ ابھی کام شروع کرنا ہی تھا کہ میرے ہاتھ کی انگلیوں میں کچھ ہوگیا جسے جان نکل رہی ہو میں نے گیارہ بار یَاحَفِیْظُ پڑھ کر دم کیا تو انگلیاں ٹھیک ہوگئیں۔

بچے کا اعمال پر یقین

حکیم صاحب! میری دوست کا بیٹا ابھی تقریباً آٹھ سال کا ہوگا۔ اس بچے نے اپنی ماں کو پانی پر یَاحَفِیْظُ دم کرتے ہوئے دیکھا تو بچے نے بھی ایسا کرنا شروع کردیا وہ بچہ پانی کا گلاس لے کر بیٹھ جاتا ہے اور گیارہ بار یَاحَفِیْظُ پڑھ کے دم کرتا ہے اور اپنے باقی بھائیوں کو بھی پلاتا ہے۔ ماں نے بیٹے سے پوچھا: اس سے کیا ہوتا ہے؟ وہ بچہ کہنے لگا: ماں مجھے دم والے پانی سے بہت سکون ملتا ہے۔ واہ کیا کمال کی بات ہے اتنے چھوٹے بچے کو اعمال کا یقین ہے کہ اعمال کرنے سے سکون ملتا ہے۔ میں نے اسے کہا کہ اسے کرتے رہو۔

ٹائر پنکچر نہیں ہوتا

ہمارے ایک دوست شاہ صاحب ہیں۔ انہوں نے اپنا ایک عجیب قصہ سنایا۔ کہنے لگے: میرے پاس گاڑی ہے اور میں اس کو تقریباً اب تک ایک لاکھ تراسی ہزار کلومیٹر چلا چکا ہوں لیکن اب تک اس کا ٹائر ایک دفعہ بھی پنکچر نہیں ہوا ہے۔ یہ بات

سن کر مجھے بہت حیرت ہوئی۔ کوئی اور ہوتا تو میں کبھی یقین نہ کرتا لیکن شاہ صاحب خاندانی آدمی ہیں اور نیک پرہیزگار ہیں۔ میرا تجسس بڑھا کہ ضرور یہ کوئی عمل کرتے ہوں گے خیر انہوں نے میرے پوچھنے سے پہلے ہی فرمایا میں گاڑی میں بیٹھنے سے پہلے آخری چھ سورتیں، تین دفعہ آیۃ الکرسی اور ایک دفعہ اذان پڑھتا ہوں جس کی برکت یہ ہے۔ ان اعمال کے کرنے سے اتنا فائدہ ہوا ہے اگر ہم بھی اعمال سے دوستی کریں گے تو ہمیں بھی فائدہ ہوگا چاہے وہ زندگی کا کوئی بھی شعبہ ہو۔ **(محمد آصف محمود)**

رزق کی خوشحالی

ایک صاحب کچھ میڈیسن لینے دکان پر آئے۔ باتوں باتوں میں ان سے پوچھا کہ آپ کو کسی وظیفے سے کوئی نفع ہوا ہو تو بتائیں۔ انہوں نے بتایا کہ میرا کاروبار کافی عرصے سے خراب ہوتا جا رہا تھا اور کچھ سمجھ بھی نہیں آ رہی تھی کہ کیا وجہ ہے، کاروبار کی وجہ سے کافی پریشانی اور مسائل بڑھ گئے تھے تو میں نے حکیم صاحب کے درس میں سورۃ المائدہ کی آیت نمبر 114 کا سنا تھا کہ آسمان کی طرف منہ کر کے صبح و شام گیارہ دفعہ پڑھنے سے اللہ رزق میں برکت دیتا ہے اور جو اللہ سے مانگیں اللہ وہ دے دیتا ہے۔ میں نے سورۃ المائدہ والا عمل شروع کر دیا تقریباً 20 سے 25 دن ابھی ہوئے تھے کہ اللہ نے کاروبار میں خوشحالی دے دی ہے اور رزق کی سب پریشانیاں دور ہو گئیں ہیں۔

بے اولادی کا مرض ختم

ایک خاتون نے بتایا: عبقری رسالے میں سورۃ البقرہ والا عمل پڑھا یہ عمل میں نے مختلف خواتین کو بتایا۔ ایسی خواتین جن کو سالہا سال سے اولاد نہیں ہو رہی تھی جنہوں نے کافی علاج اور دم تعویذ وغیرہ بھی کرائے تھے۔ میں نے جس کو بھی سورۃ البقرہ کا عمل بتایا ہے اس عمل سے اللہ تعالیٰ نے ان کو اولاد جیسی نعمت بھی دی اور بچہ یعنی اللہ نے بیٹا دیا۔ اللہ نے دس پندرہ سال پرانی بانجھ خواتین کی گود اس عمل سے ہری کر دی۔

طریقہ عمل:

حمل کا معلوم ہونے بعد ہر اسلامی ماہ کے پہلے سات دن ہر روز ایک بار سورۃ البقرہ کی تلاوت کریں۔

اللہ نے رشوت سے بچا لیا

میں نے گاڑی لی۔ اب اس کو اپنے نام ٹرانسفر کروانا تھا لیکن جس دن میں اس کو ٹرانسفر کرانے گیا تو وہاں پر جا کر پتہ چلا کہ جس سے گاڑی لی ہے اس شخص کا آئی ڈی کارڈ ختم ہو چکا تھا۔ اس شخص سے رابطہ کیا تو وہ تقریباً دو سے تین ماہ مجھے چکر پر چکر دیتا رہا کہ ابھی میں نے نیا آئی ڈی کارڈ بنوانے کیلئے دیا ہوا ہے ابھی ملا نہیں وغیرہ۔ آخر تنگ ہو کر اس کو کہا کہ دینا ہے یا نہیں؟ تو اس نے کہا کہ دفتر والوں کو کچھ پیسے دے کر اپنے نام کروالیں لیکن میں اس بات پر ضد کر رہا تھا کہ آپ مجھے اپنے آئی ڈی کارڈ کی کاپی دے دیں تاکہ مجھے رشوت نہ دینی پڑے لیکن وہ ٹال مٹول کرتا رہا۔ میں نے تنگ ہو کر وہ تین ایجنٹوں سے رابطہ کیا کوئی 4500 روپے اور کوئی 4 ہزار روپے مانگتا تھا جبکہ اس کی اصل فیس دو ہزار روپے تھی آخر کار میں نے دفتر میں جانے سے پہلے دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھی اور اللہ سے دعا کی کہ اے اللہ تو بہتر جانتا ہے کہ میں نے بڑی کوشش کی لیکن وہ شخص نہیں مان رہا اور مسلسل تنگ کر رہا ہے اب میں تیرے در پر آیا ہوں تو ہی مجھے رشوت اور حرام کام سے بچا۔ میں دعا کر کے دفتر چلا گیا وہاں پر گیا تو ایک صاحب سے ملا اس کو ساری صورتحال بتائی تو اس نے کہا کہ کوشش کریں کہ وہ آئی ڈی کارڈ کی کاپی دے دے لیکن میں نے اس سے کہا کہ بڑی کوشش کے بعد آیا ہوں وہ نہیں دے رہا تو اس نے کہا کہ جاؤ باہر فلاں نامی شخص سے فائل بنوا لاؤ۔ میں فائل بنوا کر لے آیا تو وہ اٹھا اور میرے ساتھ گیا اس دوسرے شخص کو کہا کہ میں نے اس پر دستخط کر دیئے ہیں اس شخص کو راستے میں روکنا نہیں۔ میں نے اس سے پوچھا: کتنی فیس دینی ہے؟ تو اس نے کہا کہ دو

ہزار دے دیں۔ میں نے دو ہزار فیس دی اور ان سے رسید لے کر گھر آ گیا یہ سب اللہ نے دو رکعت صلوٰۃ الحاجت کی برکت اور اپنی رحمت سے کر دیا اور مجھے رشوت دینے سے بچا لیا جبکہ یہ وہ محکمہ ہے جہاں پر کوئی کام بھی رشوت کے بغیر نہیں ہوتا۔ **(حکیم عمر حبیب)**

بند سگنل کھل گئے

محترم حکیم صاحب! آپ نے ٹریفک جام کیلئے **سورۃ الم نشرح** کا درس میں عرض کیا تھا۔ میں اور میری بہن آپ سے ملنے کیلئے لوکل پر ہی نکلے تو میں نے نکلتے ساتھ ہی **سورۃ الم نشرح** پڑھنی شروع کر دی۔ اسٹاپ پر جاتے ساتھ ہی ہمیں گاڑی مل گئی اور وہ بھی صاف ستھری۔ جب گاڑی میں سوار ہوئے تب بھی میں پڑھتی رہی، راستے میں بہت سگنل آتے ہیں۔ پہلے دو سگنل بند ملے لیکن باقی اللہ کے کلام کی برکت سے سب سگنل کھلے ملے اور اگر بند بھی تھے تو فوراً کھل جاتے اور مجھے بہت خوشی ہو رہی تھی کہ اللہ تعالیٰ راستہ بناتے جا رہے ہیں۔

سورۃ الم نشرح سے گاڑی چل پڑی

حکیم صاحب! جب میرے پیپر ہو رہے تھے تو میں پورے ٹائم پر نکلتی تھی اور راستے میں **سورۃ الم نشرح** پڑھتی ہوئی جاتی تھی۔ اس سورۃ کی برکت سے میرے دماغ کے دریچے بھی کھل جاتے تھے۔ ایک دن میں پیپر کیلئے گھر سے نکلی تو معمول کے مطابق پھاٹک بند تھا مجھے معلوم تھا کہ پھاٹک بند ہے البتہ لوگوں سے یہ بھی سنا کہ آگے ایک بڑی بس ہے جو پھنسی ہوئی ہے نکل نہیں رہی جب ٹرین گزر گئی تو میں نے دیکھا کہ بس درمیان میں پھنسی ہوئی ہے، پھاٹک تو کھلا ہے مگر ٹریفک بلاک ہے جب میں نے بس پھنسی ہوئی دیکھی تو میری تو جان پر بن گئی کہ مجھے پہنچنے میں بہت دیر ہو جائے گی، یقین جانیے! کہ ابھی میں نے ایک سے تین بار **سورۃ الم نشرح** پڑھی تھی کہ بس میں تھوڑی سی ہلچل شروع ہوئی، میرا حوصلہ بڑھا میں نے اور ورد سے پڑھنا شروع کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے بس نکل گئی اور راستہ صاف ہو گیا جبکہ لوگ کہہ رہے تھے کہ آج بس نکلنا بہت مشکل ہے مگر اللہ کے نام کی برکت سے بس آسانی سے نکل گئی جبکہ کافی دیر سے ڈرائیور کوشش میں تھا مگر سورۃ الم نشرح کی برکت سے اللہ نے راستہ بنا دیا۔ اللہ قبول فرمائے اور آپ کو اپنی شان کریمی کے بقدر جزائے خیر عطا فرمائے آمین۔

اللہ ھو کے مراقبے سے کھانسی ختم

محترم حکیم صاحب! آپ نے ایک بار درس میں ''اللہ ھو'' کا مراقبہ بتایا تھا کہ تصور میں لفظ'' اللہ'' کو سانس کے ذریعے اندر لے جانا ہے اور''ھو'' کہتے ہوئے باہر نکالنا ہے۔ میرے سر میں بہت درد تھی میں نے صرف ایک دو بار یہ عمل کیا تو اللہ کا شکر ہے کہ میرا سر درد ٹھیک ہو گیا۔ یہ مراقبہ میں اکثر اپنی کھانسی کے لیے کرتی رہتی ہوں تصور ایسے کرتی ہوں کہ اللہ اندر گیا اور میرا دل روشن ہو گیا اور ھو باہر آیا تو ساتھ میری کھانسی کی بیماری کو بھی باہر لے آیا۔ اب بہت افاقہ ہے۔

یَاحَفِیۡظُ سے نلکا ٹھیک

محترم حکیم صاحب! ہمارے گھر میں میری ماموں کی بیٹیاں آئی تھیں۔ ہم انہیں درس میں لے آئے تھے۔ کچھ عرصہ نہیں پچھلے سال کی بات ہے وہ بہت بیمار تھیں ڈاکٹرز نے جواب دے دیا تھا وہ صرف ایک ہی درس میں آئی تو اللہ پاک نے صحت و عافیت کے دروازے کھول دیئے۔ محترم حضرت صاحب! ان میں سے ایک بہن نادیہ نے کچن کا نلکا کسی ضرورت کے لئے کھولا تو خراب ہو گیا یعنی لیک ہونے لگا، بڑی مشکل سے بند کیا اس کی بڑی بہن نے دیکھا تو کمرے میں بیٹھے بیٹھے ہی 'یَاحَفِیۡظُ'' گیارہ بار پڑھ کر دم کر دیا۔ دم کرنے سے نلکا خود ہی ٹھیک ہو گیا اور وہ دونوں بہنیں بہت خوش ہوئیں۔

تین گھونٹ سے ٹانسلز کی تکلیف ختم

مجھے پچھلے ہفتے ٹانسلز کی بہت سخت تکلیف ہو گئی تھی یہاں تک کہ مجھ سے لعاب بھی اندر لے جانا مشکل ہو گیا تھا تو میں نے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی اس نیت سے پینا شروع کر دیا۔ تقریباً دو دن یہ عمل کیا تھا کہ اس سے ٹانسلز کا مسئلہ مکمل ختم ہو گیا اور ایسے تکلیف ٹھیک ہوئی کہ جسے کبھی ہوئی ہی نہیں تھی یہ سب اعمال سے ممکن ہوا۔ **(حکیم عمر حبیب)**

فالج کے مرض سے نجات

میری چھوٹی بہن امریکہ میں رہتی ہے۔ رمضان کے مہینے میں اس کو بائیں جانب فالج ہو گیا۔ وہ کافی پریشان تھی اس کا بلڈ پریشر بہت زیادہ ہائی ہو گیا تھا۔ میں نے کہا کہ تم سب کچھ چھوڑو میں تمہیں دو چیزیں بتاتا ہوں ایک تو وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی اس کی نیت سے پی لیا کرو اور دوسرا تم 7 مرتبہ اذان پڑھ کر اپنے دائیں اور بائیں کان میں پھونک مار لیا کرو۔ اس نے کہا کہ میں پانچ سورہ پڑھ رہی ہوں۔ میں نے کہا کہ تم وہ بھی پڑھتی رہو اور یہ عمل بھی کر لو۔ رمضان بھی گزر گیا اور عید بھی گزر گئی۔ انہی دنوں میری بہن کا فون آیا اور کہنے لگی کہ آپ نے جو وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی والا عمل بتایا تھا اس سے میرا فالج اور بلڈ پریشر سب کچھ ٹھیک ہو گیا ہے۔ وہ مجھے دعائیں دے رہی تھی۔ اب وہ اتنی خوش تھی اور مجھے دعائیں دے رہی تھی۔ اگر مزید اس سے بات ہوگی تو وہ بھی انشاءاللہ عرض کر دوں گا۔

ڈینگی بخار کا علاج

پچھلی دو جمعرات میں بخار کی وجہ سے درس پر نہیں آ سکا مجھے ڈینگی ہو گیا تھا۔ یہ بخار ہی عجیب تھا کہ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ میرے ساتھ، میری اہلیہ کے ساتھ اور میری بیٹی کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ سارا گھر ڈینگی بخار میں مبتلا تھا۔ نہ نماز پڑھنے کو دل

کر رہا تھا اور نہ جسم میں ہمت تھی۔ ہم نے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پینے والا عمل شروع کر دیا ماشاءاللہ الحمدللہ....! آج میں اِدھر کھڑا ہوں۔ میں نے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پیتے ہوئے بخار سے شفایابی کی نیت کی تھی۔

ڈاکٹر کبھی کہتے تھے کہ پلیٹ لیٹس کم ہو گئے ہیں، کبھی کہتے زیادہ ہو گئے ہیں۔ پندرہ دن اسی چکر میں پڑے رہے، اب کوئی ٹیسٹ نہیں کروایا۔ میں پہلے بھی تین گھونٹ پانی پیتا تھا اب وہ روٹین دوبارہ جاری ہو گئی ہے۔ الحمدللہ....!

انمول خزانہ اور ناممکن شادی

محترم حکیم صاحب! میں نے ایک لڑکی کو انمول خزانہ پڑھنے کو دیا۔ اس لڑکی نے انمول خزانہ نمبر 2 کا فائدہ مجھے بتایا کہ میرا اکلوتا بھائی ہے اس لیے لاڈلہ اور ضدی ہے۔ ہم چاہتے تھے کہ اس کا رشتہ ماموں کے گھر ہو جائے۔ لیکن بھائی ہماری بات نہیں مان رہا تھا۔ امی نے انمول خزانہ نمبر 2 اس کی نیت سے پڑھنا شروع کر دیا کہ یہاں رشتے کیلئے بھائی مان جائے۔ یقین کریں جو بھائی پہلے کسی صورت مان نہیں رہا تھا (حالانکہ لڑکی بہت خوبصورت ہے) اب خود کہہ رہا ہے کہ میری شادی ماموں کی بیٹی سے کرو۔ امی حیران کہ یہ کیسا مان گیا؟

الرجی کا خاتمہ

مجھے تقریباً ہر سال رمضان میں الرجی ہو جاتی تھی۔ میں وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پینے والا عمل کرتا رہا۔ اس عمل کی برکت سے میری الرجی ختم ہو گئی۔ خاص طور پر جب میں سفر کرتا تھا تو جسم پر دھپڑ پڑ جاتے تھے۔ اب وہ مسئلہ بھی ختم ہو گیا ہے۔ میں ہر بار وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی الرجی سے شفاء کا تصور ذہن میں پیتا تھا اب الحمدللہ! وہ بیماری دور ہو گئی ہے۔ **(خدا بخش صاحب، سول سیکرٹریٹ)**

بالوں کا گرنا بند

میرے بال بہت زیادہ گرتے تھے۔ میں جب بھی کنگھی کرتا تو میرے

ہاتھ میں بال آجاتے۔ پھر میں نے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی اس نیت سے پینا شروع کر دیا اور چوتھا گھونٹ سر کے بالوں پر چھڑک دیتا اب الحمدللہ بال بالکل نہیں گرتے اور میں بالکل ٹھیک ہوں۔ **(شاہد صاحب)**

سورہ کوثر کی طاقت

میں نے اپنے ساتھ کام کرنے والے تمام پولیس والوں کو سورۃ الکوثر کے فوائد بتائے۔ ایک ساتھی بتانے لگے کہ ایک دن میں لاری اڈے پر کھڑا تھا وہاں کچھ لوگ کافی دیر سے گاڑی کو دھکا لگا رہے تھے لیکن گاڑی اسٹارٹ نہیں ہو رہی تھی۔ تو میں نے گاڑی اسٹارٹ ہونے کی نیت کر کے تین دفعہ سورۃ الکوثر پڑھی تو اس دفعہ انہوں نے دھکا لگایا تو گاڑی یکدم اسٹارٹ ہو گئی۔ **(بابر علی)**

سورہ قریش سے جلد ٹرین مل گئی

ایک مرتبہ فیملی کے ساتھ کراچی جانا تھا قراقرم کی ٹکٹ تھی۔ ہم اسٹیشن پہنچے تو قلی آیا سامان اٹھایا اور اس نے بتایا کہ گاڑی آج تقریباً 2 سے 2½ گھنٹے لیٹ ہے میں نے کہا خیر ہے۔ اس دوران میں نے سورۃ القریش پڑھنا شروع کی بچوں نے پوچھا: بابا ٹرین کب آئے گی؟ میں نے کہا: انشاءاللہ جلد آجائے گی۔ ابھی میں نے سورۃ القریش دو یا تین بار پڑھی ہو گی کہ قلی نے آ کر کہا کہ ٹرین آرہی ہے جلدی کریں۔ میں نے اس سے کہا کہ تو کہہ رہا تھا کہ ٹرین دو گھنٹے لیٹ ہے تو یہ کیا ہو گیا؟ اس نے کہا کہ بیس سال ہو گئے نوکری کرتے ہوئے یہ پہلی مرتبہ ہوا ہے۔ **(مراد حسین)**

آیت الکرسی سے حفاظت

میں روزانہ گھر سے نکلنے سے پہلے میں تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر پورے گھر کا حصار کر کے نکلتا ہوں۔ پچھلے دنوں میری بیوی کچن میں کھانا بنا رہی تھی پریشر کوکر چولہے پر رکھا ہوا تھا اور وہ پاس بیٹھی ہوئی تھی ساتھ بچے بھی تھے کہ اچانک پریشر کوکر کا ڈھکن اُڑ کر زور سے چھت میں لگا اور پھر چولہے پر گر گیا سارا گرم گرم سالن پورے کچن میں بکھر گیا مگر آیۃ الکرسی کے عمل کی برکت سے بیوی اور بچوں کو اللہ نے اس حادثے سے محفوظ رکھا۔

اذان کے عمل سے بخار ختم

ایک دن میں کام سے گھر واپس آیا تو والد صاحب خلاف توقع بستر میں لیٹے ہوئے تھے جبکہ وہ تو ہر وقت کوئی کام کرنے والے محنتی آدمی ہیں۔ ان کو سخت سردی اور بخار تھا۔ دو رضائیاں اُڑھ کے لیٹے ہوئے تھے۔ میں نے آپ کا بتایا ہوا عمل سات دفعہ اذان اور سات دفعہ سورۃ المومنون کی آخری چار آیات والا عمل شروع کر دیا اور تقریباً چار یا پانچ بار کیا ہو گا۔ جب میں عشاء پڑھ کر واپس آیا تو والد صاحب کام میں مصروف تھے۔ اس عمل کی برکت سے ان کی طبیعت بہت بہتر ہو گئی تھی۔ **(عبدالقیوم، لاہور)**

بچی کی عجیب و غریب حرکتیں

میری بیٹی قرآن پاک حفظ کر رہی ہے۔ لیکن پتہ نہیں اسے کیا ہو گیا تھا کہ وہ عجیب و غریب حرکتیں کرتی رہتی تھی اور ہر وقت شرارتیں کرتی رہتی تھی۔ میری اہلیہ بھی اس کی وجہ سے اتنا پریشان رہتی کہ اکثر رو پڑتی اور کہتی کہ ہم اس پر اتنی محنت بھی کر رہے ہیں اور یہ پڑھ بھی نہیں رہی۔ اس کا کیا بنے گا؟ مدرسے والوں سے بات کی انہوں نے بھی یہی رپورٹ دی کہ یہ ہر وقت شرارتیں اور عجیب و غریب حرکتیں کرتی ہے اور پڑھائی میں بالکل توجہ نہیں دیتی۔

ایک دن میں نے اپنی اہلیہ سے کہا کہ اسے روحانی غسل کرواؤ۔ اس کی برکت سے اللہ پاک فضل فرمائے گا۔ تو جیسے ہی اس نے ”روحانی غسل“ کیا اس دن سے ماشاءاللہ وہ بالکل ٹھیک ہو گئی ہے۔ آج 15 دن ہو گئے ہیں اب وہ سبق بھی پہلے سے زیادہ یاد کر لیتی ہے اور اس کو منزل بھی پختہ یاد ہے۔ **(محمد صادق صاحب)**

سورہ کوثر کی وجہ سے خوش اخلاقی کا رویہ

جمعہ کو جب آپ سے اجازت لے کر لاہور سے مانسہرہ کے لئے روانہ ہوا تو اڈے پر رش کی وجہ سے مجھے سیٹ نہیں مل رہی تھی۔ مینجر نے کہا کہ چانس کی بات ہے۔ میں نے سورۃ الکوثر کا ورد شروع کر دیا پہلے اس کا رویہ نامناسب تھا جو بھی آتا اس سے ایسے ہی پیش آتا اس عمل کی برکت سے اس نے مجھ سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کیا اور جو ٹائم میری مرضی کا تھا اسی ٹائم پر اور بس میں آگے والی سیٹ دے دی۔

جمعرات کو اکثر جب گھر پر درس شروع ہوتا ہے تو بچے بہت تنگ کرتے تھے۔ شور کی وجہ سے درس توجہ سے نہیں سنا جاتا تھا اب جب بھی بچے شور کرتے ہیں میں ”یَا مَانِعُ“ کا ورد شروع کر دیتا ہوں سب خاموشی سے درس سنتے ہیں۔ حضرت جی! دعا کریں میری روز کی انمول خزانہ نمبر 2 کی تعداد زیادہ سے زیادہ ہو جائے۔ **(عابد عباسی، مانسہرہ)**

ڈینگی بخار کا علاج

میرا ایک دوست بیوپاری ہے۔ اسے ڈینگی بخار ہو گیا۔ وہ کافی پریشان تھا اور بہت کمزور ہو گیا تھا۔ کہتا ہے میں نے ”CBC“ ٹیسٹ بھی کروائے ہیں ڈاکٹر کہتے ہیں دوائیاں کھاؤ، جوس پیو اور Rest کرو۔ میں نے اسے کہا کہ سب دوائیاں چھوڑ کے تم صرف ”روحانی غسل“ کرو.....! اور جاتے جاتے آخری چھ سورتیں پڑھتے ہوئے جاؤ اور گھر جا کر بار بار ”روحانی غسل“ کرو۔ وہ بتانے لگا کہ جب میں یہاں سے گیا تھا تو مجھ سے ایک قدم بھی نہیں اٹھایا جا رہا تھا تھکاوٹ اور کمزوری کی وجہ سے میرا برا حال تھا لیکن گھر جا کر میں جونہی ”روحانی غسل“ کر کے نکلا ہوں، میری کیفیت ہی بدل گئی۔ صرف دو دن میں بغیر دوائی کے میں بالکل صحت یاب ہو گیا۔

بسم اللہ کا لاک

ایک رات ایسا ہوا کہ میرے دوست اور میں نے گاڑی کھڑی کی میری گاڑی کا لاک خراب تھا جس وجہ سے دروازے لاک نہ ہوئے اور نہ ہی گاڑی پر کپڑا ڈالا۔ میری گاڑی کے بالکل ساتھ ہی میرے دوست کی گاڑی کھڑی تھی جو مکمل لاک تھی مگر رات کو ان کی گاڑی کا شیشہ کسی نے توڑا اور کوئی چیز چوری کرنے کی کوشش کی جبکہ میری گاڑی بھی ساتھ ہی تھی لاک بھی کھلا ہوا تھا الحمدللہ میری گاڑی کو کسی طرح کا کوئی نقصان نہ ہوا۔ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ میں نے سات بار سانس روک کر ”بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ“ پڑھ کر حفاظتی لاک لگایا ہوا تھا۔

جادو جنات ختم

میں شورکوٹ میں ملازمت کرتا ہوں۔ میں نیٹ سے آپ دامت برکاتہم کا درس ڈاؤن لوڈ کر کے سنتا ہوں۔ میں نے ایک دن ایک درس میں ”روحانی غسل“ کا سنا تھا۔ میری اہلیہ کے ساتھ جادو، جنات کا مسئلہ تھا تو میں نے اسے بھی روحانی غسل کا طریقہ سکھایا اور کہا کہ تم بھی ”روحانی غسل“ کرو اور میں بھی تمہاری نیت سے کرتا ہوں۔ اسے اکثر ہی دباؤ سا محسوس ہوتا رہتا تھا اللہ کا فضل ہوا کہ ”روحانی غسل“ کی برکت سے اس دباؤ میں کمی آ گئی۔ ایک دن میں نے روحانی غسل نہ کیا اور اسی دن اسے وہی مسئلہ پھر شروع ہو گیا پھر دوبارہ ہم نے روحانی غسل کیا اور فوراً دباؤ ختم ہو گیا۔ اس کے بعد سے الحمدللہ! آرام ہے۔ **(محمد عمر، شورکوٹ)**

سورۃ یٰسین کی برکت سے چاول بچ گئے

ہمارے ایک دوست کے ہاں ان کی بیٹی کی منگنی تھی۔ ہم نے اندازاً سات کلو چاول پکائے تھے۔ حالانکہ مشورہ 10 کلو چاول کا تھا۔ خیر چاول پکوائے لیکن جب مہمان آئے تو وہ تو ساٹھ ستر تھے۔ ہم پریشانی ہونے لگے کہ کیسے پورا ہو گا۔ ہم نے ایک ساتھی کو سورۃ یٰسین پڑھنے پر لگا دیا۔ الحمدللہ وہی چاول سب نے کھائے اور سورۃ یٰسین کی برکت سے کچھ چاول بچ بھی گئے۔

ٹینشن ڈیپریشن کا علاج

پچھلے دنوں میرے پاس ایک کسٹمر آیا ان کے چہرے ہی سے پریشانی کے آثار ظاہر ہو رہے تھے۔ میں نے پوچھا: چودھری صاحب! کیا بات ہے...؟ کہنے لگے کہ ہمارے پورے خاندان میں ڈیپریشن کا مسئلہ ہے اور سمجھ نہیں آ رہی کہ کیا کریں؟ وہ لاہور کے کسی اسپیشلسٹ سے کافی عرصہ علاج بھی کرواتے رہے لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔ میں نے انہیں ”روحانی غسل“ کا طریقہ بتایا اور کہا: چودھری صاحب! آپ یہ غسل کریں انشاء اللہ! آپ کو بہت فائدہ ہوگا۔ پھر کچھ دن بعد میں نے انہیں فون کیا اور پوچھا: اب کیسی طبیعت ہے....؟ وہ بہت خوشی سے بتانے لگے کہ پہلے سے بہت فرق ہے۔ میں نے کہا: آپ مستقل یہ عمل کرتے رہیں ان شاء اللہ! آپ کو دوائیوں کی بجائے اس ”روحانی غسل“ سے اللہ پاک شفاء عطا فرمائیں گے۔

سورۃ کوثر سے کرم ہوا

بھائی جان نے فیکٹری کی تعمیر کیلئے مجھے تین لاکھ روپے دیئے تھے۔ میں نے گھر لا کر اس کو تھیلی میں ڈال دیا۔ پھر ایک دن مجھے ذاتی استعمال کے لیے پچیس تیس ہزار کی ضرورت پڑی۔ میں نے پیسے نکال تو لیے مگر مجھے فکر ہو گئی کہ میں واپس کہاں سے کروں گا۔ میں نے پریشانی میں سورۃ الکوثر کا خوب اہتمام کیا سارا دن ان گنت پڑھتا رہا اور اس میں سے فیکٹری کے اخراجات کے لیے نکالتا بھی رہا۔ ہر مہینہ کی پندرہ تاریخ کو ٹھیکیدار کو 90,80 ہزار دینے ہوتے تھے اور تھیلی میں رقم بھی تھوڑی رہ گئی تھی، پیسے دینے کی پندرہ تاریخ بھی آ گئی تھی، میں پریشان تھا۔ خیر میں تھیلی سمیت رقم فیکٹری لے گیا۔ اللہ کی شان کریمی دیکھیں کہ ٹھیکیدار کو بھی پیسے دے دیئے اور پانچ ہزار بچ بھی گئے۔

14 سالہ گائنی کا مسئلہ ختم

ہمارے محلے میں ایک خاتون ہیں جنہیں پچھلے 14,13 سال سے گائنی کی پرابلم تھی۔ وہ مہینے میں اکیس دن دوائی استعمال کرتی تھیں۔ انہوں نے میری اہلیہ سے اس بات کا ذکر کیا تو میری اہلیہ نے انہیں ”روحانی غسل“ کا مکمل طریقہ سکھایا اور تاکید کی کہ وہ ”روحانی غسل“ ضرور کریں۔ ان کی دوائیوں پر باقاعدہ لکھا ہوتا تھا کہ اتوار کو یہ دوائی لینی ہے، پیر کو یہ دوائی لینی ہے....! چند دن پہلے ان کا فون آیا کہ اللہ پاک نے میرا 14,13 سال پرانا مسئلہ ختم کر دیا ہے اور ”روحانی غسل“ کی برکت سے مجھے اس مہینے دوائی کھانے کی ضرورت ہی نہیں پڑی۔ **(راشد خلیل صاحب)**

نانا کا ڈینگی ختم

میرے نانا کو ڈینگی بخار ہو گیا۔ ہم نے انہیں ”روحانی غسل“ کروایا بھی اور سب نے انہیں ”روحانی غسل“ ہدیہ بھی کیا وہ ٹھیک ہو گئے۔ **(علی حسن، لاہور)**

سورۃ القریش کا معجزہ

اس سال بقرہ عید پر عجیب و غریب معاملہ ہوا۔ ہم لوگ قربانی کا جانور لینے کیلئے وہاڑی گئے۔ دو تین جانور پسند آئے پھر ہمارا دوست جو جانور دکھاتا ہے کہنے لگا بھائی ایک ایسی چیز دکھاتا ہوں دل خوش نہ ہو جائے تو کہنا خیر ہمیں اس نے ایک جانور دکھایا، سبحان اللہ....! ایسا خوبصورت، صاف ستھرا اور دلکش جانور تھا کہ عقل حیران رہ گئی۔ پہلی مرتبہ دیکھنے میں ہی آنکھ کو بھا گیا۔ مگر جب اس کی قیمت پتہ چلی تو رنگ اڑ گئے۔ اسی وقت سورۃ القریش پڑھی اور دل میں نیت کر لی کہ اللہ پاک اس عید پر میں نے یہی جانور تیرے نام پر قربان کرنا ہے۔ واپسی پر سارے راستے سورۃ القریش پڑھتا رہا اور اللہ سے مانگتا رہا۔ بیگم کو بھی سورۃ القریش پر لگا دیا اور خود بھی روز تقریباً سات سو دفعہ سورۃ القریش پڑھ لیتا تھا۔

وہی آدمی لاہور کی منڈی میں وہ جانور بیچنے کے لیے لایا۔ اس آدمی نے ہم سے کہا کہ کوئی اور جانور پسند کر لیں لیکن میں نے اس کو کہا کہ اگر اللہ کو منظور ہوا تو ہم یہی جانور لیں گے۔ آخر چاند رات آ گئی اور خدا کی قدرت کہ اس کا سارا مال بک گیا مگر وہ

جانور نا بکا اس آدمی نے مجھے خود شام کو بلاوایا اور رونے لگا کہ خدا کے لیے مجھ سے یہ جانور لے لو اور جو چاہو پیسے دے دو....! کہنے لگا: جب سے آپ نے اس جانور کو پسند کیا ہے کسی نے اس پر ہاتھ تک نہیں رکھا۔ اللہ پاک نے سورۃ القریش کی برکت سے وہ جانور بھی دلوایا اور ہم نے رقم بھی اپنی مرضی کی دی۔ یہ معاملہ میرے لیے ایک معجزہ سے کم نہ تھا، گمان سے بالاتر تھا جو اللہ نے عافیت سے کروا دیا۔

اپنا کاروبار مل گیا

میرے بھائی نعیم صاحب لالہ موسیٰ میں رہتے ہیں۔ پچھلے دنوں گجرات میں بائیس تاریخ کو جو حضرت جی دامت برکاتہم کا درس ہوا تھا اس میں حاضری دینے کیلئے میرے بھائی نے اپنے دُکان مالک سے چُھٹی مانگی۔ لیکن اس نے چُھٹی دینے سے انکار کر دیا۔ میرے بھائی نے کہا کہ نوکری رہے یا نہ رہے میں نے درس میں ضرور حاضر ہونا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں درس میں حاضر ہوا وہاں حضرت حکیم صاحب نے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پینے والا عمل اور اس کے فوائد بتائے۔ میرے بھائی اکثر نوکری کیلئے پریشان رہتے تھے اور سوچتے تھے کہ اپنا کوئی کاروبار ہو انہوں نے یہ عمل صرف دو مرتبہ عصر کے وقت اور مغرب کے وقت کیا۔ اس کے بعد پتہ نہیں کہاں سے ایک اللہ کا بندہ آیا تو اس نے پوچھا: کیا کرتے ہو؟ بھائی نے کہا کہ ابھی ابھی نوکری سے فارغ ہوا ہوں۔ اس نے کہا: کوئی بات نہیں اللہ بہت کریم ہے تم میرے ساتھ کام کرو۔ تم کام کو اچھے طریقے سے جانتے ہو ساری انویسٹمنٹ میری ہوگی اور میں تمہیں بچت کا پچاس فیصد دوں گا.....! جب بھائی میرے پاس ملنے آئے تو ان کی دکان میں فٹنگ کا کام شروع ہو چکا تھا۔ یہ سب وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پینے کی برکت ہے۔ **(عبدالمنان صاحب)**

ڈینگی بخار کا خاتمہ

میرا ڈیڑھ سال کے بیٹے کو ڈینگی بخار ہو گیا تھا۔ میں نے فوراً اپنے بچے کی

طرف سے ''روحانی غسل'' ہر گھنٹے کے بعد کیا اور ساتھ سورۃ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان والا عمل کیا۔ صرف 2 دن میں میرا بچہ ڈینگی بخار کے شکنجے سے آزاد ہو گیا وہ بچہ اب بالکل ٹھیک ہو گیا ہے۔ **(محمد حسن ہاشمی صاحب)**

شوگر کنٹرول رہتی ہے

مجھے شوگر تھی جو 260۔265 تک رہتی تھی۔ اب میں شوگر کی نیت کر کے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پیتا ہوں اور میری شوگر 140۔130 تک ہی رہتی ہے۔ اب میں میٹھا وغیرہ بھی کھا لیتا ہوں اور کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ **(مراد علی)**

یقین کی کیفیت

محترم حکیم صاحب! جس چیز کا مجھے اکثر مشاہدہ ہوا وہ یہ ہے کہ میں جو بھی ذکر خالصتاً اللہ کیلئے کرتا ہوں اس میں کوئی غرض یا دنیاوی نفع مقصود نہیں ہوتا تو اس کا مجھے سب سے پہلا فائدہ جو حاصل ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ میری چھوٹی بڑی خواہشات پوری ہونے لگتی ہیں اور اکثر جو میں سوچتا ہوں ویسا ہو جاتا ہے......! میں اگر کسی دنیاوی نفع یا کام کیلئے کوئی دعا مانگوں اور رب کریم کی بارگاہ میں وہ شرف قبولیت حاصل کر لے تو اکثر مجھے پتا چل جاتا ہے کہ میری یہ دعا قبول ہو گئی ہے حالانکہ ابھی اس کام کے پایہ تکمیل ہونے کا کوئی امکان نظر نہیں آ رہا ہوتا...... اس کی نشانی یہ ہوتی ہے کہ میرے دل میں ایک یقین والی کیفیت خود بخود پیدا ہو جاتی ہے اور مجھے پتہ چل جاتا ہے کہ یہ دعا قبول ہو گئی ہے۔

بچے بیمار نہیں ہوئے....!

میرا نام خالد محمود اعوان ہے۔ میں کراچی میں رہتا ہوں۔ حضرت مجھے ''روحانی غسل'' کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ پہلے ہر سال سردیوں کے شروع میں میرے بچے بیمار ہو جاتے تھے پھر ان کو میں نے ''روحانی غسل'' کروایا اور الحمدللہ! اس سال وہ سردیوں میں بیمار نہیں ہوئے۔ **(خالد محمود اعوان، کراچی)**

چھڑی چھوٹ گئی.....!

میں واپڈا میں ملازمت کرتا ہوں۔ مجھے گیارہ ہزار وولٹیج کا کرنٹ لگا تھا...! کرنٹ لگنے کے بعد میں چھڑی کے بغیر نہیں چل سکتا تھا۔ میں مکمل طور پر چھڑی کا محتاج ہو کر رہ گیا تھا میں نے ’’روحانی غسل‘‘ کے بارے میں کسی سے سن رکھا تھا۔ تو میں نے سوچا چلو میں بھی آزما کر دیکھتا ہوں۔ میں نے بھی ’’روحانی غسل‘‘ کیا اور جیسے ہی باہر آیا، میرا چھڑی پکڑنے کو دل ہی نہ چاہا۔ میں حیران رہ گیا میں تو کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ میں بغیر چھڑی کے چل سکوں گا اور اب بغیر چھڑی کے بالکل نارمل انداز میں چل پھر رہا ہوں۔

10 سالہ نزلے اور کیرے سے نجات

میلسی میں ہمارے ایک دوست ہیں جن کی کپڑے کی دکان ہے۔ انہیں تقریباً دس سال سے نزلے کا مسئلہ تھا اور ان کو کیرا گرتا تھا۔ انہوں نے کافی ڈاکٹروں، حکیموں سے علاج کروایا لیکن فائدہ نہ ہوا۔ میں نے انہیں ’’روحانی غسل‘‘ کا طریقہ سکھایا۔ صرف چار دن انہوں نے ’’روحانی غسل‘‘ کیا اور پانچویں دن بتانے لگے کہ الحمدللہ! ایسے لگتا ہے جیسے میں بالکل ٹھیک ہو گیا ہوں۔

نوکری مل گئی

میرے بیٹے کی پیدائشی ایک آنکھ میں روشنی بہت کم تھی بلکہ نہ ہونے کے برابر تھی۔ اس نے تین سال پہلے ماسٹر کیا ہے لیکن نوکری نہیں ملتی تھی۔ میں نے عبقری میں پڑھا تھا کہ ہر روز 125 بار ’’یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ‘‘ پڑھیں۔ چالیس دن میں نے یہ عمل کیا۔ اللہ کے کرم سے میرے بیٹے کو 14 گریڈ میں نوکری مل گئی۔

گرتے platlets کا شافی علاج

میری بیٹی کے platlets بتیس رہ گئے تھے۔ میں نے بیٹی کو ’’روحانی

سل‘‘ کروایا اور عبقری دواخانہ سے جو صابن ملتا ہے بیٹی کو اس سے نہلا دیا، رات کو جب اُس کا test کروایا تو Plaltleh 140 ہو گئے۔ (حسنین، لاہور)

پرانی الرجی کا خاتمہ

میری اہلیہ کو جسم پر بہت پرانی الرجی تھی۔ جس سے جسم خشک اور اُدھڑ جاتا تھا۔ حضرت جی! سے ’’روحانی غسل‘‘ کا سنا۔ میری اہلیہ نے ’’روحانی غسل‘‘ پہلی مرتبہ کیا پہلے ہی غسل میں 70 فیصد شفایابی ہو گئی اور اس کی وہ شدت بھی نہیں رہی الحمدللہ! ’’روحانی غسل‘‘ کی بدولت پرانی الرجی سے نجات مل گئی۔ (خرم صاحب)

اذان کی طاقت

میرے ایک دوست کے بھائی تھے۔ ان کو ڈینگی بخار ہو گیا تھا۔ وہ میو ہسپتال میں داخل تھے۔ میں تین دن پہلے ہسپتال عیادت کیلئے گیا اور انہیں جا کر تاکید کی کہ آپ مریض کے کان میں سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ المومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر دم کریں۔ دو بھائی ان کے ساتھ تھے اور تیسرے کو بخار تھا۔ میں نے کہا کہ ایک بھائی باہر والے کام کریں اور ایک بھائی ان کے ساتھ بیٹھ جائیں اور یہی عمل ہر 15 منٹ کے بعد بار بار کریں۔ وہ دیہاتی تھے سورۃ المومنون کی آیات تو نہ پڑھ سکے جبکہ انہیں اذان آتی تھی۔ ان کے ایک بھائی کہنے لگے کہ میں یہ عمل کرتا ہوں۔ میں نے کہا کہ ٹھیک ہے آپ یہ عمل کریں اور مسلسل کرتے رہیں۔ جس دن میں پہلی مرتبہ ان کی عیادت کیلئے گیا تھا اس وقت ان کے پلیٹ لیٹ 67 تھے اور پھر آہستہ آہستہ کم ہوتے ہوئے چھبیس تک چلے گئے۔ میں نے کہا کہ یہ عمل کریں انشاء اللہ پلیٹ لیٹس جلد ٹھیک ہو جائیں گے۔ انہوں نے عمل شروع کر دیا۔ ایک دن چھوڑ کر اگلے دن میں نے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ ماشاء اللہ پلیٹ لیٹس 82 ہو گئے ہیں اور ڈاکٹروں نے کہا کہ آپ جا سکتے ہیں۔ (حکیم عمر حبیب، گوجرانوالہ)

خودکشی کو دل چاہتا تھا

حضرت صاحب! مجھے خودکشی کے خیالات آتے ہیں۔ میں حساس ادارے کا ملازم ہوں۔ یہ 5 سال قبل کی بات ہے کہ شادی سے ایک مہینہ قبل میری نیند ختم ہو گئی تھی۔ مجھے سمجھ نہیں آتی تھی کہ میرے ساتھ کیا معاملہ ہے؟ شادی کے روز بھی ایسا رہا....! ولیمے والے دن میں ایسا تھا جیسے زندہ لاش ہوتی ہے۔ میرے کزن مجھے اٹھا کر شادی ہال لے گئے تھے، مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ یہ سب کیا ہے....؟ میں نماز بھی پڑھتا ہوں اور درود شریف کی تسبیح بھی کرتا ہوں۔

میں پچھلے 3 سال سے ہر رات حضور ﷺ پر درود شریف بھیج کر سوتا تھا پھر میں عاملوں کے ہتھے چڑھ گیا انہوں نے کہا: تمہاری ساس نے کچھ کروایا ہے، تمہاری بیوی نے کچھ کروایا ہے، ہمارے لڑائی جھگڑے شروع ہو گئے، میری بیوی نے کہا کہ کیا کوئی بیوی چاہے گی کہ اس کا خاوند خودکشی کر لے اور وہ بیوہ ہو جائے....؟ یا کیا کوئی ساس یہ چاہے گی کہ اس کی بیٹی بیوہ ہو جائے....؟ پھر میں اپنے ادارے کے معروف سائیکالوجسٹ کے پاس گیا انہوں نے کہا کہ یہ ایسی بیماری ہے جس سے دماغی خلیے متاثر ہو جاتے ہیں جسے (Mental Disorder) کہتے ہیں اس کا جنات سے کوئی تعلق نہیں۔ میں کوئٹہ میں ڈیڑھ ماہ زیر علاج رہا ڈاکٹر بھی حیران تھے کہ کوئی بھی دوائی کیوں اثر نہیں کرتی....؟ انہوں نے کہا تمہارا میڈیکل بورڈ ہو گا اور تم اس نوکری کے قابل نہیں رہو گے۔ میں نے سوچا خودکشی کر لوں پھر سوچا کہ حدیث کے مطابق قیامت تک قبر میں جلتا رہوں گا۔

میں مسلسل ادویات کھا رہا تھا۔ میرا ایک دوست تھا اس کی بیوی کو درس میں آنے کی برکت سے شفاء ملی تھی۔ اس نے مجھے درس کا بتایا۔ مجھے ماہر نفسیات ڈاکٹر کہتے تھے یہ جنات نہیں ہیں یہ صرف (Mental Disorder) ہے۔ کیونکہ

میرے چھوٹے بھائی کو بھی ہے یہ موروثی بیماری ہے۔ حکیم صاحب کے پاس آنے سے قبل کئی عامل بھی جواب دے چکے تھے اور کہتے تھے تم وہمی ہو۔ لیکن آپ نے ''روحانی غسل'' بتایا۔ میں نے مسلسل کیا، جس سے میں صحت یاب ہو چکا ہوں۔

(محبوب حسین صاحب، ملازم شعبہ پولیس)

{روحانی غسل}

صحت و عافیت اور پر سکون زندگی کو بحال رکھنا اور بیماری لاحق ہونے پر اس سے چھٹکارا حاصل کرنا انسانی فطرت کا اہم تقاضا ہے، انسان کو لاحق ہونے والے امراض دونوں ہی طرح کے ہیں روحانی و جسمانی اور ان دونوں کا شافی علاج قرآن مقدس اور احادیث مبارکہ میں ہے جیسا کہ خداوند عالم کا فرمان ہے

''وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ''

یعنی ہم نے جو قرآن نازل کیا ہے اس میں (جسمانی و روحانی) بیماریوں کے لیے شفاء ہے اور اہل ایمان کے لیے سراپا رحمت ہے۔ {سورہ بنی اسرائیل ۸۲}

اسلام پاکیزہ مذہب ہے اور نظافت اور صفائی ستھرائی کو پسند کرتا ہے اسی لیے نماز پنجگانہ کے ساتھ وضوء کا حکم دیا اور وضوء میں ان اعضاء کو دھونے کا حکم دیا گیا جو بار بار غبار آلود ہوتے ہیں اور جن میں میل و کچیل زیادہ لگتا ہے، پھر ہفتہ میں کم از کم ایک بار غسل کو سنت قرار دیا گیا تاکہ پورا جسم صاف ستھرا ہو جائے۔ اولیاء کرام کا حیرت انگیز ''روحانی غسل'' ایسا مجرب عمل ہے جس میں اللہ کا فرمان بھی ہے یعنی قرآنی آیات اور حضور ﷺ کا طریقہ بھی یعنی سنت کے مطابق غسل کرنا اسی وجہ سے یہ ہر قسم کی بیماری اور پریشانی کے لیے ایک تیر بے خطا اور آزمودہ عمل ہے، ہزاروں نے آزمایا آپ بھی یقین کی قوت کے ساتھ کریں اللہ پاک اس عمل کو ضرور قبول فرماتے ہیں جس میں یقین کی طاقت ہو۔

جوہر شفاء سے دس سال پرانا نزلہ و زکام اور چھینکوں کا خاتمہ

شہبانہ نامی ایک مریضہ نے عبقری سے جوہر شفاء مدینہ کے فوائد پڑھے اور اللہ کا نام لے کر شروع کر دی۔ اس سے پہلے پچھلے دس سال سے وہ مکمل علاج کروا کر تھک چکی تھی لیکن مرض تھا کہ ختم ہونے کا نام نہیں لیتا تھا۔ وقتی آرام اور پھر دوبارہ مرض لاحق ہو جاتی تھی۔ چھینکیں مار مار کر دماغ خالی ہو جاتا تھا کہ چھینکیں رکنے کا نام نہ لیتی تھیں۔ لیکن جوہر شفاء مدینہ کی مستقل ڈبیاں استعمال کی تو مرض کا نام و نشان ختم ہو گیا جو کہ پچھلے دس سال سے تھا۔ **(حکیم عمر حبیب، گجرانوالہ)**

آخری چھ سورتوں سے رزق میں برکت

جمشید نامی شخص دواخانہ میں آیا۔ اس نے بتایا کہ میں نے درس میں سنا تھا کہ سنتوں اور نفلوں میں آخری چھ سورتوں سے آفات، پریشانیوں اور مشکلات سے چھٹکارا ملتا ہے میں نے جب سے آخری چھ سورتیں پڑھنی شروع کی ہیں تب سے میری ماہانہ آمدنی میں اضافہ ہو گیا ہے پہلے میں نو سے دس ہزار ہر ماہ کی ٹیوشن پڑھاتا تھا اور اب میں تقریباً بیس ہزار کی ٹیوشنز پڑھاتا ہوں۔ ان چھ سورتوں کے پڑھنے سے میرے گھریلو معمولات بھی ٹھیک ہیں اور زندگی میں راحت و سکون آ گیا ہے۔ یہ سب اعمال سے ہوا ہے۔

فرعون غرق شد

چار مہینے قبل میں نے عبقری رسالہ خریدا تھا اور پھر ناغہ پڑ گیا۔ اس میں بتائے گئے اعمال کرتا رہتا ہوں۔ گھر میں جب بھی کسی کو درد ہو تو میں ''فرعون غرق شد'' والا عمل اس طرح کرتا ہوں کہ مقام درد پر انگلی کے ساتھ ''ف ر ع و ن غ ر ق ش د'' لکھتا ہوں جس کو بھی یہ عمل کیا اسے بہت فائدہ پہنچا۔ پھر میں نے مسلسل 2 ماہ ماہنامہ عبقری خریدا۔ اور آج میں پہلی مرتبہ درس پہ آیا ہوں۔ **(عامر، سیالکوٹ)**

اذان اور سورۃ مئومنون سے ڈینگی کا علاج

دو روز قبل مجھے ڈینگی بخار تھا۔ میں نے بچوں کو حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس بھیجا اور بخار کے بارے میں عرض کرنے کا کہا۔ لیکن ملاقات نہ ہو سکی۔ مجھے یاد آیا کہ حضرت صاحب مدظلہ نے ڈینگی بخار کیلئے فرمایا تھا کہ سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ المنومنون کی آخری چار آیات پڑھ کے مریض کے دائیں اور پھر بائیں کان میں پھونک ماریں اور وقفے وقفے سے یہ عمل مسلسل کرتے رہیں۔ میرے ایک بچے نے یہ عمل کر کے مجھے دم کیا اور مجھے افاقہ ہو گیا۔ الحمدللہ آج میں بالکل ٹھیک ہوں۔ **(میاں طارق صاحب)**

حضرت عمرؓ کا نام لکھنے سے بچے نے ضد چھوڑ دی

میرا 10 سال کا چھوٹا بچہ بہت تنگ کر رہا تھا میں نے اس کے سینے پر حضرت عمرؓ کا نام انگلی سے اس طرح لکھا ع م ر اور وہ ٹھیک ہو گیا ہ اس کے بعد اس نے مجھے پوچھا ابو جان آپ نے کیا لکھا ہے میں نے کہا کہ آپ کو بعد میں بتاؤں گا ابھی دو تین مرتبہ تجربہ کر لوں۔ پھر میں نے یہی عمل کیا اور اسے ابھی تک نہیں بتایا۔ کیا میں اسے بتا دوں کہ میں نے کیا عمل کیا تھا؟ اس کے علاوہ میں اذان بھی اس کے کانوں میں دیتا ہوں اب وہ الحمدللہ بہتر ہے۔ حضرت دامت برکاتہم العالیہ فرماتے ہیں کہ بچے کو بتا دینا چاہیے اس سے حضرت عمرؓ کی عظمت بچے کے دل میں اور بڑھے گی۔ اذان بھی اس کے کانوں میں دیتے رہنا چاہیے۔

سورۃ کوثر اور دعا سے رقم کا غیب سے انتظام

چند دن پہلے میں نے ایک مکان کا کام شروع کیا تو پیسے ختم ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کرتا رہا اور سورۃ کوثر بھی پڑھ کر برکت والی تھیلی پر پھونکتا رہا اور خصوصی دعا کی کہ: یا اللہ پیسے نہیں ہیں اور میں نے کسی سے مانگنے بھی نہیں ہیں اللہ آپ

خصوصی کرم کر کے غیب سے بندوبست کر دیجئے اور میری مدد فرمائیں۔ پھر واقعی اللہ پاک نے رحمت فرمائی چند دن پہلے میرا بھائی سعودی عرب گیا ہے۔ وہ وقت سے پہلے ہی چلا گیا اور کفیل نے خوش ہو کر اسے بیس ہزار روپے انعام دیا تو اسی دن اس نے مجھے فون کر کے پوچھا کہ یار تم مکان کا کام کروا رہے تھے کیا پیسے چاہئیں؟ میں نے کہا: بالکل چاہئیں۔ اسی دن اس نے حبیب بنک میں پیسے بھجوا دیئے اور دو گھنٹے بعد وہاں سے جا کر بیس ہزار نکلوا لایا اور اس طرح اللہ پاک نے میری مدد فرمائی۔ (خدا بخش صاحب)

گھر سے بھاگنے والا بچہ سورۃ الفیل سے ٹھیک ہو گیا

میرا ایک بیٹا ہے وہ گھر سے بھاگ جاتا تھا۔ حضرت صاحب مدظلہ نے فرمایا کہ آپ سورۃ الفیل پڑھا کریں۔ اس عمل سے میرا بیٹا اب کافی بہتر ہے، گھر میں بھی سکون ہے اور اللہ کے فضل و کرم سے اور حضرت مدظلہ کی دعاؤں سے ہم بھی تسبیح اور مصلے کے عادی ہو گئے ہیں اور اللہ کا خاص کرم ہے۔

ماہنامہ عبقری میں چھپے مضمون سے بے نمازی، نمازی بن گئے

ماہنامہ عبقری کا بذریعہ انٹرنیٹ مطالعہ کیا۔ اس میں ایک سبق یکسوئی قائم کرنے کیلئے تھا جو کہ بہت اہم سبق تھا اور ٹیلی پیتھی کے عنوان سے بھی کچھ مضامین پڑھنے کا موقع ملا تو اسی موضوع پر آج ایک جگہ بیان کرنے کا موقع ملا۔ اس ادارے سے میرا ایک سال سے تعلق تھا اور انہیں اکثر نماز کا کہتا لیکن ان پر کوئی خاص اثر نہ ہوتا تھا۔ عبقری میں چھپے ہوئے مضمون جو کہ یکسوئی کے حوالے سے ہے کو مدنظر رکھتے ہوئے جب انہیں متوجہ کیا اور بتایا کہ یہ زندگی مختصر سی ہے اور آخرت کے متعلق بتایا پھر نماز کی دعوت دی تو پانچ منٹ کے اندر ہی وہ کہنے لگے کہ آپ جماعت کروائیں آئندہ ہم وعدہ کرتے ہیں کہ کسی نماز میں بھی غیر حاضری نہیں ہو گی انشاء اللہ پھر میں نے نماز پڑھی تو سب نے شرکت کی اور آئندہ مستقبل پابندی نماز کا وعدہ کیا۔

چھوٹی سی دعا سے یورک ایسڈ کا خاتمہ

مجھے عرصہ دراز سے یورک ایسڈ کی شکایت تھی۔ میں ایلوپیتھک، ہومیوپیتھک اور حکمت کی ہربل میڈیسن کھا کھا کر تنگ آ گیا تھا۔ رمضان سے قبل تین ماہ سے مجھے بڑی شدت کی تکلیف چل رہی تھی۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک عمل بتایا تھا جو کہ رمضان سے قبل کرنا تھا۔ یہ عمل دو رکعت نماز صلوٰۃ توبہ کے اور ایک دعا: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ'' نہایت ہی توجہ اور دل کی چاہت کے ساتھ پڑھ کے اللہ سے مانگتا ہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے میں نے پہلے روز ہی یہ عمل کیا اور الحمدللہ ثم الحمدللہ پہلے روزے ہی میری ساری دوائیں چھوٹ گئیں اور اب ہر طرح کی بد پرہیزی بھی کر رہا ہوں۔ الحمدللہ اب اللہ تعالیٰ نے صحت و تندرستی عطا فرمائی ہے۔ رمضان سے پہلے درس میں آپ مدظلہ نے دو رکعت صلوٰۃ توبہ پڑھ کے اول و آخر درود شریف سات دفعہ اور یہ دعا: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ'' چالیس مرتبہ یا 129 مرتبہ یا 313 مرتبہ دل کی گہرائی کے ساتھ پڑھنے اور دعا مانگنے کا حکم دیا تھا۔

برکت والی تھیلی سے لینے والا ہاتھ دینے والا بن گیا

دو تین ماہ پہلے کی بات ہے کہ میرے ایک دفتر کے کولیگ تھے جو مالی بحران کا شکار ہو گئے۔ اور مالی کرائسس اتنا آیا کہ ان کے پاس گھر جانے کا کرایہ تک نہ ہوتا تھا اور کبھی کبھی دوست احباب سے بیس روپے مانگتے تھے کہ مجھے گھر جانے کا کرایہ دو اور بعض اوقات عزت نفس گوارا نہ کرتی تو پیدل ہی مزنگ چونگی تک آ کر نماز پڑھتے، پانی پیتے اور پیدل ہی یتیم خانے چوک تک چلے جاتے۔ ان کے دن مشکل سے مشکل ہوتے جا رہے تھے۔ بالآخر ایک دن تنگ آ کر مجھے کہنے لگے کہ میرے گھر ایک مرغا اور ایک مرغی ہے، میرے پاس اتنے پیسے بھی نہیں ہوتے کہ ان کیلئے دانہ

لے آؤں لہٰذا وہ تم اپنے گھر لے جاؤ۔ میں اپنے بیٹے کے ساتھ ان کے گھر گیا کہ چلو لے آتے ہیں اور جب تمہارے حالات ٹھیک ہونگے تب واپس لے لینا۔ اس نے ہماری کچھ تواضع کی اور مرغی، مرغا مجھے دے دیا۔ میں نے کہا کہ آج میں تمہارے گھر آیا ہوں تو تمہیں بھی ایک تحفہ دیتا ہوں۔ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول آخر سات بار درود شریف کے ساتھ 129 دفعہ صبح وشام پڑھنا شروع کر دو۔ وہ نمازی آدمی تھا جو کچھ بھی کہتے وہ پڑھتا رہتا اس نے سورۃ کوثر والا عمل بھی شروع کر دیا اور آہستہ آہستہ اس کی صورتحال بہتر ہونا شروع ہوگئی۔

اس کی بیوی اسے مسلسل کہتی رہتی تھی کہ تم اتنا کچھ پڑھتے رہتے ہو اس کا کیا فائدہ؟ حالات تو ٹھیک ہوتے نہیں....! بالآخر اس نے بھی پڑھنا شروع کر دیا میں نے اپنے دوست کو برکت والی تھیلی تحفہ میں دی کہ تم بھی لے لو اور اہلیہ کو بھی دو۔ اس نے کہا کہ میں نے گھر جا کر 100 روپے اس میں ڈالے اور اپنی بیوی کو کہا کہ چلو میرے کہنے پر سورۃ کوثر پڑھ لیا کرو۔ کہتے ہیں کہ آہستہ آہستہ صورتحال اتنی بہتر ہوگئی کہ میری بیوی نہ نماز پڑھتی تھی اور نہ ہی کوئی وظیفہ پڑھتی تھی اس عمل کی برکت سے وہ اعمال اور نماز کی طرف آگئی اور آج صورتحال یہ ہے کہ جب میرا وہ دوست نماز پڑھ کے میرے ساتھ مسجد سے نکلا تو جتنے پیسے وہ اکثر دوستوں سے مانگا کرتا تھا اتنے پیسے اس نے برکت والی تھیلی سے نکال کر مسجد کے باہر بیٹھے فقیروں میں تقسیم کیے۔ یہ سب سورۃ کوثر کی برکت ہے۔

اذان اور سورۃ مئومنون سے جادو جنات کا خاتمہ

اس بار زندگی میں پہلی مرتبہ مجھے اپنے گاؤں ایبٹ آباد میں عید کرنے کا اتفاق ہوا۔ وہاں میرے ایک چچا فوت ہوگئے تھے اور تمام عزیز واقارب وہاں پر جمع تھے تاکہ لواحقین کے ساتھ اظہار تعزیت کیا جا سکے۔ وہاں میرے ایک پھوپھی زاد

بھائی ہیں ان کو سارے بدن میں درد ہونا شروع ہوگیا اور جنات وارد ہونے جیسی کیفیت پیدا ہوگئی۔ اس نے میرے چچا زاد بھئی کو بتایا تو میں نے اسے بتایا ہوا تھا کہ اگر جادو کے اثرات دیکھو تو فوراً طاق تعداد میں ''اذان'' پڑھ کے پھونک دیا کرو۔ جونہی اس نے اذان پڑھنا شروع کی جب حی علی الصلوٰۃ پر پہنچا تو میرے پھوپھی زاد بھائی نے زور زور سے قریب ہی ایک کھڑکی پر اپنا بازو مارنا شروع کر دیا اور بے ہوش ہوکر گر گیا۔ سب لوگ گھبرا گئے اور اکٹھے ہوگئے۔ میں بھی اس گھر کے دوسرے کمرے میں تھا اس نے مجھے بلایا اور کہا کہ آپ نے جو عمل بتایا تھا میں نے وہ کیا اذان تو مکمل ہوگئی ہے لیکن وہ بے ہوش ہوگیا ہے۔ میں نے ہاتھ لگا کر اسے چیک کیا تو دیکھتے ہی دیکھتے پچاس کے قریب لوگ جمع ہوگئے اس کے ہاتھ پاؤں بالکل ٹھنڈے ہوگئے تھے اور ایسے لگ رہا تھا جیسے اس کے جسم سے جان نکل چکی ہو۔ کیونکہ اس کے چہرے کا رنگ بھی زرد ہوگیا تھا میرے ذہن میں فوراً سورۃ مومنون کی آخری چار آیات والا عمل آیا میں نے اول وآخر درود شریف اور سورۃ مومنون کی آخری چار آیات طاق تعداد میں پڑھنا شروع کر دیں اور اپنے چچا زاد بھائی کو کہا کہ آپ سات بار اذان پڑھ کے پہلے اس کے دائیں کان میں پھونک ماریں پھر بائیں کان میں۔ جونہی میں نے چار آیات والا عمل طاق تعداد میں مکمل کر کے اس کے دائیں کان میں پھونکا تو اس نے ایک آنکھ کھولی۔ اور اس کے جسم میں ایک دم ساری رعنائیاں اور جان واپس آگئی اس عمل کو مکمل کرنے میں صرف پانچ منٹ لگے سب لوگ حیران تھے اور میں اللہ کا شکر ادا کر رہا تھا کہ اللہ نے اس عمل سے اس کی یہ کیفیت جلد ختم کر دی۔

پھر میں نے سب کو بتایا اور انہوں نے جب اپنی حقیقی آنکھوں سے بظاہر اس عمل کا مشاہدہ کیا تو ان کا یقین اور کامل ہوگیا حالانکہ یہ عمل میں نے انہیں ایک ماہ قبل بتایا تھا۔ اب انہوں نے اسے اپنا معمول بنالیا ہے۔

سلام اور سورۃ اخلاص سے بیوی فرمانبردار بن گئی

حضرت جی! آپ دامت برکاتہم نے ایک درس میں سلام کے بارے میں بتایا تھا کہ جب بھی گھر میں داخل ہوں تو السلام علیکم کہیں اور پھر ایک مرتبہ درود پاک اور ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ لیں۔ جب سے میں نے یہ عمل کیا ہے تو پہلے میں اپنی بیوی کو اگر کسی چیز سے منا کرتا مثلاً موسیقی وغیرہ اور ٹی وی ختم کر دو تو وہ میرا کہنا نہیں مانتی تھی۔ اب اللہ کا بڑا احسان ہے اور حضرت جی مدظلہ کی دعائیں ہیں کہ میرے گھر میں دو ٹی وی ہیں مگر دونوں ہی بند پڑے ہیں اور کیبل بھی ختم ہو گئی ہے اور بیوی کو جو بات کہتا ہوں فوراً مان لیتی ہے۔ **(خدا بخش صاحب، سٹینو گرافر)**

2 انمول خزانے سے ۱۴ سال بعد اولاد مل گئی

4 سال پہلے میں ایک مریض کو حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس لایا۔ اس کی ۱۴ سال پہلے شادی ہوئی تھی اور بچہ نہیں ہو رہا تھا۔ میں نے انہیں کہا کہ آپ ہمارے پیر صاحب دامت برکاتہم کے پاس جائیں وہ آپ کیلئے کچھ تجویز کریں گے۔ پھر میں انہیں لے کر تسبیح خانے آیا اور حضرت جی مدظلہ نے انہیں دو انمول خزانے پڑھنے کا حکم دیا۔ انہوں نے پڑھنا شروع کر دیا۔ ان پر جادو کا اثر تھا اور ۱۴ سال سے اولاد نہیں ہو رہی تھی، وہ بہت پریشان رہتے تھے۔ اس عورت کا بھی بہت برا حال تھا۔ جب اس پر جادو کے اثرات نمودار ہوتے تھے۔ پھر انہوں نے مجھے کہا کہ آتے ہوئے 313 انمول خزانے لے کر آیئے گا میں نے لے جا کر انہیں دیئے تو انہوں نے 313 انمول خزانے تقسیم کیے اور اس عمل سے اللہ پاک نے انہیں ۱۴ سال بعد اولاد کی نعمت سے نوازا اور انہیں بیٹا عطا کیا۔ **(استاد عبدالمجید صاحب)**

گمشدہ بکری آسان وظیفے سے مل گئی

میرا ایک بھانجا ہے اس کی بکری گم ہو گئی۔ اس کی ہمشیرہ کی شادی تھی اس نے مجھے بتایا کہ ماموں میری بکری گم ہو گئی ہے۔ ساری رات میں تلاش کرتا رہا ہوں لیکن نہیں ملی میں نے ان سے کہا کہ ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ'' سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ انہوں نے رات کے وقت دس ہزار مرتبہ ہی ابھی پڑھا تھا کہ صبح کو ایک آدمی آ گیا اور کہا قاری صاحب آپ کی جو بکری گم ہوئی تھی وہ ہمارے گھر بندھی ہوئی ہے آپ آ کر لے جائیں۔ اللہ نے اپنے نام کی برکت سے گمشدہ بکری واپس لوٹا دی۔

خواب میں اللہ نے اپنی رحمت دکھائی

میں گوجرانوالہ سے آیا ہوں۔ میں ان پڑھ ہوں لیکن میری بیوی پڑھی ہوئی ہے۔ وہ عبقری رسالہ پڑھتی ہے۔ ہم نے فون پر حضرت جی مدظلہ سے ملاقات کا وقت لیا اور جس دن ملاقات ہوئی اس رات مجھے خواب آیا کہ ایک جنگل ہے اور اس کے ساتھ ایک نہر ہے، میں نہر کے کنارے دوڑتا جا رہا ہوں آگے ایک پل آ گیا ہے اور میں پھنس گیا ہوں، وہاں بہت سی گاڑیاں کھڑی ہیں اور میرے گزرنے کیلئے نہ آگے کوئی راستہ ہے اور نہ پیچھے کوئی جگہ ہے، میں نے اوپر آسمان کی طرف نظر اٹھائی تو مجھے خانہ کعبہ نظر آیا پھر میرے دل کو سکون ہوا کہ اللہ نے میری طرف رحمت کی نظر کی ہے۔ اس کے بعد میں ہر جمعرات کو گوجرانوالہ سے درس پر ضرور آتا ہوں۔ جب چار بجتے ہیں تو دل کو بہت بے چینی شروع ہو جاتی ہے اور میں بھاگتا ہوں، جب سب کچھ چھوڑ کر یہاں پہنچتا ہوں تو دل کو بے حد سکون ملتا ہے جیسے میرا یہاں گھر ہے۔ **(محمد افضل صاحب)**

حضرت فاطمہؓ کو نوافل ہدیہ کرنے سے تہجد نصیب ہو گئی

اللہ تعالیٰ نے تسبیح خانے میں رمضان گزارنے کا موقع دیا تو حضرت جی نے کچھ اعمال بتائے اور ہمارے امیر صاحب (مولانا عادل صاحب) نے کچھ دعائیں یاد کروائیں جن میں رات کو سونے کی دعا: "اَللّٰھُمَّ بِاسۡمِكَ اَمُوۡتُ وَاَحۡیَا" اور تین مرتبہ آیۃ الکرسی والا عمل بتایا اور تسبیحات فاطمہؓ ۳۳ (بار سبحان اللہ، ۳۳ بار

الحمدللہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر) بتایا اور دو رکعت نفل حضرت فاطمہؓ کو ہدیہ کرنے کا بتایا۔ اس عمل کا جو مجھے خاص فائدہ ہوا وہ یہ ہے کہ مجھے ڈیڑھ ماہ سے تہجد باقاعدگی سے نصیب ہو رہی ہے اور اس سے پہلے پانچ وقت کی فرض نماز بھی باقاعدگی سے ادا نہیں ہوتی تھی۔ **(خدا بخش صاحب سٹینوگرافر سول سیکرٹریٹ)**

سورۃ اخلاص سے حاکم افسر محکوم بن گیا

سورۃ اخلاص کے دو مشاہدات آپ کو بتانا چاہتا ہوں۔ دو ماہ قبل سے ایک روٹین بنائی ہوتی ہے کہ روزانہ جب آفس جاتا ہوں تو اندر داخل ہونے سے پہلے تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ لیتا ہوں۔ اس کا ایک یہ فائدہ ہوا کہ جہاں میں کام کر رہا ہوں وہ میری مجبوری اور میں ان کی مجبوری ہوں اور جب کوئی معاملہ ہوتا ہے تو میری اور میرے BoSS کے درمیان سخت قسم کی تلخ کلامی ہوتی ہے لیکن وہ میری مجبوری اور میں ان کی مجبوری بنا ہوا ہوں اور رہتا اکٹھا ہوں۔ تو جب سے میں نے آفس میں داخل ہوتے ہوئے تین بار سورۃ اخلاص والا عمل شروع کیا ہے تو میرے Boos کا سارے آفس والوں کے ساتھ جھگڑا ہوتا ہے صرف میرے ساتھ نہیں ہوتا۔ میں انہیں بھی یہ عمل بتاتا ہوں اور کہتا ہوں کہ اس بٹ کی کیا حیثیت ہے کہ مجھ سے اونچی آواز میں بات کر جائے۔

دوسرا مشاہدہ آج کا ہے۔ میں جس پراجیکٹ پر کام کر رہا ہوں اس کی مالیت تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپے ہے۔ اس پراجیکٹ پر کام ہو رہا تھا کل رات سے اس کا آن لائن سرور بغیر کسی وجہ کے بند ہو گیا تھا۔ ہماری اور امریکہ میں موجود دفتر والوں کی بے انتہا کوشش کے باوجود وہ ٹھیک نہیں ہو رہا تھا اور کسی قسم کا کوئی حل نہیں مل رہا تھا۔ مجھے صبح دوبارہ بتایا گیا کہ ابھی تک مسئلہ حل نہیں ہوا میں اٹھا اور فوراً دو رکعت نماز صلوۃ حاجت پڑھی اور آفس جانے تک مسلسل سورۃ اخلاص پڑھتا رہا آفس جا کر یقین جانیں کہ صرف آدھا گھنٹہ لگا اور وہ خراب شدہ سرور نے کام کرنا شروع کر دیا۔ اس پراجیکٹ سے نہ صرف میری بلکہ تمام آفس والوں اور امریکہ میں موجود دفتر والوں کی جان میں جان آئی کیونکہ سب کا رزق اسی سے وابستہ تھا۔ **(حسن ہاشمی صاحب)**

سفر کی مشکلات اور بدنظری سے نجات

میں نے ماہنامہ عبقری میں سورۃ الم نشرح کا عمل پڑھا تھا۔ میرا روزانہ شاہدرہ سے سمن آباد ڈیوٹی پر آنا ہوتا ہے اور راستے میں کافی رش ہوتا ہے۔ میں راوی کے پل سے ہی مسلسل سورۃ الم نشرح پڑھنا شروع کر دیتا ہوں اور راستے میں سے رش اور گاڑیاں ایسے صاف ہو جاتی ہیں جیسے کوئی غیبی طاقت انہیں اٹھا کر ادھر اُدھر کر دیتی ہے، میں بڑی آسانی سے روڈ پر سفر کرتا ہوں اور کوئی پریشانی بھی نہیں ہوتی، جان و مال کی بھی حفاظت ہوتی ہے اور بدنظری سے بھی بچا رہتا ہوں، باوضو رہنے کی عادت ہو گئی ہے اور بدنظری سے حفاظت اس طرح ہو گئی ہے کہ ذکر کرتے رہنے کی وجہ سے دھیان کسی اور طرف نہیں جاتا۔

سورۃ فاتحہ کے عمل سے ناراض میاں بیوی کی رضامندی

ہمارے پڑوس میں میاں بیوی رہتے ہیں ان کا تقریباً 9,8 ماہ سے جھگڑا چل رہا تھا جس کی وجہ سے اس کی بیوی پچھلے 8 ماہ سے ناراض ہو کر چلی گئی تھی اور نوبت طلاق تک آ گئی تھی۔ وہ میرے گھر آ گئے کہ اب کیا کریں؟ تو میں نے انہیں سورۃ فاتحہ کا عمل بتایا کہ جمعرات کی رات کو عشاء کے بعد ستر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھنی ہے اول آخر 11 بار درود شریف اور اگلے دن اسی وقت 60 مرتبہ اور اگلے دن اسی طرح دس کی تعداد کم کرتے کرتے پڑھتے رہنا ہے اگلی جمعرات کو پھر ستر بار سے عمل شروع کر دینا ہے اور مقصد کی تکمیل تک یہ عمل جاری رکھنا ہے۔ انہوں نے ایک ہفتہ یہ عمل کیا۔ اس عمل کی برکت سے ان کا مسئلہ حل ہو گیا انہوں نے کہا کہ ہم لڑکی کو بھیجتے ہیں آپ ہم سے صلح کر لیں اور الحمدللہ صلح تک بات آ چکی ہے۔ **(سجاد علی صاحب)**

جان لیوا حادثات سے حفاظت

حضرت جی! میرا تعلق آزاد کشمیر مظفر آباد سے ہے۔ 28 رمضان کو میں اپنے گھر جا رہا تھا گھر سے نکلتے وقت میں نے 11 بار "یَاحَفِیْظُ" اور ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ لی۔ میں کار پر سوار تھا جب میں اپنے گھر سے صرف دو کلومیٹر دور رہ گیا تو سامنے والی گاڑی نے سیدھی زوردار ٹکر ہماری گاڑی کو ماردی۔ ہماری گاڑی کا اگلا حصہ ٹوٹ کر بالکل اندر آچکا تھا اور میری ٹانگیں اندر پھنس گئی تھیں میں تو یہ خیال کر رہا تھا کہ میرا نیچے والا حصہ بالکل Damage ہو چکا ہے لیکن میرے منہ سے مسلسل "یَاحَفِیْظُ، یَا اَللّٰہُ" کے الفاظ نکل رہے تھے۔ جب لوگوں نے مجھے باہر نکالا تو میں بالکل خیریت سے اپنے پاؤں پر کھڑا تھا۔ اس کے بعد میرا سر ایک بار ڈیش بورڈ پر لگا تو محسوس ہوا کہ سر زخمی ہو گیا لیکن میں نے پھر "یَا اَللّٰہُ یَاحَفِیْظُ" پڑھنا شروع کر دیا۔ روزہ افطار ہونے میں دو گھنٹے باقی تھے میں خیریت سے اپنے گھر پہنچ گیا۔ ایک مرتبہ ہسپتال گیا وہاں سے ابتدائی طبی امداد لے کر واپس گھر آ گیا۔ میں نے کہا کہ انجکشن نہ لگائیے گا کیونکہ میں روزے سے ہوں اور روزے کے بعد اپنا علاج معالجہ کرایا۔ میرے ساتھ جو دوسرے لوگ سوار تھے وہ بھی سارے بچ گئے۔ دیکھنے والا کوئی بھی یہ نہیں سوچ سکتا تھا کہ یہ کیسے بچ گئے کیونکہ گاڑی کا اگلہ حصہ بالکل ختم ہو چکا تھا۔ مجھے لوگ پوچھ رہے تھے کہ اس میں کوئی اللہ والا تو نہیں بیٹھا ہوا تھا کہ گاڑی کا اتنا حادثہ ہونے کے باوجود سب بچ گئے.....! میں نے کہا: ہم تو گنہگار ہیں میں نے تو صرف اللہ کا کلام پڑھا تھا اس وجہ سے اللہ نے ہمیں بچالیا۔

سونے سے پہلے اعمال کی برکت سے حفاظت

میں رات کو سونے سے پہلے 11 مرتبہ "یَاحَفِیْظُ" اور چاروں قل: سورۃ کافرون، سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کر اپنے ہاتھ پر پھونک مار کے سارے جسم پر ہاتھ پھیر لینے سے کوئی بھی زہریلی چیز مچھر، سانپ اور بچھو وغیرہ نہیں کاٹیں گے اور یہ عمل گھر میں کریں یا گھر سے باہر ہوں تب بھی کریں۔ اس کی برکت سے غیبی حفاظت ہوگی اور کوئی چیز نہیں کاٹے گی۔ میں جب بھی رات کو سوتا ہوں یہی عمل کر کے اپنے جسم پر ہاتھ پھیر لیتا ہوں، اس عمل کی برکت سے مچھر، ٹڈی، بچھو اور سانپ وغیرہ بالکل نہیں کاٹتے اور کئی بار ایسا ہوا ہے کہ بجلی چلی جاتی ہے اور میں ویسے ہی گرمی میں کمرے میں سویا رہتا ہوں لیکن مچھر وغیرہ نہیں کاٹتا۔ اس عمل سے میں حفاظت میں رہتا ہوں۔

حضرت دامت برکاتہم العالیہ نے فرمایا: اللہ ہم سب کو اعمال والا بنائے۔ اعمال کے ذریعے پلنے، بننے اور بچنے کا کامل یقین عطا فرمائے۔ وہ مسنون اعمال جن کا تعلق قرآن وسنت سے ہے وہ جب زندگیوں میں آباد ہوں گے تو زندگی شاد ہوگی، دل کی مراد پوری ہوگی اور دنیا وآخرت کی خیریں ہوں گی۔

اعمال کی برکت سے پیٹ کا علاج

میرے پیٹ میں تین دن سے درد ہو رہا تھا اور کافی زیادہ درد تھا۔ جو کچھ کھاتا تھا پیٹ میں فوراً درد شروع ہو جاتا تھا تین دن سے والدہ کہہ رہی تھیں کہ ڈاکٹر سے دوائی لے آؤ لیکن میں دوائی نہیں لایا اور سستی سے کام لیتا رہا کہ آج دوائی لاتا ہوں، کل لے آؤں گا۔ ایسا کرتے کرتے میں میڈیسن نہیں لایا۔ ایک دن میرا دل کیا کہ بازار جا کر برگر کھاؤں کیونکہ تین دن سے مسلسل چاول، دلیہ وغیرہ کھا رہا تھا مجھے خیال آیا کہ برگر کھانے سے پیٹ میں درد شروع ہو جائے گا کیونکہ جو بھی کھاتا تھا فوراً درد شروع ہو جاتا تھا لیکن میں دکان پر گیا اور جب برگر کھانے کیلئے ہاتھ میں پکڑا تو 11 مرتبہ یَاحَفِیْظُ ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر برگر پر پھونک ماردی اور کھالیا۔ جب کھا رہا تھا تب بھی درد نہ ہوئی اور کھانے کے بعد تو

بالکل بھی نہ ہوئی۔ مجھے پتہ بھی نہ چلا کہ درد ہے بھی یا نہیں۔ اور اعمال کی برکت سے میرا پیٹ بغیر دوائی کے ہی ٹھیک ہو گیا۔ (حافظ نبیل صاحب)

سورۃ کوثر سے گھریلو مسائل کا حل

میں نے سورۃ الکوثر 129 مرتبہ پڑھنے کا وظیفہ شروع کیا ہے۔ الحمدللہ جس کام کیلئے بھی گیا ہوں کامیابی ملی ہے۔ اگر موٹر سائیکل پر گھر سے دکان پر جاتا ہوں تو راستے میں مسلسل تسبیح پڑھتے ہوئے جاتا ہوں اور جو بھی مسئلہ ہوتا ہے یا کسی سے اگر لڑائی جھگڑے کا خدشہ ہو تو اس کی برکت سے نہیں ہوتا۔ یہ میرے لیے بہت زبردست فارمولا ہے کیونکہ پچھلے کئی سالوں سے ایک بندے سے رقم واپس لینی تھی جو میرے لیے ناممکن تھی۔ اس بار عید سے ایک دن پہلے میں اس بندے سے ملا تو اس نے میری رقم واپس کر دی اور شکریہ بھی ادا کیا حالانکہ پہلے وہ میرا فون بھی نہیں اٹھاتا تھا لیکن 129 بار سورۃ کوثر اول آخر سات دفعہ درود شریف والے عمل کو توجہ اور یقین کے ساتھ پڑھنے کی بدولت اللہ پاک نے میری ڈوبی ہوئی رقم واپس کروا دی۔ اس طرح کے کئی چھوٹے چھوٹے مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ کسی کے ساتھ جھگڑا ہوا اس میں میرا کوئی کردار نہیں تھا لیکن میرا نام لگ گیا۔ میں سورۃ کوثر کا وظیفہ پڑھ کر خود ان سے جا کر ملا تو وہ اچھے طریقے سے ملے اور جھگڑا ختم ہو گیا۔

میرے گھر میں ایک مسئلہ تھا۔ میں دکان سے گھر جاتے ہوئے مسلسل سورۃ کوثر پڑھتے ہوئے گیا اور گھر پہنچنے پر پتہ چلا کہ معاملہ ٹھیک ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ تسبیح خانے میں دوران درس جو بھی وظائف بتائے جاتے ہیں جب سے میں نے پڑھنا شروع کیے ہیں گھر کے تمام مسائل حل ہو گئے ہیں۔ بعض لوگ جادو جنات وغیرہ بتاتے تھے کیونکہ ہمارے گھر جانور زندہ نہیں رہتے تھے مثلاً میں سنت کی نیت سے ایک بکری لے کر آیا جب صبح اٹھا تو وہ مری ہوئی تھی۔ اسی طرح کبھی کوئی مرغی

مر رہی ہے تو کبھی کوئی بطخ، اس طرح کے جانور پرندے میں نے مشغلے کے طور پر رکھے ہوئے تھے تو روٹین میں ایک جانور مر جاتا تھا۔ میں ظہور صاحب کی معرفت سے تسبیح خانے میں آیا تھا تو جس دن سے جمعرات کے درس میں حاضری شروع کی ہے اور وظائف پڑھنے شروع کیے ہیں اس دن سے یہ کام رک گیا ہے اور جانور نہیں مرتے۔ رزق میں بھی بہت برکت ہے۔

دو انمول خزانے میں روزانہ دکان پر پڑھتا ہوں جس دن میں دو انمول خزانہ نہ پڑھوں اس دن میرے کاروبار میں برکت نہیں ہوتی۔ (خرم صاحب اردو بازار)

کھانا پھر بھی بچ گیا

حکیم صاحب! عید کے بعد ہمارے سارے بہن بھائی بڑے بھائی کے گھر آتے ہیں اور دوسرے دن میرے ہاں آتے ہیں۔ میری اہلیہ نے کہا کہ جا کر گوشت لے آئیں۔ گوشت کی ایک دیگ اور ساتھ چاول پکانے تھے۔ میں نے کہا کہ سات مرتبہ اول آخر درود شریف اور 129 دفعہ سورۃ کوثر پڑھ کے کھانے پر پھونک مار دیں۔ بہت زیادہ مہمان آئے سب نے پیٹ بھر کے کھانا کھایا۔ پھر بھی کافی زیادہ کھانا بچ گیا۔ یہ سب سورۃ کوثر کی برکت ہے۔ جب بھی گھر میں ایسا پروگرام ہوتا ہے تو ہم نیت یہ کرتے ہیں کہ یہ اللہ کے مہمانوں کیلئے ہے ہم نے تو ساتھ کھانا ہی ہوتا ہے اور الحمدللہ اس میں خوب برکت ہوتی ہے۔ ہم نے یہ طے کر لیا ہے کہ جو کچھ گھر میں پکانا ہے یا جتنا گھر میں راشن لانا ہے اس پر 129 مرتبہ سورۃ کوثر ضرور پڑھنی ہے اور اس کی برکتیں ہی برکتیں ہیں۔ (میاں طارق، صاحب ٹیمپل روڈ)

سورۃ کوثر سے غیبی امداد

میں B.Sc آنرز کا طالب علم ہوں۔ میں نے 129 مرتبہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول و آخر سات دفعہ درود شریف پڑھنے کا عمل کیا تو اس کا رزلٹ میں نے یہ دیکھا کہ

4,3 دن پہلے میں نے ایک درخواست چیئرمین صاحب سے دستخط کروانی تھی لیکن ہمارے P.N صاحب مسلسل 4,3 دن سے ٹال مٹول کر رہے تھے۔ جس دن میں نے یہ عمل کیا اور دستخط کروانے گیا تو چیئرمین صاحب نے خود کھڑے ہو کر سلام کیا اور فوراً دستخط کر دیئے۔ واقعی اللہ پاک کے نام میں برکت ہے۔

اسی طرح جب میں کالج جانے کیلئے موٹر سائیکل پر نکلتا تھا تو پہلے میں پچاس روپے کا پٹرول ڈلواتا تھا۔ اتنے پٹرول سے میرا کالج جانا اور واپس آنا ہوتا تھا اور پٹرول ختم ہو جاتا تھا لیکن جب سے سورۃ کوثر کا وظیفہ شروع کیا ہے اس دن سے وہی پٹرول جو ایک دن چلتا تھا اب دو دن چل جاتا ہے۔ **(فہد افتخار صاحب)**

سورۃ فاتحہ کے عمل سے چھٹی منظور ہو گئی

حضرت صاحب! جو آپ نے 27 رمضان المبارک کو سورۃ فاتحہ کا عمل بتایا تھا وہ میں نے اپنے بھتیجے کو بتایا جو کہ دبئی سے آیا ہوا تھا۔ اس کی شادی تھی اور وہ بہت پریشان تھا۔ میں نے اسے کہا کہ یہ عمل آج ہی کرو۔ رات کے وقت وہ چھت پر بیٹھ گیا جس طریقے سے آپ نے عمل کا بتایا تھا اسی ترتیب سے اسے سمجھا دیا کہ ”شب جمعہ کو عشا کی نماز کے بعد یہ عمل شروع کرنا ہے اور سورۃ فاتحہ سات دن اس ترتیب سے پڑھنی ہے کہ پہلی رات کو ستر بار اور پھر اگلی رات کو دس کم کر کے ساٹھ بار اسی طرح ہر رات میں دس کی تعداد کم کرتے جانا ہے اور سات دن مکمل ہونے پر دوبارہ ستر مرتبہ شروع کر دینا ہے۔ جب تک کہ مسئلہ حل نہ ہو جائے یہ عمل کرتے رہنا ہے۔“

وہاں پر اس کا منیجر جو کہ غیر مسلم تھا اسے چھٹی نہیں دے رہا تھا۔ میرے بھتیجے کو بھی خدشہ تھا کہ شائد مثبت ریسپانس نہ ملے۔ لیکن اللہ کا کرم ایسا ہوا کہ دوسرے دن صبح جب اس نے E.Mail کھول کے چیک کیا تو اس کے منیجر نے شادی کی مبارکباد دیتے ہوئے چھٹی منظور کی ہوئی تھی۔ وہ خود بھی حیران تھا کہ صرف ایک رات کے عمل کی برکت سے ہی اس کی مشکل حل ہو گئی تھی۔ **(سلیم مرزا صاحب، شکاگو امریکہ)**

6 دو نفل سے بات بن گئی

جب میں عید کی چھٹیوں میں گھر گیا تو میرے گھر کی مرمت کا کچھ کام باقی تھا اور اس کی مرمت کیلئے کوئی مستری نہیں مل رہا تھا۔ میں دو تین دن ڈھونڈتا رہا لیکن مستری نہیں ملا۔ میں نے آ کر گھر والوں کو کہا کہ حضرت صاحب دامت برکاتہم دو رکعت نفل صلوٰۃ الحاجت کا بتاتے ہیں، ہم ادھر اُدھر پھرنے کی بجائے یہ نوافل پڑھیں اللہ مدد کرے گا۔ دو نفل میں نے پڑھے اور دو نفل میری اہلیہ نے پڑھے۔ جب میں نماز پڑھ کے گھر گیا تو ایک مستری سے میری بات ہو گئی اور اس وقت میرے گھر کا کام ہو رہا ہے۔ **(خدا بخش صاحب، سٹینو گرافر سول سیکرٹریٹ)**

رش غائب ہو گیا (سورۃ الم نشرح)

حضرت صاحب! آج کل سڑکوں پر بہت زیادہ ہجوم اور رش ہوتا ہے اور اسی رش کے دوران سورۃ الم نشرح پڑھنے سے اللہ پاک کرم فرما دیتے ہیں اور رش غائب ہو جاتا ہے۔ میں مسلسل پڑھتا جاتا ہوں اور بآسانی راستہ ملتا جاتا ہے۔ **(محمد ریاض صاحب)**

سورۃ الم نشرح سے بغیر رش کے ٹکٹ مل گئی

حضرت صاحب! میں نے سورۃ الم نشرح کا ایک اور بھی تجزیہ کیا ہے۔ اس کا یہ کمال دیکھا کہ عید کے دنوں میں چاند رات کو جب شہر سے باہر جانا ہو تو بہت زیادہ رش ہوتا ہے۔ میرے والد صاحب نے مجھے کہا کہ سورۃ الم نشرح پڑھتے جاؤ اور ٹکٹ لے آؤ۔ جب میں بس سٹینڈ پر ٹکٹ لینے گیا تو وہاں بالکل رش نہیں تھا۔ میں نے بآسانی ٹکٹ خرید لی۔ میرے ساتھ ایک دوست تھا اس نے کہا کہ میں نے دوسرے سٹینڈ سے ٹکٹ خریدنی ہے میں سورۃ الم نشرح پڑھتے ہوئے اس کے ساتھ اگلے سٹینڈ پر گیا اور وہاں سے بھی ٹکٹ لے لی۔ لیکن جب واپس پہلے والے سٹینڈ پر آئے تو وہاں

اتنا رش تھا کہ پاؤں رکھنے کی بھی جگہ نہیں تھی جبکہ مجھے بالکل آسانی سے بغیر رش کے ٹکٹ مل گئی تھی۔ میرے والد صاحب نے مجھے سورۃ الم نشرح کا بتایا تھا جو میں پڑھتا ہوا گیا تو تحمل سے دو چار منٹ اُس کے ساتھ بات بھی کی لیکن جب واپس آئے تو وہاں انتہا کا رش تھا۔ **(فہد صاحب)**

یَاحَفِیۡظُ کی برکت سے سفر کی مشکلات کا حل

میں پہلی مرتبہ درس سننے آیا ہوں۔ تسبیح خانہ میں آنے سے پہلے میں انٹرنیٹ پر ہی درس سن لیتا تھا۔ درس سے میں نے یَا حَفِیۡظُ کا عمل سنا تھا۔ اسے میں نے ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنایا ہوا ہے۔ جس کا مجھے بہت فائدہ ہوا اکثر اوقات میرا گزر ایسے راستوں سے ہوتا ہے جہاں جگہ جگہ پولیس کے ناکے لگے ہوتے تھے اور وہ مجھے روزانہ روکتے اور چیکنگ کی غرض سے تنگ کرتے تھے لیکن جب سے میں نے یَاحَفِیۡظُ ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ پڑھنا شروع کیا ہے وہ نہ ہی گزرتے ہوئے مجھے دیکھتے ہیں اور نہ ہی روکتے ہیں اور کسی بھی قسم کی کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔ **(محمد عمر)**

ہر قسم کی پھنسی ہوئی گاڑی نکل جاتی ہے

ایک دن بہت تیز بارش ہو رہی تھی اور میری گاڑی آگے جاتے ہوئے پھنس گئی تھی۔ بہت بندوں نے زور لگایا لیکن گاڑی نہیں نکل رہی تھی۔ میں نے سوچا کہ تسبیح خانے میں لوگ اپنے اپنے اعمال کے فائدے بتاتے رہتے ہیں آج میں بھی اپنا تجربہ کرتا ہوں۔ میں نے تیس ویں پارے کی آخری چھ سورتیں پڑھ کے دم کیا اور مجھے خود یقین نہیں آیا کہ صرف پانچ منٹ میں ہی گاڑی نکل گئی۔ میں نے کہا سبحان اللہ! ہم کتنے بدقسمت ہیں کہ اعمال والی زندگی نہیں اپناتے۔ صرف لوگوں سے سنتے رہتے ہیں۔ عمل سے واقعی زندگی بنتی ہے۔ **(شاہد صاحب)**

حضرت مدظلہ نے فرمایا کہ اگر صحت والی گاڑی بھی پھنسی ہوئی ہو تو انہی چھ سورتوں کو نماز کی پہلی دو رکعتوں میں پڑھنے سے مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ تین سورتیں پہلی رکعت میں اور تین دوسری رکعت میں اور اگر مسئلہ زیادہ گھمبیر ہو تو ہر رکعت میں چھ چھ سورتیں پڑھنی چاہئیں۔

گولیوں سے حفاظت کا عمل

حضرت صاحب! آپ نے درس میں ''یَاحَفِیۡظُ'' 11 بار پڑھنے کا عمل بتایا تھا۔ شکاگو میں ہمارے مولانا صاحب کے بھتیجے ہیں۔ اتفاق سے ان کے گھر جانا ہوا تو وہ کہنے لگے کہ کھڑکی کے شیشے پر گولی کا نشان تھا۔ وہ تیسری منزل پر رہتے تھے۔ وہ بتا رہے تھے کہ حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے فرمایا تھا کہ ہر کھڑکی پر انگلی سے ''یَاحَفِیۡظُ'' لکھ دو کہتے ہیں کہ میں نے ایسا ہی کیا۔ شیشے کی باہر والی سائیڈ پر گولی کا نشان تھا گولی ٹکرائی ضرور مگر پار نہیں ہوئی۔

حضرت جی مدظلہ فرماتے ہیں کہ وہ شیشہ جو مکے سے ٹوٹ جاتا ہے اللہ کے نام کی برکت سے گولی لگنے کے باوجود بھی محفوظ رہا۔ سبحان اللہ.....! **(سلیم صاحب شکاگو، امریکہ)**

وضو کے تین گھونٹ پانی سے الرجی کا خاتمہ

مجھے تقریباً ہر سال رمضان میں الرجی ہو جاتی تھی۔ تو میں وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے والا عمل کرتا رہا۔ اس عمل کی برکت سے میری الرجی ختم ہو گئی۔ خاص طور پر جب میں سفر کرتا تھا تو جسم پر دھپڑ پڑ جاتے تھے۔ اب وہ مسئلہ ختم ہو گیا ہے میں ہر بار وضو کے بعد تین گھونٹ پانی اس نیت سے پیتا تھا اور الرجی سے شفاء کا تصور ذہن میں لاتا تھا اب الحمدللہ وہ بیماری دور ہو گئی ہے۔ **(خدا بخش صاحب سٹینوگرافر، سول سیکرٹریٹ)**

گھٹنے کے درد کا علاج

جب میں شکاگو سے پاکستان تسبیح خانے میں رمضان گزارنے آیا تو

میرے گھٹنے میں شدید درد تھی۔ یہاں آ کر میں نے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی والا عمل روزے کی حالت میں اس طرح کیا کہ میں باری باری تین گھونٹ پانی منہ میں لیتا اور کلی کر دیتا کیونکہ روزے کی حالت میں پانی پی نہیں سکتا تھا۔ الحمدللہ ساری تراویح کھڑے ہو کر اور گھٹنہ موڑ کر پڑھی (حالانکہ اس سے پہلے بیٹھا، اٹھا اور چلا نہیں جاتا تھا۔ **(مرزا محمد سلیم صاحب)**

سورۃ فاتحہ کے دم سے سر درد ختم

اکثر میرے گھر میں کسی کو یا خود مجھے کبھی کبھی سر درد ہوتا تھا تو میں تین بار سورۃ فاتحہ پڑھ کے دم کر دیتا ہوں۔ الحمدللہ درد بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے۔ پورے یقین کے ساتھ اپنے اوپر بھی یہی عمل کرتا ہوں اور شفاء مل جاتی ہے۔ **(محمد شہزاد صاحب)**

باوضو رہنے کے کمالات

حضرت دامت برکاتہم نے ایک مرتبہ دوران درس ایک اللہ والے کا واقعہ سنایا تھا کہ ان کو بادشاہ نے کنویں میں قید کر دیا تھا اور ان کے مریدین کنویں کے اردگرد بیٹھ کر ان سے درس سنا کرتے تھے اور جو درس لیتے تھے اسے لکھ لیا کرتے تھے اور باقاعدہ باوضو ہو کر لکھتے تھے۔ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے میں نے بھی عبقری ویب سائٹ اور درس کی ریکارڈنگ سے متعلق تمام کام باوضو ہو کر کرنے کی کوشش کی۔ جس سے مجھے دو بڑے بڑے فائدے ہوئے۔ ایک تو باوضو رہنے کی عادت بنتی چلی گئی۔ اگر واش روم سے ہو کر آؤں اور وضو نہ کیا ہو تو طبیعت میں عجیب سی بے چینی رہتی ہے۔

اور دوسرا یہ کہ باوضو رہنے کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ہماری ویب سائٹ (عبقری) کو اتنی برکت عطا فرمائی کہ پچھلے ماہ ایک لاکھ تراسی ہزار لوگ اس سے مستفیض ہوئے۔ **(حسن ہاشمی صاحب)**

اللہ والوں کے وسیلے سے دعا کی قبولیت

یہ 15,14 سال پہلے کی بات ہے کہ ایک جگہ نعت خوانی کی محفل تھی۔ میرے دوست نعت خواں شبیر احمد گوندل صاحب نے مجھے کہا کہ میری والدہ کو میرا انتظار ہوگا آپ مجھے شاہدرہ تک اتار آئیں۔ میں نے ہامی بھر لی۔ شاہدرہ پہنچ کر میں نے ان سے پوچھا کہ آپ نے آگے کہاں جانا ہے کہنے لگے کہ شرق پور شریف۔

میں نے کہا کہ میں نے بھی دل میں ارادہ کیا تھا کہ میاں شیر محمدؒ کے مزار پر حاضری دوں گا چلو میں آپ کو گھر ہی اتار آتا ہوں۔ میرا نیا کیری ڈبہ تھا اور اس کا لائسنس بھی نہیں تھا۔ میں انہیں شرق پور لے گیا۔ رات تقریباً اڑھائی بجے کا وقت تھا میں نے میاں صاحبؒ کے مزار پر حاضری دی اور دعا کی کہ راستے میں جگہ جگہ ناکے لگے ہوئے ہوں گے، راوی کا پل بھی بہت خطرناک علاقہ ہے، میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے اور آپ کی دعاؤں کی بدولت یہاں سے واپس جاؤں گا۔ پھر میں روانہ ہوا اور راستے میں مجھے نہ ہی کہیں روکا گیا اور نہ ہی کچھ پوچھا گیا اور میں بخیر و عافیت اپنے گھر پہنچ گیا۔ **(محمد طارق صاحب)**

شکر ادا کرنے سے 25 ہزار کی نوکری مل گئی

تسبیح خانے میں دوران درس ایک مرتبہ حضرت دامت برکاتہم نے ایک تسبیح بتائی تھی ''یا اللہ تیرا شکر ہے، یا اللہ تیرا احسان ہے'' ایک دفعہ میں اپنے دوست کے پاس بیٹھا تھا۔ اس کے پاس ایک دوست آیا جو کہ بہت پریشان تھا۔ باتوں باتوں میں کہنے لگا کہ یار دعا کرو کہ اللہ پاک نوکری کا سبب پیدا کر دے۔ کافی عرصے سے میں بے روزگار ہوں میں نے کہا کہ میں بھی دعا کروں گا لیکن تم صبح کے وقت ایک تسبیح ''یا اللہ تیرا شکر ہے'' اور شام کے وقت ایک تسبیح ''یا اللہ تیرا احسان ہے'' پڑھا کرو۔ دو تین دن بعد وہ پھر ملا۔ پھر وہی پریشانی دہرا رہا تھا کہتا ہے کہ میں دن میں گھر بھی نہیں

Khush Jeeway sarfraz shah vich manchester

جاتا کیونکہ بیوی بچے لڑتے ہیں۔ میں نے پوچھا کہ تم نے وہ تسبیح پڑھی؟ کہنے لگا مجھے یاد نہیں ہے۔ تم مجھے لکھ دو.....! میں نے ایک کارڈ پر اسے یہی کلمات لکھ دیئے۔ ہر دوسرے تیسرے دن اس سے ملاقات ہو جاتی پھر وہ چند دن نظر نہ آیا میں نے اپنے دوست سے پوچھا کہ وہ خان صاحب نظر نہیں آ رہے؟ کہنے لگے کہ آج اس نے آنا ہے اور واقعی وہ آ گیا۔ بہت خوش تھا میں نے پوچھا خان صاحب! اتنے دن کہاں رہے ہیں؟ کہتے ہیں تم نے جو تسبیح بتائی تھی ناں! پہلے میں دس ہزار کی نوکری کیلئے لوگوں کی منتیں کرتا تھا لیکن اب اس تسبیح کی برکت سے مجھے پچیس ہزار کی نوکری مل گئی ہے اور میں اتنا خوش ہوں کہ اب میرے سارے گھر والے صبح و شام یہی تسبیح کرتے رہتے ہیں۔ **(منیر احمد صاحب)**

سورۃ کوثر پڑھنے سے انعام نکل آیا

حکیم صاحب! میں پہلی مرتبہ آپ کے آستانے پر حاضری دینے آیا ہوں اور مجھے بہت خوشی ہو رہی ہے۔ میری چکن کی دکان ہے مجھے کسی دوست نے برکت والی تھیلی دی میں روزانہ صبح و شام اول آخر درود شریف کے ساتھ 129 بار سورۃ کوثر پڑھتا تھا۔ میرے پاس پرائز بانڈز تھے میں نے سورۃ کوثر پڑھتے ہوئے جب چیک کیے تو میرا انعام نکل آیا۔ حضرت جی دامت برکاتہم وانوارھم نے فرمایا کہ اللہ پاک سے رزق اللہ والا مانگنا چاہیے یہ پرائز بانڈ والا رزق مشکوک ہے اس لیے اس سے بچنا چاہیے تو ان صاحب نے آئندہ سے پرائز بانڈ والے کام سے توبہ کر لی۔

ایک دعا سے گاڑی کا مسئلہ حل ہو گیا

پچھلے سال کا واقعہ ہے کہ ابو دکان پر جا رہے تھے اور گاڑی کا انجن بہت آواز کر رہا تھا۔ ابو دکان پر آ کر کہنے لگے کہ یہ انجن مزید ایک ہفتہ نکالے گا اس کے بعد دوبارہ اوورہال کروانا پڑے گا۔ اگلے ہفتے میں جب مکینک کے پاس گیا تو اس نے کہا کہ اس کا انجن ٹھیک کرنا پڑے گا 40,35 ہزار خرچہ آئے گا۔ ایک دن میں گاڑی لے کر آ رہا تھا کہ پھر وہی خطرہ پیدا ہوا میں نے دو انمول خزانے کے آخر میں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی لکھی ہوئی دعا پڑھتے ہوئے پھر مکینک کے پاس لے گیا۔ مکینک نے زور سے ایک ایکسیلیٹر دیا اور گاڑی چل پڑی واپسی پر مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ شائد ٹھیک ہو گئی ہے۔ مزید ایک ہفتہ گاڑی چلتی رہی اور پھر تنگ کرنا شروع کر دیا۔ ابو نے کہا کہ اب تو اس کا انجن ہو کر ہی رہے گا۔ اگلے دن اتوار کو مکینک کے پاس لے جانے کیلئے جب سٹارٹ کی تو گاڑی نہ چلی میں مکینک کو گھر لے آیا اور مسلسل دعائے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ پڑھتا رہا۔ مکینک نے کہا اس کی الیکٹرانک کوائل لگا دیتا ہوں تو یہ چل جائے گی۔ اس نے وہ کوائل تبدیل کر دی اور الحمدللہ دو انمول خزانے کی برکت سے آج تک ٹھیک چل رہی ہے۔ **(جنید الرحمن صاحب)**

گاڑی کو آگ لگنے سے بچ گئی

ایک دن میں گاڑی صاف کر رہا تھا کہ گاڑی کے سائلنسر پر کپڑا رکھ کر بھول گیا میرا معمول ہے کہ گاڑی میں بیٹھتا ہوں تو 11 دفعہ یَاحَفِیْظُ اور تین دفعہ مسنون دعا: ''بِسْمِ اللهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ'' پڑھ لیتا ہوں۔ شام کو جب ابو گھر آئے تو میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر بولے کہ آج تو ہم ڈر گئے گاڑی کے بونٹ میں سے سیاہ دھواں نکل رہا تھا کیونکہ آگے ڈیزل گاڑی کھڑی تھی دھواں اس میں سے آ رہا تھا لیکن مجھے پتہ چل گیا کہ میں کپڑا اندر ہی رکھ کر بھولا ہوا ہوں۔ جب میں نے بونٹ کھولا تو دیکھا کہ کپڑا ابھی جلا ہوا تھا اور ریڈی ایٹر کا پنکھا بھی پگھلا ہوا تھا۔ لیکن اعمال کی حفاظت سے گاڑی کی گیس کو آگ نہیں لگی کیونکہ جب ابو گاڑی لے کر گئے تھے تو میں نے درج بالا دعاؤں کا حصار گاڑی کے گرد کر دیا تھا۔ **(جنید الرحمن صاحب)**

بلی کے بچے گم ہونے سے بچ گئے

حضرت میری بلی نے بچے دیئے تھے۔ میں جب فجر کی نماز پڑھنے جا رہا تھا تو ان کو پیار کر کے گیا لیکن جب واپس آیا تو بچے نہیں تھے یعنی گم ہو گئے تھے مجھے بہت افسوس ہوا اب جب بلی بچے دیتی ہے تو میں گیارہ دفعہ یَاحَفِیۡظُ اول آخر درود شریف پڑھ کے دم کر دیتا ہوں اب وہ بچے گم نہیں ہوتے اور اب بڑے ہو گئے ہیں۔ (دوران درس سنایا جانیوالا واقعہ) **(علی)**

آیت کریمہ پڑھنے سے فالج کی مریضہ ٹھیک ہوگئی

ہماری دکان پر ایک بوڑھی عورت آئی۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے بائیں جانب فالج ہو گیا تھا میں نے آیت کریمہ: ''لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ '' سوا لاکھ مرتبہ پڑھا۔ کہتی ہیں کہ اس سے مجھے یہ فائدہ ہوا کہ ایک مرتبہ سوا لاکھ کی تعداد پڑھنے سے میرے بازو اور ٹانگوں نے حرکت کرنا شروع کر دیا میرے بچے مجھے ہاتھ پکڑ کر چلاتے تھے۔ پھر میں ہر نماز کے بعد 500 مرتبہ آیت کریمہ پڑھتی رہی اور اب الحمدللہ میں بالکل ٹھیک ہوں۔ میں نے خود اپنی آنکھوں سے انہیں چل کر اپنی دکان پر آتے ہوئے دیکھا۔ انہوں نے مجھے اپنی ساری روداد سنا کر کہا کہ یہ عمل اور لوگوں کو بھی بتائیں تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس عمل سے فوائد حاصل کر سکیں۔ میری صحت دیکھ لیں میں بالکل ٹھیک ہوں مجھے دیکھ کر کوئی نہیں کہہ سکتا کہ مجھے فالج ہوا تھا۔

ماہنامہ عبقری کے ایک وظیفے کی بدولت گمشدہ بچے کی بازیابی

حضرت جی! پچھلے رسالے میں ایک وظیفہ آیا تھا: ''اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ یَا اَللّٰهُ یَارَحۡمٰنُ '' میرے ایک دوست نے بتایا کہ اس کا بھتیجا گھر سے بھاگ گیا ہے۔ ہم نے بہت کوشش کی ہے لیکن اس کا کوئی پتہ نہیں چل رہا میں نے اسے کہا کہ تم یہ وظیفہ سوا لاکھ مرتبہ اول آخر 11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھو۔ میں اللہ کی رحمت کے یقین کے ساتھ آپ کو گارنٹی دیتا ہوں وہ ضرور مل جائے گا۔ آپ تھانے وغیرہ کے چکر میں نہ پڑنا اور کامل یقین کے ساتھ پڑھتے رہو جب تک سوا لاکھ مکمل نہ ہو جائے۔ ابھی تین دن ہی گزرے تھے کہ میرے دوست نے بتایا کہ اس کے بھتیجے کا فون آ گیا کہ اگر آپ مجھے کچھ نہیں کہو گے تو میں گھر واپس آ جاتا ہوں میں نے کہا کہ تم آ جاؤ ہم تمہیں کچھ نہیں کہیں گے۔ بھتیجے نے کہا کہ مجھے یقین نہیں ہے آپ پر.....! اس کے ساتھ ہی رابطہ منقطع ہو گیا۔ ابھی ہم نے صرف پچیس ہزار مرتبہ پڑھا تھا میں نے گھر والوں کو کہا کہ آپ مزید کامل یقین اور پوری طاقت سے پڑھنا شروع کر دو انہوں نے پڑھنا شروع کر دیا اگلے دن بچے کا فون آیا کہ میں گھر آ رہا ہوں چاہے آپ مجھے ماریں یا چھوڑ دیں۔ اور اب وہ گھر آ گیا ہے۔ **(محمد عمر صاحب)**

رشتے کی بندش ختم ہوگئی

حضرت دامت برکاتہم العالیہ کی مہربانی اور دعاؤں سے میرے بچے کا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ اس کی شادی میں بہت مخالفت تھی۔ لیکن اب وہ بندش ختم ہو گئی ہے۔ اس کے علاوہ میں گزشتہ جمعرات درس میں حاضر نہیں ہو سکا کیونکہ میں بیمار ہو گیا تھا، میرا پیٹ بہت خراب تھا۔ ڈاکٹر کی دوائیوں سے مجھے کوئی افاقہ نہ ہوا پھر میں حضرت مدظلہ کے بتائے ہوئے نسخے ''دوانمول خزانے'' کو مسلسل پڑھتا رہا، سورۃ کوثر 129 دفعہ اول و آخر درود شریف 11 مرتبہ بھی پڑھتا رہا، اور 7 مرتبہ اذان بھی پڑھ کے دم کرتا رہا ہوں۔ ان اعمال کی بدولت میں گزشتہ تین دنوں سے بالکل صحت مند ہوں اور میں انتہائی مشکور ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم پر جو انعام اور فضل کیا ہے اس سے عوام الناس بہت فائدے حاصل کر رہی ہے ہمیں چاہیے کہ ہم ان اعمال پر عمل کرتے رہیں اور یقین سے چلتے رہیں۔

سورۃ کوثر پڑھنے سے سارا نظام میرے موافق ہوگیا

دو ماہ قبل میں ایک مسئلے کے حل کیلئے حضرت حکیم صاحب مدظلہ کے پاس آیا تو انہوں نے مجھے سورۃ کوثر کا ورد بتایا۔ میں نے یہ وظیفہ صبح و شام کثرت سے اٹھتے بیٹھتے کیا۔ حتیٰ کہ جب میں موٹر سائیکل پر ہوتا ہوں تب بھی پڑھتا رہتا ہوں۔ اس عمل کا مجھے ایک مشاہدہ یہ ہوا کہ جب میں موٹر سائیکل پر دفتر جاتا تھا تو اکثر ہی فیروز پور روڈ پر میں آدھا آدھا گھنٹہ ٹریفک میں پھنسا رہتا اور دفتر میں دیر سے پہنچتا تھا لیکن جب سے سورۃ کوثر کا وظیفہ شروع کیا ہے اس کی برکت سے تقریباً ڈیڑھ ماہ ہوگیا ہے الحمدللہ ثم الحمدللہ میں دفتر میں لیٹ نہیں پہنچتا، نہ ٹریفک میں پھنسا ہوں، اشارے بھی فوراً کھل جاتے ہیں اور میں آدھے منٹ میں نکل جاتا ہوں۔

دوسرا فائدہ نیت کا ہے۔ میں نے نیت کی تھی کہ میں بیعت کروں گا لیکن ایک دو ہفتوں کے بعد.....! میری ہمشیرہ نے کہا کہ آج مٹھائی لے کر آنا میں نے پوچھا: کیوں؟ اس نے کہا کیونکہ تم نے آج بیعت کرنے جانا ہے۔ میں نے کہا: میں نے ابھی بیعت نہیں کرنی آئندہ جمعرات کو کروں گا۔ اسی دوران بارش شروع ہوگئی۔ جب میں موٹر سائیکل گھر سے نکالتا تو بارش شروع ہو جاتی جب اندر کر لیتا تو رک جاتی۔ میرے والد صاحب نے پوچھا بیٹا نعمان کیا بات ہے کہاں جانا ہے؟ میں نے کہا کہ درس پر جانا ہے، میں درس میں حاضر نہ ہو سکا۔ اگلی جمعرات میں درس پر آیا بیعت کی اور استغفار کیا بتانا یہ چاہتا ہوں کہ عمل میں نیت کا بہت اہم کردار ہوتا ہے۔ اعمال اختیار کرنے سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔ پہلے میں نماز نہیں پڑھتا تھا نہ ہی جمعہ پڑھتا تھا اب پانچوں وقت کی نماز بھی پڑھتا ہوں اور ذکر و اذکار بھی کرتا ہوں۔ **(نعمان قاسم صاحب)**

خوشحالی کے دروازے کھل گئے

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ شب برأت والے دن میرے پاس ایک آدمی میری دکان پر آیا۔ اس نے جب پیسے ادا کرنے کیلئے جیب سے برکت والی تھیلی نکالی تو میں حیران ہوگیا میں نے ان سے پوچھا کہ آپ برکت والی تھیلی کا عمل کرتے ہیں؟ کیا آپ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو جانتے ہیں؟ اس نے کہا: حضرت صاحبکو تو نہیں جانتا مگر سلطان جاوید صاحب کو جانتا ہوں جو خود بھی یہ عمل کرتے ہیں اور مجھے بھی انہوں نے یہ عمل بتایا ہے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ اس عمل کی کوئی برکت یا مشاہدہ بتائیں؟ تو وہ کہنے لگے: جب میں سورۃ کوثر کا عمل نہیں کرتا تھا تب میری ایک دکان تھی اور بڑی مشکل سے گزارا ہوتا تھا لیکن جب سے برکت والی تھیلی پر 129 دفعہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول آخر 11 مرتبہ درود شریف والا عمل کیا ہے اب میری دو دکانیں ہیں اور بہت زیادہ برکت والی آمدن ہے اور میں بہت خوشحال ہوں۔

ایکسیڈنٹ سے بال بال بچ گئے

میں آج صبح بچوں کو سکول چھوڑنے جا رہا تھا۔ موٹر سائیکل کی سپیڈ بہت تیز تھی۔ میرا معمول ہے کہ جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو ایک دفعہ گھر سے نکلنے والی مسنون دعا: ’’بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ‘‘، 11 مرتبہ ’’یَاحَفِیْظُ‘‘، ایک مرتبہ آیت الکرسی اور ایک مرتبہ سفر کی دعا: سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَاهٰذَاوَمَاكُنَّالَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّآاِلٰى رَبِّنَالَمُنْقَلِبُوْنَ‘‘ پڑھ لیتا ہوں۔ اچانک لٹن روڈ کی طرف سے ایک تیز گاڑی آئی جس کے ساتھ میں ٹکرانے لگا میرے بچوں نے چیخیں ماریں اور لوگ بھی شور کرنے لگے کسی نے آواز لگائی ’’او مولوی گیا‘‘، لیکن میں اچانک اس گاڑی کے ساتھ لگ کر نکل گیا اور ہمیں خراش تک نہ آئی۔ اللہ نے بہت حفاظت کی اور اعمال کی برکت سے ہم بچ گئے۔ **(محمد صادق صاحب)**

اذان پڑھنے سے خراب A.C ٹھیک ہوگیا

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ 4,3 دن پہلے میں دوپہر کے وقت گھر کھانا

کھانے گیا تو دیکھا کہ A.C چل رہا ہے لیکن ٹھنڈک نہیں ہو رہی میں نے کہا کہ اس کا کمپریسر نہیں چل رہا۔ میں نے بیٹی سے کہا کہ سیڑھی لاؤ میں نے اس پر ہاتھ رکھ کر اذان دینا شروع کردی۔ جب تیسری بار اذان پڑھی تو کمپریسر چل پڑا۔ دوسرے دن پھر ایسا ہوا۔ میں نے سیڑھی منگوائی تو وہ چلنا شروع ہوگیا۔ تقریباً دو ہفتے بعد پھر بند ہو گیا میں نے اذان والا عمل شروع کیا تو آٹھویں اذان پر کمپریسر چلنا شروع ہوگیا۔ یہ سب اذان والے حفاظتی عمل کا نتیجہ ہے۔

سورۃ کوثر سے اولاد کی نعمت مل گئی

ایک صاحب نے بتایا کہ میرا سورۃ کوثر کی برکت کا مشاہدہ ہے کہ میں 2008ء میں حضرت حکیم صاحب مدظلہ کے پاس تسبیح خانے آیا تھا۔ میری شادی 1998ء میں ہوئی تھی اور میں 10 سال سے اولاد کی نعمت سے محروم تھا۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے مجھے کثرت سے سورۃ کوثر پڑھنے کیلئے کہا الحمدللہ اللہ نے صرف ایک ماہ کے اندر ہی اولاد کی امید کردی۔ اس کے ساتھ ساتھ معاشی مسائل بھی حل ہوگئے۔ اس کے علاوہ آپ دامت برکاتہم نے صدقے کی تلقین بھی کی جو تقریباً ۱۴ ہفتے تک ہر جمعرات کو صدقہ قرار دیا اور آج میرا بیٹا اڑھائی سال کا ہے یہ صرف سورۃ کوثر کی برکت اور آپ مدظلہ کی دعاؤں کی بدولت ہے۔

کلمہ طیبہ سے دل کے بند وال کھل گئے

ایک بزرگ بتاتے ہیں کہ میں کلمہ طیبہ کے مبارک عمل کی برکات اور مشاہدات بتانا چاہتا ہوں۔ میں ایک مرتبہ درود شریف پھر بسم اللہ کے بعد پہلا کلمہ طیبہ اور پھر ایک دفعہ درود شریف پڑھ کے کہتا ہوں اللہ شافی، اللہ کافی، اللہ معافی۔ جن لوگوں کے دل کے وال بند تھے ان پر یہ عمل پڑھ کے دم کردیا اور 11 دن یہ عمل کیا اس کی برکت سے وہ شفایاب ہوگئے۔ ان میں چار افراد ایسے تھے جنہوں نے پہلے بائی

پاس کروایا ہوا تھا اور وہ دوبارہ بائی پاس کروانے جا رہے تھے۔ ان پر دم کیا اور اللہ نے انہیں شفا دے دی۔ یہ سب مخلوق خدا کی بھلائی کیلئے بتا رہا ہوں تاکہ مخلوق خدا کو بھی اس سے فائدہ پہنچے۔

فالج کا بغیر دوائی کے بذریعہ ذکر علاج

ایک صاحب نے بتایا کہ ان کی چھوٹی بہن کو تقریباً ۱۲ سال پہلے چہرے پر فالج ہوگیا اور اس کا چہرہ ڈی شیپ ہوگیا تھا۔ کہتے ہیں کہ پھر ہم نے حضرت حکیم صاحب مدظلہ سے رابطہ کیا تو حضرت مدظلہ نے کثرت سے آیت کریمہ: ”لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ“ پڑھنے کو کہا۔ جیسے جیسے سارے گھر والے ذکر کرتے گئے ویسے ویسے وہ بچی ٹھیک ہوتی گئی۔ اب الحمدللہ بالکل ٹھیک ہے۔ کوئی بھی دوائی استعمال نہیں کی۔ صرف ذکر ہی کرتے رہے۔ اب پتہ ہی نہیں چلتا اور نہ ہی کوئی یہ اندازہ کرسکتا ہے کہ اس بچی کو کبھی کوئی مسئلہ ہوا تھا۔

اللہ پر کامل یقین سے حصول نعمت

میں کافی عرصے سے درس میں حاضر ہو رہا ہوں۔ ایک دفعہ حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک عنوان پر ارشاد فرمایا تھا کہ مسائل کا حل وسائل میں نہیں ہے اور کافی رہنمائی فرمائی۔ مجھے ایسے محسوس ہوا کہ حضرت حکیم صاحب مدظلہ میرے متعلق ہی بات کر رہے ہیں۔ میں بتانا یہ چاہتا ہوں کہ گزشتہ 6.5 سال میرے پاس FX کار رہی ہے، پھر مجھے یہ گاڑی بیچنا پڑی کیونکہ وہ تنگ بہت کرتی تھی۔ نئی کار ٹویوٹا کرولا یا کوئی بھی خریدنا میرے لئے کوئی مسئلہ نہیں تھا۔ جب بھی چاہتا ایک دن بھی انتظار کیے بغیر میں نئی گاڑی خرید سکتا تھا لیکن میں FX بیچنے کے بعد موٹر سائیکل پر آگیا اور تقریباً دو سال موٹر سائیکل چلاتا رہا لیکن اس دوران بھی میں جب چاہتا گاڑی خرید سکتا تھا میرے لیے کوئی مسئلہ نہ تھا۔ تو بہرحال جب درس سنا تو یہ بات

اچھے طریقے سے دل میں بیٹھ گئی اور پھر میں نے اللہ کے سامنے ہاتھ اٹھائے اور گڑگڑایا اور جو جو دل کی خواہشات تھیں اللہ نے سب وقت مقررہ پر پوری کر دیں۔ بس یہ بات میرے دل میں اچھی طرح بیٹھ گئی کہ صرف اللہ سے مانگیں اور اس کی رضا پر راضی رہیں کیونکہ مسائل کا حل وسائل میں نہیں ہے صرف اللہ ہی سے مانگنے میں ملتا ہے، یہ میرا مشاہدہ ہے۔ **(میجر صاحب)**

حضرت دامت برکاتہم وظلالہم العالیہ نے فرمایا:

''کام جتنے بھی ہوتے ہیں ہم کہتے ہیں کہ ساری ضرورتیں اللہ جل شانہ سے پوری ہوتی ہیں اور اللہ ہی سے پوری ہوتی ہیں۔ جیسے ہمارے میجر صاحب نے بتایا کہ اسباب بھی ہیں لیکن ضرورت پوری نہیں ہو رہی۔ ایسے ہی ہم اپنی جیب پر نظر نہ رکھیں بلکہ ہماری نظر اللہ جل شانہ کے خزانوں پر ہو کہ میری جیب میں پیسے ہیں میری ضرورت پوری ہو جائے گی۔ کبھی نہ ہوگی!! کبھی نہ ہوگی!! جب تک میرا اللہ نہیں چاہے گا اور جس کی نظر اللہ کے خزانوں پر ہوگی، جس نے نظر اللہ کے خزانوں پر رکھی وہ کبھی خالی نہیں رہے گا اور جس کی نظر جیب میں رہی وہ ہمیشہ مانگتا رہے گا۔ تو ہماری نظر اللہ کے خزانوں پر ہونی چاہیے۔''

درس پر آنے سے دوسروں کی رہنمائی

ایک جوان نے کہا کہ میں تمام حضرات کو یہ بات بتانا چاہتا ہوں کہ میں جب بھی درس پر آتا تھا تو میرے گھر والے مجھے منع کرتے تھے۔ کبھی آنے دیتے کبھی نہ آنے دیتے۔ لیکن الحمدللہ آج میں بہت خوش ہوں کہ میرے سب گھر والے میرے ساتھ درس سننے آئے ہوئے ہیں اور میرا ہمیشہ یہ دل کرتا ہے کہ میں درس پر پہنچوں اور سنوں اور جو کچھ بھی حضرت دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں میں آگے کسی کو بتاؤں اور کسی کی ہدایت کا ذریعہ بنوں۔ آج میں بہت خوش ہوں کہ الحمدللہ میرے گھر والے میرے ساتھ ہیں۔

بچے کی پیدائشِ مراحل میں آسانی اور آپریشن سے نجات

آج سے ڈیڑھ سال قبل جب میرا بیٹا پیدا ہونے والا تھا تب الٹرا ساؤنڈ کروایا تو ڈاکٹروں نے کہا کہ بچے کی پوزیشن درست نہیں ہے اور بچے کی پیدائش آپریشن سے ہوگی۔ ہم حضرت دامت برکاتہم کے پاس آئے اور پریشانی بتائی۔ حضرت حکیم صاحب مدظلہ نے بتایا کہ سورۃ انشقاق کی آیت نمبر ۴ اور ۵: وَاَلْقَتْ مَافِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ '' ہر نماز کے بعد ۴۰ مرتبہ پڑھ کے کھجور پر دم کر کے اہلیہ کو کھلائیں۔ ہم عمل کرتے رہے جس کی برکت سے بچے کی پوزیشن بھی ٹھیک ہوگئی اور ڈلیوری کے وقت صرف ایک گھنٹے میں خیر و عافیت سے فارغ ہو گئے اور کوئی پیچیدگی پیش نہیں آئی ڈاکٹر خود حیران تھے اور ہم لوگ فارغ ہو کے آگئے۔ **(حسن ہاشمی صاحب)**

دل کے دورے سے شفا کا دم

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ حکیم صاحب دامت برکاتہم سے اذان اور سورۃ مؤمنون کی آخری چار آیات والا عمل سنا۔ ہمارے دفتر میں ایک ساتھی ملازم ہیں۔ پرسوں ان کے والد صاحب بیمار تھے وہ لاہور میو ہسپتال میں داخل تھے۔ ان کی ہارٹ بیٹ کا مسئلہ تھا وہ ICU میں چلے گئے۔ وہ بہت پریشان تھا میں نے اسے اذان اور سورۃ مومنون کی آخری چار آیات والا عمل بتایا کہ سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کے مریض کے پہلے دائیں کان میں پھونکیں پھر بائیں کان میں پھونک ماریں۔ انہوں نے یہ عمل کیا اس کی برکت سے اس کے والد صاحب صحت یاب ہو کر گھر آگئے اور اب الحمدللہ ٹھیک ہیں۔

دو انمول خزانے سے اجڑا گھر آباد ہو گیا

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ میرا ایک دوست جس کی شادی کو تین سال ہو گئے ہیں ان دونوں میاں بیوی کے درمیان جھگڑا ہو گیا اور نوبت یہاں تک آگئی کہ

دونوں میاں بیوی طلاق پر رضامند ہو گئے۔ مجھے تقریباً چھ روز پہلے اس نے بتایا کہ گھر میں یہ مسئلہ ہوگیا ہے۔ میں نے اسے کہا کہ نماز پڑھیں اور ''انمول خزانہ نمبر ا'' ہر نماز کے بعد پڑھیں اس نے کہا کہ اگر ہر نماز کے بعد نہ پڑھ سکوں تو؟ میں نے اسے کہا کہ روزانہ 21 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ ابھی اس نے یہ عمل تین دن کیا تھا تو اس نے کہا کہ آپ میرے سسرال جائیں اور صلح کی بات کریں۔ میں نے کہا کہ اتنے بندے تو مجھ سے پہلے چلے گئے ہیں وہ نہیں مانے تو میرے جانے سے کیا ہوگا۔ اس نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ آپ جائیں گے تو آپ کی بات مان لیں گے۔

میں گھر سے ''انمول خزانہ نمبر ا'' پڑھ کے چلا اور راستہ میں ''انمول خزانہ نمبر ۲'' پڑھتا گیا۔ میں نے جا کر پہلے ان کی تمام باتیں سنیں اور اسی دوران سات مرتبہ اذان پڑھی۔ میں جب گھر واپس آ گیا تب فون آیا کہ ہم صلح کیلئے راضی ہیں اور طلاق نہیں لینا چاہتے یہ ساری برکت سات مرتبہ اذان اور دو انمول خزانے پڑھنے کی وجہ سے ہوئی ہے۔

بون میرو کینسر سے شفایابی

ایک صاحب نے بتایا کہ میری اہلیہ کو ٹائیفائیڈ بخار ہوا، پھر یرقان ہو گیا، پھر ہسپتال میں داخل ہو گئیں اور ٹیسٹ پر ٹیسٹ شروع ہو گئے۔ بعد میں پتہ چلا کہ اس کا خون نہیں بن رہا اور ریڈ بلڈ سیلز کم ہیں کیونکہ جگر نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے۔ بعد میں ٹیسٹ کرایا تو پتہ چلا کہ اس کو بون میرو کینسر کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ اس دوران میں جمعرات کے درس میں آتا رہا اور یہاں سے مجھے سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ مومنون کی آخری چار آیات کے عمل کا پتہ چلا جو بھی ہسپتال میں عیادت کیلئے آتا والدہ یا بہنیں وغیرہ تو میں انہیں کہتا کہ سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر اس کو دم کرو۔ میں خود دم نہیں کرتا تھا بلکہ انہیں کہتا تھا اور جو کوئی بھی آتا میں اس کے سامنے قرآن رکھ کر کہتا تھا کہ پڑھو اور

پہلے دائیں کان میں پھونک مارو پھر بائیں کان میں پھونک مارو اور اس کے ساتھ دوا کے طور پر ستر شفائیں استعمال کروائی۔ ہم نے اذان اور سورۃ مومنون والا عمل اور تیز کر دیا۔ اس عمل کی برکت سے خود ہی بلڈ بننا شروع ہو گیا اور 3.4 خون ہو گیا جبکہ ڈاکٹروں نے مجھے عمران خان ہسپتال بھیج دیا تھا اب خون 19point اوپر ہو چکا ہے جو کہ 6point پر آیا ہوا تھا اور نارمل 12point تک ہوتا ہے۔ یہ اس عمل کی برکت ہے اور اب وہ بالکل ٹھیک ہیں۔

برین ہیمرتیج سے شفایابی اذان اور سورۃ مومنون کے ذریعے

میں 2004ء سے تسبیح خانے میں حاضری دے رہا ہوں جس کی برکت سے مجھے بہت فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ میں ایک موبائل فون کی کمپنی میں کام کرتا ہوں۔ تسبیح خانے میں درس کے ذریعے جو بھی پیغام ملتا ہے میں اسے دوسروں تک پہنچاتا رہتا ہوں۔ پچھلے رمضان المبارک کی بات ہے کہ ہمارا ایک ڈرائیور ہے جس کے کسی رشتہ دار کو برین ہیمرتیج ہو گیا۔ مریض ICU میں زیر علاج تھا، ڈاکٹروں نے جواب دے دیا تھا۔ وہ بہت سخت پریشان تھا۔ میں نے اسے کہا کہ سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر ہر آدھے گھنٹے بعد مریض کے دائیں اور بائیں کان میں پھونکیں اور یہ عمل جاری رکھیں۔ وہ یہ عمل کرتے رہے انہوں نے بتایا کہ کچھ طبیعت بہتر ہوئی ہے لیکن ڈاکٹروں نے مریض کی صرف چوبیس گھنٹے کی زندگی باقی رہنے کا بتایا ہے۔ میں نے پوچھا کہ مسئلہ کیا ہے؟ کہنے لگے کہ مریض کا بلڈ پریشر کم نہیں ہو رہا۔ میں نے کہا کہ وہ عمل جاری رکھیں لیکن جب دائیں کان میں پھونک ماریں تو ساتھ دائیں گردے پر بھی پھونک مار دیں اور جب بائیں کان میں پھونک ماریں تو ساتھ بائیں گردے پر بھی دم کریں۔ شام چھ بجے ڈاکٹروں نے مریض کو چھٹی دے دی اور کہا کہ مریض اب بالکل ٹھیک ہے اور مریض خود اٹھ کر چل کر واپس آ گیا۔

لاعلاج مریض سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کے عمل سے صحت یاب

میرے بڑے بھائی آرمی میں تھے۔ ریٹائر ہونے کے بعد وہ ۱۳ سال تک بیماری میں مبتلا رہے۔ بیماری کے متعلق علم نہیں ہوتا تھا کہ کون سی بیماری ہے۔ ہر ماہ چاند کے شروع کے یا آخری ایام میں اسے مرگی کا دورہ پڑتا تھا۔ ڈاکٹروں کو دکھایا تو انہوں نے مرگی کی بیماری بتائی۔ کئی عاملوں، پیروں کے پاس گئے وہ بھی کہتے ہیں کہ ہمیں پتہ نہیں چل رہا۔

پھر میں 2010ء میں تسبیح خانے میں حکیم صاحب حفظہ اللہ کے پاس حاضر ہوا۔ انہوں نے ایک وظیفہ بتایا اور فرمایا کہ ۱۳ سال ۲۴ دنوں سے مریض پر جنات وارد ہیں اور فرمایا کہ یہ وظیفہ سارا دن کھلا پڑھیں اور اس کی مکمل تعداد سوا لاکھ تک پڑھیں۔ عمل یہ ہے: ''یَامُمِیْتُ یَاقَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ'' اس کے ساتھ ساتھ صبح کے وقت 200 مرتبہ سورۃ فلق اور شام کے وقت 200 مرتبہ سورۃ الناس اول آخر درود شریف پڑھیں الحمدللہ اس کی برکت سے میرا بھائی ٹھیک ہو گیا مجھے بھی نظر بد تھی اور جادو کا اثر تھا۔ میں نے بھی یہی عمل کیا اب الحمدللہ میں بھی ٹھیک ہو گیا ہوں۔ **(غلام محمد صاحب سرگودھا)**

حضرت دامت برکاتہم العالیہ فرماتے ہیں کہ یہ وظیفہ ایک بندہ بھی پڑھ سکتا ہے اور گھر کے سب افراد مل کر بھی سوا لاکھ کی تعداد پوری کر سکتے ہیں۔

سورۃ کوثر سے زچگی کے تمام مسائل کا حل

میری اہلیہ کو پچھلے دنوں دوران حمل کافی مشکلات کا سامنا تھا۔ اس کا بلڈ پریشر بھی High رہتا تھا اور سانس رکنے کی شکایت تھی۔ خون کی بھی کمی تھی اور بچے کی افزائش بھی بہت سست تھی۔ اس وجہ سے ڈاکٹروں نے کافی پریشانی کا اظہار کیا میں نے حضرت حکیم صاحب مدظلہ سے ذکر کیا انہوں نے مجھے سورۃ کوثر کا ذکر دیا ہوا تھا اور فرمایا کہ سورۃ کوثر والے ذکر کو کثرت سے پڑھیں۔

جب میری اہلیہ کو ڈلیوری کیلئے لیبر روم میں لے گئے تو میں نے باہر کھڑے ہو کر تقریباً 5,4 گھنٹے میں 2500 سے 3000 تک سورۃ کوثر کا ذکر کیا تو اللہ تعالیٰ نے سارا مسئلہ حل کر دیا اور میری اہلیہ اور بچہ دونوں بالکل خیریت سے تھے یہ سب ذکر کی برکت تھی۔ **(محمد آصف صاحب)**

سورۃ کوثر سے گاڑی کا لاک کھل گیا

ایک روز غلطی سے میں نے گاڑی لاک کر دی لیکن میری چابی اندر ہی رہ گئی۔ میں ایسی جگہ کھڑا تھا جہاں کسی کو مدد کیلئے بھی نہیں بلا سکتا تھا۔ میں بہت پریشان تھا اور بالکل ہمت ہار چکا تھا۔ اچانک ذہن میں خیال آیا کہ درس کے بعد مجلس مجذوبی میں سنا تھا کہ کسی شخص کی موٹر سائیکل خراب ہو گئی تھی تو اس نے سورۃ الکوثر پڑھی اور اس کا مسئلہ حل ہو گیا۔ میں نے بھی سورۃ الکوثر پڑھنی شروع کر دی۔ اللہ پاک کی غیبی مدد سے ایک معمولی سی تار سے میں نے گاڑی کھول لی اور میرا مسئلہ اللہ تعالیٰ نے حل کر دیا۔ **(میاں طارق صاحب)**

حضرت مدظلہ نے فرمایا کہ اگر رزق کو یا دل کو اللہ کی یاد سے لاک لگ جائے تو وہ بھی سورۃ کوثر کی طاقت سے کھل جاتا ہے۔

2 انمول خزانے سے ملازم دکان کا مالک بن گیا

میں اردو بازار میں پچھلے آٹھ سال سے ایک دکان پر کام کر رہا تھا۔ اچانک انہوں نے اپنا کاروبار بند کر دیا اور ہم تمام ملازمین کو فارغ کر دیا۔ میں بہت پریشان ہوا۔ پھر میں نے وہی دکان کرائے پر لے لی لیکن اس کا کرایہ اتنا تھا کہ اس کی ادائیگی بڑی مشکل سے ہوتی تھی۔ میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے پاس آیا انہوں نے مجھے ''دو انمول خزانہ'' پڑھنے کو کہا۔ میں نے پڑھنا شروع کر دیا اور کچھ ہی عرصے کے بعد

میں نے وہ دکان خرید لی۔ میری سمجھ سے باہر ہے کہ آج میں اس دکان کا مالک ہوں اور آج سب کچھ میرا اپنا ہے یہ سب ''دو انمول خزانہ'' کی برکت ہے۔ **(خرم غوری صاحب)**

عبقری رسالے سے مخلوق خدا کی خدمت

مال روڈ مری میں جس پلازے میں KFC ہے وہاں میرا دفتر ہے۔ حضرت جی دامت برکاتہم کی دعاؤں اور اللہ کی رحمت کی بدولت مجھے بہت زیادہ کامیابیاں ملیں۔ حضرت جی حفظہ اللہ کا رسالہ عبقری مری میں نہیں جاتا تھا۔ حضرت جی حفظہ اللہ نے مجھے لوگوں تک عبقری رسالہ پہنچانے کا کہا۔ وہاں پر ایک بڑے بک اسٹال والے ہیں پہلے وہ رسالہ نہیں رکھ رہے تھے لیکن جب اور لوگوں کو بھی پتہ چلا اور اسے میں نے کہا تو اس نے رسالہ رکھ لیا۔ آج یہ صورتحال ہے کہ اس کے ساتھ مزید 3 اسٹالز ہیں اور بہت زیادہ ڈیمانڈ ہے۔ حتیٰ کہ ڈیمانڈ پوری نہیں ہو رہی۔ لوگ بہت ذوق اور شوق سے عبقری رسالہ پڑھ رہے ہیں۔ حضرت جی دامت برکاتہم کی ایک مرتبہ وہاں نشست ہوئی اور لوگ بہت مستفیض ہوئے اور اب بھی اسی طلب میں رہتے ہیں کہ حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ سے روحانی فیض حاصل کریں۔ آج میں صرف اسی مقصد کیلئے حاضر ہوا ہوں کہ حضرت جی دامت برکاتہم کی وہاں لوگوں کو بہت ضرورت ہے اور لوگ اصرار کرتے رہتے ہیں۔ مجھے احساس ہے کہ حضرت مدظلہ کے پاس وقت بہت کم ہوتا ہے لیکن لوگ حضرت مدظلہ سے ملاقات کیلئے بے تاب رہتے ہیں اور مجھ سے، میری اہلیہ سے اور بچوں سے پوچھتے ہیں کہ حضرت مدظلہ کب تشریف لائیں گے؟ اس لیے میں حضرت جی دامت برکاتہم کو لینے آیا ہوں۔ **(عقیل صاحب، مری)**

سورۃ قریش اور سورۃ کوثر سے 3 سال پرانی ناراضگی ختم

میں موبائل سے چیٹ کرتا تھا۔ ایک دن موبائل چیٹ کے ذریعے ایک دوست جو راولپنڈی میں آرمی آفس میں ملازم تھا نے کہا کہ مجھے زندگی کا ہمسفر

چاہیے۔ میں نے کہا کہ مل جائے گا کہنے لگا کیسے؟ میں نے کہا کہ آپ مجھے فون کرو میں آپ کو ایک عمل بتاؤں گا۔ یہ آٹھویں، نویں روز کی بات ہے میرے ذہن میں عبقری رسالے میں چھپا ہوا عمل آیا کہ سورۃ قریش کی برکت سے رشتہ بھی ہو جاتا ہے اور تمام رکے ہوئے کام ہو جاتے ہیں۔ میں نے اسے رمضان المبارک میں برکت والی تھیلی کا عمل بھی بتایا۔ اس نے کرنا شروع کر دیا اور رمضان کا پورا مہینہ یہ عمل کرتا رہا اور 27 ویں شب میں سورۃ کوثر کا عمل کر کے 100 مرتبہ آیت کریمہ: ''لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ'' پڑھی اور دعا کی کہ یا اللہ! مجھے اپنی بیوی بچوں سے ملا دے۔ میں نے اسے فون کیا تو کہنے لگا کہ پہلے میں نے آپ سے جھوٹ بولا تھا کہ میں غیر شادی شدہ ہوں حالانکہ میری تین بیٹیاں ہیں البتہ میری بیوی تین سال سے ناراض تھی لیکن جب میں 27 رمضان کی صبح فجر کی نماز پڑھنے مسجد گیا تو وہاں پر سسر مل گئے اور مجھے کہنے لگے بیٹا! آج اپنے بیوی بچوں کو آ کر لے جاؤ اس عمل کی برکت سے اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ جب میں گھر گیا اور گھر والوں کو بتایا تو انہوں نے اکٹھے ہو کر مجھے مبارکباد دی۔ میں نے کہا: اللہ کا شکر ادا کرو جس نے تمہاری مراد اتنی جلدی پوری کر دی۔ **(محمد رمان، کامونکی)**

انمول خزانے سے امتحان میں کامیابی

میں دو انمول خزانے کی برکت بتانا چاہتا ہوں۔ اس سال میرے بیٹے نے وفاق المدارس میں حفظ کا امتحان دیا تو جس دن اس کا امتحان تھا اس دن وہ ''دو انمول خزانے'' کا ذکر کرتا رہا۔ وہاں آٹھ بچے تھے جنہوں نے امتحان دیا تو الحمدللہ سب سے زیادہ نمبر میرے بیٹے کے آئے۔

چوری شدہ موٹر سائیکل کی بازیابی

میرا بیٹا فیکٹری میں کام کرتا ہے۔ کل تقریباً ڈھائی بجے میرے بیٹے کا فون آیا کہ میری موٹر سائیکل رات کو چوری ہو گئی ہے اور مل نہیں رہی میں نے پوچھا کہ

رات کو کیوں نہیں بتایا؟ بیٹا کہنے لگا کہ پریشانی کی وجہ سے نہیں بتایا اور نہ ہی میں نے کھانا کھایا ہے، میں بھوکا ہوں۔ میں نے عبقری کے دفتر میں فون کیا اور کہا کہ انصاری صاحب حفظہ اللہ سے بات کروا دیں۔ دفتر والوں نے کام پوچھا تو میں نے ساری بات بتادی۔ انہوں نے انصاری صاحب حفظہ اللہ سے پوچھ کر مجھے یہ وظیفہ بتایا: ''بِسۡمِ اللهِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيۡهِ رَاجِعُوۡنَ يَاجَامِعُ يَامُعِيۡدُ'' میں نے اور میری بیوی نے کثرت سے ورد شروع کر دیا اور تقریباً گھنٹے بعد ہمیں موٹر سائیکل مل گئی۔

خوش جیوے سرفراز شاہ

ڈوبی ہوئی رقم کی واپسی

میں دکان پر بیٹھا کام کر رہا تھا۔ کچھ گاہک میرے پاس آئے اور کہنے لگے کہ ہم نے کوئی چیز مرمت کروانی ہے آپ کتنے پیسے لیں گے؟ میں نے کہا 550 لوں گا۔ تو وہ کہنے لگے کہ کچھ رعایت کریں میں نے کہا کہ نہیں ہوگی آخر وہ مان گئے اور میں نے وہ چیز مرمت کر دی۔ اس کے بعد انہوں نے دوسری چیز دکھائی کہ اس کی مرمت کے کتنے پیسے ہوں گے میں نے بتایا کہ 950 روپے اس کی مرمت پر لگیں گے۔ وہ لڑکا اسی طرح مجھے باتوں میں اُلجھا کر پیسے دیئے بغیر چلا گیا۔ میں نے اپنے ساتھی کو ساتھ لیا کہ آؤ اسے ڈھونڈیں۔ ہم نے اسے بازار میں ڈھونڈا لیکن وہ نہ ملا واپس دکان پر آ کر میں نے یہ دو دعائیں پڑھیں:

''اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيۡهِ رَاجِعُوۡنَ''

اَللّٰهُمَّ اَجِرۡنِیۡ فِیۡ مُصِيۡبَتِیۡ وَاَخۡلِفۡ لِیۡ خَيۡرًا مِّنۡهَا ''

اگلے دن ایک آدمی نے اپنے اسی لڑکے کو کالر سے پکڑا ہوا تھا جو پیسے لے کر بھاگ گیا تھا۔ وہ آدمی آ کر کہنے لگا: بلال بھائی یہ آپ سے مرمت کروا کر گیا ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں۔ پوچھا: کتنے پیسے آپ نے لینے ہیں میں نے کہا 550 روپے۔ میں کہا کہ پہلے آپ بتائیں کہ ہوا کیا ہے؟ کہنے لگا کہ کل تین بجے سے یہ لڑکا

کہہ رہا ہے کہ میرے جسم کو آگ لگی ہوئی ہے اور میرے سینے پر چڑھ کے کوئی مجھ سے کہہ رہا ہے کہ جاؤ جا کے اس دوکاندار کو پیسے دے کر آؤ۔ ہم ساٹھ کلومیٹر دور سے آئے ہیں، کل ہمیں کوئی سواری میسر نہ تھی اس لیے کل نہیں آ سکے۔ رات کو اس نے سات مرتبہ چیخیں ماری ہیں اور یہی کہتا ہے کہ میرے جسم میں آگ لگی ہوئی ہے۔

براہ مہربانی! آپ اسے معاف کر دیں۔ میں نے کہا ٹھیک ہے۔ پھر کہنے لگے کہ اس آگ کا کیا علاج ہے میں نے اول آخر درود شریف اور گیارہ مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کے اس پر دم کر دیا فوراً کہنے لگا کہ میرے جسم کی آدھی آگ ٹھنڈی ہو گئی ہے۔ اللہ رب العزت نے اس دعا کی برکت سے میرے پیسے دلوا دیئے۔ **(محمد بلال صاحب)**

شکر ادا کرنے سے مشکلات کا حل

بعض اوقات جب میں کسی کی کوئی خوبی دیکھتا تو میری ذہنی کیفیت بہت عجیب ہو جاتی تھی۔ اس بیماری کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا کافی سالوں سے میں اس سے نجات چاہتا تھا۔ آپ نے ایک مرتبہ حلقہ کشف المحجوب میں شکر کے موضوع پر درس دیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ سنایا تھا کہ ایک شخص کے تن پر کپڑے بھی نہیں تھے اور دوسرے کے پاس انار جیسی نعمت تھی پہلے نے شکر ادا کیا اور دوسرے نے ناشکری کی تو ناشکری کرنے والے کا سب کچھ چھن گیا اور جس نے شکر کیا اس کو رب نے مزید عطا کیا۔

اب میں جب بھی کسی مصیبت میں مبتلا ہوتا ہوں تو کہتا ہوں کہ یا اللہ تیرا شکر ہے، یا اللہ تیرا احسان ہے اور جب کبھی ذہنی کیفیت میں مبتلا ہوتا ہوں پھر بھی کہتا ہوں یا اللہ تیرا شکر ہے، یا اللہ تیرا احسان ہے۔ حالانکہ میں مالی بحران سے گزر رہا ہوں پھر بھی کہتا ہوں یا اللہ تیرا شکر ہے، یا اللہ تیرا احسان ہے اسی وقت مجھے قوت ملتی ہے اور اسی وقت میں کھڑا ہو جاتا ہوں اور مجھے تمام نفسیاتی بیماریوں کا علاج صرف اللہ کے شکر میں ملا ہے۔ اس وظیفے کی بدولت میں کئی کئی سالوں کی مصیبت سے نکلا ہوں۔

اذان کے عمل سے نماز کی پابندی

اذان کی برکت سے لوگوں کو اللہ پاک نے نماز کی توفیق دی۔ جو لوگ غافل تھے اور نماز کا وقت ہونے کے باوجود بھی نماز نہیں پڑھ سکتے تھے، ادھر اُدھر وقت ضائع کر دیتے تھے اس سات مرتبہ اذان والے عمل کی بدولت اللہ نے نماز اور نیک اعمال کی توفیق دے دی۔ (خرم شمسی صاحب)

درود شریف کی برکت سے فالج کا مریض ٹھیک ہو گیا

چاندرات کو مجھے گھر میں ہی فالج کا اٹیک ہو گیا۔ میں نے لیٹے ہوئے ہی ایک درود پاک: ”اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ“ کی ایک تسبیح اور ایک تسبیح یہ درود پاک: اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِكَ الْمُصْطَفٰی“ پڑھتا رہا تو آدھے گھنٹے بعد میری تکلیف ختم ہو گئی اور پھر میں ڈاکٹر کے پاس گیا تو انہوں نے کہا کہ آپ کو کوئی تکلیف نہیں ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ میں بالکل ٹھیک ہوں۔ (**محمد اشرف صاحب**)

درس میں حاضری سے پانچویں اسکیل کی نوکری

چوبیس مئی کو حضرت صاحب دامت برکاتہم العالیہ سے میری ملاقات ہوئی۔ تب میں نے خوشخبری سنائی کہ حضرت صاحب! مجھے پاکستان پوسٹ آفس میں دوسرے اسکیل کی نوکری مل گئی ہے لیکن اس کا ٹائم ایسا ہے کہ میں درس پر نہیں آ سکوں گا۔ حضرت دامت برکاتہم نے فرمایا کہ آپ نے درس نہیں چھوڑنا آگے آپ خود سمجھدار ہیں۔ 2 دن بعد میں نے نوکری سے استعفیٰ دے دیا۔ رمضان میں اعتکاف کر رہا تھا کہ تیسرے دن میرے والد صاحب میرے پاس آئے اور کہا اللہ نے آپ کو ایک اور نوکری دے دی ہے جو پانچویں اسکیل کی ہے اور اس سے اچھی نوکری اور

کوئی نہیں ہے۔ یہ سب کچھ درس میں آنے کی برکت اور حضرت صاحب مدظلہ کی دعاؤں سے ہے۔ (**محمد عرفان صاحب**)

جیسے میں نے ابھی آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ ہماری طبیعتوں اور مزاج میں سخاوت ہو۔ غائبانہ دعا کرنا بھی سخاوت ہے۔ غائبانہ دعا سے مراد کسی کی خیر خواہی چاہنا ہے۔ اللہ پاک کی بارگاہ میں بندوں کی خیر خواہی بہت پسندیدہ عمل ہے۔ وہ خیر خواہی چاہے جس شکل میں بھی ہو دعا کی شکل میں ہو یا کسی اور شکل میں ہو اللہ کو خیر خواہی بہت پسند ہے اور کسی کو اللہ جل شانہ کے قریب کر دینا بھی خیر خواہی ہے کسی کو اللہ کی ذات کے قریب کرنے والے اعمال بتا دینا بھی خیر خواہی ہے۔ یہ ساری باتیں خیر خواہی میں شامل ہیں، تو ہم اس خیر خواہی کے حصے دار بنیں اور ایک چیز ہماری طبیعتوں کے اندر، ہمارے مزاجوں میں رچ بس جائے کہ من کو لے کر چلنا تو ہر بندہ جانتا ہے، تن کو لے کر چلنا تو ہر بندہ جانتا ہے مگر پورے عالم کو لے کر چلنا یہ ہماری طبیعتوں کے اندر آ جائے، یہ ہمارے مزاج میں اتر جائے پھر تو بات بنے گی ورنہ نہیں بنے گی۔

اس لیے میں آپ کی خدمت میں پوچھتا رہتا ہوں کہ اعمال کا نفع بتائیں کہ کس عمل سے کیا فائدہ ہوا اور کس عمل سے کیا فائدہ ہوا، میں نے فلاں عمل سے یہ نفع پایا۔ اللہ کی مخلوق کو بتائیں۔

درس میں شرکت سے ٹانگ ٹھیک ہو گئی

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ تقریباً ایک سال پہلے میری والدہ کا ایکسیڈنٹ

ہوا تھا اور ان کی ٹانگ میں راڈ ڈلوانے کے باوجود ٹانگ نہیں جڑی تھی۔ ڈاکٹروں نے کہا دوبارہ پلیٹ ڈالنی پڑے گی۔ ہم حضرت دامت برکاتہم کے پاس آئے تو انہوں نے مسلسل 14 درس میں شرکت کرنے کا فرمایا اور فرمایا کہ اس سے کافی بہتری آئے گی۔ ہم درس میں آتے رہے اور میری والدہ کی ٹانگ ٹھیک ہوتی رہی اور اب ایک ماہ ہو گیا ہے کہ ٹانگ بالکل ٹھیک ہو چکی ہے۔ ڈاکٹر کہتے ہیں کہ اب ٹانگ میں پلیٹ ڈلوانے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ فالحمدللہ حمداً کثیرا

اذان اور سورۃ مؤمنون

حضرت دامت برکاتہم نے ایک مرتبہ سات بار اذان اور سات بار سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھنے والا عمل ارشاد فرمایا تھا۔ میں پچھلے ہفتے اپنے دوست کے ساتھ گاڑی میں کہیں کام جا رہا تھا اس نے سورۃ بقرہ کی سی ڈی لگائی ہوئی تھی۔ اچانک وہ سی ڈی پھنس گئی شائد پرانی تھی۔ تو میرے دوست نے کافی کوشش کی کہ سی ڈی نکال لے لیکن نہ نکلی۔ اس نے وزیٹنگ کارڈ کیساتھ نکالنے کی کوشش کی میں نے کہا کہ اگر نہیں نکلتی تو رہنے دو۔ میرے ذہن میں وہی اذان والا عمل آیا۔ میں نے اذان پڑھنا شروع کر دی ابھی 6 اذانیں ہی پڑھی تھیں اور میں نے اسے کہا اب بٹن دباؤ تو جونہی اس نے بٹن دبایا سی ڈی باہر آ گئی۔

اسی طرح کافی عرصہ پہلے کی بات ہے کہ میری بیوی کو جنات کی شکایت تھی۔ اسے بہت زیادہ دورے پڑتے تھے تو اس مسئلے کیلئے بھی حضرت صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا کہ سات مرتبہ اذان دائیں کان میں پڑھیں اور سات مرتبہ بائیں کان میں پڑھیں۔ پہلے تو وہ منع کرتی تھیں کہ نہ کرو یہ کیا کرتے رہتے ہو اور کبھی کبھار حضرت دامت برکاتہم کو گالیاں دینا شروع کر دیتی تھیں کہ انہوں نے یہ اذان والا عمل کیوں بتایا ہے۔ بہرحال ہم حضرت دامت برکاتہم کے ساتھ رابطے میں رہے

اور اذان والا عمل بھی جاری رکھا اس کے ساتھ ساتھ حضرت دامت برکاتہم نے جو ذکر پڑھنے کیلئے دیا تھا وہ بھی کرتے رہے اور اب الحمدللہ وہ بالکل ٹھیک ہیں۔ (محمد اعجاز صاحب)

چوری ہوا جوتا مل گیا

پچھلے ہفتے کی بات ہے کہ میں عصر کی نماز پڑھ کے جب فارغ ہوا تو واپسی پر مسجد میں میرا جوتا چوری ہو چکا تھا۔ میں کافی دیر کھڑا رہا پھر میں نے ٹوٹا ہوا جوتا پہن لیا۔ آپ دامت برکاتہم نے جو عمل بتایا تھا: ’’بِسۡمِ اللّٰهِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّاۤ اِلَيۡهِ رَاجِعُوۡنَ يَاجَامِعُ يَامُعِيۡدُ ‘‘ میں تھوڑی دیر یہ پڑھتا رہا۔ اس کے ساتھ میں نے سورۃ انعام کی 45 نمبر آیت: ’’فَقُطِعَ دَابِرُ الۡقَوۡمِ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ‘‘ کا تھوڑی دیر ذکر کیا اور دعا کی کہ جس نے میرا جوتا اٹھایا ہے یا اللہ وہ دوبارہ اسی گلی میں آئے تا کہ میں اپنا جوتا واپس لے سکوں پھر میں گھر چلا گیا۔ جب میں مغرب کی نماز پڑھ کے گھر جا رہا تھا تو اندھیرے میں مجھے ایک آدمی نظر آیا میری نظر اس کے جوتے پر گئی اور میں نے پہچان لیا۔ میں اس کے پاس گیا اور میں نے اپنا جوتا واپس لے لیا۔

آخری چھ سورتوں کا کمال

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ مجھے کئی سالوں سے سانس کی تکلیف تھی اور اتنی شدت سے تھی کہ آدھا گھنٹہ بھی میری سانس بحال نہیں رہتی تھی۔ مجھے ہر وقت ایمرجنسی کی حالت میں رہنا پڑتا تھا۔ ڈاکٹروں نے مجھے انہیلر رکھنے کا ایڈوائس کیا لیکن میں نہیں رکھتا تھا۔ پھر میں نے ہر نماز میں آخری چھ سورتوں والا عمل شروع کر دیا پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ کافرون، سورۃ نصر اور سورۃ لہب پڑھتا اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آخر تین کل تو الحمدللہ اب چار پانچ ماہ ہو گئے ہیں میرا سانس بند نہیں ہوتا اور اللہ کا شکر ہے اب بہت بہتر ہوں۔

ایمرجنسی کیس کا علاج چھ سورتیں

دو دن پہلے مجھے اپنے سینے پر شدید دباؤ محسوس ہوا۔ میں اس وقت عشاء کی نماز پڑھنے مسجد جا رہا تھا۔ وہاں جا کے میں نے سنتوں اور نوافل کی ہر رکعت میں آخری چھ سورتیں پڑھیں پہلے میں معمول کے مطابق پہلی رکعت میں تین سورتیں پڑھتا اور دوسری میں بھی تین لیکن یہ مسئلہ ایمرجنسی کیس تھا۔ کیونکہ مجھے سینے پر بائیں جانب بہت زیادہ دباؤ محسوس ہو رہا تھا تو الحمدللہ یہ عمل کر کے جوں ہی میں وتر پڑھ کے فارغ ہوا تو بالکل ٹھیک ہو گیا اور میرے سینے پر سے دباؤ ہٹ گیا۔

یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ

میرا ایک عمل کے بارے مشاہدہ ہے کہ نفرت کیلئے یا جہاں لڑائی جھگڑا ہو جائے یا افسران بالا سے اگر کام لینا ہو تو ہمارے حضرت دامت برکاتہم نے یہ عمل فرمایا تھا کہ: ''یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ'' یہ اسماء الحسنیٰ پڑھ کے جس بندے سے کام لینا ہو اس کی روح کو ہدیہ کر دو۔

آفس میں جو میرے کولیگ تھے وہ مجھ سے حسد کرتے یا کسی شک اور غلط فہمی کی بنیاد پر مجھ سے نالاں رہتے تھے۔ تو ایک دن میں نے صبح وین میں آفس جاتے ہوئے یہ پڑھ کے انہیں ہدیہ کر دیا اور جب میں دفتر پہنچا تو اس دن سے وہ میرے ساتھ گھل مل گئے اور مجھ سے محبت اور میری عزت کرنے لگے اس وظیفے کی برکت سے اللہ پاک نے ان کے دلوں میں محبت ڈال دی۔ الحمدللہ....!

دانت مضبوط اور چمک دار

میں نے ماہنامہ عبقری میں ایک عمل پڑھا تھا کہ اگر عشاء کی نماز کے وتروں کی پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ النصر دوسری رکعت میں سورۃ لھب اور تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھ لی جائے تو اس عمل کی برکت سے وہ

بندہ تمام عمر دانتوں کی تکلیف سے محفوظ رہے گا اور اس کے دانت کمزور نہیں ہوں گے۔ **(ہارون احمد صاحب)**

جلد اثر دیکھانے والا عمل

میں تقریباً ڈیڑھ ماہ بعد درس میں حاضر ہوا ہوں۔ پچھلے درس کے بعد مجذوبی میں کسی ڈاکٹر صاحب نے آخری چھ سورتوں کے متعلق بتایا کہ یہ اینٹی بائیوٹک ہے اور واقعی میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یہ بہترین قسم کا اینٹی بائیوٹک ہے۔

ایک رات میں نے کوئی کھٹی چیز کھالی جس سے میرے گلے میں درد شروع ہو گیا میں نے اسی وقت نماز پڑھی اور اس کی دونوں رکعتوں میں آخری چھ سورتیں پڑھیں میرا گلا فوراً ٹھیک ہو گیا۔ **(طارق محمود صاحب، رحیم یار خان)**

CMH کے ڈاکٹرز پریشان، یہ عورت کیسے بچ گئی؟

تقریباً ڈھائی ہفتے پہلے میری خالہ کا بائی پاس ہوا تھا۔ وہ ٹھیک تو ہو گئیں لیکن اگلی رات ان کے پیٹ میں گیس جانا شروع ہو گئی۔ ڈاکٹرز نے ان کو وینٹی لیٹر پر شفٹ کر دیا تقریباً 10,9 دن وینٹی لیٹر پر رہنے کے بعد ڈاکٹرز نے انہیں لاعلاج قرار دیدیا۔ کیونکہ ان کا یورین بھی بند ہو چکا تھا۔ ڈاکٹرز نے کہا کہ آخری چانس یہی ہے کہ ہم ان کا آپریشن کر کے بڑی آنت اور چھوٹی آنت باہر نکال دیں۔ انہوں نے وہ آپریشن بھی کر دیا لیکن اس کے بعد بھی کہنے لگے کہ ان کے بچنے کا چانس صرف ایک فیصد رہ گیا ہے۔ تقریباً 15,14 دن وہ وینٹی لیٹر پر رہیں ان کے گردے بھی ڈائیلاسز پر تھے۔ میں نے پچھلی جمعرات کو حضرت دامت برکاتہم سے التجاء کی کہ ان کے لیے کوئی خاص عمل بتا دیں۔ آپ دامت برکاتہم نے فرمایا کہ سب گھر والوں کو کہو کہ ہر آدھے گھنٹے بعد سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃ المومنون کی آخری چار آیات پڑھ کے ان کے پہلے دائیں کان میں پھر بائیں کان میں پھونک ماریں۔

اسی جمعرات کی رات کو ڈاکٹرز نے کہا کہ ہم تو بالکل مایوس ہو چکے ہیں ہم نے صرف آپ کے کہنے پر انہیں مشین پر رکھا ہوا ہے آپ جس وقت کہیں گے ہم مشین آف کر دیں گے اور فوراً ان کی ڈیتھ ہو جائے گی۔ ان کے بچوں نے کہا کہ ہمیں صرف 4,3 دن کی اجازت دے دیں ہم نے یہ عمل کرنا ہے۔ اتوار کی رات تک وہ مسلسل ہر آدھے گھنٹے بعد یہ عمل کرتے رہے اور ساتھ مسلسل بکرے کا یا کسی اور گوشت کا صدقہ بھی دیتے رہے۔ اتوار کی رات کو اچانک ان کا سانس بحال ہو گیا حالانکہ ڈاکٹرز نے کہہ دیا تھا کہ آپ نے جو کچھ بھی ان کے لیے کرنا ہے کر لیں۔ کسی بیرون ملک سے اسپیشلسٹ کو بلانا چاہتے ہیں تو بلا لیں۔ CMH ہسپتال میں ان پر کئی لاکھ کا خرچہ آ چکا تھا۔ انہوں نے اپنی بیٹی کو کینیڈا سے بلوا لیا تھا کہ آ کر آخری دیدار کر لیں لیکن جب بیٹی اتوار کو پہنچی تو وہ ماشاءاللہ ہوش میں تھیں اور انہوں نے اپنی بیٹی سے اشاروں میں باتیں بھی کیں۔

ڈاکٹر خود پریشان ہو گئے کہ یہ عورت کیسے بچ گئی اور انہیں ابھی تک یہ سمجھ نہیں آ سکا کہ جس مریضہ پر دنیا بھر کی کوئی ترکیب کام نہ آئی وہ کیسے بچ گئی ہے۔

اور اب ایک ہفتہ ہو گیا ہے وہ الحمدللہ اشاروں میں باتیں بھی کر رہی ہیں ان کے گھر والوں نے ابھی تک یہ عمل جاری رکھا ہوا ہے۔

وہ گرا، بے ہوش ہوا اور خود بخود اٹھ کے چل پڑا

چند دن پہلے میں کسی دکان سے سودا خرید رہا تھا کہ اچانک شور مچا کہ ایک بندہ چلتے چلتے سڑک پر گر گیا ہے اور بے ہوش ہو گیا ہے۔ تو اس دکان دار نے وہیں کھڑے کھڑے اذان اور سورۃ المومنون والا عمل کر کے تصور میں ہی اسے پھونکنا شروع کر دیا اور چند منٹ بعد ایسا ہوا کہ وہ آدمی جو بے ہوش ہو گیا تھا اور لوگ اسے اٹھا کر لے جانا چاہتے تھے وہ خود بخود اٹھا اور گھر کی طرف چلا گیا سب لوگ حیران رہ گئے۔ وہ دکان دار بھی اس کے پیچھے پیچھے ساتھ والی گلی میں اس کے گھر گیا اور اس کے گھر والوں بتایا کہ یہ ایسے گر گئے تھے اور میرے یہ عمل کرنے سے اللہ پاک نے ان کو بچا لیا ہے اور ساتھ ہی کاغذ پر انہوں نے وہ عمل لکھ دیا۔ گھر والے بہت خوش ہوئے اور انہوں نے بھی اس عمل کو اپنا معمول بنا لیا۔

درس میں حاضری سے پورے ہفتے کا سکون

ایک صاحب بتانے لگے کہ آج مجھے مارکیٹ میں ایک صاحب ملے میں نے پوچھا کہ کافی عرصے سے آپ درس میں کیوں نہیں آ رہے؟ کہنے لگے میں پاکستان سے باہر گیا ہوا تھا۔ اب انشاءاللہ آیا کروں گا۔ وہاں جانے سے مجھے سارا ہفتہ ایسا سکون ملتا ہے جتنا مجھے پوری دنیا میں کہیں بھی نہیں ملا۔ میں درس کے بغیر رہ نہیں سکتا اور اب انشاءاللہ تسبیح خانے ضرور پہنچوں گا تاکہ سارا ہفتہ سکون سے گزار سکوں۔

اللہ والو.....!

بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ” یہ انوکھی دعا ہے۔

مجھ سے ایک بندہ کہنے لگا کہ مجھ سے گناہ نہیں چھوٹتے میں نے کہا: ایک تسبیح صبح و شام اس دعا کی پڑھ۔ آپ یقین نہیں کر سکتے وہ کہتا ہے جی اب یہ عالم ہے کہ مجھ سے تہجد نہیں چھوٹتی۔ یہ جو شیطانی چیزیں ہیں ناں! اللہ والو! جب ہم ستر کھولتے ہیں ہم غافل ہوتے ہیں، ہم خیال نہیں کرتے اب اگر ہم یہ مسنون دعا پڑھ لیں یہ مسنون دعا ہماری اصل میں جہاں خبائث اور شیطان سے حفاظت ہے وہاں گناہوں سے بھی بہت حفاظت

ہے۔ مسنون دعا کے ذریعے گناہوں سے بہت حفاظت ہے۔

گناہوں سے بہت زیادہ حفاظت ہے۔

رب انی مغلوب فانتصر کا موکل

ذکر خاص میں ایک دعا لکھی ہے: ''رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ'' یہ دعا میں نے سات سال پہلے ایک مسجد میں لکھی ہوئی پڑھی تھی اور ساتھ یہ بھی لکھا تھا کہ یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی دعا ہے۔ تو میرے ذہن میں آیا کہ ضرور اس میں کوئی خاص بات ہے جو بائیس لاکھ مربع میل پر حکومت کرنیوالے امیرالمومنینؓ بھی اس کو پڑھتے تھے۔ میں نے بھی یہ پڑھنا شروع کر دی اس کے بعد مجھ سے لڑائی جھگڑے کے دوران ایک قتل ہو گیا اور میں جیل میں چلا گیا وہاں میں پابندی سے نماز، قرآن اور ذکر واذکار کا اہتمام کرتا تھا اور یہ دعا بھی کثرت سے پڑھتا تھا۔ کچھ لوگ وہاں ایسے تھے جنہیں کلمہ بھی نہیں پڑھنا آتا تھا میں نے انہیں بھی یہ دعا یاد کرائی اور انہوں نے بھی پڑھنا شروع کر دی۔ اللہ کا کرم ہوا کہ میں دو سال بعد باہر آ گیا اور میری ان سے صلح ہو گئی جن کا قتل کیا تھا۔

پہلے میں سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے کثرت سے یہ دعا پڑھتا تھا لیکن رہائی کے بعد میں نے اس کا ذکر کم کر دیا۔ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ میں بھاگ رہا ہوں اور میرے پیچھے پولیس لگی ہوئی ہے میں چھپتا چھپاتا ایک مسجد میں پہنچ گیا وہاں ایک عجیب و غریب شکل کا بندہ دیکھا اس نے مجھے کہا کہ پہلے تو تم وہ دعا بہت پڑھتے تھے اب چھوڑ کیوں دی ہے؟ اتنے میں میری آنکھ کھل گئی۔ میں پسینے میں شرابور تھا۔ میں نے مسجد کے امام صاحب سے اس خواب کا تذکرہ کیا تو کہنے لگے کہ جو تم دعا کرتے تھے اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ ایک موکل لگا دیا تھا جو تمہارے ساتھ کام کروا رہا تھا۔ اب جب تم نے دعا پڑھنا چھوڑی ہے تو اس نے تم سے شکایت کی ہے کہ پڑھتے کیوں نہیں؟

اللہ والو! ہر آیت کا ایک غلام ہوتا ہے۔ ایک نہیں بعض کے کئی غلام ہوتے ہیں۔ حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے: اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ'' پڑھا آسمان سے ایک آدمی آیا اور اس نے اس قزاق، اس ڈاکو کو ایک نیزہ مارا اور جب وہ گرا تو آگ کے شعلے نکلے اور جب وہ جانے لگا تو اس نے پوچھا تو کون تھا؟ کہا میں اس آیت کا غلام تھا۔

اپنا مکان مل گیا

ہم دونوں میاں بیوی کثرت سے اعمال کرتے تھے۔ میری بیوی بہت بیمار تھی اور مجھے کہتی تھی کہ اب ہم یہاں نہیں رہنا چاہتے۔ ہم کراچی جا کر رہائش کیوں نہ اختیار کریں؟ ہم شاہدرہ کے رہائشی ہیں۔ تو میں کہتا تھا اچھا چلے جائیں گے۔ پھر جب دوسری مرتبہ حضرت صاحب دامت برکاتہم سے ہماری ملاقات ہوئی تو ہم نے انہیں عرض کیا۔ تو حضرت صاحب نے فرمایا کہ ''يَاحَلِيْمُ يَاعَلِيْمُ يَاعَلِيُّ يَاعَظِيْمُ'' یہ وظیفہ کثرت سے پڑھتے رہو۔ یہی وظیفہ تمہیں کراچی لے جائے گا اور الحمدللہ 12,10 دن پہلے ہم نے اپنا مکان بیچ کر کراچی جا کے اپنا مکان لے لیا ہے۔ اس وظیفے کی بدولت اور اللہ پاک کی مہربانی سے اذان کا عمل بھی کر رہے ہیں۔ پچھلے سال ڈینگی کی وباء کے دوران مجھے بھی ڈینگی بخار ہو گیا۔ ٹیسٹ کروایا تو پتہ چلا کہ پلیٹ لیٹس کی تعداد دوگنا ہو گئی۔

یہ لوگوں کے جو واقعات ہیں، آپ حضرات کے جو مشاہدات ہیں یہ ایک پیغام دیتے ہیں۔ یہ حکیم طارق مدظلہ کی عظمت کو بیان نہیں کرتے بلکہ اللہ جل شانہ کی عظمت کو بیان

کرتے ہیں کہ اعمال کو کرنے والا آج کا اگر خطا کار بندہ بھی ہے تو اسے بھی کریم اپنی عنایات عطا کر رہا ہے۔ تو ہمیں اعمال کو اس یقین کے ساتھ کرنا ہے اور کروانا بھی ہے، اعمال پر آنا بھی ہے اور لوگوں کو لانا بھی ہے۔ ٹھیک ہے ناں! اللہ والے اوروں کو بتائیں گے ناں! اور جو بتائیں ان سے پوچھیں اور پھر ہمیں بتادیں۔ یہ جو کچھ آپ نے ابھی بتایا ہے یہ نیٹ پر لائیو سنا رہا جا رہا ہے۔ پتہ نہیں کتنے لوگ بیٹھے سن رہے ہیں، کچھ بعد میں سنیں گے۔ میرے پاس بعض اوقات ایسے نادیدہ چہرے آتے ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم نے نیٹ سے اعمال کا سنا پھر ان اعمال کے کرنے سے ہمارے کام بن گئے۔ اوہو......! کل ایک خاتون اپنے شوہر کے ساتھ آئی اور کہنے لگی آپ مجھے اس حلیے میں جو دیکھ رہے ہیں میں اس سے پہلے ایسی نہیں تھی۔ وہ کراچی سے آئے تھے۔ اچانک کسی نے آپ کا رسالہ دیا اس پر ویب سائٹ بھی تھی اور بس میری زندگی کے دن رات اللہ نے بدل دیئے۔ ایسا ایک نہیں کئی لوگوں کے ساتھ ہوا۔ اللہ پاک ہمیں اعمال سے پلنے، اعمال سے بننے اور اعمال سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

موصول شدہ خواتین کے تجربات و مشاہدات

بذریعہ خطوط، ای میل اور فون کے ذریعے دنیا بھر سے دکھی اور پریشان خواتین کے اعمال کے ذریعے نجات پانے کے واقعات و مشاہدات

مدتوں کا سر درد لمحوں میں ختم

حضرت جی! میرے ایک بہت اچھے دوست ہیں جن کا تعلق راجن پور سے ہے۔ لاہور سے انہوں نے بی کام کیا ہے۔ وہ میرے ساتھ آپ کے درس پر آتے رہتے ہیں۔ وہ بتا رہے تھے کہ مجھے مدتوں سے سر کا درد تھا، کافی علاج کروایا مگر ٹھیک نہیں ہوتا تھا۔ اس بار ملے تو بتانے لگے کہ جب سے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے والا عمل شروع کیا ہے اس دن سے سر کا درد اللہ پاک نے ٹھیک کر دیا ہے۔

جوڑوں کا شدید درد ختم

میری امی جی کے چاچا یعنی میرے نانا بھی لگتے ہیں انہوں نے مجھے بتایا کہ میں نے عبقری رسالہ میں قرآن پاک کی آخری چھ سورتوں والا عمل اپنی سنتوں میں پڑھا۔ مجھے جوڑوں کا شدید درد ہوتا تھا خصوصی طور پر گھٹنوں کا درد جس کی وجہ سے بیٹھنا بھی مشکل تھا میں نے وہ عمل سنتوں میں کرنا شروع کر دیا۔ جب سے یہ عمل شروع کیا ہے اس دن سے میں بالکل ٹھیک ہو گیا ہوں اور میرا درد ختم ہو گیا ہے۔

آخری چھ سورتوں والے عمل کا طریقہ:

اگر آپ چار رکعت والی سنتیں پڑھ رہے ہیں تو پہلی دو رکعتوں میں دو دو سورتیں پڑھ لیں اور آخر کی دو میں ایک ایک سورت پڑھ لیں۔ اگر دو رکعت والی سنتیں پڑھ رہے ہیں تو ہر رکعت میں تین تین سورتیں پڑھ لیں اور اگر مرض زیادہ ہے تو ہر رکعت میں چھ چھ سورتیں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اعمال کی برکات

حکیم صاحب! ہمارے گھر میں میری ماموں کی بیٹی ایمن جو کہ 13 سال کی ہے۔ ہمارے گھر رہنے کیلئے آ رہی تھی تو راستے میں ہم سب حجاب میں تھے پہلے کہنے لگی کہ آپ سب نے دوپٹہ لیا ہوا ہے میں نے نہیں لیا....! تو فوراً اس نے سر پر دوپٹہ

لیا پھر جب ہم ہسپتال پہنچے تو کہنے لگی آپ سب نے نقاب کیا اور میں نے نہیں کیا تو فوراً نقاب لے لیا۔ وہ چھوٹی سی بچی نقاب پہن کر بہت پیاری لگ رہی تھی اور پانچوں وقت کی نماز بھی پڑھتی رہی۔ جب میں نے تسبیحات فاطمہ پڑھ کر خود پر دم کیا تو پوچھنے لگی کہ آپ نے یہ کیا پڑھا ہے میں نے بتا دیا اور کہا کہ جب تم یہ پڑھ کر دم کرو گی تو جنت کی حوریں تمہاری خدمت کریں گی۔ وہ حیران ہوئی اور فوراً عمل بھی شروع کیا۔ ہم نے گھر میں آپ کے درس کی CD لگائی جس میں آپ نے دس مرتبہ سورۃ اخلاص کے فوائد بتائے اس نے اس پر بھی عمل کیا اور میں نے اسے ایک بار سبحان اللہ کہنے کے فضائل بتائے تو اس نے دو دن میں پانچ ہزار پڑھ لیا۔ (ثیزہ ماہین، لاہور)

سورۃ فاتحہ کا فیصلہ کن عمل

میرا بیٹا اپنی بیوی اور سسرال والوں کے کہنے میں آ کر مجھے چھوڑ کر چلا گیا ہے۔ اب میں اپنی بڑی بیٹی کے پاس رہتی ہوں کیونکہ میرے پاس اور کوئی جگہ سر چھپانے کیلئے نہیں ہے۔ آپ نے مجھے **سورۃ الفاتحہ** کا فیصلہ کن عمل پڑھنے کیلئے دیا تھا۔ اس کے پڑھنے سے معجزاتی طور پر میری چھوٹی بیٹی جو کینیڈا میں رہتی ہے اس نے رقم بھیجی اور کہا کہ زمین خرید لیں اور گھر بنا لیں، آپ لوگ اس میں رہیں جب میں آؤں گی تو اپنے نام کرا لوں گی۔

اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں کا کمال

میں نے حکیم صاحب کو خط لکھا تھا۔ جواب میں دو نفل برائے حاجت دن میں دو مرتبہ پڑھنے کا بتایا اور ہر سجدہ میں آیت کریمہ چالیس مرتبہ بتایا تھا اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام یَاحَلِیۡمُ۔ یَاعَلِیۡمُ۔ یَاعَلِیُّ۔ یَاعَظِیۡمُ پڑھنے کو فرمایا تھا ابھی میں نے بارہ دن صرف پچاس ہزار مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ میری بہو کا فون آیا کہ ہم آپ سے ملنا چاہتے ہیں۔ میں بہت روئی اور ان کو کہا کہ آ جاؤ، خیر وہ آئے اور مجھے ایک پارک میں لے گئے اور کہا کہ جو ہوا اُسے بھول جائیں ہم نے زمین خرید

لی ہے اور مکان بن جائے گا تو آپ ہمارے ساتھ ہی رہیں گی یہ رابطہ میرا ان سے دس ماہ بعد ہوا تھا یہ دس ماہ میں نے کیسے گزارے یہ اللہ ہی جانتا ہے۔

روحانی محفل میں بھی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہماری مشکلات کو دور فرمائے اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے سب گھر والوں کو اجر عظیم عطا فرمائے اور آپ اسی طرح دکھی انسانیت کی خدمت کرتے رہیں اور اجر عظیم پاتے رہیں اس خط کو آپ چھاپ سکتے ہیں۔ فقط شکر گزار اور دعاؤں کی طالب۔ **(اللہ کی بندی)**

خطبات عبقری کا فیض

میں نے آپ کی تین کتابیں خریدی ہیں (شاہراہ معرفت پر کامیابی کا سفر، خطبات عبقری اور روحانی دنیا کے انوکھے بھید) حکیم صاحب! خطبات عبقری جیسی کتاب ہر مسلمان کے پاس ہونی چاہیے اس قدر آسان اور خوبصورت طریقے سے بیان کی گئی ہے کمال ہے.....! میں نے تو ایک ہی دن میں کافی پڑھ لی، میں روزانہ کچھ نہ کچھ اس کتاب سے نکال کر پڑھتی رہتی ہوں، اس کتاب میں باوضو رہنے کے بارے میں بہت فضائل بتائے گئے ہیں اب میں ہمیشہ باوضو رہتی ہوں۔ اب کوشش کرتی ہوں کہ سوتے وقت بھی باوضو رہوں۔ بچوں کو بھی درود پاک پڑھنے اور باوضو رہنے کا کہتی رہتی ہوں وہ بھی کوشش کر رہے ہیں۔

حکیم صاحب! آپ سے وعدہ کیا تھا اپنے تجربات آپ کو لکھ کر بھیجوں گی۔ جو آج آپ کی خدمت میں حاضر ہیں جب چاہیں چھاپ دیں آپ کی مہربانی۔

کلمہ تمجید سے کھانے میں برکت

یہ 1998ء کی بات ہے۔ ستمبر کا مہینہ تھا۔ میری جیٹھانی ڈیڑھ ماہ بیمار رہ کر وفات پا گئی۔ میرے میاں کے چار بھائی تھے مگر اس وقت دو رہ گئے ہیں۔ جنازے میں بہت مخلوق تھی کھانے کا انتظام کیا گیا۔ میرے میاں کو اللہ نے بہت اچھے لوگوں کا ساتھ دیا ہے ہمیشہ مشکل وقت میں فوراً کام آجاتے ہیں ان لوگوں نے کھانے کی دیگوں کا بندوبست کیا، چار دیگیں چکن کے سالن کی تھیں۔ جب کھانا کھولا تو میری ہمیشہ سے عادت ہے کہ میں کھانے پر تیسرا کلمہ: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ضرور پڑھتی ہوں۔ جیٹھانی جو فوت ہوئی تھیں ان کی بہنوں نے کہنا شروع کر دیا کہ کھانا کم پڑ جائے گا لوگ بہت زیادہ ہیں۔ وقتی طور پر مجھے گھبراہٹ شروع ہوئی مگر میں دل میں کثرت سے ”کلمہ تمجید“ پڑھتی رہی اور اللہ سے دعا کرتی رہی کہ یا اللہ غیروں میں عزت رکھنا۔

اللہ نے عزت رکھ لی

اللہ پاک کے نام کی برکت سے سب کچھ ٹھیک بھی ہو گیا اور ہمارے لئے بھی اللہ پاک نے بچا دیا۔ میں نے بعد میں اُن باجیوں سے کہا: باجی! آپ لوگوں نے تو ڈرا ہی دیا تھا مگر کلمے نے بچا لیا۔ میری آپ سب بہنوں سے بھی گزارش ہے کہ تیسرے کلمے کا اہتمام ضرور کریں۔ اپنے گھروں کے راشن پر بھی تیسرا کلمہ پڑھا کریں۔

15 افراد کا کھانہ 30 افراد کیلئے کافی

ہم ہر ہفتے گھر میں 4,3 کلو گوشت کا سالن بناتے ہیں اور صدقے کی نیت سے مستحقین کو کھلاتے ہیں۔ ہم پچھلے آٹھ نو سالوں سے ایسا کر رہے ہیں اور ہر بار دعا پڑھ کر بانٹتے ہیں۔ دعا یہی ہے اول آخر درود شریف تین مرتبہ سورۃ فاتحہ اور کلمہ تمجید جتنی بار آسانی سے پڑھ لیا جائے اتنا پڑھ کر کھانے پر پھونک مارتے ہیں اور آپ یقین مانیں اللہ دیکھتا ہے کہ کم از کم تیس سے چالیس لوگ یہ کھانا کھاتے ہیں۔ یہ سب میرے مالک کی مہربانی ہے یہ عمل میں نے خود کیا ہے اور رزلٹ دیکھا ہے اس لئے آپ سب سے شیئر کر رہی ہوں۔

جھگڑتے لوگوں کے درمیان صلح

مجھے ہمیشہ سے دینی کتابیں پڑھنے کا شوق رہا ہے اور میری کوشش رہتی ہے کہ میں کوئی چھوٹی چھوٹی چیزیں جو روزمرہ زندگی کو آسان کرنے میں مدد دیتی ہیں وہ

سیکھتی رہوں اور پڑھتی رہوں۔ بہت سال پہلے میں نے کہیں پڑھا تھا کہ درود ابراہیمی پڑھنے سے جھگڑے ختم ہو جاتے ہیں۔ آج کل کے دور میں ہماری قوتِ برداشت بہت کم ہوگئی ہے۔ رمضان میں تو ویسے ہی سب کا غصہ بڑھ جاتا ہے۔ سب چیزیں مہنگی ہو جاتی ہیں۔ اکثر پٹرول پمپوں پر لوگوں کو چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑتے دیکھا ہے، بات بعد میں معلوم ہوتی ہے لڑائی پہلے شروع ہو جاتی ہے ایک کا گریبان دوسرے کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

مجھے ہمیشہ سے لڑائی جھگڑوں سے نفرت رہی ہے اور میری ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ جھگڑا نہ ہو۔ مگر عورت ہونے کی وجہ سے گاڑی سے باہر نکل کر ان کو روک تو نہیں سکتی لیکن کثرت سے درود ابراہیمی پڑھتی جاتی ہوں اور اللہ سے کہتی جاتی ہوں یا اللہ اس کلام کی برکت سے جھگڑا روک دے، کسی کا نقصان نہ ہو جائے۔ آپ یقین مانیں میرا اس درود پر اتنا یقین ہے کہ پانچ سے ساتویں بار پڑھ رہی ہوتی ہوں تو جھگڑے کی شدت میں کمی آجاتی ہے اور کبھی کبھی تو فوراً ادھر ادھر ہو جاتے ہیں۔

بازار جانا آسان ہوگیا

میرا تعلق فوجی فیملی سے ہے۔ خاوند جب تک فوج میں تھے تو اکثر میں اور بچے جہاں افسروں کی فیملی کے لئے جو گھر ہوتے ہیں وہاں ہی رہا کرتے تھے۔ سیالکوٹ پوسٹنگ ہوئی تو ہم لاہور میں رہے، یونائیٹڈ پوسٹنگ ہوئی تو ہم منگلہ میں رہے اسی طرح میرے میاں deputation پر گئے تو ہم پاکستان میں ہی رہے۔

سارے گھر کے کام مجھے خود ہی کرنے پڑتے تھے۔ گاڑی چلانی بھی 32 سال کی عمر میں سیکھی۔ وہ دن اور آج کا دن گھر کا ہر کام جس میں بچوں کی شادیاں بھی شامل ہیں سب اکیلے ہی کیا ہے۔ ہمیشہ ایک ہی اصول بنایا کیونکہ بہت سارے محاذ اکیلے دیکھے تھے اصول یہ بنایا کہ جو جو کام کرنا ہے اُس کام کی لسٹ بنالی پھر گاڑی لے کر نکل جاتی اور چوتھا کلمہ توحید زبان پر کثرت سے ہوتا، گھر کے گیٹ سے لے کر

واپسی تک پڑھتی رہتی ہوں۔ اس کلمہ میں بہت تاثیر ہے، جہاں جانا ہوتا ہے وہیں اللہ لے کر جاتا ہے، بہترین دکان پر بہترین پارکنگ ملتی ہے اور جو چیز جہاں سے لینی ہوتی ہے اُسی کے سامنے گاڑی آسانی سے پہنچ جاتی ہے چاہے وہ کپڑا ہو، راشن ہو، سبزی ہو یا چاہے وہ جنرل اسٹور کا سامان ہے۔ مجھے بازار بہت برے لگتے ہیں صرف ضرورتیں پوری کرنے کے لئے مجبوراً جانا پڑتا ہے۔ اس کلمے کی وجہ سے لوگوں سے ایسے اچھے تعلقات بن گئے ہیں کہ دکانوں والے عزت کرتے ہیں۔ میری سب لوگوں سے گزارش ہے کہ آپ بھی آزمائیں جب بھی بازار جانے لگیں کثرت سے چوتھا کلمہ پڑھتے رہیں ہر کام بہت اچھا اور بہت سلیقے سے اللہ پاک کروا دیتے ہیں۔

گھنٹوں کا کام منٹوں میں

حکیم صاحب! میں نے عبقری میں رش کو ختم کرنے کیلئے سورۃ الم نشرح کا عمل پڑھا تھا۔ اسی دن ماما نے Change لینے کیلئے بینک بھیجا، عید کی آمد کی وجہ سے بہت رش تھا میں نے سوچا یہ سورۃ الم نشرح والا عمل آزماتی ہوں۔ میں مردوں سے ہٹ کر سائیڈ پر کھڑی ہوئی تھی، جہاں کوئی آفیسر نہیں بیٹھا تھا۔ میں کھڑی کھڑی سورۃ الم نشرح پڑھ پڑھ کے رش پر پھونک مارتی جارہی تھی اندر سے کوئی آفیسر آیا اُس نے مجھے کھڑے ہوئے دیکھا تو پوچھا: جی مس! فرمایئے....! میں نے اُس آفیسر سے Change لیا اور اللہ کا شکر ادا کیا۔ مشکل سے 5 منٹ لگے ہونگے اور میرا مسئلہ حل ہوگیا اگر میں ویسے ہی کھڑی رہتی "سورۃ الم نشرح" نہ پڑھتی تو پتہ نہیں گھنٹوں لگ جاتے کیونکہ کاؤنٹر پر آدمیوں کا ہجوم تھا اور میں سائیڈ پر کھڑی تھی مگر اللہ نے سورۃ الم نشرح کی برکت سے دوسرے آدمی کو اندر سے بھیجا اور اُس نے میری بات سنی اور میں پانچ منٹ میں باہر آگئی۔

”خراب معدہ بالکل ٹھیک

محترم حکیم صاحب! آپ نے جمعرات کے درس میں ایک ہی سانس میں

11 باریَاحَفِیْظُ پڑھنے کا بتایا تھا۔ بد پرہیزی کی وجہ سے میرا معدہ ''Distrub'' ہوگیا۔ میں نے درس میں بیٹھے بیٹھے گیارہ باریَاحَفِیْظُ پڑھ کر معدہ پر پھونک دیا اور پھر پیٹ میں درد نہیں ہوا پھر صبح بھی یہی عمل ناشتے کے فوراً بعد کیا اور میں بالکل ٹھیک ہوگئی اللہ کا شکر ہے۔ **(شیزہ ماہین، لاہور)**

جب بھی مشکل پڑی۔ کوئی آفت آئی کوئی دکھ آیا تو باوضوء ہوکر 1000 مرتبہ ''درود تنجینا'' پڑھنا شروع کیا۔ اگر گھر کے سب لوگ نمازی ہوں تو سبحان اللہ.....! بہت اچھی بات ہے۔ ایک نشست میں پڑھ سکتے ہیں ورنہ تھوڑا تھوڑا کر کے مگر باوضوء قبلہ رُخ ہو کر پڑھتے رہیں اور ختم ہونے پر دو نفل شکرانے کے پڑھیں اور کچھ خیرات کر دیں۔ میں نے ہر مشکل کے لئے اس عمل کو آزمایا ہے اور ہمیشہ کامیابی ہوئی ہے۔

درود پڑھا..... جھگڑا ختم

حکیم صاحب! آپ نے مجھے درود شریف پڑھنے کو کہا تھا۔ اب میں درود پاک اکثر پڑھتی رہتی ہوں۔ جب بھی سڑکوں پر لوگوں کو جھگڑتے دیکھتی ہوں تو میں کثرت سے ''درود تنجینا'' پڑھنا شروع کر دیتی ہوں اور اللہ تعالیٰ اس درود کی برکت سے جھگڑا ختم کر دیتے ہیں یا ہم اس مشکل سے نکل جاتے ہیں۔

رزق کے بند دروازے کھلوانے کیلئے

سورۃ المزمل کا وظیفہ میں نے عبقری کے ایک شمارے سے پڑھ کر اپنے میاں کو بتایا۔ مغرب یا عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھیں اور جب آپ ''فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلاً'' پر پہنچیں تو 25 مرتبہ ''حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ '' پڑھیں۔ اُنہوں نے پڑھا اور کچھ دنوں میں تبدیلی دیکھنے میں یہ آئی کہ روزی میں بہتری ہوتی جارہی ہے۔ میرے میاں نے کمزوری صحت اور افسران کی

بدتمیزی کی وجہ سے نوکری چھوڑ دی تھی، پھر اپنا کام شروع کیا تھا مگر چل نہیں رہا تھا اس کلام کی برکت سے اللہ نے راستے کھولے اور آسان کئے ہیں۔ اللہ آپ کو اور عبقری کو جزا دے۔ آمین.....! **(مسز طاہرہ کمال، راولپنڈی)**

اللہ الصمد کا عمل کسی معجزے سے کم نہیں

میرا بیٹا عبداللہ جو معذور تھا خود سے چل پڑا۔ میری بہن اُسے چلنے کی پریکٹس کروارہی تھی کہ وہ چل پڑا۔ عبداللہ نے تقریباً پونے چار سال کا ہوکر چلنا شروع کیا۔ میں نے عبداللہ کے لیے ''اللہ الصمد'' کا وظیفہ شروع کر رکھا تھا۔ شروع شروع میں جب یہ چلتا تھا تو اس کے گھٹنے کافی زیادہ باہر کی جانب تھے جسکی وجہ سے بالکل سیدھا ہوکر نہیں چل سکتا تھا۔ لیکن آہستہ آہستہ کافی حد تک اس کے گھٹنے سیدھے ہوتے گئے۔ میرے سسرال میں کسی کو یقین نہ تھا کہ عبداللہ کبھی چلے گا مگر میں یقین واعتماد سے ''اللہ الصمد'' کا وظیفہ کرتی رہی اپنے رب سے مانگتی تھی اور اللہ کا معجزہ میں نے خود دیکھا۔

برکت کا یقین کامل

مجھے پیسوں کا اکثر مسئلہ رہتا تھا پتہ نہیں پیسے کہاں چلے جاتے تھے بالکل برکت نہیں تھی لیکن جس دن سے برکت والی تھیلی کا پتہ چلا اور اس کا وظیفہ شروع کیا ہے اللہ کا فضل ہے پیسے ختم نہیں ہوتے مجھے اللہ کی ذات پر بڑا یقین واعتماد ہے۔ **(ام عبداللہ گوجرانوالہ)**

سکون افزاء سے شفاء

عرصہ 2002ء سے مجھے خونی بواسیر تھی۔ بہت علاج کروایا لیکن فرق نہ پڑتا تھا اگر کچھ فرق پڑتا تو چند دن کے بعد دوبارہ مرض ہوجاتا تھا۔ میری والدہ صاحبہ شوگر کی مریضہ ہیں اور ان کو وہم کی بیماری بھی ہے۔ میں ان کے لئے سکون افزاء سیرپ لے آئی جو اُنہوں نے چند خوراک استعمال کر کے چھوڑ دیا۔ میں نے اُن سے عرض کی کہ اگر استعمال نہیں کرنا چاہتیں تو مجھے دے دیں اُنہوں نے سیرپ مجھے واپس

کر دیا۔ میں نے سوچا کون سا اس میں کوئی سائیڈ افیکٹ ہے میں خود استعمال کر لونگی فائدہ نہ ہوا تو نقصان بھی نہ ہوگا۔

میں نے سکون افزاء استعمال کرنا شروع کر دیا اور میری خونی بواسیر بالکل ٹھیک ہو گئی الحمدللہ میں اب بالکل ٹھیک ٹھاک ہوں اور مجھے کبھی خونی بواسیر کی شکایت نہیں ہوتی۔ **(مسز نازیہ شکیل، گجرات)**

خوشحال گھر۔۔۔زندگی آسان

مجھے عبقری تب ملا جب میں بہت مجبور اور انتہائی لاچار تھی۔ میرے چچا کے بیٹے بیٹیاں عبقری پڑھتے تھے۔ چچا نے مجھے عبقری کے متعلق بتایا تو میں بھی "عبقری" کی قاری بن گئی۔ حضرت حکیم صاحب سے رابطہ کیا بذریعہ ڈاک حکیم صاحب نے مجھے **یَاوَدُوْدُ یَالَطِیْفُ** 11 سو بار اور **درود تنجینا** 100 بار ہر نماز کے بعد پڑھنے کے لئے دیا میں نے ہر نماز کے بعد پڑھنا شروع کر دیا۔ جس سے میرا اللہ سے تعلق بن گیا۔ میری فلمیں اور ڈرامے مجھ سے چھوٹ گئے۔ ہر وقت اللہ کی یاد میں رہتی اور میری پریشانی بھی کم ہو گئی۔ اور ہم میاں بیوی کے تعلقات اور باہمی محبت بہت بڑھ گئی ہے۔ اور اب مجھے روپے پیسے کی بھی کوئی تکلیف نہیں میں حکیم صاحب کا بتایا ہوا وظیفہ اب بھی پڑھ رہی ہوں اور اپنے گھر میں خوش وخرم دن گزار رہی ہوں اور حکیم صاحبکو دعائیں دیتی ہوں جن کی وجہ سے میرا گھر بچ گیا اور ہم خوشحال ہو گئے۔

(مسز زبیر حنیف، گوجرانوالہ)

نافرمان اولاد کی فرمابرداری

"دو انمول خزانے" نے بہت سے لوگوں کی زندگی بدل دی۔ جب سے میری خالہ نے پڑھنا شروع کیا تو اُن کی بگڑی ہوئی اولاد راہ راست پر آنے لگی ہے۔ گھر کے حالات ٹھیک ہو گئے اور روز روز کے لڑائی جھگڑوں سے جان چھوٹ گئی ہے

اور ان کے گھر میں محبت کا نور نظر آنے لگا۔ خاص طور پر خزانہ نمبر **2** اتنا اثر انگیز ہے کہ ان کے گھر میں خوشحالی ہو گئی۔

ہم سب کی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے اِدارے میں کام کرنے والوں کو صحت کاملہ اور ایمان کی دولت سے مالا مال کرے۔ آمین **(ش۔ن)**

شدید درد کا علاج

محترم حکیم صاحب! میں آپ کو بیان نہیں سکتی کہ میرے جسم کے ایک حصے کی **Veins** آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ گتھم گتھا ہو گئی تھی اور اتنا شدید درد کہ برداشت سے باہر تھا میں کسی کو بتا بھی نہ سکتی تھی اس وقت میں دفتر میں تھی۔ میرے دل نے کہا کہ کچھ پڑھ لوں میں نے "**یَاحَفِیْظُ**" کا ورد شروع کر دیا اور میری طبیعت بحال ہو گئی تو جان میں جان آئی۔ **(گ۔ک)**

آیت کریمہ سے سر درد ختم.....!

میرے سر میں بہت شدید درد ہو رہا تھا جو اکثر مجھے ڈسپرین سے ہی آرام آتا تھا۔ میں نے سجدے میں چالیس بار "آیت کریمہ" پڑھی اور مجھے سر درد سے نجات ملی۔ دو نفل حاجت کی نیت کر کے سجدوں میں آیت کریمہ چالیس چالیس بار پڑھی اور میرے سر کا درد بالکل ٹھیک ہو گیا۔ **(م۔ج)**

نوکری بچ گئی

محترم حکیم صاحب! کچھ دن پہلے مجھے ایسا لگا کہ میری نوکری خطرے میں ہے اور میں اس نوکری سے ہاتھ دھو بیٹھوں گی بس پھر مجھے پریشانی کے عالم میں کچھ سمجھ نہ آیا تو میں نے **سورۃ قریش** کا وِرد شروع کیا اس نیت سے کہ میری نوکری بحال ہو جائے۔ الحمدللہ! میری نوکری بحال ہو گئی۔ یہ سب اعمال کی برکت سے ہی ممکن ہوا۔

تعلقات میں بحالی

محترم حکیم صاحب! میرے تعلقات کچھ لوگوں سے خراب ہو گئے تھے۔ تو آپ نے فرمایا تھا کہ اُنہیں اعمال کا ہدیہ کرو سب ٹھیک ہو جائیگا۔ اللہ کے کرم سے ایسا ہی ہوا میں نے کلمہ پڑھ پڑھ کر ہدیہ کرنا شروع کیا، اس کے علاوہ بھی پڑھ کر ہدیہ کرتی رہی اب الحمدللہ! سب لوگوں کے تعلقات میرے ساتھ ٹھیک ہو گئے ہیں۔ اعمال کا ہدیہ کرنے میں بڑی برکت ہے۔ (والسلام فرحت، لاہور)

اللہ ھو کے مراقبے کا کمال

محترم حکیم صاحب! صبح دفتر جا رہی تھی اور میرا معدہ شدید خراب ہو گیا۔ ایسا لگ رہا تھا کہ دفتر جا کر بھی ٹھیک نہ ہو گا لیکن میں نے بس میں صرف سات بار یہ مراقبہ یعنی دل میں ”اللہ، اللہ“ پڑھا اور تصور کیا کہ میں ٹھیک ہو گئی ہوں اور سب بیماری ختم ہو گئی ہے۔ پھر ”ھو“ کے ساتھ سانس باہر نکالا یقین جانیں صرف سات بار کرنے سے ہی میری بیماری واقعی حیرت انگیز طور پر ٹھیک ہو گئی۔ یہ سب اُس ذات کبریا کے نام کی برکت سے ہے یہ واقعی کمال کا مراقبہ ہے۔ (فرحت، لاہور)

دانت درد سے نجات

اس آیت کو لکھ کر جس دانت یا داڑھ میں درد ہو اُس کے نیچے دبا لیں انشاء اللہ تھوڑی دیر بعد درد ٹھیک ہو جائے گا یہ میرا آزمودہ ہے میں نے تین بار یہ عمل کیا اور درد ٹھیک ہو گیا یہ عمل عبقری میگزین نومبر 2010ء میں پڑھا تھا۔ آیت یہ ہے۔

كَذٰلِكَ يُحۡيِ اللّٰهُ الۡمَوۡتٰى ۙ وَيُرِيۡكُمۡ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ

﴿سورہ بقرہ ۷۳﴾ (فرحت، لاہور)

مسنون دعا کا جادوئی اثر

محترم حکیم صاحب! ہمارے گھر کے باتھ روم میں اکثر چھپکلی ہوتی ہے اور مجھے چھپکلی سے بہت ڈر لگتا ہے جب تک اُسے بھگا نہ دوں اندر داخل نہیں ہوتی۔ آپ نے درس میں باتھ روم کی دعا کے فوائد بتائے تو میں نے اس کی پابندی شروع کر دی اب جیسے ہی میں واش روم کی دعا پڑھ کر اندر داخل ہوئی تو چھپکلی تو ایسے بھاگ گئی جیسے گدھے کے سر سے سینگ، اس دعا میں بہت تاثیر ہے۔ (فرحت، لاہور)

ادائیگی قرض میں سہولت

میرے ہاتھوں اور جوڑوں میں درد تھا اور موٹاپا بھی تھا حکیم صاحب کی دوائی استعمال کرنے سے بہت فائدہ ہوا ہے اور پہلے سے بہت بہتر ہو گئی ہوں۔

حکیم صاحب نے مجھے قرضہ اتارنے کیلئے یہ وظیفہ بتایا۔ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ بِرَحۡمَتِكَ اَسۡتَغِيۡثُ 41 دن پڑھنا تھا۔

اب قرضہ آہستہ آہستہ اتر رہا ہے۔ سورۃ واقعہ مغرب کے بعد ایک مرتبہ پڑھتی ہوں میرا یقین ہے کہ یہ سورۃ پڑھنے والے پر کبھی فاقہ نہیں آئے گا۔

امتحان میں کامیابی

امتحانوں سے پہلے میں بہت سخت بیمار ہو گئی مجھے لگتا تھا نہ میں پڑھ پاؤں گی اور نہ ہی امتحان دے پاؤں گی لیکن پھر میں نے عبقری میں سے ایک عمل اور دس آزمودہ کرشمے والا وظیفہ کیا۔ میرا رزلٹ بہت اچھا آیا پڑھنے میں دھیان زیادہ ہو گیا۔ اس وظیفے کو پڑھنے سے میرا رشتہ بھی اچھی جگہ طے ہو گیا۔ عمل درج ذیل ہے:۔

اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنَاتِ وَالۡمُسۡلِمِيۡنَ وَالۡمُسۡلِمَاتِ وَالۡاَحۡيَاءِ وَالۡاَمۡوَاتِ۔ ہر پل ہر سانس کھلی تعداد میں دن رات نہایت کثرت سے اس کو پڑھیں کوشش ہو کہ رمضان المبارک میں ایک سوا لاکھ، دو سوا لاکھ، تین سوا لاکھ ورنہ ایک سوا لاکھ ہو جائے اگر مجبوری کی وجہ سے کچھ تعداد رہ جائے تو رمضان کے بعد پورا کر سکتے ہیں گھر کا ہر فرد پڑھے ورنہ گھر کے جتنے افراد زیادہ سے

زیادہ پڑھ سکتے ہیں پڑھیں ہر بندہ اپنی تعداد پوری کرے' جتنا زیادہ سے زیادہ ان باسعادت راتوں میں پڑھیں گے اتنا کمال ملے گا۔

شوال کے نفل سے کام بن گیا

کسی بھی طرح کا کوئی کام ہو اور وہ ہو نہیں رہا ہو تو اس کے لئے شوال کے نفل پڑھیں وہ اسطرح کہ ہر رکعت میں ایک بار سورۃ الفاتحہ کے بعد پندرہ بار سورہ اخلاص اور نماز سے فارغ ہو کر ستر بار سُبْحَانَ اَللّٰہِ اور ستر بار یہ درود شریف پڑھنا ہے۔ ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ''۔ مجھے نئے کپڑے چاہیے تھے۔ ماما کسی طرح بھی کپڑے دلوانے کو تیار نہ تھیں میں نے یہ نفل پڑھے ماما مان گئیں۔ **(بنت طارق، لاہور)**

اب میں آپ کو احادیث میں ذکر کردہ شوال کے فائدے بتاتی ہوں۔

رمضان المبارک کے روزوں کے بعد شوال کے چھ روزے رکھنا واجب نہیں بلکہ مستحب ہیں، اور مسلمان کے لیے مشروط ہے کہ وہ شوال کے چھ روزے رکھے جس میں فضل عظیم اور بہت بڑا اجر و ثواب ہے، کیونکہ جو شخص بھی رمضان المبارک کے روزے رکھنے کے بعد شوال میں چھ روزے بھی رکھے تو اس کے لیے پورے سال کے روزوں کا اجر و ثواب لکھا جاتا ہے۔

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی ثابت ہے کہ اسے پورے سال کا اجر ملتا ہے۔

ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

(جس نے رمضان المبارک کے روزے رکھنے کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے تو یہ ایسا ہے جیسے پورے سال کے روزے رکھے ہوں) صحیح مسلم، سنن ابوداود، سنن ترمذی، سنن ابن ماجہ۔

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی شرح اور تفسیر اس طرح بیان فرمائی ہے کہ:

جس نے عید الفطر کے بعد چھ روزے رکھے اس کے پورے سال کے روزے ہیں۔

(جو کوئی نیکی کرتا ہے اسے اس کا اجر دس گنا ملے گا)

اور ایک روایت میں ہے کہ:

اللہ تعالی ایک نیکی کو دس گنا کرتا ہے لہذا رمضان المبارک کا مہینہ دس مہینوں کے برابر ہوا اور چھ دنوں کے روزے سال کو پورا کرتے ہیں۔ یعنی 6 کو 10 سے ضرب دینے سے 60 دن یعنی دو مہینے کے روزے ہوئے۔

سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، صحیح الترغیب والترھیب۔

اور ابن خزیمہ نے مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

(رمضان المبارک کے روزے دس گنا اور شوال کے چھ روزے دو ماہ کے برابر ہیں تو اس طرح سے پورے سال کے روزے ہوئے)۔

> جس نے رمضان کے (پورے) روزے رکھے اس کے بعد شوال کے چھ (نفلی) روزے رکھے تو یہ پورے زمانے کے روزے رکھنے کے برابر ہے'۔
>
> نیز فرمایا: "اللہ تعالیٰ نیکی کو دس گنا بنا دیتا ہے، پس ایک مہینہ روزہ رکھنا دس مہینے کے برابر ہوا، اور عید کے بعد چھ دن کے روزے سال کو پورا کر دیتے ہیں'۔
>
> (صحیح ابن خزیمہ، امام البانی نے حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)

اچھے رشتے کیلئے

میں ہمیشہ برکت والی تھیلی میں پیسے ڈالتے ہوئے اور نکالتے ہوئے ''سورۃ الکوثر'' پڑھتی ہوں مجھے محسوس ہوا ہے اس سے میرے پیسے جلدی ختم نہیں ہوتے بلکہ برکت ہوگئی ہے۔ میرے پیٹ میں بہت درد تھا حکیم صاحب نے درس میں جو 'لاہوتی وضو' بتایا تھا میں نے وہ کیا اور '' تین گھونٹ وضو کے بعد پانی'' کے پیئے میرا درد اسی وقت ٹھیک ہوگیا۔

حضرت حکیم صاحب نے مجھے یہ وظیفہ پڑھنے کیلئے دیا اس وظیفے کی برکت سے چند ہی ماہ میں میرا رشتہ طے ہوگیا۔ وظیفہ:۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ مِنۡ كُلِّ شَيۡءٍ خَلَقۡنَا زَوۡجَيۡنِ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُوۡنَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ قَوۡلِكَ هٰذَا وَبِحُرۡمَةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَآلِهٖ وَسَلِّمۡ اَنۡ تَرۡزُقَ (یہاں بیٹا یا بیٹی اپنی والدہ کا نام ساتھ لے) زَوۡجاً مُوَافِقاً غَيۡرَ مُخَالِفٍ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ۔ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ۔ (بنت طارق سعید، لاہور)

سورۃ الکوثر صبح وشام کی تین تسبیحات

میری کمیٹی نہیں نکل رہی تھی اور میرے خاوند کو پیسوں کی اشد ضرورت تھی۔

کافی قرضہ ہم پر چڑھا ہوا تھا میں نے "سورۃ الکوثر 129" دفعہ پڑھی اس کی برکت سے میری کمیٹی نکل آئی اور میری مشکل حل ہوگئی۔ الحمدللہ

مجھے حکیم صاحب نے '' تیسرا کلمہ، درود شریف اور استغفار'' کی ایک ایک تسبیح صبح وشام پڑھنے کیلئے دی ہوئی تھی۔ اس کو پڑھنے سے میرے گھر والوں نے مجھے درس میں آنے کی اجازت دے دی ہے۔ درس میں آنے سے ذہنی سکون ملتا ہے۔ جمعرات کا دن ہمارے لئے ایسے ہوتا ہے جیسے عید کا دن ہو۔ (**مسز نعیم بیگ، لاہور**)

رحمتیں عنایتیں بے شمار

ہمارا گھر بہت پرانا تھا۔ حکیم صاحب نے سورۃ یٰسین کا عمل بتایا تھا۔ چالیس دن کے اندر اندر ہمارا گھر بننے کا عمل شروع ہوگیا۔ سورۃ یٰسین کا عمل یہ ہے: دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر اول و آخر درود شریف اور بعد میں تین دفعہ ''سورۃ یٰسین'' پڑھ کر اپنی حاجت کیلئے دعا کرنی ہے۔ اسکے بعد سے میرے اوپر تو نعمتوں کی بارش اتنی ہے کہ احاطہ قلم میں نہیں آسکتیں۔

میں ایک پاؤ دال پکاتی تھی اور 35 یا چالیس لوگ کھاتے تھے یہ سب میرے مرشد اور درس کی برکت سے ہے۔ درس اور مرشد کی برکت سے اللہ نے مجھے اتنا نوازا ہے کہ میرے گمان سے بڑھ کر ہے۔ میری اولاد نیک ہے اللہ نے مجھے فرش سے اٹھا کہ عرش پر بٹھا دیا ہے۔ دو انمول خزانے پڑھتے ہوئے 13 سال ہوگئے ہیں جس مقصد کیلئے پڑھتی ہوں اللہ مجھے گمان سے بڑھ کر دیتا ہے۔ (**اہلیہ راشد شمسی، لاہور**)

بندشیں ختم۔۔۔ مسائل حل

میرے رشتے کی بندش تھی، حکیم صاحب نے مجھے پہلی تسبیح یہ بتائی:

"سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيۡرٌ رَبٍّ رَّحِيۡمٍ"

اس کو پڑھنے سے میری بندشیں ختم ہو گئیں اور ہمارے گھر کے کافی مسئلے مسائل حل ہو گئے اُس کے بعد حضرت حکیم صاحب نے مجھے یہ تسبیح پڑھنے کیلئے دی۔

"رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ" (القصص 24)

اس کا سوالاکھ بھی نہیں ہوا تھا کہ رشتہ طے ہو گیا۔ میرے چچا باہر جانا چاہتے تھے وہ بھی باہر چلے گئے۔ درس میں آنے سے بہت ذہنی سکون ملتا ہے۔ نماز میں دل لگا ہوا ہے، تسبیح کو چھوڑنے کا دل نہیں کرتا، درس کا انتظار رہتا ہے۔ "سورۃ الکوثر" 129 بار صبح و شام پڑھنے سے مجھے یہ فائدہ ہوا ہے کہ پہلے ہمارے گھر میں گھی پانچ کلو استعمال ہوتا تھا اب تقریباً دو یا تین کلو سے کام چل جاتا ہے۔ **(بنت محمد خالد، لاہور)**

جام ٹریفک میں آسانی سے راستہ

حکیم صاحب! آپ نے حکم دیا تھا کہ جن اعمال سے آپ کو فائدہ ہوا ہو وہ لکھوں۔ تو جب سے میں نے عبقری میں یہ پڑھا ہے کہ جس سڑک پر بہت رش ہو اور آسانی سے راستہ نہ ملتا ہو وہاں "سورۃ الم نشرح" پڑھ کر روڈ پر دم کر دیں تو راستہ آسانی سے مل جاتا ہے۔ مجھے جب بھی راولپنڈی جانا ہو تو ترنول پھاٹک اکثر شام کو بند ہوتی ہے اور وہاں دور دور تک گاڑیوں کا ایک ہجوم ہوتا ہے، راستہ ملنا نہایت دشوار ہوتا ہے مگر میرا یہ تجربہ ہمیشہ رہا ہے کہ جب بھی میرے ساتھ ایسا ہوتا ہے تو میں "سورۃ الم نشرح" پڑھنا شروع کر دیتی ہوں جس سے تقریباً دس پندرہ منٹ میں آسانی سے راستہ مل جاتا ہے جبکہ وہاں گھنٹہ دو گھنٹے راستہ ملنا ناممکن ہے۔

وضو کے تین گھونٹ

اسی طرح میری ایک شاگرد جس کے سر میں اکثر بہت زیادہ درد رہتا تھا میں نے ہمیشہ اُسے "وضو کے بعد تین گھونٹ پانی" پینے کا بتایا اور چوتھا گھونٹ سر پر لگانے کو کہا، اُس نے یہ عمل شروع کیا تو تب سے اُس کے سر کا درد غائب ہو گیا یہ مسنون عمل کی برکت سے ہے۔ **(نگہت)**

بارش وطوفان سے حفاظت

میں نے عبقری کے جس عمل سے سب سے زیادہ فائدہ اٹھایا وہ "سورۃ قریش" کا عمل ہے اس کے پڑھنے سے سواری جلدی مل جاتی ہے۔ دوسرا خوف کی صورت میں امن اور اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ تیسرا بھوک کی صورت میں مسلسل پڑھنے سے کھانے کا بندوبست ہو جاتا ہے بہت زیادہ بارش اور طوفان میں اگر بادل کی گرج چمک میں اضافہ ہو تو "سورۃ قریش" کے وِرد سے یا تو دل سے خوف ختم ہو جاتا ہے یا پھر طوفان ختم ہو جاتا ہے۔

دوسرا عمل "یَاوَهَّابُ" کا عمل ہے۔ مجھے جب بھی پیسوں کی ضرورت ہو تو ہر نماز کے بعد 300 بار "یاوھاب" پڑھ لیتی ہوں چند دنوں میں میرا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ کہیں نا کہیں سے پیسوں کا بندوبست ہو ہی جاتا ہے۔

بہترین حافظے کیلئے

میں نے جب بھی کالج کی پڑھائی شروع کرنی ہو تو بعد نماز عشاء اول و آخر تین تین بار درود شریف اور درمیان میں "بسم اللہ شریف" 786 مرتبہ 300 بار "یَااُولِی الْاَلْبَابِ" پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیتی ہوں اس سے حافظے اور سوجھ بوجھ کا مسئلہ کافی حل ہو جاتا ہے۔

ایک عمل "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّاۤ اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ" کا ہے کوئی چیز گم ہو جائے یا واپس لینی ہو تو روزانہ سو بار پڑھنے سے وہ واپس مل جاتی ہے۔

عبقری اگست 2009ء میں محترم ایم صادق کاکڑ صاحب نے روحانی عاملوں کے حیران کن معالجات میں ایک مشکل مگر مفید ترین مشق کا ذکر کیا ہے جس میں روزانہ ناک میں موم والا دھاگہ ڈال کر منہ کے راستہ باہر نکالنا ہوتا ہے اس مشق کو میں نے معمول بنالیا تو وہ تمام فوائد جو انہوں نے مشق کے بیان کیے وہ حاصل ہوئے اس کے علاوہ میرے ساتھ یہ مسئلہ تھا کہ مجھے ہر دو تین ماہ بعد تیز بخار ہو جاتا تھا گلا تو میرا

Khush deevay sarfraz shah vich manchester

اکثر ہی خراب رہتا تھا مگر اس مشق کے روزانہ کرنے سے ابھی تک مجھے تیز یا ہلکا بخار نہیں ہوا۔ گلے کی خرابیاں بھی دور ہوگئی ہیں۔

بے نمازی کیلئے

حضرت صاحب! مجھے آپ نے ”سورۃ کوثر 129“ مرتبہ پڑھنے کی تاکید کی تو میں نے اس پر عمل کیا۔ اللہ کے حکم اور وظیفہ کی برکت سے میرا بڑا بیٹا جو کہ بے نمازی تھا اس نے نماز کی مکمل پابندی شروع کر دی۔ اپنے بیٹے پر ”یَاحَفِیْظُ“ بھی پڑھ کر پھونکتی ہوں جس کا فائدہ یہ ہوا کہ کھانے میں برکت ہو جاتی ہے ”وضو کے بعد تین گھونٹ پانی“ بھی پی رہی ہوں جس کا فائدہ یہ ہے کہ دل کو سکون ملتا ہے۔

بندش پریشانیاں ختم

حضرت صاحب! آپ نے ایک وظیفہ بتایا تھا ”آیۃ الکرسی“ 70 دفعہ پڑھ کر روٹی پر دم کر کے اُسے سب گھر والوں نے کھانا ہے اور ہر اتوار کو صدقہ کرنا ہے۔ اس وظیفے کی برکت سے ہمارے گھر کی بندشیں اور پریشانیاں ختم ہو گئیں، رزق میں خیر و برکت ہوگئی، پہلے مجھے ہر وقت بہت سی پریشانیاں گھیرے رہتی تھیں اب اللہ کے نام کی برکت سے مجھے سکون ملنے لگا ہے، کیونکہ اب ہمارے گھر میں اعمال ہو رہے ہیں اور ایسا ہو نہیں سکتا کہ اعمال اور پریشانیاں ایک جگہ جمع ہو جائیں۔ وقتی پریشانی ہوتی ہے لیکن اللہ پاک ٹھیک کر دیتے ہیں۔ درس میں آنے سے نماز کی پابندی ہوگئی ہے، اب میں قرآن پاک باقاعدگی سے پڑھنے لگی ہوں جو کہ پہلے نہیں پڑھ پاتی تھی۔

گھٹنے بازو کا شدید درد ختم

”سورۃ الکوثر“ 129 بار اول و آخر درود شریف 3 بار صبح و شام میری والدہ پڑھ کر دم کر لیتی ہیں ان کے بازو میں شدید درد تھا اب بالکل ختم ہوگیا ہے۔ وہ پہلے گھٹنوں کے درد کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھتی تھیں اب اللہ کا شکر ہے کھڑے ہو کر نماز بھی پڑھتی ہیں اور گھر کے دوسرے کام بھی کر لیتی ہیں، ”سورۃ الکوثر“ کی برکت سے ان کے گھٹنوں کا درد بھی ٹھیک ہوگیا ہے۔

جادو کا توڑ

جب میں حکیم صاحب کے پاس آئی تھی تو میری پوری فیملی یہاں تک کہ میرے نواسے اور داماد پر بھی جادو تھا پہلے حضرت حکیم صاحب نے مجھے نوے دن کا عمل دیا اس میں ”یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ“ پھولوں کی پتیوں پر صبح و شام ایک بار پڑھا کرتے تھے اور ساتھ ہی ہر وقت یہ وظیفہ پڑھنے کیلئے دیا۔

اس آیت کو ہم نے ہزاروں کی تعداد میں پڑھا پھر حضرت نے نوے دن بعد ہمیں یہ آیت پڑھنے کیلئے دی جس کے ہم نے گیارہ سوا لاکھ پڑھے۔ ”فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ“ (پارہ ۷ سورۃ انعام آیت ۴۵)

اللہ کا شکر ہے ہم سب پر سے جادو ختم ہوگیا اور ان سب گندی چیزوں سے نجات مل گئی۔ (اہلیہ اعجاز، لاہور)

جادو ٹوٹا اور مسئلہ حل

میری بیٹی کے ساتھ مسئلہ تھا اُس کے اُوپر کسی نے جادو کیا ہوا تھا۔ میں جب حضرت حکیم صاحب کے پاس آئی تھی تو سسرال والوں نے طلاق کے کاغذات تیار کیے ہوئے تھے حکیم صاحب نے ”سورۃ الفیل“ پڑھنے کیلئے دی۔ ہم نے پڑھی اور خوب توجہ سے پڑھی تو داماد خود آ کر بیٹی کو لے گیا اور بہت اچھے طریقے سے رکھا ہوا ہے۔

ولادت میں آسانی کیلئے

میری بیٹی کے ہاں لندن میں بچے کی ولادت ہونے والی تھی پانچ گھنٹے اُس

کی طبیعت سخت خراب رہی ڈاکٹرز کہتے تھے بچہ ضائع ہو جائے گا، اُنھوں نے تھیٹر بھی تیار کر دیا تھا وہ کہتے تھے کہ ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ میری بیٹی مسلسل اُن پانچ گھنٹوں میں ''سورة الفیل'' پڑھتی رہی، ڈاکٹر حیران تھے کہ یہ کیا ہوا اچانک معاملہ ٹھیک ہو گیا اور بیٹی کے ہاں بچے کی ولادت بہت آسانی سے ہوئی۔ اس وظیفے کا ہمیں اتنا یقین ہو گیا ہے کہ اب اگر ہم پر کوئی جادو بھی کرے گا تو اس سورت کی برکت سے ہمیں کچھ نہیں ہو گا ان شاء اللہ۔

نہ یقین آنے والا معجزہ

میرا داماد انگلینڈ میں رہتا تھا۔ اُس نے بہت کوشش کی کہ کسی طرح اس کی بیوی کا ویزہ لگ جائے لیکن ویزہ نہیں لگ رہا تھا۔ اُس کی ساس نے سکول میں داخلے کے بہانے بچہ چھیننے کی کوشش کی کہ ماں کا ویزہ تو لگ نہیں رہا ہم بچے کو اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔ میری بیٹی نے یہ وظیفہ توجہ اور دھیان سے پڑھا: **درود شریف 11 بار سورة فاتحہ1 بار، آیة الکرسی 11 بار، آیت الکریمہ 11 بار، سورة الفلق 11 بار، سورة الناس 11 بار** اس طرح پڑھا کہ **بِسۡمِ اللّٰه** پڑھ کر **قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ** شروع کرے اور آخری لفظ **اِذَا حَسَدَ** کے بعد بغیر **بِسۡمِ اللّٰه** پڑھے **سورة الناس** شروع کر دے یعنی دونوں سورتوں کو ملا کر گیارہ بار پڑھے آخر میں پھر **درود شریف 11 بار**'' نوٹ: (وظیفہ اکیس روز ایک معین وقت پر پڑھا جائے اور روزانہ ختم کر کے اللہ سے گڑگڑا کر دعا کریں)

جس دن اس کا یہ وظیفہ ختم ہوا اُسی دن اُس کے میاں کا فون آیا کہ انگلینڈ کا سو صدیوں کا بنا ہوا اُصول ختم ہو گیا ہے اور اس کے داخلے کی تاریخ آگے ہو گئی ہے۔ اسی دوران میری بیٹی کا ویزہ لگ گیا پھر وہ آرام سے اپنے بیٹے کے ساتھ انگلینڈ چلی گئی۔ یہ معجزہ تھا کہ انگلینڈ کا سو سال پرانا اُصول کہ تاریخ نہیں بدلے گی لیکن بدل گئی۔ **(اہلیہ اعجاز، لاہور)**

بندش واثرات ختم

میرے میاں اور مجھ پر اثرات اور بندش تھی۔ ولادت میں آسانی کیلئے حکیم صاحب نے روحانی علاج کیا اور مجھے یہ وظیفے پڑھنے کیلئے دیئے۔

i۔ قَدۡ شَغَفَهَا حُبًّا

ii۔ يَا حَكِيۡمُ يَا عَزِيۡزُ يَا لَطِيۡفُ يَا وَدُوۡدُ

میں نے اس کے تین سوا لاکھ کیے ہیں بندش ختم ہو گئی۔ اب ہم بہت خوشگوار زندگی گزار رہے ہیں۔ **(اہلیہ جنید، کراچی)**

تمنائے حج

''دو نفل صلوٰة حاجت''، جس کے بعد تین دفعہ ''سورة یسین'' پڑھنے کیلئے بھی حضرت صاحب نے فرمایا تھا۔ اس کو پڑھ کے دل کو سکون ملتا ہے۔ اس عمل کے ذریعے اللہ سے ہر ضرورت پوری کرواتی ہوں۔ اللہ پاک میری غیب سے مدد فرماتے ہیں حج پہ جانے کی خواہش تھی اللہ نے پوری کر دی۔

حکیم صاحب نے مجھے گھریلو ناچاقیوں کیلئے یہ وظیفہ دیا ''دو نفل صلوٰة حاجت''، جس میں ہر سجدے میں چالیس بار ''آیة الکریمہ'' پڑھنی ہے۔ اس عمل کے کرنے سے گھر کے لڑائی جھگڑے ختم ہو گئے۔

ہڈیوں کی ٹی بی کا خاتمہ

میں نے ''وضو کے بعد کے تین گھونٹ پانی'' کے بارے میں جب سنا تو مسئلے مسائل تو اور بھی تھے مگر اس وقت سب سے بڑا مسئلہ میری والدہ کی صحت کا تھا میں نے اس نیت سے پینا شروع کر دیا کہ اللہ پاک میری والدہ کو صحت دے ان کو ہڈیوں کی ٹی بی ہو گئی تھی۔ بس یقین کے ساتھ میں نے یہ عمل شروع کر دیا تو اُن کے جسم کے تمام درد ختم ہونا شروع ہو گئے۔

حاسدین خود ذلیل ہوئے

میری گاڑی کی سی این جی جلدی ختم ہوجاتی تھی جب سے میں نے 313 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھنی شروع کی ہے تو ہر چیز میں برکت ہونا شروع ہوگئی ہے، تمام مسائل خود بخود حل ہونے لگے ہیں۔ اب سی این جی بھی کافی چل جاتی ہے۔ میری خاموش طبیعت کی وجہ سے اکثر لوگ مجھے ہر معاملے میں دباتے تھے خاندان کے بدخواہ لوگوں نے بہت دفعہ ذلیل کرنے کی کوشش کی مگر ہر دفعہ ناکام رہے۔ گھر میں ساری تنگی کے باوجود اخراجات بڑے کھلے طریقہ سے پورے ہوتے ہیں۔ دل کو ایک عجیب سا سکون ملتا رہتا ہے۔ (سلمیٰ نورین)

پولیس والوں سے حفاظت

ایک مرتبہ میں اپنے بڑے بھائی کے ساتھ گاڑی میں کنڈیارو جا رہی تھی گھر سے گاڑی میں بیٹھتے ہی میں نے ’’انمول خزانہ نمبر 2‘‘ پڑھنا شروع کردیا۔ میں بھائی سے باتیں بھی کر رہی تھی اور مسلسل پڑھ بھی رہی تھی۔ کراچی کے ٹول پلازہ پر پولیس نے ہماری گاڑی روکی اور کہا کہ کاغذات دکھائیں۔ آگے میری بیٹی بیٹھی ہوئی تھی بھائی نے اُس سے کہا کہ دیکھو اس طرف کاغذات ہوں گے مگر کاغذات نہیں تھے بھائی نے بھی دیکھا مگر کاغذات نظر نہیں آئے۔ پولیس والے نے پیچھے دیکھا میں مسلسل ’’انمول خزانہ نمبر 2‘‘ پڑھ رہی تھی مجھ پر نظر پڑتے ہی پولیس والے نے کہا کہ ٹھیک ہے آپ لوگ جاسکتے ہیں۔ بھائی نے کافی دور جا کر گاڑی روکی اور کاغذات دیکھنے شروع کردیئے اور مجھے کہنے لگے کہ گاڑی میں کاغذات نہیں ہیں اور اس پولیس والے کو بھی پتا چل گیا تھا کہ کاغذات نہیں ہیں مگر اُس نے ہمیں جانے کیسے دیا؟ تو میں نے بھائی سے کہا کہ بھائی میں مسلسل پڑھائی کر رہی تھی۔ اُنہوں نے پوچھا: آپ کیا پڑھ رہی تھیں؟ میں نے بتایا کہ ’’انمول خزانہ نمبر 2‘‘ پڑھ رہی تھی، بھائی نے مجھ سے وہ کلمات پوچھے اور کہا کہ یہ اسی کی برکت ہے۔ ہم لوگ بچ گئے ورنہ یہ پولیس والے ہمیں جانے نہ دیتے۔ (نسرین قائم خانی۔ کراچی)

خوفناک حادثہ اور اللہ کی مدد۔۔۔۔

جب سے حکیم صاحب نے ’’یَا حَفِیْظُ‘‘ اور ’’چوتھے کلمے‘‘ کا ورد بتایا ہے ہم یہ عمل ضرور کرتے ہیں۔ 26 جنوری کو میں اور میرا بیٹا درس کیلئے آرہے تھے۔ ہمیں بالکل پتہ نہیں چلا ہمارے ایک طرف پک اپ تھی اور ایک طرف مہران کار تھی اور درمیانی راستہ تھوڑا تھا اچانک میرے بیٹے کا سر پک اپ کے ساتھ ٹکرایا اور میری ٹانگیں مہران کار کے ساتھ۔۔۔۔ میری تو خوف کے مارے چیخیں نکلیں اور روڈ پر لوگ جمع ہوگئے اتنا خوفناک حادثہ تھا کہ مجھے لگا کہ بیٹے کا سر پھٹ گیا ہوگا۔ جب ہم کچھ سنبھلے تو ایک دوسرے کا حال پوچھا۔۔۔۔؟ بیٹا کہنے لگا کہ میں ’’یَا حَفِیْظُ‘‘ کا ورد کر رہا تھا اور میں ’’چوتھے کلمے‘‘ کا ورد کر رہی تھی اللہ پاک نے اپنے نام کی برکت سے ہمیں ہماری منزل تک بخیر و عافیت پہنچا دیا۔

تمام مشکلات حل

ایک دفعہ مجھے کسی نے بتایا کہ بیٹے کا صدقہ اُتار کر کے قبرستان میں پھینک آؤ جب میں پھینک کر آئی تو محسوس ہوا کہ میرا جسم جکڑا ہوا ہے، میں نے آیۃ الکرسی اور چار قل پڑھنا شروع کیے اور ساتھ ہی ’’روحانی غسل‘‘ بھی کیا، میرا جسم بالکل ہلکا پھلکا ہوگیا۔ میرے تمام مسائل حل ہوگئے۔ میں سورج غروب ہونے کے بعد سورۃ واقعہ پڑھتی ہوں جس کی وجہ سے میرا رزق کبھی ختم نہیں ہوتا۔ درس کی دعا میں بہت سکون ملتا ہے۔ (والدہ ولید، لاہور)

گھٹنے کے درد سے نجات

مجھے گھٹنے میں کافی درد رہتا تھا بہت علاج کروانے سے بھی فائدہ نہ

ہوا پیدل چلتے ہوئے شدید تکلیف ہوتی تھی اور تکلیف روز بروز بڑھتی چلی جارہی تھی ، میں نے ''روحانی غسل'' کیا تو مجھے بہت فرق محسوس ہوا۔

''دوانمول خزانے'' پڑھنے اور **سورۃ الکوثر** 129 دفعہ صبح شام پڑھنے سے پیسوں میں اور راشن میں بہت برکت ہوئی ہے اور میرے گھر کے حالات بہت بہتر ہوگئے ہیں۔ **(مسز شبیر، لاہور)**

جو چاہو کھالو.....!

سورۃ المائدہ (آیت نمبر 114، پارہ نمبر 7) پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکنے کی برکت سے غیب سے اللہ پاک جو چاہو کھلا دیتا ہے بس اسی آیت کے ذریعے سے اللہ پاک نے روٹی پانی کا سلسلہ چلایا ہوا ہے۔ نماز میں ''آخری ''**چھ سورتوں**'' کا مکمل اہتمام کرتی ہوں گھر میں بہت سکون ہے۔ تہجد کی نماز کے بعد اول آخر درود شریف اور چالیس دفعہ یا 121 دفعہ یا 303 دفعہ ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ'' پڑھتی ہوں گھر میں تبدیلی آنا شروع ہوگئی ہے اور گھر میں بے چینی ختم ہوگئی ہے۔

سورۃ الکوثر 129 بار پڑھنے سے تھیلی میں پیسے ختم نہیں ہوتے اور اس کی برکت سے میری پچاس ہزار کی کمیٹی بھی نکل آئی تھیلی ہر وقت بھری رہتی ہے۔ بیٹے کی رول نمبر سلپ گم ہوگئی تھی وہ بہت زیادہ پریشان تھا۔ میں نے اسے دوانمول خزانہ نمبر دو پڑھنے کی تلقین کی۔ کہنے لگا میں نے سوچا اگر آج کام نہیں بنتا تو میں گھر چلا جاؤں گا لیکن پھر ایک بندہ ملا اور اس نے کام کروادیا۔ **(مسز صداقت، لاہور)**

طبیعت ٹھیک ہوگئی۔۔۔!

جب سے خاوند کی فضیلت کے بارے میں یہ چند احادیث پڑھی ہیں اس وقت سے خاوند کے ساتھ خیر خواہی کا جذبہ بہت زیادہ بڑھ گیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

صاف فرمایا کہ اگر خدا کے علاوہ کسی کو سجدے کا حکم ہوتا تو وہ خاوند کے بارے میں دیا جاتا کہ بیویاں اپنے شوہروں کو سجدہ کریں۔

جس عورت کو موت ایسی حالت میں آئے کہ اس کا شوہر اس سے راضی ہو تو وہ عورت جنتی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا سب سے اچھی عورت کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ وہ عورت جس کا خاوند اس کی طرف دیکھے تو وہ اسے خوش کردے اور اس کا کہا مانے اور اپنی کسی چیز میں اس کے خلاف نہ کرے جو اسے ناگوار ہو۔

تین قسم کے لوگ ہیں جن کا نماز اور روزہ اور کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی ان میں سے ایک وہ عورت بھی ہے جس سے اس کا خاوند ناراض ہو۔

جب سے میں نے یہ احادیث پڑھی ہیں اس وقت سے میاں کی خدمت کرنے کا جذبہ بہت زیادہ بڑھ گیا ہے اور اس وقت سے یہ حدیثیں مجھے یاد بھی ہیں۔ بہر حال ایک مرتبہ میرے میاں کی طبیعت کافی خراب تھی مجھے یہ لگ رہا تھا کہ طبیعت ان کی نہیں بلکہ میری خراب ہے میں نے ان کے لئے ''روحانی غسل'' نہایت ہی توجہ اور دھیان سے کیا ان کی طبیعت جو تقریباً ایک ماہ سے خراب تھی اور کسی طرح ٹھیک نہیں ہورہی تھی، چار دنوں میں ٹھیک ہوگئی۔ سب گھر والے حیران رہ گئے۔

(اہلیہ علی خان، لاہور)

تہجد کی پابندی کے لئے

"سورۃ الکوثر" کی بہت برکتیں ہیں۔ غیب سے رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں اور "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ" دو نفل صلوٰۃ توبہ پڑھنے کے بعد سات دفعہ پڑھنے سے تہجد کی پابندی نصیب ہوجاتی ہے اور تہجد کے وقت آنکھ خود بخود کھل جاتی ہے۔ **(بنت اسماعیل، لاہور)**

Khush Jeeway sarfraz shah vich manchester

جسم کی گٹھلیاں ختم

مجھے ''درود ابراہیم'' اور ''درود تاج'' پڑھنے سے بہت فائدہ ہوا ہے مجھے ہر بیماری کی شفاء ہوئی میرے جسم میں گٹھلیاں تھیں جو ختم ہو گئیں میرے اللہ نے مجھے شفا دی۔ اب میں بالکل تندرست ہوں۔ **(م۔ن)**

شدید کھانسی کا خاتمہ

میری بھتیجی کو شدید کھانسی اور ریشہ بہت زیادہ تھا۔ ڈاکٹروں نے ہسپتال جانے کا مشورہ دیا انہوں نے دوائیاں لکھیں سب دوائیں کھلائیں مگر اس کی کھانسی میں ذرہ برابر بھی فرق نہ آیا۔ پورا گھر اس کی تکلیف کی وجہ سے Disturb تھا کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ آخر ایسا کیا کریں کہ اس کو کچھ دیر کیلئے آرام آجائے پھر مجھے ''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی'' پینے کا عمل یاد آیا، میں نے اس کی نیت کر کے ''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی' پیا تو اس کی کھانسی بند ہو گئی۔ سارے کہتے ہیں اس کی کھانسی خود ہی ٹھیک ہو گئی ہے میں نے انہیں بتایا کہ نہیں یہ تو وضوء کے پانی سے ٹھیک ہوئی ہے۔

تیز بخار کا خاتمہ

میرے بھتیجے کو بہت تیز بخار تھا۔ میں نے غسل سے پہلے وضو کیا اور اپنے بھتیجے کی بیماری کی نیت سے ''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی'' پیا اور پھر ''روحانی غسل'' کرتے ہوئے یہ تصور کیا کہ اس سے میرے بھتیجے کا بخار ختم ہو رہا ہے اور الحمدللہ! بخار اُتر گیا۔ **(بنت اشرف، لاہور)**

پاسپورٹ کا مسئلہ حل

میں ایک دن پاسپورٹ آفس گئی وہاں بہت زیادہ رش تھا میری باری آنے کا کوئی چانس نہیں تھا۔ ہمیں ایک بندہ اندر لے گیا کہ میں آپ کا کام جلدی کروا دیتا ہوں لیکن اُس نے اندر لے جا کے چھوڑ دیا اور ہمارا کوئی کام نہ کروایا۔ اب جو لڑکی آفس میں فارم لے رہی تھی وہ غصے میں ایک دم اُٹھ کے چلی گئی میں نے وہاں کھڑے ہو کر سورۃ القریش پڑھنا شروع کی چونکہ مجھے سورۃ القریش پڑھنے کی اجازت ہے لہٰذا میں نے سورۃ القریش اس لڑکی کی روح کو ہدیہ کرنا شروع کر دی، اتنی لمبی لائن میں میری کوئی جگہ نہیں تھی، اتنے میں اُس لڑکی نے دس لوگوں کو پاسپورٹ کیلئے بلایا اِن میں میرا ابھی نام تھا باقی سب وہیں کھڑے رہ گئے اور اُس لڑکی کا غصہ بھی ٹھنڈا ہو گیا اور میرا کام بھی ہو گیا۔ لوگوں کو پاسپورٹ آفس میں بہت ٹائم لگتا ہے لیکن میں سورۃ القریش کی برکت سے بہت جلد گھر آ گئی۔ **(بنت طارق سعید)**

قبولیت کا یقین

میں ایک دن بیٹھی ''سورۃ فاتحہ'' والا عمل کر رہی تھی کہ آج یہ عمل پرندوں کو ہدیہ کروں گی میرے کمرے کی کھڑکی کے سامنے ایک تار ہے اس وقت اس پر کوئی پرندہ نہیں تھا میں نے آنکھیں بند کر کے پڑھنا شروع کر دیا اس تصور سے کہ جس جگہ میں سوچ رہی ہوں وہاں کوئی پرندہ آ کے بیٹھ جائے تو اُسے ہدیہ کر دوں اور جب میں نے آنکھ کھولی تو ایک چڑیا اُس تار پر بیٹھی تھی اور کوئی پرندہ اُس تار پر نہیں تھا اس طرح میری اور بھی دعائیں قبول ہوئی ہیں۔

سو فیصد قبولیت کا نسخہ

میں عصر کی نماز کے بعد پرندوں کو کھانا اور پانی دیتی ہوں اور ساتھ یہ عمل کرتی ہوں جو میں نے ماہنامہ عبقری رمضان اسپیشل ایڈیشن پڑھا تھا کہ ''تین دفعہ اول و آخر درُود شریف اور تین دفعہ سورۃ اخلاص میں یہ پڑھ کے پرندوں کو ہدیہ کرتی ہوں اور پھر جو بھی دعا مانگتی ہوں وہ یا تو اسی دن قبول ہوتی ہے یا پھر کچھ دن بعد لیکن قبول ضرور ہوتی ہے، میں اس تصور سے دعا کرتی ہوں کہ پرندے انسانوں کی طرح گناہ نہیں کرتے یہ بے گناہ ہیں اس لئے میرے لیے دعا کریں گے تو اللہ اُن کی ضرور

سنے گا کیونکہ میں نے عبقری میں پڑھا تھا کہ جب آپ پرندوں کو ہدیہ کرو تو وہ آپ کے لیے دعا مانگتے ہیں۔ **(بنت طارق سعید)**

مسائل حل ہو گئے

میں روحانی محفل بھی کرتی ہوں میرا بیٹا باہر گیا ہوا ہے اس کی طرف سے پریشانی تھی وہ کافی حد تک دور ہو گئی ہے اور بھی مسائل حل ہو رہے ہیں۔

وضاحت: ’’جائز مُرادوں کے حل اور پرسکون زندگی کے لئے ہر مہینے ماہنامہ رسالہ عبقری میں مستقل روحانی محفل شائع ہو رہی ہے تمام خواتین و حضرات کو شرکت اور وظیفے کی عام اجازت ہے‘‘

روحانی غسل کرنے سے صحت میں بہتری محسوس ہو رہی ہے۔

پہلے مہینے کے آخر میں خرچہ ختم ہو جاتا تھا سورۃ الکوثر اور تھیلی کی برکت سے اب پیسے ختم نہیں ہوتے سمجھ نہیں آتی برکت کہاں سے آ رہی ہے جن لوگوں کو بھی تھیلیاں دیں، اُنہوں نے فرمائش کر کے اور منگوائیں ہیں۔

’’دو انمول خزانے‘‘ کی برکت سے دنیاوی پریشانیاں حل ہو رہی ہیں مثبت سوچتے ہیں جو چاہتے ہیں وہ ہو جاتا ہے، گھر میں سکون ہے، خیر و برکت ہے۔ چھوٹا بیٹا دس سال کا ہے اس کا بھی دین کی طرف رجحان بڑھ رہا ہے۔

سورۃ فاتحہ کھانے کے دوران پڑھنے سے اطمینان محسوس ہوتا ہے۔ بیت الخلاء کی دعا پڑھنے سے خوشی محسوس ہوتی ہے پہلے محسوس نہیں ہوتا تھا کہ بیت الخلاء میں کچھ ہے لیکن اب کبھی پردہ ہل جاتا ہے کبھی کوئی چیز گر جاتی ہے۔ الحمدللہ بیت الخلاء کی دعا پڑھنے سے ہم اللہ کی حفاظت میں آ گئے ہیں مسنون دعا کی برکت سے دین کی طرف رجوع بھی ہو رہا ہے۔ (**اہلیہ خلیل احمد**، لاہور)

ہر مشکل و پریشانی کا آخری حل

’’تسبیحات فاطمہ‘‘ اور ’’دو انمول خزانے‘‘ پڑھنے سے دل کو سکون ملتا ہے کسی بھی مشکل اور کسی بھی پریشانی کے لئے جب بھی آزمایا ہمیشہ ہی لاجواب پایا ہے اور اب ’’دو انمول خزانہ‘‘ ہر وقت میرے ساتھ ہوتا ہے۔ درس میں آنے سے خوشی محسوس ہوتی ہے۔ (م۔ ج، لاہور)

اچھی جاب کیلئے

دو انمول خزانے پڑھنے سے بچوں کو اچھی جاب مل گئی درس میں آنے کی وجہ سے خوشیاں ملی ہیں اور پریشانیاں دور ہوئی ہیں۔ سورۃ الکوثر 129 بار پڑھنے سے برکت والی تھیلی ہر وقت بھری ہوئی رہتی ہے۔ **(اہلیہ عبدالرؤف ہاشمی)**

عمل کا فوری ثمر

کافی عرصے سے ہماری کمیٹی نہیں نکل رہی تھی اور ضرورت بھی بہت تھی ہم نے ’’**دو انمول خزانہ**‘‘ ہر فرض نماز کے بعد پڑھنا شروع کیا تین یا چار دن پڑھا تو 11 لاکھ 80 ہزار کی کمیٹی نکل آئی۔ **(ہمشیرہ عبدالرؤف)**

نفع بخش کاروبار

ہمارا مکان نہیں بک رہا تھا آپ نے ہمیں ’’رَبِّ اِنِّی لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ‘‘ پڑھنے کیلئے بتایا اللہ کے فضل سے مکان اچھے داموں بک گیا ہے۔ میری امی لفظِ ’’اللہ‘‘ اور لفظِ ’’**ھو**‘‘ کا مراقبہ کرتی ہیں، امی کہتی ہیں کہ بہت سکون ملتا ہے جس مقصد کیلئے کرو وہ پورا ہوتا ہے۔ (نوٹ) اللہ ھو کے مراقبے کی تفصیل صفحہ نمبر 54 پر موجود ہے۔ عبقری میں یہ وظیفہ آیا تھا کہ **سورۃ یوسف** کی آیت نمبر 12 صرف ایک دفعہ پڑھنی ہے۔ جس بھی چیز کو بیچنا ہے اس پر پڑھ کے پھونک دو۔ میرے بھائی کو یہ عمل پتہ چلا تو خوش ہو گئے اُنھوں نے اپنی دو

گاڑیاں بیچنی تھیں اور ان کے صحیح پیسے نہیں ملتے تھے اُنھوں نے یہ عمل کیا تو دونوں گاڑیاں اچھے داموں بک گئیں۔ **(ہمشیرہ عمر بشیر، لاہور)**

محبت پانے کا راز

آپ نے مجھے رات کو سونے سے پہلے اکتالیس بار "سورۃ فاتحہ" مسلسل تین ماہ پڑھنے کیلئے بتایا۔ میں نے اس عمل کو مسلسل کیا۔ اس کو پڑھنے سے مجھے یہ محسوس ہوا کہ میرے جو کام رکے ہوئے تھے وہ خودبخود ہوتے نظر آئے۔

''انمول خزانہ نمبرا'' پڑھنے سے ہر خواہش پوری ہو جاتی ہے۔ میرے شوہر مجھے چھوڑ کے چلے گئے تھے، میری تو جیسے دنیا ہی اُجڑ گئی تھی، نہ تو کھانا اچھا لگتا تھا نہ پینا اور نہ ہی راتوں کو سوتی تھی۔ انمول خزانہ نمبرا کے پڑھنے سے میرے شوہر واپس آ گئے۔ انمول خزانہ پڑھنے کی برکت سے ہم دونوں میاں بیوی میں محبت بڑھ گئی ہے۔ درس میں آنے سے سکون ملتا ہے، جس دن نہ آؤں تو لگتا ہے کوئی چیز کھو دی ہے۔

درد گردہ ختم

میرے گردے میں بہت زیادہ درد تھا جب سے میں نے ''وضو کے بعد تین گھونٹ پانی'' پینا شروع کیا ہے درد کم ہو گئی ہے۔ میں ''انمول خزانے'' سارا دن پڑھتی ہوں اس کی برکت سے جس کو بھی دعا دوں تو وہ پوری ہو جاتی ہے۔ جس کو بھی میں نے بتایا اُن سب کو فائدہ ہوا ہے۔ **(خ۔ا، لاہور)**

سر درد سے نجات

آپ نے جب سے مجھے سنتوں میں ''آخری چھ سورتوں'' والا عمل بتایا ہے الحمدللہ تب سے میں یہ سورتیں ضرور پڑھتی ہوں اس کے مجھے اور بھی بہت سے فائدے ہوئے ہیں لیکن جو سب سے بڑا فائدہ مجھے محسوس ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ میرے سر میں پہلے ہر ہفتے شدید درد ہوتا تھا اور جب تک میں ڈسپرین کی گولی نہ

کھاتی تھی تب تک آرام نہ آتا تھا اب الحمدللہ مجھے ایسا نہیں ہوتا اب مہینے میں کبھی ایک بار ہی ایسا درد ہوتا ہے یا پھر ہوتا ہی نہیں۔ سنتوں کے اندر آخری چھ سورتوں کے پڑھنے سے مجھے اس دیرینہ مسئلے سے نجات مل گئی۔ **(فرحت، لاہور)**

جنت کا نورانی لقمہ

یہ میرا اپنا مشاہدہ ہے کہ پہلے میں کھانا کھانے سے پہلے اکثر بسم اللہ پڑھنا بھول جاتی تھی لیکن جب سے میں نے کھانا کھانے سے لے کر آخر تک متعدد بار ''سورۃ فاتحہ'' پڑھنی شروع کی ہے تب سے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ بسم اللہ پڑھنا نہیں بھولتی اور اس بات کا 100% یقین ہے کہ میرے اندر جانے والا ہر نوالہ انشاء اللہ جنت کا لقمہ بن جائے گا اور کھانا بھی سورۃ الفاتحہ کی برکت سے کھاتے ہی ہضم ہو جاتا ہے۔

اللہ کی امان میں

نماز میں آیۃ الکرسی اور آخری چھ سورتیں پڑھنے سے دل میں ایک تسلی ہوتی ہے کہ اپنے آپ کو ہم نے اللہ کے حوالے کر دیا ہے اور اب اللہ ہماری حفاظت کرے گا۔ **(والدہ طلحہ، لاہور)**

سورۃ قریش کی برکت

میں نے اپنی بیٹی کے رشتہ کیلئے سوا لاکھ دفعہ "سورۃ القریش" پڑھنی شروع کی الحمدللہ.....! میری بیٹی کا رشتہ ہو گیا ہے پہلے کسی مشکل کیلئے تسبیح پڑھتے تھے اور جب وہ مشکل حل ہو جاتی تھی تو تسبیح چھوڑ دیتے تھے لیکن اب آپ نے کہا کہ مستقل پڑھو جس کی وجہ سے کوئی مشکل آئے گی ہی نہیں، واقعی ایسا ہی ہوا کہ اب کوئی مشکل آتی ہی نہیں۔

جب میرے بیٹے کے حفظ مکمل ہونے کی خوشی میں ہم نے چھوٹی سی تقریب

رکھی تو حضرت نے کہا کہ آپ پلیٹوں میں بچا ہو سارا کھانا ہال سے گھر لے آئیں اور اُس کو جانوروں کو ڈال دیں ہم نے ایسے ہی کیا۔ یہ رزق کی قدر دانی تھی جس کی وجہ سے میرے گھر کے رزق میں بہت اضافہ ہوا ہے اللہ نے رزق میں برکت عطا فرمائی۔

اصل حقیقت

حضرت حکیم صاحب نے ایک عمل بتایا تھا ’’سورۃ رحمن ‘‘ کی پہلی تین آیات 313 دفعہ، 40 دن پڑھنی ہیں اگر رشتے میں کوئی مسئلہ ہوگا تو وہ پہلے ہی پتہ چل جائے گا اور واقعی ایسا ہی ہوا۔ ایک رشتہ آیا فیملی بھی اچھی تھی اور لڑکا بھی اچھا تھا بظاہر سب ٹھیک تھا جب ہم نے یہ سورۃ رحمن والا عمل کیا تو ہمیں اُن کی وہ باتیں پتہ چلیں جو انسان سوچ بھی نہیں سکتا کہ اُن میں یہ برائی ہوسکتی ہے، ہم نے اس عمل کو یقین کے ساتھ کیا اللہ پاک نے بہت عافیت کا معاملہ فرمایا۔

رزق کی کشادگی کے لئے

پہلے راشن بہت جلدی ختم ہوجاتا تھا گھی جو ایک مہینے میں ختم ہونا چاہیے تھا وہ پندرہ دن یا بیس دن میں ختم ہوجاتا پھر ہم نے اکتالیس دفعہ سورۃ کوثر پڑھ کر راشن پر دم کرنا شروع کردیا اس کے پڑھنے سے برکت ہوگئی ہے اور اب وہی گھی 40 دن تک استعمال ہوجاتا ہے۔

’’سورۃ یٰسین‘‘ کا عمل حضرت حکیم صاحب نے بتایا تھا۔ ہم نے یہ عمل کیا تو لڑائی جھگڑے، رزق کی کمی، کاروبار میں مشکلات، تنگی پریشانیاں اور جو بھی مشکلات تھیں وہ حل ہوگئیں۔ عمل اس طرح ہے:

طریقہ عمل: سورۃ یٰسین روزانہ 12 دفعہ پڑھنی ہے، اسطرح کہ گھر کے ہر کونے پر تین دفعہ پڑھ کر پھونک مارنی ہے اس طرح چار کونے میں تو بارہ دفعہ ہوجائے گی۔ صبح فجر کے بعد بغیر بولے یہ عمل کریں تو زیادہ فائدہ مند ہے۔ (ا۔ ب۔ ج، لاہور)

جادو ٹونے کا آخری علاج

چار سال پہلے پہلی دفعہ میں حکیم صاحب کے پاس آئی کیونکہ ہمیں جادو کے ذریعے شدید نقصان پہنچایا گیا تھا اور اتنا نقصان ہوا کہ ہم صفر ہوگئے۔ میں جادو کے اثر سے شدید بیمار ہوگئی، میری ٹانگیں کمزور ہوگئیں، رنگ کالا ہوگیا اور میں ہوش میں نہیں رہتی تھی۔ میری ایک ملنے والی میرے گھر آئی اُنہوں نے جب میری حالت دیکھی تو مجھے حکیم صاحب کے پاس جانے کا مشورہ دیا۔ میں چل نہیں سکتی تھی وہ مجھے یہاں لائی حکیم صاحب نے مجھے دم کیا اور مجھے مندرجہ ذیل وظیفے دیئے۔

جن کی تفصیل اس طرح ہے:

تین جمعرات میں نے روزہ رکھنا تھا اور سو نفل جمعرات کو پڑھنے تھے اور دعا مانگنی تھی اللہ تعالیٰ مجھے دشمنوں سے نجات دلا دے۔

{1} ’’دو نفل حاجت‘‘ کے پڑھ کے تین دفعہ اول و آخر’’درود ابراہیمی‘‘، تین دفعہ سورۃ یٰسین پڑھ کر جائے نماز سے اُٹھنا ہے یہ عمل نوے دن کرنا ہے وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔

{2}’’سورۃ الفیل‘‘ سوا لاکھ دفعہ پڑھنی ہے۔

21 دن میں میرے اثرات کہاں گئے، جادو کیسے ختم ہوا کچھ پتہ نہیں۔ میرے تمام معاملات ایسے حل ہوگئے جیسے کبھی کچھ ہوا ہی نہ تھا۔ میں اور میرے شوہر حکیم صاحب سے بیعت ہوئے اور الحمدللہ! اب سب ٹھیک ہے۔

جادو کا دوسرا حملہ

دو سال بعد میرے بیٹے پر کسی نے جادو کردیا اور ایک دم اتنا شدید جادو ہوا کہ میرے بیٹے کی شادی کو دو ماہ ہوئے تھے کہ طلاق ہوگئی۔ جادو کو ختم کرنے کیلئے حکیم صاحب نے تین دفعہ سوا لاکھ’’سورۃ الفیل‘‘ پڑھنے کیلئے دی تھی۔ اب میرے گھر

Khush Jeeyay sarfraz shah vich manchester

میں الحمدللہ سکون ہے۔ میں نے بیٹے کا دوبارہ رشتہ طے کر دیا ہے اللہ کے حکم سے سارے مسائل حل ہوگئے ہیں۔

''سورۃ الرحمن'' ایک بار پانی پر دم کر لیتی ہوں اور ہم سب گھر والے وہی پانی استعمال کرتے ہیں جو اثرات، مایوسی، بے سکونی، وسوسے آتے تھے سب اس کی برکت سے ختم ہوگئے ہیں اور ہم نماز، روزے کے پابند ہوگئے ہیں۔ میرے میاں نے جب سے درس میں آنا شروع کیا تو تیسرے درس میں شرکت کے بعد اُنہوں نے داڑھی رکھ لی، اب وہ ماشاءاللہ سے پانچ وقت نماز کے پابند ہیں۔

نوکری کی تلاش

حکیم صاحب! میری بہن کو جاب نہیں مل رہی تھی۔ اُس کو نوکری کی سخت ضرورت تھی۔ میں نے اپنی بہن کو اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْأَلُكَ وَ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ اِنِّیٓ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰى رَبِّكَ اَنْ تُقْضٰى حَاجَتِیْ (الفاظ دعا بحوالہ فضائل حج)۔ والا وظیفہ بتایا اُس نے شروع کیا ایک دن بعد ہی اُس کو جاب مل گئی، ایک لیکچر دینے پر 1000 روپے ملتے ہیں۔ میری ایک دوست جو آٹھ ماہ سے اپنے میکے میں تھی، سسرال والوں نے نکال دیا تھا میں نے اُسے ''دو انمول خزانے'' کا وظیفہ دیا اس نے پندرہ سے 21 بار پڑھا تو اُس کا خاوند آکر خود لے گیا۔ **(آمنہ کلیم ہاشمی)**

رشتہ کے لئے وظیفہ

میرے بھائی کا رشتہ کہیں نہیں ہوتا تھا۔ ایک وظیفہ والدہ نے بھائی کی نیت سے کیا وہ یہ ہے کہ یہ وظیفہ جمعرات کے دن سے شروع کرنا ہے وضو کر کے دو نفل اشراق کے پڑھنے ہیں پھر ''سورۃ بقرہ'' کے روزانہ 10 رکوع پڑھنے ہیں۔ جمعرات، جمعہ ہفتہ اور اتوار چار دن تک پڑھنا ہے۔ اتوار کو یہ وظیفہ ختم کر کے دعا کریں۔ انشاءاللہ بہت فائدہ ہوگا۔ اس سے کچھ ہی عرصے بعد بھائی کا رشتہ بھی ہوگیا۔ **(ح۔ع، لاہور)**

پرانی تکلیف سے نجات

''وضو کے بعد تین گھونٹ پانی'' سے میرا ایک تکلیف دہ مرض ختم ہوگیا، جس کا بہت علاج کروایا لیکن کوئی آرام نہ آیا۔ میری ریڑھ کی ہڈی ٹیڑھی تھی۔ میں جھک کر چلتی تھی یہ مسئلہ بچپن سے تھا۔ وضو کے اس عمل سے میرا یہ برسوں پرانا مرض ٹھیک ہوگیا اللہ کا شکر ہے۔ حکیم صاحب کا یہ عمل کہ: ''ایک دفعہ درود شریف ایک دفعہ سورۃ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پھر آخر میں ایک مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے۔'' میرے اس عمل سے بہت کام ہوئے ہیں۔ اللہ حکیم صاحب کو لمبی عمر عطا کریں آمین۔

شدید درد سے نجات

میری بیٹی پریگنینٹ تھی۔ اچانک اُس کو بہت شدید درد شروع ہوگئی سب بہت پریشان ہوگئے۔ میں نے اُس سے کہا کہ ''سورۃ کوثر'' مسلسل پڑھتی جائیں۔ وہ مسلسل پڑھتی رہیں، پڑھتے پڑھتے اُس کو نیند آگئی اور وہ سو گئیں۔ اُس کو خواب میں ایک بزرگ ملے، جنہوں نے اسے ایک تسبیح دی جو ہیرے کی طرح چمک رہی تھی۔ صبح اُٹھی بالکل ٹھیک تھی درد ختم ہو چکا تھا اللہ کریم نے کرم کر دیا اور ''سورۃ کوثر'' کی برکت سے میری بیٹی بالکل ٹھیک ہوگئی۔ **(عصمت شکیلہ گجرات)**

برکت کا راز

پہلے میری امی کھانا پکاتی تھیں تو اکثر ہمارا سارہ سالن ختم ہو جاتا تھا اور کبھی دوبارہ بھی پکانا پڑ جاتا تھا لیکن جب سے اکتالیس بار ''سورۃ کوثر'' کا عمل بمعہ بسم اللہ اول آخر درود شریف تین بار شروع کیا ہے بہت برکت آگئی ہے۔ اب ہمارا سالن ختم نہیں ہوتا بلکہ بچ جاتا ہے چاہے مہمان بھی آجائیں۔ الحمدللہ.....! **(عمارہ مظہر)**

اولاد کی خواہش

ہمارے ہمسائی کی ایک بیٹی اور ایک بیٹا ہے۔ بیٹا چھوٹا ہے جس کی عمر

سات سال ہے۔ اُس کی مزید اولاد نہیں ہو رہی تھی، جبکہ اُس کی خواہش تھی کہ مزید اُولاد ہو۔ میرے پاس آئی اور کہنے لگی: خالہ جی آپ میرے لئے دعا کریں کہ خدا مجھے مزید اُولاد عطا فرمائے۔ میں نے اُس کو کہا کہ میں آپ کو ایک بہت ہی خاص عمل بتاتی ہوں اگر آپ نے یہ عمل کرلیا تو مجھے پورا یقین ہے کہ اللہ پاک اس عمل کی برکت سے آپ کو اُولاد عطا فرمادیں گے کیونکہ اس عمل کے کرنے والے کو کبھی مایوس نہیں دیکھا۔ عمل اس طرح ہے:

اسلامی مہینے کے پہلے سات دن ''سورۃ بقرۃ'' اول آخر درود شریف روزانہ ایک بار پڑھنی ہے اور اللہ پاک سے خوب گڑگڑا کر دعا کریں۔ اللہ پاک اپنا فضل کردے گا۔ وہ یہ عمل پا کر بہت خوش ہوئیں، پابندی اور یکسوئی سے عمل کیا۔ ابھی صرف تین ماہ یہ عمل کیا تھا کہ اللہ کریم نے کرم کردیا اور ''سورۃ بقرہ'' کے عمل کی برکت سے اب وہ اُمید سے ہیں۔ **(رابعہ بی بی، راولپنڈی)**

شادی کے مسئلے کا حل

سورۃ الکوثر کی برکت سے بیٹیوں کی شادی کا مسئلہ حل ہوگیا۔ میں ماہنامہ عبقری کی قاری ہوں مجھے اور میرے تمام اہل خانہ کو عبقری کا انتظار رہتا ہے میں نے بیٹیوں کی شادی کے سلسلے میں حضرت حکیم صاحب کو خط لکھا تھا۔ حضرت حکیم صاحب نے **سورۃ کوثر** مسلسل تمام گھر والوں کو پڑھنے کو کہا۔ ہم لوگ مسلسل **سورۃ کوثر** پڑھتے رہے اللہ پاک نے **سورۃ کوثر** کی برکت سے میری بیٹیوں کی اچھی جگہ شادی ہونے میں مدد فرمادی۔ میری بیٹیوں کی شادی ہوگئی اور وہ اپنے گھروں میں بہت خوش ہیں۔ **(عصمت شکیلہ، گجرات)**

حفاظت کا حصار

اُن دوستوں کے لئے پیغام جن کے بستے یا چیزیں گم ہوجاتی ہیں۔ میں

عبقری بڑے شوق سے پڑھتا ہوں اور درس بھی سنتا ہوں میں نے عبقری سے بہت فائدہ پایا۔ اکثر میرا اسکول کا بیگ گم ہوجاتا تھا یا کبھی کوئی کتاب یا کوئی کاپی گم ہوجاتی، کبھی قلم غائب ہوجاتا، میں اس وجہ سے بہت پریشان تھا۔ اب میں اپنے بیگ پر 11 بار ''یَا حَفِیْظُ'' اول آخر درود شریف دم کرتا ہوں اب نہ تو میرا بیگ گم ہوتا ہے اور نہ ہی کوئی میری چیز کو ہاتھ لگاتا ہے۔ جب میرے پاس کوئی چیز ہو اور میں چاہوں کہ دوستوں کو نہ دوں یا کوئی مجھ سے نہ مانگے تو میں 11 بار ''یَا حَفِیْظُ'' اول آخر درود شریف پڑھ کر دم کرتا ہوں پھر کوئی نہیں مانگتا بلکہ اس چیز کا کوئی تذکرہ بھی نہیں ہوتا۔ **(عمار اعجاز، گجرات)**

جو پڑھا وہی آیا

حکیم صاحب! آپ ہر درس میں اعمال بتاتے ہیں جن کے بے شمار فوائد ہیں۔ میں نے انٹر کے پیپر دیئے ہیں اور میرا دل پڑھنے کو نہیں کرتا تھا ایک آیت جو آپ نے خط میں بتائی تھی وہ آیت پڑھ لیتی ہوں تو اللہ تعالیٰ وہی پڑھوا دیتے ہیں جو پیپر میں آنا ہو الحمد للہ، وہ آیت یہ ہے:

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ هُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ ۝ (الانفال 62)

میرا کیمسٹری کا پریکٹیکل تھا میں پری میڈیکل ایف ایس سی کی اسٹوڈنٹ ہوں۔ پہلے بہت Intelligent بھی تھی لیکن کالج کے بُرے Environment کی وجہ سے یہاں آکر نکمی ہوگئی۔ میرا جس دن کیمسٹری کا پریکٹیکل تھا مجھے بہت ڈر لگ رہا تھا کہ پتہ نہیں کیا ہوگا۔ کیونکہ کالج والوں نے پریکٹیکل نہیں کروائے اور جو کروائے وہ بھی گم ہوگئے تھے تو بہت ڈر لگ رہا تھا۔

طالبعلموں کیلئے تحفہ

میں نے عبقری میں ایک عمل پڑھا ''طالبعلموں کے لئے ایک تحفہ'' کسی

Khush Jeeney sarfraz shah vich manchester

بھائی نے لکھا ہوا تھا۔ عمل ایسے تھا کہ ایک مرتبہ ''سورۃ الاعلیٰ'' ایک مرتبہ ''سورۃ قلم'' Ink پر پڑھ کر پھونکنا تھا۔ ایک بار پڑھ کر پین کی Nib پر پھونکنا تھا اور ایک بار ''سورۃ فاتحہ'' اور دو نفل حاجت کے پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے امتحان کیلئے چلے جانا تھا۔ تو میں نے وقت کی کمی کی وجہ سے صبح ایک مرتبہ ''سورۃ الاعلیٰ'' اور ''سورۃ القلم'' ایک بار پڑھ کر پین کی نِب پر دم کیا اور دو نفل حاجت کے اور ''سورہ فاتحہ'' پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے چلی گئی اور جاتے ہوئے گاڑی میں اچانک میں نے کاپی کھولی اور دو تین پریکٹیکل دیکھ لئے حالانکہ میں سفر میں پڑھتی نہیں بلکہ کبھی اذان یا درود شریف پڑھ لیتی ہوں مگر میں نے اس دن وہ پریکٹیکل دیکھ کر کاپی بند کر دی۔ پریکٹیکل ٹھیک ساڑھے آٹھ بجے شروع ہونا تھے اور ہم سینٹر ڈھونڈتے ڈھونڈتے بہت لیٹ ہو گئے تقریباً سوا نو بجے یا ساڑھے نو بجے کا ٹائم ہو چکا تھا اور ٹیچر نے اسٹوڈنٹس سے پیپر لے لیا تھا میں پریشان اور ہکا بکا جب پہنچی تو ٹیچر نے مجھے کچھ کہا بھی نہیں اور پیپر بھی دے دیا پھر یہ جو پیچھے آیت لکھی ہے میں ہمیشہ پڑھنے سے پہلے سات بار اول آخر درود شریف کیساتھ پڑھ لیتی ہوں وہ پڑھ کے میں نے پریکٹیکل کی تیاری شروع کی تھی اور جو پہلا پریکٹیکل پڑھا تھا۔ اس آیت کی برکت سے وہی آ گیا اور جو گاڑی میں پریکٹیکل پڑھا تھا وہ بھی آ گیا اور Viva بھی میرا بہت اچھا ہوا۔ صبح میں رو رہی تھی اور واپسی میں اتنی خوش تھی کہ دل سے حضرت صاحب کے لیے اور اُس بھائی کے لیے دعائیں کرتی ہوئی گھر آئی۔ اس دن میں اتنی خوش تھی کہ اپنی کیفیات کا اظہار نہیں کر سکتی۔

منٹوں میں حاجت پوری

معمول کے مطابق روزانہ رات کو آٹھ بجے لائٹ جاتی ہے۔ مگر اس دن گیارہ بجے کے قریب بھی لائٹ چلی گئی گرمی بھی بہت تھی میں عشاء کی نماز پڑھ کر

سونے کیلئے لیٹی، میں نے ''انمول خزانہ'' پڑھنا تھا تو لیٹے لیٹے ہی پڑھنے لگ گئی اور دل میں یہ سوچ رہی تھی کہ یا اللہ اس انمول خزانے کے پڑھنے سے تو ستر حاجتیں پوری کرے گا یا اللہ لائٹ ہی بھیج دے۔ ابھی میں نے آیت الکرسی ہی پڑھنی شروع کی کہ لائٹ آ گئی اور میری خوشی کی انتہا نہ رہی۔

کمر کے درد سے چھٹکارہ

حکیم صاحب میری ماما کی کمر اور ٹانگوں میں کوئی Vein ایک دوسرے کے اوپر چڑھ گئی تھی جس کی وجہ سے ان کی کمر میں شدید درد شروع ہو گیا کہ اٹھا بیٹھا نہیں جاتا تھا۔ میں نے آپ کے بتائے ہوئے عمل یعنی سنتوں میں چھ سورتیں پڑھنا اور ایمرجنسی میں ہر رکعت میں چھ سورتیں پڑھنا اور پورا دن میں نے یعنی فجر سے عشاء کی نماز کی سنتوں میں پڑھی شاید اگلے دن بھی پڑھی تو اللہ پاک نے ماما کے درد کو ٹھیک کر دیا۔ (آخری چھ سورتوں کا عمل آخری صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

آخری چھ سورتیں

سورۃ کافرون

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ○ لَاۤ اَعۡبُدُ
مَا تَعۡبُدُوۡنَ ○ وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ
مَاۤ اَعۡبُدُ ○ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ○
وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ○ لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ○

سورۃ نصر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰہِ وَ الۡفَتۡحُ ٥ وَ رَاَیۡتَ النَّاسَ
یَدۡخُلُوۡنَ فِیۡ دِیۡنِ اللّٰہِ اَفۡوَاجًا ٥ فَسَبِّحۡ
بِحَمۡدِ رَبِّکَ وَ اسۡتَغۡفِرۡہُ ؕ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ٥

سورۃ لھب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
تَبَّتۡ یَدَاۤ اَبِیۡ لَہَبٍ وَّ تَبَّ ٥ مَاۤ اَغۡنٰی عَنۡہُ
مَالُہٗ وَ مَا کَسَبَ ٥ سَیَصۡلٰی نَارًا ذَاتَ
لَہَبٍ ٥ وَّ امۡرَاَتُہٗ ؕ حَمَّالَۃَ الۡحَطَبِ ٥ فِیۡ
جِیۡدِہَا حَبۡلٌ مِّنۡ مَّسَدٍ ٥

سورۃ اخلاص

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ٥ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ٥ لَمۡ یَلِدۡ وَ لَمۡ
یُوۡلَدۡ ٥ وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ٥

سورہ فلق

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ٥ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ٥
وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ٥ وَ مِنۡ
شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ٥ وَ مِنۡ
شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ٥

سورۃ ناس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ٥ مَلِکِ النَّاسِ ٥ اِلٰہِ
النَّاسِ ٥ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ ٥ الَّذِیۡ
یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ٥ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ٥

چست وہوشیار رہنے کیلئے

آپ نے درس میں 33 بار سُبۡحَانَ اللّٰہِ 33 بار اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ اور 34 بار اَللّٰہُ اَکۡبَرُ پڑھنے کو بتایا تھا یہ میں نے عشاء کی فرض نماز کے بعد پڑھا مجھے نماز میں بہت نیند آرہی تھی یہ پڑھنے کے بعد نیند غائب ہوگئی اور باقی نماز آرام سے پڑھی اور میرا چھوٹا بھائی حمزہ جو ہر درس میں سوجاتا ہے اس نے جب یہ عمل سنا تو اسی وقت عمل کیا اور اس کی نیند بھی اڑ گئی اور پورے درس میں اسے نیند نہیں آئی اور کہتا ہے میں فریش ہوگیا اور حیران رہ گیا۔

گرمی دانے ختم

حکیم صاحب! میرا ایک چھوٹا بھائی ہے حمزہ اس کی عمر 14 سال ہے اس کے جسم

پر گرمی دانے بہت زیادہ ہو گئے تھے اس نے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی والا عمل کیا اور اس عمل سے اس کے گرمی دانے ختم ہو گئے۔ حضرت وہ بہت شرارتی بھی ہے بس ہر وقت کھیلتا رہتا ہے قرآن پاک نہیں پڑھتا اور اسکول بھی نہیں جاتا۔

ایک بار گھر سے باہر کھیلنے گیا اور جب واپس آیا تو ماما کی ڈانٹ کا ڈر تھا تو اس نے گیارہ بار ”یَا حَفِیْظُ“ پڑھ لیا تو ماما نے اسے کچھ نہیں کہا۔

گھر سے نکلنے کی دعا کی برکت

حکیم صاحب آپ نے درس میں گھر سے نکلنے کی دعا بتائی تھی وہ ہم گھر سے پڑھ کر نکلے درس کیلئے تو راستے میں گاڑی کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہونے لگا مگر پتہ نہیں کس طاقت نے بچا لیا اگر ایکسیڈنٹ ہو جاتا تو گاڑی کا بمپر ٹوٹ جاتا اور ہم مسنون دعا کی برکت سے بچ گئے۔

برکت بھی اور مزہ بھی

حکیم صاحب آپ نے رمضان المبارک میں سورۃ ا لکوثر کا جو عمل دیا۔ وہ میں نے صبح و شام 129 بار سورۃ الکوثر پڑھنا شروع کر دی ہے اور ایک برکت والی تھیلی کالج کیلئے بھی رکھی ہوئی ہے اس پر صرف ایک وقت ہی 129 بار پڑھ پاتی ہوں تو پیسوں میں بہت برکت ہو گئی ہے۔ اور تھیلی خالی نہیں ہوتی ہے۔ سورۃ الکوثر صبح و شام پڑھتی ہوں تو پڑھنے میں بہت مزہ آتا ہے میں اہتمام سے بیٹھ کر توجہ سے پڑھتی ہوں۔ **(ثیزا ماہین، لاہور)**

جان کی حفاظت

حکیم صاحب! میں غسل کے لئے جا رہی تھی، میں نے ”روحانی غسل“ کی نیت کی اور ”آخری چھ سورتیں“ پڑھ کر میں نے باتھ روم میں جانے سے پہلے سوچا کہ گیزر چلا لیتی ہوں، اندھیرا تھا مجھے گیزر کا برنر چلا ہوا نظر نہیں آیا۔ میں نے جیسے ہی تیلی جلا کر گیزر کے اندر کی تو دھماکے کی طرح آگ ابھری اور میرے منہ پر پڑی، میرے بال بھی کھلے ہوئے تھے....!

اس سے پہلے بھی پچھلی سردیوں میں گیزر جلاتے ہوئے تھوڑی سی آگ ابھری تھی اور اس سے میرا منہ بھی جلا تھا اور پلکیں، بھنویں اور تھوڑے سے سر کے بال بھی جلے تھے مگر اس دفعہ میں معجزاتی طور پر بچ گئی، مجھے تو ایسا لگا تھا کہ میرے سارے بال جل گئے ہونگے اور سیدھا میرے منہ پر آگ پڑی لیکن میرا منہ بھی محفوظ رہا، میں بہت حیران تھی کہ میں کیسے بچ گئی۔ مجھے بالکل کچھ نہ ہوا، مجھے لگا میری آنکھوں کے بال اور بھنویں بھی جل گئیں ہونگی، لیکن جب میں نے شیشہ دیکھا تو میں حیران تھی۔ یہ سب اول آخر درود شریف اور آخری چھ سورتوں کی برکت تھی کہ جو میں ”روحانی غسل“ کے لیے پڑھ کر گئی تھی اللہ نے مجھے اس ناگہانی آفت سے بچا لیا۔

مزیدار کھانا بنانے کا وظیفہ

میں نے آپ کی سکھر والی سی ڈی سنی اس میں آپ نے کھانا مزیدار بنانے کے لیے یہ عمل ”اَللّٰہُ اَلْمُصَوِّرُ اَلْوَدُوْدُ“ بتایا تھا۔ میں جب بھی وہ عمل کرتی ہوں کھانا بہت مزیدار بنتا ہے۔ دراصل مجھے کھانا بنانا نہیں آتا جب سے میں نے یہ عمل کیا ہے ہر کوئی کھانے کی تعریف کرتا ہے اور جس دن میں ”اَللّٰہُ اَلْمُصَوِّرُ اَلْوَدُوْدُ“ نہ پڑھوں تو اس دن کھانا صحیح نہیں بنتا۔ آپ کا بہت بہت شکریہ کہ آپ نے یہ عمل بتایا۔ اس عمل کی وجہ سے میں گھر والوں کی ڈانٹ اور طعنوں سے بچ گئی۔

اللہ کی غیبی مدد

”بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ“ کی برکت اور تاثیر کے بارے تو مجھے پہلے بھی علم تھا لیکن جب مصیبت سر پر آئی اور اس کو آزمایا تو اس کی عظمت اور طاقت کا یقین دُگنا ہو گیا اور میں نے یہ پکا ارادہ کر لیا کہ ”بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ“ پر فضائل کو تلاش کروں گی۔

ایک دفعہ ہم لوگ درس سے واپس آ رہے تھے تو بیچ پھاٹک پر ہماری گاڑی اچانک بند ہوگئی۔ بہت کوششوں کے بعد بھی اِسٹارٹ نہ ہوئی۔ ہم نے ’’بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ‘‘ کے فوائد سن رکھے تھے جیسے ہی ’’بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ‘‘ پڑھنا شروع کیا تو ہمارے پیچھے والی گاڑی سے ایک آدمی نکلا اور اس نے دھکا لگایا ہم نے اس آدمی سے کہا بھی نہیں تھا۔ گاڑی کھڈے میں پھنس گئی تھی تسمیہ کی برکت سے اللہ نے اُس آدمی کے دل میں ڈالا اور وہ ہماری مدد کے لیے آیا جیسے ہی عمل کیا ادھر مدد آ گئی۔ (رابعہ قمر، لاہور)

چالان نہ کٹا

ایک دفعہ ہم لوگ درس سے واپسی پر غلط سڑک پر جا رہے تھے۔ راستے میں ٹریفک کنٹرول پولیس نے روک لیا۔ اُنہوں نے تھوڑی دور سے رکنے کا اشارہ کیا۔ اُن کے قریب آنے سے پہلے ہم نے ”کلمہ طیبہ“ پڑھ کر تین مرتبہ اُن دونوں پولیس والوں کو ہدیہ کر دیا اور جب وہ قریب آئے تب بھی میں پڑھتی رہی اور اُنہوں نے صرف اتنا کہا کہ آپ غلط لائن پر ہیں اور صحیح سڑک کے بارے میں بتانے لگے اور وہ اصل بات بھول گئے ورنہ چالان تو ہو ہی جانا تھا میں نے تقریباً دس مرتبہ ”کلمہ طیبہ“ پڑھ کر ہدیہ کیا ہوگا اور اللہ نے مشکل آسان کر دی.

سفر میں آسانی کیلیے

میں نے چھ سورتوں والا عمل جو سنتوں میں کرتے ہیں۔ وہ میں نے بہن کی نیت کر کے پڑھنا شروع کر دیا اس کی بیماری ٹھیک نہیں ہوتی وہ بھی کرتی ہے میں نے کہا کہ میں بھی تمہاری نیت سے کرتی ہوں۔ فجر کی سنتوں میں چھ کی چھ سورتیں دونوں رکعتیں میں پڑھتی ہوں باقی سنتوں میں تین تین کر کے پڑھتی ہوں تقریباً مجھے ڈیڑھ ماہ ہوگیا ہے۔

ایک دن میں پہلی دفعہ درس پر اکیلی لوکل وین میں آ رہی تھی لوکل وین میں مجھے جاتے ہوئے بہت عجیب سا محسوس ہو رہا تھا اور وین والے نے گانے لگائے ہوئے تھے میں نے بیٹھتے ہی ڈرائیور سے کہا بھائی اذانوں کا ٹائم ہے آپ یہ بند کر دیں اس نے اُس وقت تو بند کر دیا اور میں یہ وظیفہ پڑھتی رہی ’’رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ‘‘ اس نیت سے پڑھ رہی تھی کہ میں جلدی پہنچ جاؤں اس دن گھوڑا چوک پر جلوس نکلنا تھا اور سارے راستے block تھے جیسے جیسے دیر ہوتی گئی وظیفہ میں بھی تیزی آتی گئی، مجھے ایسا لگتا تھا کہ آج میں درس میں نہیں پہنچ سکوں گی اور اگر پہنچی بھی تو صرف دعا ہی میں شامل ہونگی جیسے جیسے میں ٹائم دیکھتی تھی میری مایوسی میں مزید اضافہ ہو جاتا تھا اور پھر ڈرائیور بھائی نے دوبارہ میوزک لگا دیا اور میرے دیکھنے پر آواز مزید تیز کر دی تو مجھے بے اختیار آنسو آ گئے اور میوزک کی آواز سن کر میں نے ڈرائیور کے لئے دعا کر دی اور پتہ بھی نہ چلا کب منزل آ گئی۔ ابھی تھوڑا سا درس ہی گزرا تھا۔

یَا حَفِیۡظُ کا عمل

میں نے اکیڈمی میں لڑکی کو دیکھا کہ اُس کی آنکھوں پر پُھنسی ہے تو میں نے اُس سے پوچھا: آپ کی آنکھوں میں کیا ہوا ہے....؟ اس نے بتایا کہ چھوٹی عید سے میری آنکھوں پر پھنسیاں نکل آئی ہیں یعنی تین مہینے ہو گئے ہیں آنکھوں پر دو دو تین تین پھنسیاں ہیں۔ میں نے اس کو کہا کہ تم ’’یَا حَفِیۡظُ ‘‘ گیارہ دفعہ، سانس بند کر کے پڑھو اور انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر لگاؤ اور صبح کو نہار منہ یہ عمل کرنے کے بعد تھوک آنکھوں پر لگانا۔ دو دنوں کے بعد میں نے دیکھا کہ اس کی آنکھیں ٹھیک ہو گئی ہیں میں نے پوچھا کہ اب آپ کی آنکھوں کی تکلیف کا کیا حال ہے....؟ تو اس نے مجھے بتایا ’’یَا حَفِیۡظُ ‘‘ کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے بغیر کسی دوا کے شفاء عطا فرما دی۔

ایک دم سے کھانسی غائب

ایک دفعہ درس میں میری بہن کو کھانسی شروع ہوگئی اور درس سننے میں

دشواری ہورہی تھی میں نے ایک سانس میں گیارہ مرتبہ ’’یَا حَفِیْظُ ‘‘ پڑھ کر اس کے منہ پر پھونک ماردی وہ اسی وقت سکون سے بیٹھ گئی اور اُس کو دوبارہ کھانسی نہیں ہوئی۔ اُس نے بعد میں مجھ سے پوچھا کہ تم نے کیا پڑھ کر پھونکا تھا؟ میں نے اسے بتایا کہ ’’یَا حَفِیْظُ ‘‘ پڑھا تھا۔

ایک دفعہ مخصوص ایام کی وجہ سے میرے پیٹ میں شدید درد ہو رہا تھا میں نے گیارہ دفعہ ’’یَا حَفِیْظُ ‘‘ ایک سانس میں پڑھ کر دم کیا کچھ ہی دیر بعد درد غائب ہوگیا۔

اعمال کا ہدیہ کام آ گیا

ایک دفعہ اکیڈمی میں میرا ٹیسٹ بہت گندا ہوا تھا جب میں چیک کروانے کے لیے سر کے پاس گئی تو میں نے ’’کلمہ طیّبہ ‘‘ پڑھ کر سر کو ہدیہ کر دیا سر نے مجھے کہا مجھے سمجھ میں نہیں آ رہی یہ کیا لکھ کر لے آئی ہو لیکن انہوں نے مجھے پاس کر دیا مجھے کچھ بھی نہیں کہا۔

ایک دفعہ اکیڈمی میں میرا ٹیسٹ تھا میں نے بالکل بھی نہیں پڑھا تھا۔ میں نے اول آخر درود شریف ایک بار سورہ فاتحہ اور تین بار سورہ اخلاص پڑھ کر دل میں دعا کی کہ آج ٹیسٹ نہ ہو، جیسے ہی سر کلاس میں آئے کہا ٹیسٹ کریں ۔ میں نے کہا میں نے اتنا بڑا عمل کیا ہے کہ یہ کیسے ممکن ہے۔ خیر سر اتنا کہہ کر کتاب میں مشغول ہوئے اور پھر جب دوبارہ کہا تو سب لڑکیوں نے کہا کہ سر....! ٹیسٹ کل لے لیں آج ٹائم بہت کم رہ گیا ہے اور اچھی طرح یاد بھی نہیں ہے۔ سر نے کہا ٹھیک ہے سر مان گئے۔

یہاں پھونک ماری..... وہاں بیماری ختم

ایک دفعہ میری نانو کی ٹانگوں کی نسیں ایک دوسرے پر چڑھ گئی تھی۔ وہ کافی

دیر تک اسی تکلیف کی کیفیت میں مبتلا رہیں۔ مجھے جب پتہ چلا تو میں نے ٹانگوں کو پکڑ کر سات مرتبہ ’’سورۃ الفاتحہ ‘‘ پڑھ کر پھونک ماری وہ اسی وقت ٹھیک ہو گئیں انہوں نے مجھے کہا کہ پتہ نہیں کہاں سے تم نے یہ اعمال سیکھ لئے ہیں کہ یہاں پھونک ماری اور وہاں بیماری ختم۔

اللہ سے ملانے والا عمل

”سورۃ الفاتحہ“ والا عمل جو آپ نے رمضان میں بتایا تھا۔ ستر مرتبہ ”سورۃ الفاتحہ“ جمعرات کو شروع کرنا ہے اور دس دس کم کرتے جانا ہے اس طرح بدھ کو سورۃ فاتحہ دس مرتبہ پڑھنی ہے۔ اول و آخر درود شریف سات مرتبہ اس عمل سے مجھے بہت سکون ملتا ہے ایسے جیسے اللہ کا نور برس رہا ہے اور دل نور سے بھر گیا مجھے ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے میں اللہ سے باتیں کر رہی ہوں ایک دفعہ میں عمل کرنے کے بعد دعا مانگ رہی تھی مجھے اونگھ آ گئی اور میں نے دیکھا کہ ایک اللہ والے نے مجھے کچھ دیا اور کہا اس کو کھولنا نہیں ہمیشہ اپنے پاس رکھنا اور میری آنکھ کھل گئی اور خواب میں بہت خوشبو آ رہی تھی جیسے ہی میری آنکھ کھلی اس جگہ سے وہی خوشبو آ رہی تھی جو خواب میں تھی۔

کچھ دنوں بعد یہ عمل کرنے کے بعد میں نے وتر پڑھنے تھے میں وتر پڑھ رہی تھی جتنی دفعہ بھی میں وتر کے سجدے میں گئی اتنی خوشگوار مہک آئی کہ میرا سجدے سے سر اٹھانے کو دل نہیں چاہ رہا تھا۔

انگ انگ روشن ہو گیا

میں جب بھی روحانی غسل کرتی ہوں مجھے ایسے لگتا ہے کہ میرا دل نورانی ہو گیا ہے اللہ نے میری بیماریاں جھاڑ دی ہیں اس غسل سے میرا انگ انگ روشن ہو گیا ہے میرے گناہ دھل گئے ہیں اور میں اپنے آپ کو ہلکا پھلکا محسوس کرتی ہوں اس دن میں بہت ہشاش بشاش رہتی ہوں میرا چہرہ روشن ہو جاتا ہے اور ایک روحانی سکون ملتا ہے میں اپنے آپ کو بہت منفرد پاتی ہوں مجھے بہت مزہ آتا ہے۔ **(رابعہ قمر، لاہور)**

ہر حادثے سے حفاظت

میرا بھائی جب بھی سفر کیلئے نکلتا ہے''یَا حَفِیْظُ '' گیارہ مرتبہ پڑھ کر نکلتا ہے وہ کہتا ہے میں ہر حادثے سے محفوظ رہتا ہوں ایکسیڈنٹ ہو بھی تو میں بچ جاتا ہوں میں اللہ کی حفاظت میں رہتا ہوں۔

وہ ایک دن قرآن خوانی کے لیے دوست کے گھر گیا اور موٹر سائیکل کی چابی نکالنا بھول گیا۔ جب واپسی کے لیے اُس نے چابی جیب میں دیکھی تو چابی نہیں تھی اس نے اِدھر اُدھر سب جگہ ڈھونڈی مگر چابی نہیں ملی۔ اُس نے باہر جا کر دیکھا تو موٹر سائیکل کھڑی تھی اس نے ادھر اُدھر دیکھا چابی نہ ملی بعد میں سامنے چار آدمی بیٹھے تھے اس نے ان سے جا کر پوچھا تو انہوں نے کہا: بہت دیر بعد آپ کو یاد آیا ہے.....! انہوں نے پتہ نہیں چابی کیسے واپس دے دی۔''یَا حَفِیْظُ '' پڑھنے کی وجہ سے موٹر سائیکل بچ گئی۔ **(رابعہ قمر، لاہور)**

خوشیوں کی بہاریں

میری پہلی شادی اپنی کچھ بیوقوفی کی وجہ سے ختم ہوگئی تھی اور اب میں سوائے پچھتاوے کے کر بھی کیا سکتی تھی اس مایوسی کی کیفیت میں تسبیح خانہ ہی ایک امید کی کرن نظر آیا اور میں بے بس، لاچار اپنے غموں کی ایک طویل داستان لئے یہاں آئی۔ حکیم صاحب مجھے''یَا عَزِیْزُ یَا وَدُوْدُ'' کا وِرد دیا میری دوسری شادی کیلئے۔ اللہ نے کرم کیا میرا دین دار گھرانے میں رشتہ ہوگیا اور مجھے پھر سے زندگی کی رعنائیاں مل گئیں۔ **(جویریہ)**

گھٹنوں کا درد ختم...... خراب ہاضمہ ٹھیک

میری والدہ نومبر کے مہینے میں شدید بیمار ہوئیں ان کا یورک ایسڈ بڑھ گیا تھا وہ ہسپتال میں بھی داخل رہیں۔ اُنھیں ہارٹ کا بھی عارضہ تھا۔ ہارٹ صحیح طرح پمپ

نہیں کرتا تھا اور یورک ایسڈ کا اثر ان کے گردوں پر بھی پڑا۔ کافی شدید بیمار رہنے کے بعد طبیعت کچھ بہتر ہوئی وہ گھر واپس آئیں۔ ان کے گھٹنوں میں شدید تکلیف تھی چلنا پھرنا محال ہو گیا تھا اور کھانا بھی ہضم نہیں ہوتا ہے رات کو سوتی نہیں تھیں گھٹنوں میں لیٹے بیٹھے ہر وقت تکلیف رہتی تھی پاؤں بھی سیدھے پھیلائے نہیں جاتے تھے ہم پکڑ کے بہت مشکل سے واش روم لے کر جاتے تھے الغرض وہ بہت شدید تکلیف میں تھیں اچھے ڈاکٹر سے ان کا علاج چل رہا تھا لیکن کوئی افاقہ نہیں تھا۔

جب آپ کے درس میں''اَفَحَسِبْتُم اور اذان'' والے عمل کے بارے میں سُنا تو امی نے پانچوں نماز کے بعد یہ عمل سات مرتبہ پڑھنا شروع کیں اور سات مرتبہ اذان پڑھی آپ یقین جانیے کہ کچھ ہی عرصے میں امی کے پاؤں کی تکلیف کم ہوتی گئی پہلے ہم پکڑ کر اُٹھاتے تھے اب وہ خود ہی اُٹھ جاتی ہیں اور واش روم بھی خود چلی جاتی ہیں۔ اب اُن کی صحت بھی اچھی ہوتی جا رہی ہے کھانا کھانے سے پہلے سات مرتبہ یَا حَفِیْظُ پڑھنے سے کھانا ہضم ہوتا ہے بلکہ بھوک بھی خوب لگتی ہے۔ **(مسز غزالہ ریحان، لاہور)**

طریقہ عمل:

☆ سورۂ مومنون (پ 18) کی آخری چار آیات سات مرتبہ اور اذان سات مرتبہ پڑھ کر دائیں اور بائیں کان کا تصور کر کے دائیں اور بائیں کندھے پر دم کریں۔ اگر مریض کے ساتھ اور دیگر احباب بھی دم کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں بلکہ ضرور کریں۔

☆ سخت مجبوری کی صورت میں اگر بیمار خود نہ پڑھ سکے تو بیمار کا تصور کر کے دوسرے احباب بھی پڑھ کر دم کر سکتے ہیں۔

☆ یہ عمل ہر گھنٹے کے بعد کریں' ہر نماز کے بعد بھی کر سکتے ہیں اور روزانہ صبح و شام بھی کر سکتے ہیں۔ وضو بے وضو کر سکتے ہیں' سارے گھر کے افراد مل کر روزانہ کریں تو فائدہ زیادہ ہوگا۔

Khush Jeeyay sarfraz shah vich manchester

☆ خواتین ایام کی صورت میں ''اَفَحَسِبْتُم'' کا عمل نہ کریں ''اذان'' کا عمل کر سکتی ہیں۔ (سورۃ مومنون اور اذان کا عمل آخری صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

(سورۃ المومنون کی آخری چار آیات)

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ٥ فَتَعٰلَى اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ٥ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ٥ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ٥ (سات مرتبہ)

اذان

اَللهُ اَكْبَرُ، اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ، اَللهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ

چوتھے دن ویزہ لگ گیا

ایک سال سے میری بھابھی کا ویزہ نہیں لگ رہا تھا ہم سب بہت پریشان تھے کیونکہ اس کی ڈلیوری کے دن نزدیک آتے جا رہے تھے اور بھابھی کا ایسے وقت میں بھائی کے پاس پہنچنا بہت ضروری تھا۔ میرے بھائی ہانگ کانگ میں ہوتے ہیں۔ ہم نے صرف تین یا چار دن مسلسل ''اذان'' پڑھی اور ویزہ چوتھے دن لگ گیا اور ایک ہفتے کے اندر میری بھابھی ہانگ کانگ پہنچ گئی اب ماشاء اللہ اُن کا بیٹا ہوا ہے۔ (مسز غزالہ ریحان، لاہور)

اپنی مرضی کا کرایہ

ہم ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں درس سننے آتے ہیں گھر سے نکلتے ہوئے اول آخر تین مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ ''سورۃ الفاتحہ'' اور تین مرتبہ ''سورۃ الاخلاص'' پڑھ کے رکشے والے پر پھونک مار دیتے ہیں اور وہ ہمیں اتنے ہی پیسوں میں پہنچا دیتا ہے جتنے ہم اسے کہتے ہیں راستے میں کہیں ٹریفک بلاک ہو جائے تو ''رَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ'' پڑھنا شروع کر دیتی ہوں ٹریفک چلنا شروع ہو جاتی ہے۔

شناختی کارڈ بنوانے میں بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے میں نے سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص پڑھی اور پھونک مار دی بہت ہی آسانی سے کاؤنٹر پر موجود آدمی نے جلدی جلدی سارے کام کر دیئے اور ہمارا شناختی کارڈ جلد ہی مل گیا۔ الغرض سارے کاموں میں آسانی پیدا ہو گئی۔ (مسز غزالہ ریحان، لاہور)

داغ ختم۔۔۔لوگوں کا اسرار شروع

آپ نے اس سال کے درس میں چہرے کی خوبصورتی کیلئے ''يَا خَالِقُ يَا مُصَوِّرُ يَا جَمِيْلُ'' کا وظیفہ بتایا۔ میرے چہرے پر کافی زیادہ داغ تھے ڈاکٹر سے دوائی لینے کے باوجود آرام نہیں آ رہا تھا میں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا تو

ایک ہفتے کے اندر ایسے مدھم ہوئے کہ لوگوں نے پوچھنا شروع کر دیا کہ کیا لگایا تو میں نے بتایا کہ کچھ نہیں لگایا بس میں نے ''یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَاجَمِیْلُ'' وظیفے کو پڑھا ہے صرف ایک مہینہ ہی پڑھا اور فرق پڑ گیا۔

داخلوں کی بھرمار

میں جس اسکول میں جاب کرتی ہوں وہاں کے پرنسپل کافی پریشان تھے کہ نئے سال میں زیادہ داخلے ہونے چاہئیں تھے لیکن اب تک اس طرح کی کوئی صورت حال نظر نہیں آ رہی تھی۔ میں نے اُن کو پریشان دیکھ کر خود بھی سورۃ الکوثر پڑھنی شروع کر دی اور ان کو بھی بتایا کہ سورۃ الکوثر پڑھیں۔ اُنھوں نے بھی پڑی تو اللہ کے حکم سے اتنے داخلے ہونا شروع ہوئے کہ سنبھالنا مشکل ہو گیا۔ **(فارینہ ارم، گجرات)**

بلغم والی کھانسی کا علاج

مجھے دن کے وقت بار بار بلغم آ رہا تھا میں نے دو سے تین نمازوں کے بعد ''اذان اور افحسبتم'' والی آیات کا عمل کیا تو میرا بلغم آنا بالکل بند ہو گیا۔ اصل میں مجھے دو ہی بیماریاں تھیں ایک معدہ کی اور دوسری کھانسی یا بلغم والی۔ مجھے ان دونوں بیماریوں سے صرف ''اذان اور افحسبتم'' والی آیات کا عمل کرنے کی وجہ سے چھٹکارہ ملا اور یہ میری زندگی کا انوکھا تجربہ تھا جس میں بغیر کوئی پھوٹی کوڑی خرچ کئے بیماری کا علاج ہو گیا۔ میں نے ایک بار خواب میں بھی دیکھا کہ میں نے کسی عورت کو ''اذان اور افحسبتم'' والی آیات پڑھتے سنا دور کھڑی وہ عورت یہ کہہ رہی تھی کہ یہ بہترین صدقہ جاریہ ہے۔ آپ ٹھیک فرماتے ہیں کہ لوگوں کو اعمال بتاؤ یہ صدقہ جاریہ بنیں گے۔ میری کزنز کہتی ہیں کہ ہم درس میں دعا کی برکت سے ٹھیک ہوئیں۔ انہوں نے بتایا کہ میری چھوٹی بہن ان کو ''اذان اور افحسبتم'' کی آیات پڑھ کر دم کرتی تھی اور پانی پر بھی پڑھ کر دیتی تھی اس عمل کی برکت سے اُنہوں نے ڈاکٹر کی دوائیاں چھوڑ دیں اور صرف اسی سے صحت یاب ہوئیں۔ **(فرحت، لاہور)**

اذان کی برکت

''اذان'' کی برکت دیکھیں میں نے صرف مسجد سے ہونے والی اذان توجہ سے سنی تو اسی کی برکت سے میرے پیٹ میں کھانے کے بعد جو درد ہو رہا تھا وہ ٹھیک ہو گیا۔ میں حیران رہ گئی کہ صرف ''اذان'' کے سننے میں اتنی برکت ہے تو پڑھنے سے کیا کچھ نہیں ہو گا؟۔

وضو کے تین گھونٹ پانی سے دکھ درد سب ختم

میں اپنے دفتر میں بیٹھی تھی کہ اچانک دوپہر کے کھانے کے بعد میرے پیٹ میں اچانک شدید درد اُٹھا درد اتنا زیادہ تھا کہ برداشت سے باہر تھا پھر میں نے ہمت کر کے ''وضو کے بعد تین گھونٹ پانی'' درد سے چھٹکارے کی نیت سے پیئے تو تھوڑی دیر بعد درد ٹھیک ہو گیا۔

دفتر میں ایک نئی دوست آئی ہے۔ دفتر میں اس کو مستقل گلا خراب رہنے کی شکایت تھی اس کا گلا بھی 'وضو کے بعد تین گھونٹ پانی'' سے بہتر ہو گیا۔ مجھے اگر کوئی بھی تکلیف ہو تو 'وضو کے بعد تین گھونٹ پانی'' پی لیتی ہوں تو وہ تکلیف، غم، دکھ، درد اور حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

معدہ ٹھیک..... طبیعت فریش

میرے معدے میں کچھ گڑبڑ محسوس ہو رہی تھی پھر میں نے آپ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق ''لاہوتی وضو'' کیا اور پھر میرا معدہ بالکل ٹھیک ہو گیا۔ ویسے بھی میں جب ''لاہوتی وضو'' کرتی ہوں تو اپنے آپ کو کافی فریش محسوس کرتی ہوں اور سکون محسوس کرتی ہوں کوشش ہوتی ہے کہ جب یاد آ جائے تو ''لاہوتی وضو'' ہی کروں۔

رشتہ پھر سے بحال ہو گیا

میں نے ایک بار انمول خزانے اپنے سامنے والی ہمسائی کے گھر بھجوائے

کیونکہ اس وقت محلے میں کافی لوگوں کو بانٹے تھے۔ ہماری ہمسائی کی بیٹی کی منگنی ہو کر ختم ہو گئی تھی تو اُس لڑکی نے انمول خزانے کو پڑھنا شروع کیا چند دن کے اندر اُس کی منگنی پھر سے بحال ہو گئی اور وہی لوگ دوبارہ سے اُن لوگوں کے گھر آئے اور معذرت کی۔ کیونکہ بہت توجہ سے عمل پڑھا گیا اور اس وجہ سے نتیجہ فوراً آ گیا یہ صرف اور صرف انمول خزانہ کی برکت سے ممکن ہوا۔

ایک لڑکی اپنی ماں اور بھائی کے ساتھ درس میں آتی تھی۔ وہ لیہ کے قریب سے آتی تھی۔ کہنے لگی: میں نے اپنے خاندان میں بہت سے لوگوں کو انمول خزانے ہدیہ کیے ہیں اور انہوں نے پڑھے اور بہت زیادہ فائدہ ہوا اور ان کے کام بنے ہیں۔

بسم اللہ شریف پر یقین

ایک بار میری کولیگ کے کمپیوٹر سسٹم کا passward ٹھیک نہیں لگ رہا تھا تین چار بار Try کر چکی تھی۔ میں نے کہا کہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر چلاؤ۔ اُس نے صرف ایک بار ہی بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھی تو اس کا سسٹم چل گیا کہنے لگی: آپ ٹھیک کہہ رہی تھیں۔ میں نے اُس سے کہا کہ اعمال سے ہی کام بنتے ہیں۔ میری ایک دوسری کولیگ کو بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پر بہت زیادہ توکل ہے۔ میرا ابھی جب سسٹم خراب ہوتا ہے تو وہ مجھے کہتا ہے کہ آپ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیں پھر کمپیوٹر چلائیں انشا اللہ..... ٹھیک ہو جائے گا۔ واقعی ہر کام بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سے شروع کریں تو وہ کبھی خراب نہیں ہوتا۔

یا حفیظ کے فائدے

مجھے بھی یَاحَفِیۡظُ کے بہت فائدے حاصل ہوئے ہیں۔ میرے بیگ کی زپ اچانک خراب ہو گئی اور میں نے گیارہ بار یَاحَفِیۡظُ پڑھا تو زپ ٹھیک ہو گئی۔ میں آفس میں کام شروع کرنے سے پہلے یَاحَفِیۡظُ پڑھتی ہوں تو مجھے کوئی پریشانی نہیں ہوتی با آسانی کام مکمل ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ میں راستے میں دعا کے بعد گیارہ بار یَاحَفِیۡظُ پڑھتی ہوں تو باحفاظت منزل پر پہنچتی ہوں۔

ایک دن میں آفس سے واپس آ رہی تھی کچھ خواتین کے ساتھ میں رکشے میں بیٹھ گئی تو رکشہ اچانک پل کے اوپر جا کے بند ہو گیا میں پریشان ہو گئی پھر یَاحَفِیۡظُ ذہن میں آیا اور پڑھا تو رکشہ چل پڑا میں نے شکر ادا کیا۔

میری کزن نے بتایا کہ ایک دن اس کی چھوٹی بہن کو کالج کی وین لینے نہ آئی تو اُسے اور چند لڑکیوں کو رکشے میں کالج جانا پڑا لیکن میرے دل کو سکون نہیں آ رہا تھا اس سے پہلے میری بہن نے اس طرح کبھی اکیلے سفر نہیں کیا تھا۔ کہنے لگی: مجھے کچھ سمجھ نہ آئی یَاحَفِیۡظُ پڑھ کر دم کرتی رہی اللہ کی حفیظ ذات نے باعافیت وخیر گھر پہنچا دیا۔ **(فرحت، لاہور)**

عمل ایک فائدے بے شمار

کچھ عرصہ پہلے عبقری میں سورۃ الفاتحہ کے فائدوں کے بارے میں پڑھا کہ اگر کوئی چوٹ یا تکلیف یا بیماری ہو تو سورۃ الفاتحہ پڑھنے سے وہ تکلیف جاتی رہے گی۔ چار یا پانچ سالوں سے اس عمل کی برکات کے اثرات ظاہر ہو رہے ہیں۔ میرے بچے سورۃ الفاتحہ کی برکت سے اب بیمار نہیں ہوتے۔ میرے کندھوں اور سر میں مستقل درد رہتا تھا اب اُس درد میں بہت حد تک کمی آ گئی۔ اگر کوئی بیمار ہو تو اکتالیس دفعہ سورۃ الفاتحہ درود پاک کے ساتھ پڑھ کر دم کر دیتی ہوں تو دوسرے دن بیماری دور ہو جاتی ہے۔ برے خوابوں نے تنگ کیا ہوا تھا سوتے وقت سات دفعہ اذان اسکے ساتھ سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی چاروں قل۔ تین دفعہ یہ عمل کرنے سے بہت حد تک برے خواب آنے میں کمی آ گئی...... ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کرتی ہوں۔ تقریباً ایک ماہ ہونے کو ہے بغیر کسی الارم کے تہجد کے

وقت اُٹھ جاتی ہوں۔ تہجد پڑھ کر سکون ملتا ہے ہر وقت اللہ اور رسول پاک ﷺ کو منانے کی کوشش میں رہتی ہوں ان کی محبت کی بھیک مانگتی ہوں۔

دل میں انجانا خوف تھا......

میں نے بچوں کے ساتھ جوہر ٹاؤن کے علاقے جانا تھا۔ میرے میاں شہر سے باہر گئے ہوئے تھے۔ رات کا وقت تھا اور دل میں خوف تھا میں نے سورۃ القریش پڑھنی شروع کر دی کلام پاک کی برکت سے فوراً رکشہ مل گیا اُس نے کرایہ بھی بہت مناسب مانگا حالانکہ سمن آباد سے جوہر ٹاؤن تک کا کرایہ اور وہ بھی رات کے وقت...... اللہ پاک نے نہایت سہولت اور مناسب قیمت پر مجھے پہنچا دیا۔ (عذرا جمال، لاہور)

طبیعت بحال ہوگئی

آپ نے درس میں لفظِ ''اللہ'' اور ''ھو'' (سانس لیتے وقت یہ تصور کریں اللہ کا نام دل میں جا رہا ہے پھر سانس روک کر یہ تصور کریں کہ اللہ کے نام کے اندر جانے سے دل کی تمام غلاظتیں، سیاہی، بیماریاں دھل رہی ہیں اور ھو کے تصور کے ساتھ سانس کو باہر نکالیں اور یہ تصور کریں کہ اس ھو کے ذریعے تمام روحانی اور جسمانی بیماریاں باہر نکل رہی ہیں) کا مراقبہ بتایا تھا مجھے جب بھی کوئی تکلیف ہوتی ہے میں اس کی طرف رجوع کرتی ہوں۔ ایک بار میں دفتر میں بیٹھی کام کر رہی تھی کہ میرے پیٹ میں درد شروع ہو گیا میں نے چند بار لفظِ ''اللہ'' اور ''ھو'' کا مراقبہ آپ کے بتائے گئے طریقے کے مطابق کیا تو میری طبیعت بحال ہو گئی کوئی درد باقی نہ رہا۔ مجھے یہ مراقبہ کرنے کا بہت مزا آتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک بار مجھے شدید کھانسی شروع ہو گئی میں نے مراقبہ کیا تو فوراً ٹھیک ہو گئی۔

اللہ نے ایسا انتظام کیا....

دسمبر کے اور جنوری کے پہلے ہفتے تک مسلسل شادیاں تھیں جانا بھی دور تھا

اور گاڑی بھی ہمارے پاس نہیں تھی میں نے سورۃ المائدہ کا آسمان کی طرف پھونک مارنے والا عمل کرنا شروع کر دیا کہ اے اللہ تو ہی غیب سے سواری کا انتظام کر دے۔ اللہ نے ایسا انتظام کیا کہ ہم مسلسل گاڑی میں ہی آتے جاتے رہے اور میں حیران رہ گئی۔ (اس عمل کی تفصیل کتاب کے آخر میں ملاحظہ فرمائیں) (ع، ج، لاہور)

قربان جانے کو جی چاہتا ہے

میری عادت ہے میں صبح گھر سے سورۂ کوثر پڑھتے ہوئے نکلتی ہوں اور آج تو کمال ہو گیا۔ میرے آفس پہنچنے کے ٹائم میں بہت ہی برکت ہو گئی۔ ہوا یہ کہ مجھے 9 بجکر 5 منٹ پر ہر حال میں آفس پہنچنا ہوتا ہے۔ پانچ دن سے زیادہ اگر 9:05 سے لیٹ ہو جائیں تو ہماری ایک چھٹی کٹ جاتی ہے اگر چھٹیاں ختم ہو جائیں تو سیلری کٹنا شروع ہو جاتی ہے۔ آج جب میں گھر سے نکلی تو میرا موبائل بند تھا، ٹائم کا بھی اندازہ نہ تھا۔ راستے میں عورتوں سے بار بار ٹائم پوچھتی آ رہی تھی لہٰذا میرے اسٹاپ پر پہنچنے میں دو منٹ باقی تھے۔ پھر میں نے رکشہ لیا اور آفس پہنچ گئی اور الیکٹرانک مشین میں اپنا انگوٹھا Enter کیا۔ دعا کی یا اللہ آسانی فرما دے۔ میں نے جب انگوٹھا ہٹایا تو 9:05 ہی ہوئے تھے لہٰذا سورۃ کوثر کی برکت سے میں وقت پر آفس پہنچ گئی جس کی امید بالکل بھی نظر نہیں آ رہی تھی کیونکہ راستے میں کافی ٹریفک کے مسائل ہوتے ہیں۔ اس سورۃ کوثر پر قربان جانے کو جی چاہتا ہے۔ (ف، ت)

فوراً کسی بڑے ہسپتال لے جائیں

تقریباً 2 سال پہلے میری سب سے چھوٹی بہن ہمارے گھر آئی اچانک اس کے چھوٹے بیٹے غلام مصطفیٰ جو تقریباً سات آٹھ ماہ کا تھا کو تیز بخار ہو گیا اور جھٹکے لگنا شروع ہو گئے اور بیہوش ہو گیا۔ میں اسے لے کر قریبی پرائیوٹ ہسپتال گیا۔ ڈاکٹروں نے اسے فوراً آکسیجن لگائی اور طبی امداد دینے لگے اور مجھے کہا کہ

Khush Jeeway sarfraz shah vich manchester

اس کیلئے آکسیجن والی ایمبولینس منگوائیں اور فوراً کسی بڑے ہسپتال لے جائیں خیر ہم اُسے بڑے ہسپتال لے گئے وہاں جا کر کچھ اس کی حالت سنبھلی۔ چند دن ہسپتال میں داخل رہا پھر اسے گھر لے آئے۔ وہ بچہ پھر کبھی ٹھیک نہ ہوا ایک دو دن ٹھیک ہوتا پھر یکدم بخار اور جھٹکے لگنا شروع ہو جاتے کبھی کیا تکلیف کبھی کیا تکلیف کئی دفعہ ہسپتال داخل رہا کئی جگہ سے دم کروایا تو کوئی فرق نہیں آیا بچہ کچھ دن ٹھیک اور کچھ دن بیمار رہتا اسی طرح تقریباً سال سوا سال گزر گیا بیچاری میری بہن بہت پریشان تھی۔ ایک دن میری بہن حضرت صاحب کے پاس اپنے بیٹے کو لے کر آئی۔ انھوں نے اس بچے کو چیک کر کے روٹی کے 19 ٹکڑوں پر 19,19 مرتبہ ہر ٹکڑے پر سورۃ کوثر پڑھ کر دم کر کے چالیس دن کھلانے کو کہا۔ چالیس دن صبح اور شام اُس نے یہ عمل کیا۔ حالانکہ ایک دن شام کو پڑھنے کا ناغہ بھی ہو گیا اس سورۃ کوثر کے عمل سے الحمدللہ میرا بچہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہے۔

مختصر عرصے میں اپنا گھر.....!

میری چھوٹی بہن اپنے اور اپنے سسرال والوں کے مسائل کے بارے میں بہت پریشان تھی۔ اس کی نندوں کے رشتے کے معاملات، اس کے شوہر کے مالی حالات۔ وہ بیچاری کرائے کے گھر میں رہ رہی تھی۔ اُس نے میرے مشورے پر حضرت صاحب سے رابطہ کیا تو آپ نے اسے ''یَاحَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ'' والا وِرد سوا لاکھ کر کے مسلسل پڑھنے کو دیا اور آیت کریمہ والے نفل روزانہ پڑھنے کو دیئے وہ یہ اعمال کرتی رہی کچھ افاقہ ہوا۔ دوسری دفعہ ملاقات پر حضرت نے دونوں میاں بیوی کو ''یَافَتَّاحُ ، یَا غَالِبُ، یَا عَزِیْزُ'' پڑھنے کو دیا دونوں نے پڑھنا شروع کیا اسکے بعد جب دوبارہ آپ کے پاس آنا تھا تو بہنوئی صاحب نہیں آئے۔ میری بہن اپنی نندوں کو لے کر آئی تو آپ نے میری بہن کو فرمایا تمہارا وظیفہ بالکل ٹھیک ہے، کمی تمہارے شوہر کی طرف سے ہے اس کو میرے پاس بھیجو اور تم یہی وظیفہ پڑھتی رہو۔ اس وظیفہ کی برکت سے اللہ پاک نے اپنے خزانے غیب سے اس کیلئے گھر کا انتظام کر دیا۔ اس کے شوہر کو گولڈن شیک ہینڈ کی آفر ہوئی اس نے قبول کر لی۔ جبکہ پہلے اس کے شوہر کو نوکری کے لالے پڑے ہوئے تھے کئی لوگوں کو نکال دیا گیا تھا۔ اب اُس نے اپنا گھر کراچی میں بنا لیا ہے۔ میری بہن آپ کو بہت ہی دعائیں دیتی ہے اور کہتی ہے کہ مجھے یقین ہی نہیں آتا ہے صرف ایک سال سے بھی کم عرصے میں میں اپنے گھر میں ہوں میرے لئے تو یہ معجزہ سے کم نہیں اور وہ بہت خوش ہے۔ (م۔ج، کراچی)

کھانا اتنا مزے کا مت بنایا کرو

میں نے جب سے درس میں سنا کہ دنیا میں یہ تمام چیزیں اسباب ہیں۔ جیسے پانی ہے اس سے ہماری پیاس نہیں بجھے گی پیاس تو اللہ بجھائے گا۔ اسی طرح کھانا بھوک نہیں مٹا سکتا بھوک تو اللہ مٹائے گا۔ مجھے کھانا بنانا نہیں آتا تھا، میرے ہاتھ میں بالکل ذائقہ نہیں تھا۔ میں جب بھی کھانا بناتی تھی تو سارے گھر والے مجھے بُرا بھلا کہتے کوئی بھی کھانا پسند نہیں کرتا تھا، نکتہ چینی کرتے مجھے اکثر طعنے ملتے۔ بس جب میں نے یہ سنا کہ یہ سب چیزیں ذریعہ ہے یعنی کھانے میں ذائقہ تو اللہ ڈالے گا تو میں نے اللہ سے دعا کی اور کہا کہ اللہ ذائقہ تو ڈال دے۔ اللہ میرے ہاتھوں میں ذائقہ نہیں تو کیا ہوا تو ذائقہ ڈال دے تو تو قادر ہے۔ آپ یقین جانیے دعا کے بعد کھانا بنایا تو کھانا اتنا مزے کا بنا کوئی یقین نہیں کرتا کہ میں نے بنایا ہے۔ اب سب کہتے ہیں اسے تو واقعی کھانا بنانا آ گیا ہے۔ اس میں میرا تو کوئی کمال نہیں اللہ کا کمال ہے۔ آپ یقین جانیے امی کہتی ہیں کہ کھانا اتنا مزے کا مت بنایا کرو۔ کھانا بچتا ہی نہیں ہے میں امی کا منہ دیکھ رہی تھی کہ یہ امی کیا کہہ رہی ہیں۔ اب میں بہت خوش ہوں۔ (رابعہ، لاہور)

جسم کے دردوں سے نجات

میں تسبیحاتِ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی تسبیح تو ہر فرض نماز کے بعد پڑھتی ہی تھی لیکن بس رواجی سی پڑھتی تھی، مجھے معلوم ہی نہیں تھا کہ اس عمل کی اتنی زیادہ برکات ہیں آپ کے درس کی بدولت مجھے پتہ چلا کہ یہ عمل تو بڑے کمالات کا حامل ہے اور اس عمل کی برکت سے پرانے سے پرانا درد بھی خائب ہوجاتا ہے، میرے جسم میں اکثر درد رہتا تھا۔ ایک رات تو ایسے ہوا کہ جیسے میرے اندر جان ہی ختم ہوگئی ہے میں نے اس درد سے نجات کی نیت سے یہ عمل پڑھنا شروع کیا اور اپنے اوپر دم کیا تو میرے جسم میں درد ختم ہوگیا۔ جب بھی کبھی ہوتا ہے تو تسبیحاتِ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی تسبیح دم کرلیتی ہوں اور جسم دکھنا بند ہوجاتا ہے۔

سینے کے درد سے ہمیشہ کیلئے نجات

میرے سینے میں بہت درد ہوتا تھا۔ میں میں جب بھی کوئی کام کرتی یا کوئی کام کرنے کے لئے نیچے جھکتی تو میرے سینے میں بائیں طرف درد ہونا شروع ہوجاتا تھا۔ ایک دفعہ میں ہومیو پیتھک ڈاکٹر سے دوا لینے کیلئے گئی جہاں چیک کروانے کیلئے مریضوں کی لائن لگی ہوئی تھی۔ رش کو دیکھ کر میں بینچ پر بیٹھ گئی تو میری نظر سامنے دیوار پر پڑی جس کے اوپر لکھا ہوا تھا کہ جسم کے کسی حصے میں درد ہو تو یہ قرآنی آیت: ''رَبِّ اغۡفِرۡ وَ ارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ'' پڑھیں تو انشاءاللہ درد ختم ہوجاتا ہے۔ میں نے یہ آیت کسی سے پنسل لے کر ہاتھ پر لکھ لی۔ پھر میں نے اس کو زبانی یاد کیا۔ مجھے دوا کی نسبت قرآنی آیات پر زیادہ یقین تھا کہ اب مجھے آرام آجائے گا۔ میں اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے یہ آیت پڑھ کر دم کرتی تھی۔ خدا کے فضل سے مجھے آرام آگیا۔ اب چھ سال گزر گئے ہیں کبھی بھی میرے سینے میں درد نہیں ہوا۔ آپ بھی پورے یقین سے آزمائیں۔ **(مناحل، رحیم یار خان)**

سالن میں ذائقے کیلئے

اگر سالن بناتے وقت درود شریف یا سورۃ الفاتحہ پڑھ کر پھونک مار دی جائے تو سالن کا ذائقہ بہت مزیدار ہوجاتا ہے۔ پہلے میں سالن بناتی تھی تو گھر کے سبھی لوگ نقص نکالتے تھے۔ کوئی کہتا تھا پانی زیادہ ہے، کوئی کہتا تھا نمک نہیں ہے، کوئی کہتا تھا کہ اس سالن کا ذائقہ ہی نہیں ہے۔ لیکن اب میں سالن یا کوئی بھی چیز بناتے بناتے درود شریف یا سورۂ فاتحہ پڑھ کر پھونک مارتی ہوں تو سبھی کھانے کو پسند کرتے ہیں اور کوئی بھی نقص نہیں نکالتا۔ **(مناحل، رحیم یار خان)**

الرجی سے شفاء یابی

وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پینے والا عمل حیرت انگیز تاثیر رکھتا ہے۔ مجھے کبھی کبھی Skin الرجی کا مسئلہ ہوجاتا ہے خاص طور پر جب کسی تکلیف کی وجہ سے انگریزی دواء مجبوراً استعمال کرنی پڑ جائے تو مصیبت آجاتی ہے۔ Skin پر دانے سے نکلنے شروع ہوجاتے ہیں اب تو ہلکی سی دوا کھانا بھی بہت مشکل لگتی ہے۔ میں نے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی والا عمل شروع کردیا بغیر کسی دواء کے حیرت انگیز طور پر آرام آگیا۔ اور میری بیماری اس طرح ختم ہونے لگی کہ میں خود حیران ہوگئی۔

سورہ قریش کی برکت سے بیٹی مل گئی

میری بیٹی نے ایف ایس سی کے امتحان میں 865 نمبر لیے۔ جب انٹری ٹیسٹ میں شامل ہونے کیلئے گئیتو آپ یقین کریں اتنا رش کہ مجھے ایسا محسوس ہوا رہا تھا جیسے یہ محشر کا میدان ہے اور میں اس میدان کے اندر ہوں۔ میرا تو سانس ہی بند ہونے لگا بڑی مشکل سے اپنے آپ کو سنبھالا۔ پھر بیٹی وہاں گم ہوگئی مجھے اسے ڈھونڈتے ڈھونڈتے تقریباً دو گھنٹے ہوگئے۔ میں نے سورۃ القریش پڑھنا شروع کردی ابھی تھوڑی ہی دیر پڑھی تھی کہ میری بیٹی مل گئی۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اس نے سورۃ القریش پڑھنے کی وجہ سے راہ آسان کردی۔

گرمیوں کے روزے آسان

عبقری رسالہ میں کسی نے پوچھا تھا کہ کوئی ایسا وظیفہ بتادیں جس سے گرمی کے روزے رکھنا آسان ہو جائیں۔ میرا بھی بالکل یہی مسئلہ تھا میں بھی ان ہی کی طرح گرمیوں کے روزوں کے لیے پریشان تھی۔ آپ سے خط کے ذریعے مجھے یہ عمل ملا جہاں میں پچیس گلاس پانی پیتی تھی وہاں اب تقریباً آٹھ پیتی ہوں ابھی چند ہفتے ہی میں نے یہ عمل کیا ہے وہ عمل یہ ہے: صبح وشام ایک تسبیح ''اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ '' پڑھنی ہے۔ اس عمل سے ہاتھوں پاؤں کی جلن بھی کم ہو جاتی ہے۔ گرمی اور لو کا لگنا دور ہو جاتا ہے بلکہ گرمی کا احساس بھی ختم ہو جاتا ہے اور پیاس تو جیسے لگتی ہی نہیں۔ (رابعہ، لاہور)

وقت میں برکت ہو جانا

میں کسی کام میں مصروف تھا۔ میرا کام بہت زیادہ تھا اور میرے پاس ٹائم بہت کم تھا اسی پریشانی کے عالم میں میں نے **سورۃ کوثر** پڑھنی شروع کردی تو میرا کام اس مختصر وقت میں پورا ہو گیا یعنی اس عمل سے ٹائم میں برکت ہوگئی۔

طبیعت میں غصہ اور سختی کا علاج

حکیم صاحب! آپ نے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی کا عمل بتایا تھا۔ ہمارے مدرسے میں اساتذہ نے بھی کیا اور اس کے بہت ہی زیادہ نفعے پائے۔ پہلے میں کسی خاص مقصد سے تو نہیں پیتی تھی بس یہ پتہ تھا کہ اس سے طبیعت میں نرمی اور بُرد باری آتی ہے، غصہ کم ہو جاتا ہے پھر اس کا تجربہ میں نے خود کیا تو واقعی میری طبیعت میں نرمی آگئی ہے اور جو غصہ چڑ چڑا پن تھا وہ سارے کا سارا دور ہو گیا۔ (مریم عطاء اللہ)

بغیر اسباب حرمین کا سفر

میری ایک دوست نے عبقری میں ''ایک عمل کے دس کرشمے'' کے نام سے پچھلے سال ایک عمل پڑھا تھا وہ عمل یہ تھا: '' اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ

وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَاءُ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ '' چلتے پھرتے کثرت کے ساتھ اس دعا کو پڑھنا تھا اور کم از کم ایک سوالاکھ ختم کرنا تھا۔ انہوں نے حج کی نیت اور مشکلات کے رفع ہونے کی نیت سے اس وظیفے کو پڑھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسی سال حج کیلئے قبول فرمایا لیا۔ ان شاء اللہ وہ اسی سال حج کے مبارک سفر پر روانہ ہو جائیں گے۔ میری دوست کو تو پتہ بھی نہ تھا اچانک ان کے شوہر نے آکر یہ خوشخبری سنائی کہ ہم اسی سال ہی بچوں کے ساتھ حج پر جائیں گے۔ اگر یہ عمل صرف آپ صبح وشام ستائیس مرتبہ بھی کرلیں تو مستجاب الدعوات بن جائیں گے۔ یہ عمل کتاب مشکلات کے پہاڑ صفحہ 76 پر بھی ہے۔ **(اہلیہ عطا اللہ)**

گھریلو رزق میں برکت ہی برکت

سورہ کوثر کے عمل سے میرے گھر میں اتنی برکت ہوئی کہ اللہ گواہ ہے میرے گھر کے راشن میں تو جیسے کوئی غیبی خزانہ شامل ہو گیا اب گویا کہ عالم یہ ہے کہ اللہ پاک کے خزانے میرے سامنے کھلے پڑے ہوں اور میں جو چاہوں اُٹھا رہی ہوں کچھ ایسا خاص کرم اللہ پاک نے میرے اُوپر کیا ہوا ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ جب بھی گھر میں راشن لایا جائے تو اس میں کم از کم ۱۴۱ مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر دم کردی جائے۔ اور اسکے علاوہ صبح وشام ۱۲۹ مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کسی کپڑے کی تھیلی پر دم کی جائے اور اس تھیلی میں ہی اپنے پیسے وغیرہ رکھے جائیں۔ **(عظمیٰ اعجاز)**

شرمندگی کا احساس اور اللہ کی مدد

میرا ایک کان خراب ہو گیا تھا جس کی وجہ سے میں نے آلہ سماعت لگوایا جو کہ سیل کی مدد سے چلتا ہے۔ بہت چھوٹا ہوتا ہے تقریباً ایک سال تک چل جاتا ہے اور جب ختم ہونے لگتا ہے تو وہ رک رک کے چلتا اور زیادہ سے زیادہ 15 سے 20 منٹ میں ختم ہو جاتا تھا۔ اس بار جب میں نے سیل منگوائے تو اس پر **سورۃ الکوثر** پڑھ کر پھونک ماردی۔

مجھے کسی عزیز کی طرف جانا تھا اتوار کی وجہ سے سب دکانیں بند تھیں اچانک سیل رکنے لگا میں پریشان ہوگئی کہ اب کیا کروں جانا بھی ضروری تھا اور یہ احساس بھی تھا کہ اگر وہاں سیل ختم ہوگیا تو میں ٹھیک طرح سن نہیں سکوں گی اور بہت شرمندگی ہو گی۔ گھر سے دعا مانگ کے نکلی کہ اللہ تو میری مدد کرنا اور وہاں بھی اللہ سے باتیں کرتی رہی مدد مانگتی رہی۔ دوپہر دو بجے سے رات نو بجے تک وہی سیل چلا۔ جب ہم وہاں سے واپسی کیلئے نکلے گھر آنے تک وہ چلتا رہا۔ گھر آ کر عشاء کی نماز پڑھی سجدہ شکر ادا کیا اور اللہ سے دعا کی کہ یا اللہ آج جس طرح تو نے میری مدد کی اور مجھے شرمندہ ہونے سے بچایا اور واپس گھر تک پہنچایا۔ اے اللہ! تو اسی طرح روز قیامت بھی میری مدد کرنا مجھے ہر طرح کی شرمندگی سے بچانا اور انبیاء کرام کے سامنے، نبی پاک حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اور خاص طور پر اپنے سامنے شرمندہ ہونے سے بچا کر جنت تک میرا ساتھ دینا۔ **(عظمیٰ اعجاز)**

منہ کے دانوں کا حل

حکیم صاحب نے فرمایا تھا وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیا کریں۔ یہ میں نے بارہا آزمایا ہے بہت فائدہ مند اور لاجواب عمل ہے۔ میں نے منہ کے دانوں کیلئے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیا تو دانے ٹھیک ہو گئے۔ میں بیمار ہوئی تو دوا کے ساتھ ساتھ میں نے یہ عمل بھی کیا حتیٰ کہ کچھ بُرے خیالوں اور سوچوں کیلئے بھی میں نے یہ عمل کیا ہے ایک دن یا چند دنوں میں ٹھیک ہو جاتی ہوں۔

دل کے مرض سے نجات

اللہ تعالیٰ نے مجھ پر بہت کرم کیا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے عبقری رسالہ سے بہت سی معلومات ملی ہیں، بہت فائدہ ہوا ہے۔ میرے گھریلو حالات خراب تھے شوہر کو ہارٹ کا پرابلم تھا۔ حضرت حکیم صاحب نے ایک وظیفہ بتایا تھا ''اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّآاِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ ''میں نے مکمل لگن اور یکسوئی

سے وظیفہ تین ماہ کیا دس مئی کو شوہر کا آپریشن ہوا اور ماشاءاللہ کامیاب رہا۔ حضرت حکیم صاحب نے مجھے مزید عمل کرنے کے لیے کہا تھا جو کہ میں نے کیا اور اب الحمدللہ میرے شوہر بالکل ٹھیک ہیں دس اگست کو ان کا چیک اپ تھا جو کہ ٹھیک رہا اور دوائی بھی کم ہوگئی تھی 19 ستمبر کو پھر چیک اپ تھا ماشاءاللہ رپورٹ بالکل ٹھیک تھی تین دوائیاں مزید کم کردی گئی ہیں اور نماز بھی باقاعدگی سے پانچ وقت پڑھتے ہیں تسبیحات بھی کرتے ہیں ان کی رہائش کا بھی مسئلہ حل ہوگیا ہے۔

جب سے وظیفہ شروع کیا تھا اس وقت سے ہمارا ٹی وی خراب ہے چھ ماہ ہو گئے گھر میں سکون ہے، بس اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتی ہوں۔ میں اللہ سے رو رو کر دعا کرتی ہوں کہ یا اللہ ہمارا خاتمہ ایمان پر کرنا اور مرتے وقت کلمہ نصیب فرمانا میں درس بھی سنتی ہوں۔ حضرت صاحب کا لب ولہجہ بات کرنے کا انداز بہت اچھا ہے انسان خود بخود ہی متاثر ہوتا ہے۔ **(اہلیہ محمد اکرام)**

غصّے کی عادت سے چھٹکارہ

میرے جسم میں مسلسل درد رہتا تھا جس وجہ سے میں نے ایک مالش والی لگائی ہوئی تھی جو روزانہ آ کر میری مالش کر جایا کرتی تھی۔ لیکن جب سے روحانی غسل کے حیرت انگیز فوائد کے بارے میں پتا چلا تو روحانی غسل شروع کر دیا اور مالش والی کی چھٹی ہوگئی۔

میرا بچہ حافظ قرآن ہے اُس کے اندر بہت غصہ تھا بات بات پر لڑتا تھا لیکن روحانی غسل سے اس کا غصہ جاتا رہا۔ میں نے اپنے مدرسے کی سب عورتوں اور بچیوں کو روحانی غسل کے بارے میں بتا دیا ہے اور سب نے شروع کر دیا ہے۔ **(ام فرح)**

مزاج میں نرمی کیلئے

میرے شوہر ملک سے باہر رہتے تھے اور پاکستان واپس نہ آتے تھے۔ ان کا رویہ بھی میرے ساتھ ٹھیک نہ تھا اور خاندان کے لوگ بھی اکثر ان سے دور ہی

رہتے تھے۔ حکیم صاحب نے مجھے سورۃ الفیل پڑھنے کا مشورہ دیا۔ چند ماہ بعد ہی میرے خاوند کا رویہ بدل گیا اور واپس وطن لوٹ آئے۔ ہمسائیوں، رشتہ داروں کا سلوک بھی بہتر ہوگیا۔ برسوں سے رُکے کام چلنے لگے جن کے ہونے کی توقع ہی نہ تھی۔ بیٹے کو بیماریوں نے جکڑ لیا تھا وہ صحت یاب ہوگیا اللہ پاک نے اپنے کلام کے صدقے تمام بگڑے کام بنادیئے۔ اللہ حکیم صاحب کو جزائے خیر دے۔ آمین ثم آمین۔ (ر۔کوثر)

پانچ سو روپے کی غیبی مدد

ہمارے گھر کے حالات بہتر ہونے لگے تو دشمنوں نے پھر سفلی عمل کا وار کیا اور حالات دوبارہ خراب ہونے لگے۔ میرے خاوند کا کام بند ہوگیا اور کھانے کو ترسنے لگے مشکل سے دال روٹی پوری ہوتی تھی۔ میں حضرت حکیم صاحب کے پاس حاضر ہوئی تمام حالات بیان کیے آپ نے مجھے برکت والی تھیلی پر سورۃ الکوثر 129 بار پڑھنے کو کہا بس پھر کیا تھا آپ کی دعاؤں اور سورۃ الکوثر نے کام کر دکھایا اور میرے خاوند کو کام ملنے لگا اور زندگی میں سکون آ گیا بلکہ ایک بار ایسا بھی ہوا کہ برکت کی تھیلی پر پڑھتے ہوئے چند دن ہی ہوئے تھے میرا بیٹا کچھ سامان لانے کی ضد کرنے لگا۔ میں نے اسے کہا کہ پاپا خرچہ دیں گے تو لے لینا۔ کہنے لگا: آپ کی تھیلی میں پیسے ہوتے ہیں اُس میں سے دے دیں۔ میری تھیلی میں چند پانچ کے اور دس کے نوٹ تھے۔ میں نے اُسے دِکھانے کے لئے تھیلی کو الٹا کیا تو اس میں سے پانچ سو کا نوٹ نکل آیا شائد وہ اللہ کی طرف سے انعام تھا سورہ کوثر پڑھنے کی وجہ سے۔

موبائل مل گیا......!

حکیم صاحب نے ہر نماز کے ساتھ ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ '' کی تسبیح بتائی تھی۔ اس کا ایک عجیب مشاہدہ ہوا کہ باہر جاتے ہوئے میں نے موبائل بیگ کی باہر والی جیب میں رکھ لیا اور چلی گئی۔ جب گھر واپس آئی تو موبائل بیگ میں نہیں تھا۔ بیٹے سے موبائل پر بیل دینے کو کہا تو معلوم ہوا موبائل Off ہے۔ بیٹا کہنے لگا: لگتا ہے کسی نے موبائل نکال کر Off کر دیا ہے کہ Trace نہ ہو سکے۔ ایک لمحے کے لئے تو میں پریشان ہوگئی لیکن جب خیال آیا کہ حضرت صاحب نے ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' کی تسبیح دی ہوئی ہے اور میں پڑھ بھی رہی ہوں تو دل کو سکون ہوگیا۔ میں نے بیٹے سے کہا کہ میرا موبائل گم ہی نہیں سکتا یعنی یقین دل میں راسخ تھا کچھ دیر بعد کسی کام سے نیچے گئی تو موبائل بالکل سامنے فریزر پر رکھا تھا۔ (م۔ج)

اللہ کی مدد آ گئی

اس جمعہ کو میں اپنی ساس کی طرف گئی تھی۔ ہمارا گھر سمن آباد میں ہے۔ ہم پانچ لوگ دو موٹر سائیکلوں پر تھے آتے ہوئے میرے میاں کی موٹر سائیکل راستے میں خراب ہوگئی رات گیارہ بجے کا وقت تھا۔ میں بڑے بیٹے کے ساتھ تھی اور چھوٹا بیٹا اور بیٹی ان کے ساتھ تھے۔ سخت پریشانی ہوئی میں نے فوراً ''انمول خزانہ نمبر 2'' پڑھنا شروع کر دیا اور بیٹی سے کہا: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا ورد کرتی رہو کچھ ہی دیر گزری تھی کہ اللہ کی مدد فوراً پہنچی موٹر سائیکل اسٹارٹ ہوگئی اور ہم بخیرو عافیت گھر پہنچ گئے الحمدللہ۔ اسی طرح دسمبر اور جنوری میں تین چار شادیاں تھیں اور اپنی گاڑی نہ ہونے کی وجہ سے آنا جانا مشکل تھا۔ میں نے حضرت صاحب کا بتایا ہوا عمل: اول آخر تین بار درود شریف اور حضرت عیسیٰؑ کی دعا: ''اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ'' (سورۃ مائدہ 114) یہ دعا پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکنا شروع کر دیا اور اللہ کریم نے رحمت کر دی تمام شادیوں میں اللہ کی طرف سے کوئی نہ کوئی خود بخود گاڑی لے کر آتا رہا کہ ہمارے ساتھ آ جائیں اکٹھے چلتے ہیں۔ (عذرا جمال)

20 سال پُرانا بلڈ پریشر ختم

میری امی کو بلڈ پریشر کی بیماری 20 سال سے تھی۔ B.P ہمیشہ ہائی رہتا تھا low بہت کم ہوتا تھا۔ بہت علاج کروایا لیکن B.P کی گولی روزانہ کھانا پڑتی تھی پھر کہیں جا کر Control رہتا تھا لیکن امی سے گولی پابندی سے نہیں لی جاتی تھی وہ بہت پریشان تھیں کہ یہ دوائیاں تو جان ہی نہیں چھوڑتیں...... سب کہتے تھے: B.P کی دوائی تو ہر روز کھانی چاہیے تو پھر B.P کنٹرول میں رہتا ہے اور یہ دوائی ایک دفعہ لگ جائے تو مرنے کے بعد ہی جان چھوڑتی ہے نہ کھائیں تو مسئلہ بن جاتا ہے بلڈ پریشر بہت بری بیماری ہے۔ امی کا B.P low تو ہوتا نہیں تھا ہمیشہ High ہی رہتا تھا، ہر وقت سرخ چہرہ اور سر میں درد رہتا تھا۔

ایک دن حضرت صاحب کے درس کی کیسٹ سن رہے تھے موضوع تھا وضوء کے برکت والے پانی کے کیا کیا فائدے ہیں۔ امی نے اسی دن سے اس پر عمل کرنا شروع کر دیا۔ وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پینے شروع کر دیئے۔

یقین کریں......! اب میں امی کا B.P چیک کرتی ہوں تو Normal رہتا ہے نہ High نہ Low امی بہت خوش ہیں دوائی سے بھی جان چھوٹ گئی ورنہ روزانہ دواء لینی پڑتی تھی اور آرام پھر بھی نہیں آتا تھا امی کا B.P بالکل ٹھیک ہو گیا صرف اور صرف وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی کی برکت سے...... اللہ کا کرم ہے کہ بیس سال پرانے بلڈ پریشر سے جان چھوٹ گئی اور B.P نارمل ہونے لگا۔ اب ہم سب بھی وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی ضرور پیتے ہیں اس کے علاوہ امی کے گھٹنوں میں درد رہتا تھا، جسم میں درد تھا اللہ کے کرم سے وہ بھی ختم ہو گیا اب چکر بھی کم آتے ہیں یہ بہت بابرکت پانی ہے۔ **(ہمشیرہ ریاست)**

جسمانی اور اخلاقی بیماریوں کا علاج

درس میں روحانی غسل کے عمل بارے میں معلوم ہوا اور اس کے کرشمات کو سن کر حیران رہ گئی کہ یہ کیسا انمول عمل ہے بغیر کوئی پیسہ پائی خرچ کیے ناممکن سے ناممکن بیماری ختم ہو جاتی ہے۔ جبکہ آج کے دور میں صرف نزلہ، کھانسی، بخار پر سیکڑوں روپے خرچ ہو جاتے ہیں۔

میں نے اپنے لیکوریہ مرض کیلئے یہ عمل کیا تو مجھے پرانے لیکوریہ کے مرض سے نجات مل گئی۔ اس کے علاوہ کچن میں مسلسل کھڑے ہو کر کام کرنے کی وجہ سے میرے سر اور کمر میں درد شروع ہو جاتا تھا میرا یہ مسئلہ بھی ''روحانی غسل'' کا عمل کرنے کی برکت سے حل ہو گیا۔ مجھے اس عمل سے ایک روحانی فائدہ یہ ہوا کہ ٹی وی دیکھنا تقریباً چھوڑ دیا ہے، ڈائجسٹ پڑھنے کی بیماری تھی شکر ہے اُس رب کریم کا کہ یہ بری عادات خود بخود چھوٹ گئیں۔

بلڈ پریشر کے مرض سے نجات

میری بڑی ہمشیرہ کی عمر 75,70 برس ہے۔ ان کو بلڈ پریشر کا مسئلہ تھا۔ ان کا بلڈ پریشر اکثر ہائی رہتا تھا تو میں نے انہیں ایک مرتبہ ''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی'' والا عمل بتایا لیکن انہوں نے نہ کیا، 4,3 دن پہلے انہوں نے مجھ سے فون پر پوچھا کہ آپ نے کیا عمل بتایا تھا؟ میں نے دوبارہ وہی عمل انہیں اچھی طرح سمجھا دیا کہ پہلے گھونٹ پر اَللّٰہُ شَافِیۡ دوسرے پر اَللّٰہُ کَافِیۡ اور تیسرے پر اَللّٰہُ مُعَافِیۡ کہنا ہے تو اُنہوں نے یہ عمل شروع کر دیا۔ آج جب فون پر بات ہوئی تو میں نے حال احوال پوچھا تو کہنے لگیں کہ الحمدللہ اب لگتا ہے کہ میں ٹھیک ہو گئی ہوں۔ **(اہلیہ اعجاز صاحب)**

معاشی حالات بہتر ہو گئے

میں نے رمضان المبارک میں ''برکت والی تھیلی سے مالدار

بننے کا عمل کیا'' (جو عبقری رمضان ایڈیشن میں شائع ہوا تھا) اس عمل کو کرنے سے میرے معاشی حالات بہتر ہو گئے ہیں اور کاروباری مسائل حل ہو گئے ہیں۔ (**مسز جاوید: لاہور**)

موڈ خراب نہیں ہوتا

میرے سر میں اگر درد ہو رہا ہو یا میرا وجود بھاری ہو رہا ہو تو میں روحانی غسل کرتی ہوں سکون مل جاتا ہے۔ بیٹوں کیلئے بھی روحانی غسل روزانہ کرتی ہوں۔ جس دن نہ کروں تو کسی نہ کسی کا موڈ خراب ہو جاتا ہے۔ روحانی غسل کی برکت سے ان کی طبیعتوں میں سکون رہتا ہے۔

میرے چہرے پر الرجی اور سیاہ داغ ہے میں نے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینا شروع کیا۔ اس سے مجھے 99% فرق پڑا ہے۔ (**والدہ عظیم، لاہور**)

ڈپریشن کا خاتمہ

مجھے ڈپریشن نے پاگل کیا ہوا تھا۔ بہت سے ڈاکٹرز کو دکھا چکی تھی۔ لیکن دوائیوں سے کوئی فرق نہ پڑا۔ بیٹھے بیٹھے میرا دل گھبرانا شروع ہو جاتا تھا جیسے بس آخری سانس ہے۔ کندھوں کے پٹھے کھنچ جاتے تھے۔ پھر میں نے روحانی غسلکیا اور درس میں شرکت کرتی رہی۔ اب مجھے ایسا لگتا ہے جیسے کوئی مسئلہ ہی نہیں۔

مجھے اگر سر درد ہو یا پیٹ میں تکلیف ہو غرضیکہ کوئی بھی مسئلہ ہو میں وضو کے بعد تین گھونٹ پانی اس کی نیت کر کے پیتی ہوں اور چوتھا گھونٹ درد والی جگہ پر لگا لیتی ہوں فوراً فرق پڑ جاتا ہے۔

دانتوں کے درد کیلئے

یہ عمل دانتوں کے درد کیلئے عبقری میں آیا تھا۔ عمل: عشاء کی وتروں کی پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ النصر دوسری رکعت میں سورۃ لہب اور

تیسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھنی ہے اس عمل کو کرنے سے پچھلے سالوں سے میرے دانتوں میں درد نہیں ہوا۔ (**ہمشیرہ عبدالرؤف: لاہور**)

مقعد کے دانوں کا علاج

میرے ماموں کے مقعد پر پیپ والے تین دانے ہو گئے۔ انہوں نے دو دفعہ آپریشن کروایا لیکن کوئی فرق نہ پڑتا تھا۔ دوبارہ ہو جاتے تھے۔ میری نانی اماں نے ماموں کی نیت کر کے وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پینا شروع کر دیئے۔ وضوء کے پانی کی برکت سے انہیں خود پتہ نہیں چلا وہ کیسے ٹھیک ہو گئے اور تیسرے آپریشن کی ضرورت نہ پڑی۔ (ہ۔ ع، لاہور)

مہروں کی بیماری سے نجات

میرے ماموں بازار سے آئے۔ اچانک ان کی کمر میں تکلیف شروع ہو گئی اور وہ Paralise ہو گئے۔ اُن کے مہروں کو ہوا لگ گئی تھی۔ اُن کے آپریشن پر تقریباً نو لاکھ روپے لگنے تھے۔ گھر والے 101 دفعہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کے ان کے دائیں اور بائیں کان میں پھونکتے تھے اور ہر وقت سورۃ البقرۃ کی تلاوت کرتے تھے۔

ڈاکٹرز نے کہا کہ ابھی ہم کچھ دن اور دیکھتے ہیں شاید کوئی حرکت ہو جائے اور آپریشن نہ کرنا پڑے۔ اس ذکر کی برکت سے اُن کے انگوٹھے میں حرکت ہوئی اور پھر چند ہی ہفتوں میں وہ ٹھیک ہوئے۔

برکت کے 3 خزانے

﴿1﴾ ایک دفعہ ایسے ہوا کہ میرے میاں کو پیسوں کی ضرورت تھی انہوں نے صبح 129 بار سورۃ الکوثر پڑھ کے تھیلی پر دم کیا۔ اس کے بعد انہیں فون آیا کہ آپ کے پاس جو مال ہے وہ آپ ہمیں دے دیں اور پیسے لے لیں۔ یہاں تک کہ اس

بندے نے اگلے مال کے ایڈوانس پیسے دئے۔ جب جب ہم نے اس کو پڑھا ہے فائدہ ہوا ہے۔ اگر کھانے پر سورۃ الکوثر کا دم کریں تو برکت ہوتی ہے۔ ایک بار میں نے قرآن خوانی کروائی۔ مجھے لگا کہ افراد زیادہ ہیں اور کھانا کم ہے۔ میں نے سات بار سورۃ الکوثر پڑھ کر کھانے پر دم کر دیا۔ اتنی برکت ہوئی کہ کھانا بچ بھی گیا۔

﴿2﴾ میں نے جس بھی نیت سے روحانی غسل کیا ہے میرا وہ کام ہوا ہے۔ میرے میاں کی خواہش تھی کہ ایک بہت اچھا آرڈر ہے وہ انہیں مل جائے۔ جس دن اس کا فیصلہ ہونا تھا میں نے روحانی غسل کیا اس کے ٹھیک دو گھنٹے کے بعد وہ آرڈر انہیں مل گیا۔

﴿3﴾ ایک دن میرے پیٹ میں بہت سخت درد تھا اس پیٹ درد میں میری طبیعت بہت زیادہ خراب ہوگئی اور میں بہت ہی اذیت میں مبتلا ہوگئی۔ میں نے اس کی نیت کر کے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیا۔ اس کے بعد درد ایسا ختم ہوا جیسے تھا ہی نہیں۔ **(والدہ عمر بشیر بھٹی، لاہور)**

بازو کا درد ختم

ایک دن میرے بازو میں شدید درد ہو رہا تھا اُٹھایا نہیں جا رہا تھا میں نے سچی نیت کر کے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیے فوراً آرام آ گیا۔ پچھلے دنوں بچوں کو بخار تھا اذان کا عمل کیا ٹھیک ہو گئے۔ سورۃ الکوثر 129 دفعہ پڑھنے کی برکت سے تھیلی خالی نہیں ہوتی۔

بیماریوں سے شفاء کیلئے

میں بہت بیمار تھی مجھے اندرونی طور پر بہت تکالیف تھیں miscarrige کی وجہ سے بہت کمزور ہو گئی تھی چلنا پھرنا محال تھا۔ حکیم صاحب نے مجھے اولاد کیلئے وظیفہ بتایا۔ میں تو صحت کیلئے آئی تھی کہ بچے دینا نہ دینا اللہ کے ہاتھ میں ہے اپنے باقی بچوں

کی دیکھ بھال تو کرنے کے قابل ہو جاؤں۔ حکیم صاحب نے 313 دفعہ سورۃ الکوثر ہر نماز کے بعد پڑھنے کیلئے دی اس سے اللہ کا شکر ہے میں بھاگتی پھرتی ہوں۔ پہلے مجھ سے سیڑھیاں نہیں چڑھی جاتی تھیں اب میں دن میں کئی کئی بار سیڑھیاں چڑھتی ہوں۔ **(اہلیہ سید رضوان علی شاہ، لاہور)**

نافرمان اور بداخلاق اولاد کیلئے

حکیم صاحب میرے گھر میں شیطانی چیزوں نے فساد برپا کیا ہوا تھا۔ میری فیملی کے لوگ پڑھے لکھے ہیں مگر میرے لیے زیرو تھے۔ یہاں تک کہ ایک دن رمضان سے دو دن پہلے میرا فرمانبردار بیٹا جو میرے سامنے آنکھ نہیں اٹھاتا تھا اور میرا خرچہ اٹھایا ہوا تھا۔ اچانک مجھے گالیاں دینے لگا۔ جمعرات کو باقاعدہ اس نے مجھے مارا اور گلا دبایا اور بیٹی تو مجھ سے نفرت کرنے لگی تھی۔ میرے خاوند نے مجھے بہت عرصہ پہلے Divorce دے دی تھی اور اُس نے بہو کے ساتھ مل کے جادو کروایا۔ اُن کا مقصد یہ تھا کہ بچے مجھ سے دور ہو جائیں اور مجھے اولڈ ہاؤس چھوڑ آئیں۔ میں خالہ کے گھر چلی گئی اور وہیں اعتکاف کیا میں نے 21 دفعہ دو انمول خزانے کبھی کبھی پڑھنا شروع کیے لیکن عید کے بعد باقاعدگی سے دو انمول خزانے پڑھنا شروع کیے اور یہی دعا کی کہ اے اللہ ان کے دلوں میں جو نفرت ڈالی گئی ہے جادو تعویذ کے ذریعے سے وہ ختم ہو جائے اور میرے بچے دوبارہ مجھ سے محبت کرنے لگ جائیں۔

الحمدللہ دو انمول خزانے کی برکت سے میری بیٹی مجھے خود منا کے لے کر گئی اور وہی بیٹا جو مجھے مارنے کے درپے تھا اب میری بہت عزت کرتا ہے اور میرا خیال رکھتا ہے۔ وہ بیٹی جو مجھ سے نفرت کرتی تھی اور کمانے کے باوجود مجھے پیسے نہیں دیتی تھی اب وہ میری فرمانبردار ہے۔ روزانہ انہیں دو انمول خزانے پڑھ کے دم کر کے پلاتی ہوں۔ اب میں کہتی ہوں کہ اے اللہ! انسانوں کے پیچھے بھاگ کے بہت دیکھ لیا اب اپنا اور کملی والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عشق عطا فرما۔ **(اہلیہ نوید عمر فیضی، لاہور)**

فرشتوں کو متوجہ کر دینے والا عمل

حکیم صاحب نے سورۃ الکوثر کا سوالا کھ کرنے کیلئے دیا تھا۔ جس کی وجہ سے دعائیں بھی پوری ہوتی ہیں اور اگر کوئی گھر کا مسئلہ ہو تو اس کی برکت سے ایسے لگتا ہے جیسے فرشتے قریب بیٹھے سن رہے ہیں اور اللہ فوراً حل کر دیتا ہے۔

سورۃ الکوثر کی برکت سے گھر کی ساری پریشانیاں ختم ہو گئیں ہیں۔ میری برکت والی تھیلی بھری رہتی ہے۔ لوگوں کو دیتی ہوں پھر بھی اللہ پاک غیب سے اُسے بھر دیتا ہے۔ برکت والی تھیلی اور سورۃ الکوثر وقت کی ضرورت ہے۔

ہیپاٹائٹس سی سے نجات

میری امی کو ہیپاٹائٹس سی تھا۔ اُن کا گلہ بند ہو گیا اور منہ میں چھالے نکل آئے تھے پانی بھی نہیں گزرتا تھا۔ میں نے اُنہیں وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے کو بتائے۔ اُنہوں اس عمل کو باقاعدگی سے کرنا شروع کر دیا اور اب الحمدللہ وہ بالکل ٹھیک ہو گئیں ہیں۔ تسبیحات فاطمہ پڑھنے سے جسم میں تھکن بالکل نہیں ہوتی اور بندہ بالکل فریش اٹھتا ہے۔

ڈر خوف سے نجات

میں نے عبقری میگزین بہت لوگوں کو دیا ہے اور یقین کے ساتھ پڑھنے کا کہتی ہوں لوگوں کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ میرا عبقری پر دل آیا ہوا ہے۔ یہ سب اللہ تک پہنچنے کے راستے ہیں۔ ماہنامہ عبقری کی باتیں دل کو چھوتی ہیں۔ میں نے عبقری میگزین سے ایک وظیفہ لیا تھا ''یَارَحْمٰنُ'' بہت کمال کا وظیفہ ہے۔ سات دفعہ ''یَارَحْمٰنُ'' پڑھنے سے ہر قسم کا ڈر ختم ہو جاتا ہے۔ میں چھپکلیوں سے ڈرتی تھی یہ پڑھنے سے میرا ڈر ختم ہو گیا اور اللہ تعالیٰ پر یقین پختہ ہوتا جا رہا ہے۔ (ا۔ ب۔ ج، لاہور)

معاشی تنگی کا حل

حکیم صاحب! میرے ابو کویت سے واپس آئے تو بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ میرے ابو اپنا گھر بنانے کیلئے رضامند نہیں تھے۔ آپ کے پاس آئے تو آپ نے سوالاکھ دفعہ آیت کریمہ پڑھنے کو بتائی۔ اس وظیفے کی برکت سے اب ہمارا گھر بن گیا ہے اور گھر میں سکون ہے۔ مشکلات حل ہو گئی ہیں۔ عبقری پڑھنے سے معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ **(بنت شفیق احمد: اسلام آباد)**

میرا داخلہ ہو گیا

میں نے کالج میں داخلہ لینا تھا لیکن میرا لسٹ میں نام نہیں آ رہا تھا میں نے دو انمول خزانہ نمبر 1 صبح و شام 21 دفعہ اور دو انمول خزانہ نمبر 2۔ 313 دفعہ پڑھنا شروع کر دیا اس کی برکت سے میرا داخلہ ہو گیا۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ 3 دفعہ پڑھ کے جہاں آگ لگے وہاں پھونک دینے سے آگ بجھ جاتی ہے۔ ایک دفعہ ہمارے سامنے والے گھر کی جھاڑیوں میں آگ لگ گئی میں نے اَللّٰہُ اَکْبَرُ 3 دفعہ پڑھ کر جھاڑیوں میں پھونکا تو آگ بجھ گئی تھی۔ ایک دفعہ ہمارا بل 7 ہزار روپے آیا یونٹس اتنے نہیں تھے جتنا بل آ گیا۔ بھائی آفس کم کروانے کیلئے گئے تو وہاں دو بندوں نے بل کم کرنے سے انکار کر دیا بھائی نے ایک دفعہ سورۃ الکوثر پڑھی اور تیسرے بندے کے پاس گئے تو اس نے 7 ہزار سے 4 ہزار روپے کر دیا۔ **(ہمشیرہ عبدالسلام: لاہور)**

پانی کی فروانی کیلئے

حکیم صاحب! جب کبھی پانی نہیں آتا تو چوکی لے کر نلکے کے پاس بیٹھ جاتی ہوں اور مسلسل سورۃ الکوثر پڑھتی رہتی ہوں۔ پانی ایسے آتا ہے کہ رکتا نہیں۔ جس چیز پر سورۃ الکوثر پڑھ کے پھونکوں برکت آ جاتی ہے۔ **(مسز صداقت)**

سر کا درد ختم

حکیم صاحب! مجھے بہت زیادہ چکر آتے تھے جسکی وجہ سے میں اکثر باتھ روم میں گر جاتی تھی ''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی'' اسی نیت سے پینا شروع کیے کچھ عرصے کے بعد چکر آنا بند ہو گئے۔ صبح اُٹھتے ہی سر میں درد ہوتا تھا لیکن وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پینے سے اب سر میں درد نہیں ہوتا۔ الحمد اللہ......!

امتحان میں آسانی کیلئے

حکیم صاحب! میرے فائنل ایگزام ہو رہے تھے۔ میں نے ایک دفعہ سورۃ الفاتحہ تین دفعہ سورۃ اخلاص اول آخر درود شریف پڑھ کے ٹیچر کے اوپر پھونک دیا ٹیچر نے میرے ایگزام میں بہت مدد کی جبکہ وہ ٹیچر بہت سخت تھیں۔

میری دوست نے میرے پیسے چوری کر لیے۔ میں نے ''لا خلابہ'' مسلسل پڑھنا شروع کر دیا تو اس نے میرے پیسے واپس کر دیئے۔ وہ دوسروں کے پیسے چوری کرتی تھی اس کے بعد اس نے یہ کام چھوڑ دیا۔ **(بنت ٹیپو سلطان)**

اعمال تمام مسائل کا حل

حکیم صاحب! یَاحَفِیْظُ پڑھنے سے ماما کا غصہ ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور ہوم ورک بھی جلدی ہو جاتا ہے۔ ایک دفعہ میں نے 100 دفعہ (ایک تسبیح) سورۃ الکوثر پڑھ کے پیسے ڈھونڈے سورۃ الکوثر کی برکت سے مل گئے۔

ہمارے گھر پانی نہیں آ رہا تھا میں نے مسلسل سورۃ الکوثر پڑھ کے نلکے پر پھونکا پانی آ گیا اسی طرح UPS پر پڑھ کے پھونکتی ہوں لائٹ آ جاتی ہے۔ اور لا خلابہ پڑھنے کی برکت سے فضول خرچی سے بچ جاتے ہیں۔

بغیر دواء کے بخار ختم

حکیم صاحب! ہم نے سورۃ الکوثر 129 دفعہ پڑھ کے میٹر پر پھونکا۔

بل کم آیا ہے۔ چھوٹی بہن کا پریکٹیکل تھا ہم نے اسے سورۃ الکوثر پڑھنے کیلئے کہا سورۃ الکوثر کی برکت سے وہ پریکٹیکل اسے کرنے کو ملا جو سارا پریکٹیکل اُس کو آتا تھا۔ ٹیچر نے اُسے شاباش دی۔ سورۃ الکوثر پڑھ کے سودے پر پھونکتے ہیں خصوصاً آئل پر برکت ہوتی ہے جس دن اذان چاروں کونوں میں نہ دیں گھر بھاری بھاری محسوس ہوتا ہے۔ میری بہن کا جس دن پریکٹیکل تھا اس سے پچھلی رات بہن کو بخار ہو گیا۔ امی نے سات بار اذان دی تو کہنے لگی طبیعت ہلکی ہلکی محسوس ہو رہی ہے اور دوا کے بغیر وہ ٹھیک ہو گئی۔ ہمارے اوپر بہن کی شادی کی وجہ سے بہت قرضہ تھا۔ سمجھ نہیں آتا تھا کیسے اترے گا حکیم صاحب نے ہمیں: ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ یَاعَزِیْزُ'' ہزاروں کی تعداد میں پڑھنے کیلئے دیا اس وظیفے کی برکت سے ہمارا سارا قرضہ اتر گیا۔ **(ہمشیرہ عمیر، لاہور)**

سخت تکلیف سے شفاء

حکیم صاحب! میری ہمسائی آمنہ کی طبیعت بہت خراب تھی اور ایک ہفتے سے ڈاکٹر سے میڈیسن لے رہی تھی مگر اُس کو افاقہ نہیں ہوا تھا اس نے اپنے بھائی کے ذریعے مجھے بلایا اور ساری حقیقت بتائی میں نے اُس کی تیمارداری خود جا کر کی اور سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات بار اس کے دائیں اور پھر بائیں کان میں پھونکا اور وہ پانی بھی دیا جس پر میں نے یہ آیات اور دو انمول خزانے کا کلام پڑھا ہوا تھا۔ اگلے دن ہی اس نے مجھے آ کر بتایا کہ میری 80% تکلیف دور ہو گئی ہے اور میرا شکریہ ادا کیا۔ میں ے اُسے کہا کہ بس اب تم خود یہ آیات اور اذان پڑھتی رہنا اللہ شفاء کاملہ عطا فرمائیں گے۔ **(مسز لیقہ سلطان)**

پانچ منٹ میں طبیعت ٹھیک

حکیم صاحب! ایک رات میں پرسکون سوئی تھی کہ اچانک رات کو میری

آنکھ کھلی مجھے ایسا لگا جیسے مجھے کسی نے اُٹھا دیا ہو میں بچوں کو ٹھیک کر کے پھر لیٹ گئی اچانک میری طبیعت خراب ہونا شروع ہو گئی اور بگڑتے بگڑتے مجھے ایسا محسوس ہوا میں آخری دفعہ اپنے بچوں کو دیکھ رہی ہوں۔ میں نے اپنے شوہر کو جگایا وہ میری حالت دیکھ کر پریشان ہوئے فوراً مجھے سروسز ہسپتال لاہور لے گئے وہاں جا کر میرے سارے ضروری ٹیسٹ ہوئے۔ میری حالت سنبھلنے میں نہیں آ رہی تھی ڈاکٹرز نے ہسپتال میں ایڈمٹ کرنے کا کہا مگر میں بچوں کی وجہ سے گھر واپس آ کر سو گئی۔ صبح اٹھی تو حالت ویسی ہی تھی بلکہ مزید بدتر ہوتی جا رہی تھی میرے شوہر عبقری کے دفتر گئے حکیم صاحب نے سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان پڑھنے کیلئے کہا رات کو میاں صاحب نے اذان تو دی لیکن آیت نہ پڑھی صبح کو اٹھ کر سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان کا عمل کیا اور میرے کانوں میں پھونک دیا۔ یقین جانیے کہ پانچ منٹ بھی بڑی مشکل سے گزرے ہوں گے اور میں ایسے اُٹھ کے کھڑی ہو گئی کہ جیسے کچھ ہوا ہی نہ تھا اب میرے شوہر مسلسل اذان اور آیات کی پابندی رکھتے ہیں۔

کان کا بہنا ختم

میرے کان ٹانسلز کی وجہ سے بہتے تھے۔ اذان پڑھنے کی برکت سے کانوں کا زخم خشک ہو گیا۔ میرے بچے رات کو ڈرتے تھے اب اللہ کا شکر ہے کہ اُن کا ڈرنا بھی ختم ہو گیا۔ میرے شوہر یورک ایسڈ کی وجہ سے صرف سبزیاں کھاتے تھے کبھی کبھی تکلیف اتنی بڑھ جاتی کہ بستر سے لگ جاتے اور قدم تک نہ اٹھا پاتے حکیم صاحب کے بتائے ہوئے وظیفے **افحسبتم** اور اذان والے عمل کی وجہ سے اب یہ تکلیف نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے اور بہت ذوق و شوق سے پورے دل سے وظیفے کی پابندی کرتے ہیں انہوں نے کوئی دوا استعمال نہیں کی۔ **(مسز عامر، لاہور)**

گھریلو پریشانیاں ختم

ماہنامہ عبقری میں میں نے اذان والا عمل پڑھا اور اس کا وظیفہ شروع کر دیا۔ اللہ کا شکر ہے میرے بہت سے رکے ہوئے کام اس عمل کی برکت سے ہونا شروع ہو گئے۔ میرے شوہر کو روزگار مل گیا اور جو میری گھریلو پریشانیاں تھیں وہ بھی ختم ہو گئیں۔ عبقری تیرا شکریہ۔ **(سعدیہ ملک، مظفر آباد)**

الرجی ختم...... نہ سن بلاک نہ کوئی دوا

میں گزشتہ سات سالوں سے ایسے فلیٹ میں رہتی ہوں جس میں دھوپ نہیں آتی۔ اس کی وجہ سے مجھے دھوپ سے اتنی شدید الرجی ہوئی کہ جب میں عصر کے بعد دھوپ میں جاتی تو میرے ہاتھوں میں شدید خارش شروع ہو جاتی تھی، سیدھے ہاتھ میں اس قدر خارش ہوتی کہ کھجا کھجا کر خون نکلنے لگتا تھا اور جگہ جگہ سے جلد کٹ جاتی تھی۔ ڈاکٹر کی دوائیوں سے کوئی فرق نہ پڑا۔ دستانے پہننے اور سن بلاک لگانے سے خارش کم ہوتی تھی مگر رکتی نہیں تھی۔ اسی طرح جسم میں بھی خارش تھی، جس کی وجہ سے میں شدید پریشانی کا شکار تھی۔ دونوں کی نیت کر کے روحانی غسل شروع کیا دو یا تین مرتبہ روحانی غسل کیا ہو گا کہ اللہ نے شفاء عطا فرما دی۔ اب نہ تو سن بلاک لگاتی ہوں اور نہ ہی کوئی دوا استعمال کرتی ہوں۔ الحمدللہ! **(نازیہ شاہین۔ ابوظہبی دوبئی)**

بچے کا دودھ چھڑانے کیلئے

میری چھوٹی بیٹی دو سال کی ہوئی تو میں نے اسے دودھ چھڑوا دیا۔ گائے کا یا ڈبے کا دودھ دونوں سے اس کو شدید گلے میں تکلیف، ریشہ، بلغم، چیسٹ انفیکشن ہو جاتی تھی۔ میں بہت پریشان تھی کسی نے کہا: دودھ میں زعفران ڈال کر اُبالنے کے بعد دو، کسی نے کیا کہا کسی نے کیا..... ہر طرح کی کوشش کر کے دیکھ لی، دو ڈھائی ماہ گزر گئے، ہر دس بارہ دن بعد بیٹی بیمار ہو جاتی تھی۔ وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی میں نے

بیٹی کی نیت سے پینا شروع کر دیا۔ اس کے بدولت میری بچی کو اللہ نے ایسی شفا دی کہ دونوں دودھ اس کو ہضم ہونے لگ گئے۔ وضوء کے بعد چوتھے گھونٹ کی وجہ سے میرے سر کا درد ٹھیک ہو گیا۔ اللہ کا شکر اور اللہ کا احسان ہے۔ **(سدرہ، لاہور)**

گھر کا خرچ آدھا ہو گیا

جب سے "**سورۃ کوثر**" پڑھنا شروع کی ہے گھر کے خرچ میں کمی آئی ہے۔ تین سو سے پانچ سو درہم خرچ کم ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ گیس کا سلنڈر بھی دو ماہ چلنے لگا ہے جو کہ پہلے ایک ماہ دس دن چلتا تھا (الحمدللہ) اس کے علاوہ طبیعت خراب ہونے پر وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے سے طبیعت میں بہتری آ جاتی ہے۔ بچوں کی نیت سے بھی اگر پیتی ہوں تو وہ بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ **(م، ج، سعودی عرب)**

جنات سے بچاؤ

عبقری رسالہ میں رزق کیلئے "سورۃ توبہ" کا عمل لکھا تھا۔ میں نے وظیفہ شروع کیا تو ری ایکشن میں جنات نے میرے پاؤں پر حملہ کر دیا جس کی وجہ سے میرے پاؤں میں جلن اور سوجن ہو گئی۔ پھر میں نے "يَاحَفِيْظُ، يَاحَفِيْظُ، يَاحَفِيْظُ، يَارَقِيْبُ، يَاوَكِيْلُ، يَانَاصِرُ، يَابَصِيْرُ، يَااَللّٰهُ، يَااَللّٰهُ، يَااَللّٰهُ" پڑھا۔ یہ عمل میں نے عبقری میں پڑھا تھا یہ عمل ہر قسم کے درد اور جنات سے بچاؤ کیلئے ہے۔ میں نے گیارہ مرتبہ پڑھا اور اللہ پاک نے بہت کرم کیا۔ **(شازیہ طفیل، راولپنڈی)**

سامان کی حفاظت کے لئے

جنوری 2012ء کے پہلے ہفتے میں اپنی بہن کے ساتھ تسبیح خانہ میں حضرت صاحب سے ملاقات کیلئے آئی تھی۔ واپسی پر بہن کے اصرار کی وجہ سے اس کے ساتھ گاڑی پر ان کے گھر چلے گئے۔ ہمارے پاس ہمیشہ ایک بیگ ہوتا ہے جس میں بچوں کی چیزیں درس کی کاپی اور ضروری چیزیں ہوتی ہیں۔ گھر پہنچ کر میں گاڑی سے اتری اور بچوں سے کہا کہ بیگ کہاں ہے تو کہنے لگیں ماما گاڑی میں ہے مگر گاڑی میں نہیں تھا میں بہت پریشان ہوئی رات کے آٹھ بجے ہوئے تھے اور ہمارا گھر بھی بہت دور ہے۔ زیادہ پریشانی اس بات کی تھی کہ اس میں درس کی کاپی اور بیٹی کی سائنس اور انگلش کی کاپیاں تھیں اور چند دن بعد بیٹی کے 8th کلاس کے بورڈ کے پیپر ہونے تھے۔ میں نے اُسی وقت عبقری دفتر فون کیا کوئی فون نہیں اُٹھا رہا تھا پھر میں نے ایک بیٹی کو ساتھ لیا اللہ کا نام لے کر رکشہ لیا اور آنکھیں بند کر کے سارے راستے بیگ کو تصور میں لا کر اُس پر يَاحَفِيْظُ اور **سورۃ کوثر** پڑھتی رہی اور اللہ سے دعا کی کہ اے اللہ میں نے اپنے بیگ کو تیری حفاظت میں دیا تجھ پر توکل کیا میرا بیگ اللہ والوں کے تسبیح خانے میں ہی ہو۔ جب ہم تسبیح خانے پہنچے تو سب لوگ جا چکے تھے بس دو عورتیں بیٹھی تھیں اور بیگ وہاں باحفاظت موجود تھا۔ ہم نے بیگ لیا اور واپس گھر آ گئے۔ **(ب۔ د، کراچی)**

بچوں کا عمل پر یقین

جب سے حکیم صاحب نے يَاحَفِيْظُ کا عمل دیا ہے میں اور میری دونوں بچیاں اس کو بہت پڑھتی ہیں۔ بچیاں جب اسکول میں جاتی ہیں تو وین میں پورے راستے 11 بار يَاحَفِيْظُ پڑھتی ہیں۔ میری بیٹی ملائکہ کہتی ہے کہ ماما پہلے سے زیادہ جلدی وین والے انکل اسکول پہنچا دیتے ہیں اور انکل تنگ بھی نہیں کرتے۔

دونوں بچیاں اکثر چیزیں گم کر دیتی تھیں۔ لیکن اب دونوں سامعہ اور ملائکہ کہتی ہیں کہ ماما اب ہماری چیزیں گم نہیں ہوتیں۔ ملائکہ کی تو اکثر کاپیاں چوری ہو جاتی تھیں پچھلے ہفتے کی بات ہے کہ ٹیچر نے کاپیاں چیک کیں اور کام چیک کر کے کہیں رکھ دیں اور اس طرح پوری کلاس کی کاپیاں گم ہو گئیں۔ میری بیٹی دوسری کلاس میں دوست کے پاس گئی تو تھوڑی دیر بعد دوست نے کہا کہ ملائکہ یہ تمہاری کاپی ہماری کلاس میں پڑی ہے۔ ملائکہ حیران ہو گئی کہ ہاں یہ تو واقعی میری کاپی ہے جبکہ اگلے پانچ چھ دن تک پوری کلاس کی کاپیاں نہ ملیں۔

قیمتی ڈائری مل گئی

ملائکہ ہر روز بیگ پر 11 باریَا حَفِیۡظُ اور سورۃ الکھف کی آیت نمبر 39 مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھ دیتی ہے۔ ایک دفعہ اُس کی ڈائری کہیں گر گئی یا وہ نکال کر بھول گئی اور پیپر دے کر جلدی گھر آ گئی۔ سامعہ کے پیپر نہیں ہو رہے تھے اس لئے وہ اسکول میں ہی تھی جب وہ Break کے دوران Ground میں گئی تو اس کی نظر دو 6th کلاس کی لڑکیوں پر پڑی کہ ڈائری کو مزے سے پڑھ رہی ہیں اور باتیں کر رہی ہیں۔ سامعہ نے اُن کو روکا اور کہا کہ یہ ڈائری دکھاؤ انہوں نے بڑی مشکل سے ڈائری دکھائی تو سامعہ بولی یہ تو میری بہن کی ڈائری ہے۔ بڑی مشکل ان سے ڈائری لی اور گھر آ کر بتایا تو ملائکہ فوراً بولی ماما میں نے "یَا حَفِیۡظُ" اور یہ سورۃ کھف کی آیت پڑھی تھی اس لئے ڈائری اللہ نے واپس دے دی۔ وہ اس کی Personal ڈائری تھی۔ اُس میں وہ حکیم صاحب کے بتائے ہوئے چھوٹے چھوٹے وظائف بھی لکھ لیتی ہے۔ بہت کچھ اس میں پیسٹ بھی کیا ہوا ہے دونوں بچیوں نے یہ وظائف اپنی دوستوں کو بھی یاد کروا دیئے ہیں۔

سیوریج کا مسئلہ حل

حکیم صاحب! میرا چھوٹا سا ڈبل اسٹوری گھر ہے۔ نیچے ہم لوگ اور اوپر کرایہ دار رکھے ہوئے ہیں تا کہ ہمارے گھر کا خرچہ چل سکے۔ پچھلے سال دسمبر 2010ء میں اوپر کے باتھ روم کے پائپ جو کہ انڈر گراؤنڈ ہیں اچانک نہ جانے کہاں سے پھٹ گئے Experts آئے بہت زیادہ پریشانی ہوئی بہت مشکل سے پتہ چلا کہ پائپ کہاں سے ٹوٹا تھا۔ خیر سات ہزار روپے لگے دوبارہ پورا پائپ لگوایا۔ اس وقت ہم حکیم صاحب کی طرف سے بتائی ہوئی سورۃ الفیل کا دوسرا سوا لاکھ پڑھ رہے تھے۔

ایک سال بعد پھر دوبارہ دسمبر 2011ء میں کرائے دار نے بتایا کہ اوپر کا

جو دوسرا باتھ روم ہے اس کا سیوریج بند ہو گیا ہے یہ سن کر میں سخت پریشان ہوئی۔ Expert کو بلایا مگر وہ ایک ہفتے بعد آئے تب تک پانی باہر کی دیواروں کو بہت نقصان پہنچا چکا تھا۔ میں نے کرائے دار خاتون سے کہا کہ آپ نے کچھ گرا دیا ہوگا تو انہوں نے کہا کہ ہم نے کچھ نہیں گرایا۔ پھر میں نے ہمیشہ کی طرح معاملہ اللہ کے سپرد کر دیا او دو رکعت نفل نماز حاجت کے پڑھ کر یَا حَفِیۡظُ اور سورۃ الکوثر پڑھنا شروع کر دی۔ یہ عمل میں نے تین دن بہت زیادہ پڑھا اور ساتھ ساتھ دو نفل حاجت کے بھی پڑھے۔ پھر جب پلمبر آیا تو اس نے دو یا تین بار پریشر دے کر ٹینکی کو چلایا میں اس وقت بھی عمل پڑھ کر دعا کر رہی تھی کہ یا اللہ کوئی اور نقصان نہ ہو۔ تھوڑی دیر بعد پلمبر نے مجھے اور کرائے دار کو بلا کر کہا کہ باجی! اس میں تو دوائی کی بوتل پھنسی ہوئی ہے۔ پلمبر نے مجھے کہا کہ آئیں اور دیکھیں W.C کے سائیڈ پر بوتل نظر آ رہی ہے۔ میں بہت زیادہ حیران ہوئی کہ کرائے دار تقریباً 10 دن سے پانی گرا رہے تھے اور W.C کا سیوریج کھولنے کی کوشش کر رہے تھے مگر کچھ نہ ہوا۔ مگر میں سمجھ گئی کہ یہ صرف حاجت کے نوافل یَا حَفِیۡظُ اور سورۃ الکوثر کا کمال ہے۔ میں جب بھی یہ وظائف کرتی ہوں اور دعا مانگتی ہوں میرا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

کامل توکل پر اللہ کی عطاء

حکیم صاحب! ہم لوگ منڈی بہاؤالدین شادی کی تقریب میں گئے ہوئے تھے۔ وہاں بہت زیادہ مہمان اور بچے آئے ہوئے تھے۔ جو چیز جہاں بھی رکھتے تھے مہمانوں کے رش کی وجہ سے وہ چیز واپس اس جگہ پر نہیں ملتی تھی یا تو بچے اُٹھا کر لے جاتے تھے یا کوئی بڑا ادھر اُدھر کر دیتا تھا۔ میں نے وہاں اپنی اور بہت سے لوگوں کی چیزیں گم ہوتے دیکھیں۔

ہمیں یہاں آئے ہوئے پانچواں دن تھا۔ ظہر کی نماز کے بعد مجھے دلہن اور اُس کی بہن کے ساتھ بازار جانا تھا۔ ہم لوگ بازار چلے گئے۔ شاپنگ کے دوران میں

نے جب کسی کو فون کرنے کیلئے اپنی موبائل نکالنا چاہا تو موبائل نہ ملا۔ میں نے تین بار پرس کی ساری چیزیں نکال کر چیک کیا مگر موبائل نہیں تھا۔ میں نے کسی کا موبائل لے کر اپنے نمبر پر رنگ کیا تو پتہ چلا کہ موبائل کسی نے بند کر دیا ہے۔ میں بہت زیادہ پریشان تھی کیونکہ میرے حالات پہلے ہی بہت خراب تھے، میں نیا موبائل کیسے لوں گی؟ اور پھر میری بہت پرانی سم تھی سارے اہم نمبر اس میں محفوظ تھے اب کیا ہوگا؟ میں پریشان ہو کر رکشے پر بیٹھ کر واپس گھر چل پڑی۔ پورے راستے میں نے آنکھیں بند کر کے بہت زیادہ یَاحَفِیْظُ اور سورۃ الکوثر پڑھی اور تصور کر کے اپنے موبائل پر پھونکتی (دم کرتی) رہی اور دعا کی کہ اے اللہ! یہ آزمائش تو نے مجھ پر ڈالی ہے تو ہی اس کو ٹالے گا، میں تجھ پر توکل کر کے اپنے موبائل کو تیری حفاظت میں دیتی ہوں۔ گھر پہنچ کر بھی میں نے سارے گھر میں تلاش کیا مگر نہ ملا اور جیسے حالات تھے لگتا نہیں تھا کہ موبائل اب دوبارہ ملے گا کیونکہ ان کا گھر بھی بہت بڑا تھا۔ مگر میں یَاحَفِیْظُ اور سورۃ الکوثر پڑھتی رہی۔ جب ڈھونڈ کر تھک کے بیٹھ گئی تو میرا بھتیجا آیا اور اس نے کہا کہ آپ کی کوئی چیز گم ہوگئی ہے کیا؟ میرے بولنے سے پہلے ہی اُس نے موبائل میرے سامنے رکھ دیا۔ موبائل دیکھ کر میرے آنسو نکل آئے اور یقین نہیں آ رہا تھا کہ اتنی بھیڑ میں یہ کیسے مل گیا؟ بھائی نے بتایا کہ آپ کا موبائل کور میں تھا اور گلی میں گرا ہوا تھا۔ میں نے شکرانے کے دو نفل پڑھے اور پھر بھابھی کو بتایا کہ یہ میرے اللہ نے مجھے صرف یَاحَفِیْظُ اور سورۃ الکوثر کے عمل پر کامل یقین اور توکل کر کے پڑھنے کی برکت سے واپس کیا ہے اور مجھے ایک بڑے نقصان سے بچا لیا۔ **(لطیفہ سلطانہ)**

سبزی فروش کے کام میں برکت

ہمارے گھر کے نزدیک ایک سبزی فروش کی دکان ہے جس کی سبزی اکثر بچ جاتی تھی اور اس کو نقصان ہوتا تھا۔ میں نے اُس کو مسلسل سورۃ الکوثر پڑھتے رہنے کو کہا۔ چند دنوں میں ہی اس کے حالات بدل گئے۔ اس نے مجھے بتایا کہ نماز فجر کے بعد جتنی تعداد میں ممکن ہو سورۃ الکوثر پڑھتا ہوں اور سبزی لینے نکل جاتا ہوں سورۃ الکوثر کی برکت سے مجھے سبزی سستے داموں مل جاتی ہے اور دکان پر بیٹھا بھی سورۃ الکوثر پڑھتا رہتا ہوں جس کی وجہ سے سبزی جلدی بک بھی جاتی ہے اور منافع بھی اچھا مل جاتا ہے۔

اب میں نے سبزی کی دکان کے ساتھ ساتھ مرغی کے گوشت کا کام بھی شروع کر دیا ہے۔ ابتداء میں دس کلو زندہ مرغی منگوایا کرتا تھا۔ اب اللہ کے کرم سے 100 کلو تک کام پہنچ چکا ہے۔ سبزی بھی روزانہ آتی ہے اور مرغی بھی روزانہ آتی ہے جو سورۃ الکوثر کی برکت سے بہت جلد ختم بھی ہو جاتی ہے۔ یہ سب سورۃ الکوثر کی برکت سے ہے۔ **(ثریا بیگم، گجرات)**

چند دنوں میں حالت بدل گئے

میری دوست کے گھر کا حال یہ تھا کہ ہر وقت ہنگامہ، مار کٹائی، لڑائی جھگڑے، رونا دھونا رہتا تھا۔ میں نے اُس کو ''یَاوَدُوْدُ. یَالَطِیْفُ'' کا مسلسل ورد رکھنے کو کہا۔ چند ہی دنوں میں اُس کے گھر کے حالات بدل گئے ہنگامے ختم ہو گئے۔ اُس کے خاوند کا رویہ بدل گیا۔ جس گھر میں ہر وقت لڑائی ختم نہیں ہوتی تھی اب وہاں خوشیاں ہی خوشیاں ہیں۔ **(ارم ناز، گجرات)**

سر کھجانے کی فرصت نہیں

ہمارے ایک عزیز کا سپر اسٹور ہے۔ سب سامان ہونے کے باوجود اُن کے پاس گاہک نہیں آتے تھے۔ سیل نہ ہونے کے برابر تھی جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان رہتے تھے۔ آخر کیا معاملہ ہے کہ تمام ضروریاتِ زندگی کی اشیاء ہونے کے باوجود گاہک نہیں آتے....؟؟ میں نے اُن کو سورۃ الکوثر ہر وقت دکان میں اور گھر میں مسلسل پڑھنے کو کہا۔ اُنہوں نے ایسا ہی کیا۔ چند روز میں سورۃ الکوثر

کی برکت سے کاروبار بہتر ہو گیا اور گاہکوں نے اُن کی دکان کی طرف رُخ کر لیا جس سے اُن کے حالات بدل گئے ہیں اور اُن کا کاروبار بہت بہتر ہو گیا ہے۔ یہ سورۃالکوثر کی برکت ہے کہ جس کی دکان پر گاہک نہیں آتے تھے اب وہی شخص فارغ نہیں بیٹھتے الحمدللہ۔ (ثریا بیگم، گجرات)

شریر لوگوں سے حفاظت

پانچ سال پہلے کا واقعہ ہے میرے خاوند بیرون ملک رہتے ہیں اسلیے میں اکثر اکیلی گھر کا سودا سلف لایا کرتی ہوں۔ ایک دن کچھ لڑکوں نے میرے ساتھ راستے میں بدتمیزی کی۔ میں یہ مسئلہ علاقہ کے ناظم کے پاس لے گئی۔ پیشی کے دن میرے ساتھ جانے والا کوئی نہ تھا اور اللہ کے سوا میرا کوئی مددگار نہ تھا میں نے ''سورۃالقریش'' لگاتار پڑھنا شروع کر دی۔ پیشی کے وقت میں اکیلی تھی وہ لڑکا علاقے کے درجنوں لڑکوں کو ساتھ لے آیا۔ سب نے میرے کردار پر اُنگلیاں اُٹھائیں لیکن اللہ پاک نے اُنہی میں سے ایک میرا گواہ بنا دیا اور اُس کے ساتھ آئے ہوئے ایک لڑکے نے میری سچائی کی گواہی دے دی۔ علاقہ ناظم نے اُس لڑکے کو خوب بے عزت کیا۔ (ن۔م، کراچی)

معجزانہ حفاظت

جب ہمارا بھائی باہر جانے لگتا ہے تو ہم یَاحَفِیْظُ گیارہ مرتبہ پڑھ کر بھائی پر دم کرتے ہیں۔ ایک دن بھائی آفس گیا جیسے ہی پارکنگ ایریا میں پہنچا تو پتہ نہیں کہاں سے ایک گولی آئی۔ (یہاں کراچی میں ٹارگٹ کلنگ روز کا معمول ہے) صرف چند سیکنڈ کا فرق ہوا کہ بھائی کوئی چیز اٹھانے کیلئے جھکا اور گولی اوپر سے گزر گئی۔ ہر طرف دھول، مٹی ہوا میں اڑنے لگی۔ جتنے لوگ قریب موجود تھے سب حیران ہو گئے۔ بھائی بالکل محفوظ رہا۔ خدا نے حفاظت کی۔ ہمارا یقین یَاحَفِیْظُ کے عمل پر مزید پکا ہو گیا۔ ہمارا فریج خراب ہو گیا

تھا۔ میں نے سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۃالکوثر پڑھی چند منٹ کے اندر حیرت انگیز طور پر فریج خود بخود آن ہو گیا۔ (سدرہ بنت الطاف، کراچی)

دل کے درد کا علاج منٹوں میں

حکیم صاحب! ہم ساری فرینڈز اکٹھی بیٹھی ہوئی تھیں۔ میری دوست ہنستے ہنستے اچانک ایک دم چیخ اٹھی جیسے کسی نے اس کو کوئی چیز بہت زور سے ماری ہو۔ اُس کے دل میں درد اُٹھا ہم سب ڈر گئے کہ پتہ نہیں کیا ہو گیا ہے۔ خوف کی وجہ سے کچھ بتا بھی نہیں رہی تھی اور کراہ رہی تھی۔ میں نے اسے 11 بار یَاحَفِیْظُ پڑھ کر دم کیا اور وہ سیکنڈز میں ٹھیک ہو گئی اور دوبارہ ہنسنے لگی۔ بعد میں اسنے بتایا کہ اس کے دل میں بہت شدید درد اٹھا تھا لیکن الحمدللہ عمل کی برکت سے اسکی زندگی بچ گئی۔

میری اسی دوست کو ایک دن سر میں شدید درد شروع ہوا اور تقریباً سارا دن ہی وہ اس تکلیف میں مبتلاء رہی۔ میں نے اُسے 11 بار یَاحَفِیْظُ پڑھ کر دم کیا اور تھوڑی ہی دیر بعد بتانے لگی کہ سر کا درد ٹھیک ہو گیا ہے۔ (ثیزہ ماہین، لاہور)

گلے کی خراش اور بخار کے لئے

حکیم صاحب! کالج کے برگر میں موجود کیچپ کی وجہ سے میرا گلہ بہت خراب ہو گیا۔ گلے خراب کی وجہ سے مجھے بخار بھی ہو گیا۔ میری طبیعت بہت خراب ہو گئی، دوائی سے بھی آرام نہ آیا پھر بہن نے افحسبتم اور اذان والا عمل پڑھ کر دم کیا اور میں سو گئی ورنہ تو سر درد کی وجہ سے نیند بھی نہیں آ رہی تھی۔ اللہ نے افحسبتم اور اذان کے عمل کی برکت سے میری صحت ٹھیک کر دی۔ (ثیزہ ماہین، لاہور)

بیٹے بیٹی کی شادیوں کے مسائل کا حل

بڑھتی ہوئی مہنگائی نے ہر ایک کی کمر توڑ رکھی ہے۔ ہر گھر میں ماں باپ پریشان ہیں کہ اپنی بیٹی یا بیٹے کی شادی کے اخراجات کیسے پورے کریں گے.....!

کچھ ایسی ہی صورتحال میری والدہ کی بھی تھی۔ میرے بھائی کی تاریخ پکی ہو چکی تھی لیکن شادی کے اخراجات پورے کرنے کی طاقت نہ تھی۔ امی اور ہم سب گھر والے بہت پریشان تھے۔ میری والدہ نے ایک عمل کیا تھا جس کی برکت سے اللہ نے ہماری پریشانیاں ایسے دور کردیں کہ ہم خود حیران رہ گئے۔ میں چاہتی ہوں زیادہ سے زیادہ لوگ ان اعمال کو کریں تاکہ تمام غریب ماں باپ اپنی بیٹی اور بیٹے کو آسانی سے اللہ کی عطا کردہ مدد کے ساتھ اپنے گھر سے رخصت کرسکیں۔

عمل اس طرح ہے: روزانہ فجر کی نماز پڑھ کر حسب معمول جو آپ تسبیحات وغیرہ پڑتے ہیں وہ مکمل کرکے اُس کے بعد سورۃ التوبہ کی آخری دو آیات ''لَقَدْ جَآءَ کُمْ..... سے لے کر وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ '' تک روزانہ بلاناغہ ایک تسبیح اول و آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی کے پڑھا کریں۔

میری والدہ نے بتایا کہ اللہ نے ہماری اس طرح مدد کی کہ کوئی بہت پرانی زمین جو کہ ہمارے دادا کے وقت کی تھی جس کا ہم کو علم بھی نہ تھا وہ فروخت ہوئی اور پیسے مل گئے اور مشکل حل ہوگئی۔ **(حمیرا صفدر، لاہور)**

بے گناہ قیدی کی آزادی

میرے شوہر کوئی گناہ کیے بغیر جیل میں قید ہو گئے تھے۔ آپ نے مجھے وظیفہ پڑھنے کو دیا جو میں نے بھرپور طریقے سے کیا کیونکہ میری زندگی کا تو چین ہی لوٹ گیا تھا۔ میرا تو سب کچھ میرا خاوند تھا اُن کے بغیر تو میں جینے کا میں سوچ بھی نہیں سکتی۔ اللہ کے کرم سے میرا کام بن گیا اور میرے شوہر آج آزاد ہو گئے ہیں۔ میں حکیم صاحب کی شکرگزار ہوں۔ وظیفہ یہ تھا: ''حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ'' اس وظیفے کی برکت سے میرا کام ہوگیا۔ **(رخسانہ آفریدی، گوجرانوالہ)**

بدبو بالکل ختم ہوگئی

حضرت حکیم صاحب! یہ واقعہ پچھلے پندرہ دن پہلے کا ہے۔ میں نے اپنی والدہ کے گھر دعوت پر جانا تھا۔ میں معمول کے مطابق اٹھ کر اپنے کام نبٹانے لگی جب میں دوبارہ اس کمرے میں آئی جس میں ہم سب سوتے ہیں تو اس کمرے میں گندی بدبو آرہی تھی چونکہ اس کمرے میں باتھ روم بھی ہے تو میں نے باتھ روم میں جاکر اچھی طرح پانی بہایا۔ جب باہر آئی پھر بھی بدبو آنا بند نہ ہوئی تو میں نے باہر کھڑے ہوکر باتھ روم جانے کی دعا پڑھی تو بدبو میں واضح کمی آئی۔ اتنے میں میرے بچے بھی سو کر اٹھ گئے۔ میرے شوہر ابھی سو رہے تھے میں کچن میں آکر ناشتہ بنانے لگی کچھ دیر بعد میں نے اپنے چھوٹے بیٹے سے کہا کہ جاؤ اپنے پاپا کو اٹھا دو کہ ناشتہ بن گیا ہے۔ میرا بیٹا اپنے باپ کو اٹھا کر واپس آیا اور مجھے کہنے لگا کہ امی کمرے میں بہت زیادہ بدبو آرہی ہے تو میں نے اپنی بیٹی کو کہا کہ اندر جاکر بیٹھ جاؤ اور کچھ دیر تک باتھ روم جانے کی دعا پڑھو تاکہ بدبو ختم ہوجائے اس نے کچھ ہی دیر پڑھی اور بدبو بالکل ختم ہوگئی۔ **(مسز اشرف، لاہور)**

اعمال کے قیمتی موتی

''برکت والی تھیلی کا عمل'' صبح و شام 129 دفعہ سورۃ الکوثر پڑھنا۔ میں گزشتہ سال سے برکت والی تھیلی پر دم کر رہی ہوں اور اب اس کی برکتوں سے فیض یاب بھی ہو رہی ہوں۔ یقین جانیے! میری تھیلی میں بہت برکت ہے۔ اگرچہ اس میں پیسے کم ہوتے ہیں مگر ختم نہیں ہوتے اور رمضان میں تو پوری توجہ کے ساتھ تھیلی والا عمل کر رہی ہوں۔ حکیم صاحب نے گجرات کے درس میں جو اَفَحَسِبْتُم اور آذان والا عمل بتایا تھا وہ بھی میں نے اپنے بیٹے پر کیا اس کو چکن پاکس ہو گئے تھے۔ پہلی بار یہ عمل کیا تو پچاس فیصد آرام آیا، دوسری بار عمل کرنے سے اسی فیصد آرام آگیا اور تیسری بار عمل کرنے کی ضرورت نہیں پڑھی اور بچہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔ غرض یہ کہ حکیم

Khush Jeevay sarfraz shah wich manchester

صاحب کے بتائے ہوئے تمام قیمتی موتی سنبھال سنبھال کر رکھتی ہوں اور ان پر عمل کرتی ہوں اور یہ تمام اعمال دوسروں کو بھی بتاتی ہوں اور عبقری رسالہ باقاعدگی سے تقسیم بھی کرتی ہوں۔ **(ناصرہ منظور، گجرات)**

میرا تو بچہ مر جائے گا

ایک مرتبہ میرے بیٹے کو یرقان ہو گیا۔ کافی دن سے بخار تھا آنکھیں پیلی پیلی تھیں کوئی کچھ کہتا اور کوئی کچھ.....! میں بہت پریشان تھی۔ کسی سمجھ دار آدمی کو دکھایا اس نے کہا اسے یرقان ہے۔ ڈاکٹر نے بھی اس کی تصدیق کر دی دوائی لکھ دی اور کہا ٹھنڈی چیزیں کھلاؤ۔ مجھے اللہ پاک نے بچے بہت دعاؤں اور ٹھوکریں کھانے کے بعد دیئے ہیں۔ میرے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی میں نے سوچا کہ اگر حضرت حکیم صاحب سے رابطہ کروں بھی تو تین ماہ بعد نمبر آئے گا تب تک میرا بچہ مر جائے گا۔ میں رو رہی تھی یا اللہ تو ہی کوئی سبب بنا دے.....! اچانک مجھے خیال آیا کہ عبقری کے رسالے چیک کروں۔ میں نے ایک ہی رسالہ دیکھا اس میں ایک خصوصی صفحہ حضرت صاحب کے اپنے ذاتی تجربات ہوتے ہیں (قیمتی موتی) وہ صفحہ پڑھنے بیٹھ گئی۔ اس میں نوافل لکھے تھے اور ان نوافل میں **سورۃ یٰسین** پڑھنی تھی اور الحمدللہ مجھے زبانی آتی ہے۔ میں نے رو رو کر اللہ سے مانگا، یا اللہ میرے بچے کو شفا دے دے، میری جان تو ان بچوں میں ہے یا اللہ تو جانتا ہے، یا اللہ تو رحم کر دے، مجھے نہیں یاد کہ میں کتنی دیر یہ نفل پڑھتی رہی۔ میں نے اسے دوائی نہیں پلائی کیونکہ دوائی لینے سے وہ روتا تھا بس شفاء مدینہ کھا لیتا تھا۔ میں نے پندرہ دن بعد چیک کروایا تو وہ الحمدللہ بالکل ٹھیک تھا۔

زہریلے کیڑے کا علاج

ایک مرتبہ میں نے عبقری میں پڑھا تھا کہ اگر کوئی زہریلی چیز کاٹ لے تو سانس روک کر یہ آیت ''وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ'' (الشعراء، 130) سات مرتبہ پڑھ کر دم کی جائے تو زہر کا اثر اور درد ختم ہو جاتا ہے۔ ایک دن مجھے دائیں پہلو میں شہد کی مکھی نے ایک ساتھ دو ڈنگ مارے۔ میں نے فوراً درود شریف پڑھ کر یہ آیت سات بار پڑھی اور اپنا تھوک لگایا کیونکہ میں دیکھ بھی نہیں سکتی تھی کہ مجھے کہاں کاٹا ہے۔ یہ عمل کرنے کے بعد الحمدللہ وہ جگہ نہ ہی سوجی اور نہ ہی پھر تکلیف ہوئی۔

ایک مرتبہ میرے میاں صاحب کی لوڈ کرنے والی سم گم ہو گئی۔ اس میں دو ہزار کا لوڈ تھا۔ انہوں نے مجھے فون کیا کہ میرے کپڑوں میں دیکھو شائد سم ان کپڑوں میں ہو۔ میں نے ان سے کہا آپ ''اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ یَا جَامِعُ یَامُعِیْدُ'' پڑھیں، میں بھی پڑھتی رہی اور شلوار کی جیب میں سے سم مل گئی۔ پہلے انہیں کپڑوں میں دیکھا تھا مگر نظر نہیں آئی۔ یہ اس عمل کی برکت سے ملی۔

پھول سی بیٹی

میری ہمشیرہ کے ہاں پہلے دو بیٹے ہوئے وہ دونوں فوت ہو گئے اس کے پانچ چھ سال تک کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ میرے بہنوئی دوسری شادی کیلئے تیار ہو گئے۔ میں نے حکیم صاحب کو بتایا۔ حکیم صاحب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ وہ اُولاد دے گا جبکہ ڈاکٹر کہتے تھے اولاد نہیں ہو سکتی۔ حکیم صاحب نے تھوڑی سی دوائی اور 121 دفعہ **سورۃ فاتحہ** پڑھنے کو دی، جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے پھول سی بیٹی عطا فرمائی اب تین بیٹیاں ہیں۔ **(م۔ا۔ف، سرگودھا)**

روحانی پھکی کا قہوہ

محترم حکیم صاحب! میں نے عبقری میں کسی کا مشاہدہ پڑھا تھا کہ جب کھانسی یا سانس خراب ہو تو روحانی پھکی کا قہوہ بنائیں میں نے گرم پانی میں ذرا سی پھکی ڈالی اور پھر آہستہ آہستہ پیا ذائقہ زیادہ کڑوا نہیں تھا چینی کے بغیر آسانی سے پیا گیا اور ساتھ ہی میری بلغم ٹھیک ہو گئی اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ عبقری کی دوا کوئی بھی ہو وہ فائدے سے خالی نہیں۔

بس حکیم صاحب یہی تجربات و مشاہدات تھے دعا کریں اللہ پاک آئندہ بھی اعمال کرنے کی توفیق دے اور لکھتی رہوں۔ آمین۔ (فرحت، لاہور)

خوش خوراک مائی

میری چھوٹی بہن بہت زیادہ کھانا کھاتی ہے۔ آپ یقین کریں کہ صبح دو پراٹھے مکھن یا دیسی کے، ایک بڑا گلاس لسی کا، دوپہر کو دو روٹیاں اور شام کو بھی بیکری کی چیزیں انڈا، دودھ وغیرہ....! یوں سمجھیں وہ دنیا میں کھانے کے لئے آئی ہے ہر وقت کھاتی رہتی ہے جس وجہ سے اس کا جسم پھولنا شروع ہوگیا۔ عبقری میں موٹاپا دور کرنے کا نسخہ چھپا تھا۔

﴾1﴿ سبز چائے

﴾2﴿ اسپغول کا چھلکا،

﴾3﴿ میٹھی دانہ یا میتھرے

﴾4﴿ کلونجی

ہم وزن ساری چیزیں لینی ہیں ان کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔ آدھی چچ دن میں چار مرتبہ لیں۔ بہن کو یہ نسخہ استعمال کروایا، کچھ ہی عرصے کے استعمال سے بہن کا وزن بہت ہی تیزی سے کم ہوا۔ (م۔ن، لاہور)

دور جدید کے سچے واقعات

پچھلے ماہ کی بات ہے ہمارا برادری میں زمینوں کا جھگڑا ہوا تھا۔ کچھ عورتوں نے ہمارے مردوں کے خلاف غلط قسم کا پرچہ کروادیا جس میں ہمارے خاندان کے سارے مردوں کے نام تھے۔ حدود آرڈیننس کے مطابق اس پرچے کی سزا سات سال تھی۔ ہر کوئی مایوس تھا۔ سارے کہتے تھے زمین چھوڑ دو، زمین اور روپیہ تو پھر بھی مل جاتا ہے مگر زندگی بار بار نہیں ملتی۔

میں نے درود شریف ”صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٌ“ اول و آخر تین مرتبہ اور درمیان میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ دس بار پڑھ کر ان عورتوں اور ڈی ایس پی پر پھونکتی رہی، ساتھ ”دو انمول خزانے“ بھی دم کرتی رہی اور اللہ سے دعا کرتی رہی کہ: میرا رب تو سب سے بڑا ہے ہم گناہ گاروں کی بخشش کر اور معافی عطا کر۔ آپ یقین کریں حکیم صاحب انہی برے شخصوں میں سے ایک نے قرآن پاک پر ہاتھ رکھ کر گواہی دے دی کہ یہ لوگ سچے ہیں۔ ہمارا ایک روپیہ بھی نہ لگا۔ اللہ تعالیٰ نے اس مصیبت سے ایسے نکالا جیسے مکھن سے بال نکلتا ہے۔ (ن۔ک، لاہور)

میں گھریلو مسائل کے سلسلے میں آپ کے پاس آئی تھی۔ آپ نے مجھے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی، اذان اور سورۃ المومنون کی آخری چار آیات پڑھنے کو دی تھی۔ وہ میں ہر نماز کے بعد بھی اور چلتے پھرتے بھی پڑھتی ہوں۔ پچھلے دس ماہ سے یہ عمل کر رہی ہوں اس دوران سب کچھ بہتر ہوگیا بھائی کو جاب ملی، والد صاحب نے شراب نوشی ترک کی اور میری بھی طبیعت ٹھیک ہوگئی۔ (م۔ہ۔خ)

سکون کا پیغام

میں نے دسمبر میں تقریباً 300 انمول خزانے منگوائے تھے۔ وہ ہم نے لوگوں میں تقسیم کیے۔ بہت لوگوں نے ہم سے اس کا مطالبہ کیا جتنا ہو سکا ہم نے پورا کرنے کی کوشش بھی کی۔ الحمدللہ جس جس کو بھی دیا ان میں سے 90% سے زیادہ لوگوں نے اس کو باقاعدگی سے نماز کے بعد پڑھنا شروع کردیا کئی لوگوں سے فوائد پوچھے تو سب کا جواب مشترک تھا کہ دو انمول خزانے سے بہت ”سکون“ ہے۔

ہمارے پڑوس میں ایک جوان ہے اس کو ایک دوست کے توسط سے انمول خزانہ پہنچایا۔ اس نے اپنا مشاہدہ بتایا کہ میری والدہ بہت بیمار رہتی تھیں (اب فوت ہوگئی ہیں) بیماری کی حالت میں مجھ سے کہتی تھیں کہ بیٹا انمول خزانہ پڑھا کر اس سے مجھے سکون ملتا ہے۔

Khush raway sarfraz shah vich manchester

سسرالی مان گئے

اسی نوجوان کے چچا کی دو بیٹیاں ہیں جو تقریباً آٹھ یا نو سال سے اپنے میکے میں بیٹھی ہوئی تھیں اور ان کے سسرال والے ان کو لے جانے کیلئے تیار نہیں تھے۔ اس نوجوان نے انہیں ''دو انمول خزانے'' دیئے تو انہوں نے باقاعدگی سے انہیں پڑھنا شروع کر دیا۔ چند دنوں میں ہی جو مسئلہ برسوں سے حل نہیں ہو رہا تھا وہ دنوں میں حل ہو گیا اور ان کے سسرال والے ان کو خود آ کر لے گئے۔

موبائل بیٹری میں برکت

حکیم صاحب! میں نے درس کو ڈاؤن لوڈ کرنا چاہا تو موبائل کی بیٹری کے صرف دو سیل تھے 22MB یا 23MB کا درس موبائل پر عام طور میں چار سے پانچ گھنٹے میں ڈاؤن لوڈ ہوتا ہے تو دل میں یہ خوف پیدا ہوا کہ بیٹری آف ہو جائے گی تو درس پورا ڈاؤن لوڈ نہیں ہو سکے گا اور چارجر بھی اس وقت پاس نہیں تھا۔ میں نے اول آخر ایک دفعہ درود شریف اور تین دفعہ **سورۃ الکوثر** پڑھ کر موبائل پر دم کر دیا۔ ان بیٹری کے دو سیل میں ایسی برکت پڑی کہ نہ صرف درس پورا ڈاؤن لوڈ ہو گیا بلکہ دوسرے دن میں نے سارا درس موبائل پر اِن ہی دو سیلوں سے سنا۔

گناہوں سے نفرت

آپ نے مجھے جو سورۃ الفلق اور سورۃ الناس 200 بار صبح و شام پڑھنے کے لیے دی تھی اور ''یَا مُمِیۡتُ یَا قَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ اَحۡمَدُ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ'' 313 بار صبح و شام پڑھنے کو دیا تھا۔ اب طبیعت بہت بہتر ہے ڈر اور خوف نہیں لگتا۔ روحانی غسل سے ڈپریشن اور نفسیاتی الجھنیں اور آدھے سے زیادہ بیماری خود ہی رفع ہو گئی ہیں۔ نماز میں دھیان رہتا ہے، قرآن کی حافظہ ہوں مگر دھرائی نہیں کرتی تھی اب اللہ کا شکر ہے ایک جگہ قرآن سنا رہی ہوں اور تفسیر بھی پڑھ رہی ہوں، برے کاموں سے خود بخود نفرت ہوتی جا رہی ہے بس آپ دعا کیجئے گا۔ **(حافظہ ط۔م)**

وضو کے تین گھونٹ پانی نے صالحہ بنا دیا

حضرت صاحب! میری کلاس میں ایک دوست ہے اس نے مجھ سے کہا کہ میرے لئے دعا کرو کہ میں نماز پڑھنے لگ جاؤں، مجھ سے نماز کی پابندی بالکل نہیں ہوتی۔ میں نے اُس لڑکی کو وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی کا عمل بتایا۔ وہ یہ عمل لے کر بہت خوش ہوئی اور مجھے کہنے لگی کہ جو بھی تم درس میں سنا کرو وہ مجھے بھی ضرور بتایا کرو۔ میں اس کو آہستہ آہستہ اعمال بتاتی ہوں جیسا کہ حضرت جی! آپ ہمیں آہستہ آہستہ ہماری سمجھ کے مطابق اعمال بتاتے ہیں تا کہ ہضم ہو جائیں تو اُس لڑکی نے عمل بہت خوش دلی سے کیا۔ ایک ہفتے کی چھٹیوں کے بعد وہ مجھے ملی تو بہت خوشی سے بتایا کہ میں نے عمل کیا اور میں نماز پڑھنے لگ گئی ہوں، مجھے حد درجہ کی خوشی ہوئی میں نے اسے کہا کہ تفصیلاً بتاؤ۔ تو کہنے لگی کہ پہلے میں نے وضوء کیا اور بعد میں وضوء کے تین گھونٹ پانی کا عمل اپنے دل کو روشن کرنے کی نیت سے کیا۔ پھر قرآن پاک کی تلاوت شروع کر دی پھر ظہر کی اذان ہوئی تو کچھ دیر بعد ظہر کی نماز پڑھی۔ کہنے لگی کہ آج میرا خود بخود دل کیا کہ میں نماز پڑھوں یہ سب، کچھ اس بابرکت عمل کی وجہ سے ہوا۔ اب میرا دل بہت مطمئن ہے۔ **(شیزہ ماہین)**

اسٹوڈینٹس کیلئے جادو کی چھڑی

محترم حکیم صاحب! ایک بار عبقری میں اسٹوڈینٹس کیلئے ایک تحفہ چھپا تھا۔ میں نے خود وہ عمل کیا اور بہت فائدہ ہوا۔ حکیم صاحب واقعی عمل ایسا ہے جیسے جادو کی چھڑی ہو۔ بہت لوگوں کو دیا ہے، ایک لڑکی بتانے لگی کہ میں نے یہ عمل پڑھا میری پیپرز میں مکمل تیاری نہیں ہوتی لیکن میں پاس ہو جاتی ہوں اور اس عمل کی برکت سے اللہ وہی پڑھواتے ہیں جو پیپر میں آنا ہو۔ وہ بہت خوش ہو رہی تھی اور مجھے بھی بہت خوشی ہو رہی تھی کہ یہ مجھے اعمال کا فائدہ بتا رہی ہے۔ اللہ اُس کو اور یقین عطا فرمائے آمین اور آپ کو اللہ اس عمل کو عام کرنے کی جزائے خیر عطا فرمائے آمین ثم آمین۔ **(شیزہ ماہین)**

طریقہ عمل:

ایک بار "سورۃ القلم" پڑھ کر سیاہی پر اور دوبارہ پڑھ کر قلم کی نوک پر پھونک مارنی ہے اور وہی انک پین میں بھر کر استعمال کرنی ہے۔

لذیذ کھانے بنانے کا آسان عمل

حکیم صاحب! میں نے اپنی دوست کو لذیذ کھانا بنانے کیلئے یہ عمل: ''اَللّٰهُ الْمُصَوِّرُ الْوَدُوْدُ'' پڑھنے کیلئے بتایا۔ اُس نے جب اس عمل کو کرتے ہوئے کھانا بنایا تو کھانا واقعی بہت لذیذ بنا۔ اس لڑکی نے یہ عمل چاول بناتے ہوئے کیا تو چاول اتنے اچھے بنے کہ سارے ختم ہو گئے اور سب گھر والوں نے کھانے کی بہت تعریف کی جس سے اس کی خوب حوصلہ افزائی ہوئی۔

معدے کا مسئلہ حل

میں اپنے سسرال گئی تو وہاں میں نے سب کو وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی والا عمل بتایا کیونکہ کسی کو شوگر تھی اور کسی کو معدہ کی پرابلم تھی۔ مجھے بھی چونکہ معدے کا مسئلہ بہت زیادہ تھا، بہت سال دوائی کھانی پڑی جب تک کھاتی رہی ٹھیک رہی جونہی چھوڑی پھر وہی مسئلہ .....! اور ساتھ بلڈ پریشر ہونے لگ گیا آخر جب ''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی'' والے عمل کا پتہ چلا اور اس کو کیا تو آج میں الحمدللہ بالکل ٹھیک ہوں۔ (ش۔ک)

بغیر گولی کے ایڑی کا درد ختم

میرے پاؤں کی ایڑی میں بہت درد تھا۔ کئی مہینے ہو گئے تھے۔ اسپتال والوں نے درد کی گولیاں دیں لیکن ان کے کھانے سے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ میں بہت پریشان تھی کیونکہ میں شوگر کی مریضہ بھی ہوں ایک دن مجھے یہ خیال آیا کہ میں دوسروں کو وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پینے کے فائدے بتاتی ہوں میں خود کیوں نہ وہ پانی پیوں؟ تین دن میں نے مسلسل وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پیا اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر ہے کہ اس مالک نے مجھے شفاء عطا فرمائی۔ اب میں نے کوئی گولی وغیرہ نہیں کھائی اور ماشاء اللہ میں بالکل ٹھیک ہوں۔ اللہ کا شکر ہے۔ (نائلہ جاوید، لاہور)

بڑے بڑے دانوں کا علاج

میرے محلہ میں ایک لڑکی کے چہرے پر دانے نکل آئے۔ وہ میرے پاس آئی تو میں نے اُس کو وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی کا طریقہ سمجھایا پھر وہ چار دن کے بعد آئی اور حیران رہ گئی۔ اور کہنے لگی آنٹی .....! ماشاء اللہ بہت زبردست عمل ہے میں بالکل ٹھیک ہو گئی ہوں اللہ کا شکر ہے۔ (د،م،ش)

یرقان کا علاج

میرے پاس کتابیں دینے کے لیے گلی میں چند بچیاں آتی ہیں۔ میں اُن سے اسلامی کتابیں خریدتی ہوں۔ وہ جب بھی آتی تھیں تو کہتیں کہ ہماری والدہ بیمار ہیں آپ ہماری مدد کریں میرے پاس جتنی توفیق ہوتی ہے دے دیتی تھی۔

آخر میں نے ایک دن اُن سے پوچھا: تمہاری والدہ کو کیا بیماری ہے؟ تو انہوں نے بتلایا کہ ان کو یرقان ہے اور وہ بستر پر ہی لیٹی رہتی ہیں۔ میں نے ان بچیوں کو وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پینے کا طریقہ سمجھا دیا پھر جب وہ دوبارہ آئیں تو میں نے ماں کا حال پوچھا تو بچیوں کے چہرے کھلے ہوئے تھے اور بولیں کہ اماں جی بستر سے اٹھ گئی ہیں اور ٹھیک ہو گئی ہیں۔ (ام رمان)

طبیعت ٹھیک ہو گئی.....!

جب سے خاوند کی فضیلت کے بارے میں چند احادیث پڑھی ہیں اس وقت سے خاوند کے ساتھ خیر خواہی کا جذبہ بہت زیادہ بڑھ گیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صاف فرمایا کہ اگر خدا کے علاوہ کسی کو سجدے کا حکم ہوتا تو وہ خاوند کے بارے میں دیا

جاتا کہ بیویاں اپنے شوہروں کو سجدہ کریں۔ جس عورت کو موت ایسی حالت میں آئے کہ اس کا شوہر اس سے راضی ہو تو وہ عورت جنتی ہے۔

آپ ﷺ سے پوچھا گیا: سب سے اچھی عورت کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ عورت جس کا خاوند اس کی طرف دیکھے تو وہ اسے خوش کر دے اور اس کا کہا مانے اور کوئی ایسا کام نہ کرے جو اسے ناگوار ہو۔

تین قسم کے لوگ ہیں جن کا نماز، روزہ اور کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی ان میں سے ایک وہ عورت بھی ہے جس سے اس کا خاوند ناراض ہو۔

جب سے میں نے یہ احادیث پڑھی ہیں اس وقت سے میاں کی خدمت کرنے کا جذبہ بہت زیادہ بڑھ گیا ہے اور اس وقت سے یہ حدیثیں مجھے یاد بھی ہیں۔ بہرحال ایک مرتبہ میرے میاں کی طبیعت کافی خراب تھی مجھے یہ لگ رہا تھا کہ طبیعت ان کی نہیں بلکہ میری خراب ہے۔ میں نے انکی طرف سے ''روحانی غسل'' نہایت ہی توجہ اور دھیان سے کیا، ان کی طبیعت جو تقریباً ایک ماہ سے خراب تھی اور کسی طرح ٹھیک نہیں ہو رہی تھی چار ہی دنوں میں ٹھیک ہو گئی۔ سب گھر والے حیران رہ گئے۔ **(اہلیہ علی خان، لاہور)**

لیکیوریا کا مسئلہ حل

حکیم صاحب! میں نے درس میں ''روحانی غسل'' کا سنا تھا۔ پھر جب آزمایا تو ''روحانی غسل'' سے لیکیوریا کا مسئلہ حل ہو گیا۔ اللہ کا شکر ہے بہت فرق پڑا ہے۔ ٹی وی دیکھنا تو تقریباً چھوڑ ہی دیا ہے، ڈائجسٹ پڑھنے کی بیماری تھی، شکر ہے اس کریم رب کا یہ عادتیں بھی خود بخود چھوٹ گئیں۔ میں حیران ہوں کے یہ سب کچھ کیسے ہو گیا۔ کچن میں کام کرتے ہوئے میری کمر میں اور میرے سر میں درد ہوتا تھا اللہ کا شکر ہے ''روحانی غسل'' سے سر اور کمر کا درد اب بالکل نہیں ہے۔ **(ے۔ن)**

سردیوں میں زکام سے حفاظت

حکیم صاحب! ان سردیوں میں سخت زکام اور گلے کے خرابی کی شکایت بہت محسوس کی۔ وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی پیا تو سردیوں میں دوبارہ تکلیف نہیں ہوئی۔ جو کہ اکثر سردی کے موسم میں ہو جاتی تھی۔ **(ثمینہ کوثر، راولپنڈی)**

خُودکُشی کا ارادہ ملتوی....!

کافی عرصہ سے ذہنی دباؤ نے مجھ سے میری مسکراہٹ چھین لی تھی، خوشی تو جیسے روٹھ ہی گئی ہو، اسٹریس اس قدر تھا کہ زہر (چوہے مارنے والی گولیاں) آگے رکھ کر ساری رات روتی تھی کہ کھالوں اور مر جاؤں مگر آخرت میں جواب دینے کی فکر سے اپنا ارادہ ملتوی کر دیتیکہ اپنے رب کو کیا منہ دکھاؤں گی....! پھر ''روحانی غسل'' شروع کیا۔ روحانی غسل کرنے کے چند ہی عرصے بعد میرے ساتھ یوں ہوا جیسے خوشیوں اور راحتوں نے میرے گھر کے دروازے دیکھ لئے ہوں۔ آپ کے بیانات سننے سے جینے کی نئی امید پیدا ہو گئی۔ خط و کتابت کے سلسلے نے میرے اندر خوشیوں کی لہریں پیدا کر دیں ہیں۔ **(ف۔خ)**

شوہر کے ہاتھوں ستائی ہوئی

حکیم صاحب کے بتائے ہوئے وظائف سے بہت لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ ایک عورت کا خاوند اس کو بہت مارتا تھا، بری طرح سے تنگ کر رکھا تھا روز روز کی لڑائی، زِچ کر دینے والے طعنوں سے وہ بہت پرشان تھی۔ میں نے اس کو ''روحانی غسل'' کا بتایا تو اس نے پابندی سے کرنا شروع کر دیا۔ بس کچھ ہی دفعہ کے عمل سے الحمدللہ! اب اس کا خاوند ٹھیک ہو گیا ہے اس کو بالکل نہیں مارتا۔ اللہ کے نام کی برکت سے اس کا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ **(ت۔ف)**

جلدی امراض کیلئے طاقتور عمل

محترم حکیم صاحب! میں بچپن سے ہی جلدی امراض میں مبتلا تھی۔ بہت

ڈاکٹروں سے علاج کرایا، ڈاکٹروں کے مطابق میرے خون میں خرابی ہے۔

جس کی وجہ سے چھ چھ ماہ تک مسلسل کڑوی ادویات کھاتی رہی لیکن مجھے ان امراض سے نجات نہ ملی۔ میرے چہرے پر بہت زیادہ دانے تھے جن میں پیپ بھری رہتی تھی، جب ان سے پیپ نکالتی تو وہاں سیاہ دھبے بن جاتے جو بہت ہی بدنما لگتے تھے۔ میں گھر میں بھی اپنی بہنوں اور کزنز سے منہ چھپا کر رکھتی تھی، ہر وقت احساس کمتری کا شکار رہتی تھی اور چھپ چھپ کر روتی رہتی تھی۔

ہمارے گھر میں تقریباً پانچ ماہ سے ’’ماہنامہ عبقری‘‘ مسلسل آرہا ہے، ایک دفعہ ’’عبقری‘‘ کے شمارے میں مجالس مجذوبی کے نام سے آرٹیکل لکھا ہوا تھا جس میں کسی نے ’’روحانی غسل‘‘ کے بارے میں بتایا تھا کہ اس کو ’’روحانی غسل‘‘ کی وجہ سے بیماری سے نجات ملی۔ میں نے بھی کیا اس سے میرا بھی اہم مسئلہ حل ہوگیا۔ (م۔ ھ)

اللہ کا تعلق مل گیا

حکیم صاحب! میں ایک لڑکے سے فون پر ساری ساری رات باتیں کرتی تھی۔ ماں باپ کی نافرمانی کرتی تھی۔ میرے امی ابو اس لڑکے سے بات کرنے سے بہت منع کرتے تھے لیکن میری سوئی وہاں ہی اٹکی رہتی تھی۔ میں والدین کی بات نہیں مانتی تھی۔ گناہ پر گناہ کیے جارہی تھی اور گناہگار بنتی جارہی تھی۔ آپ کے بتائے ہوئے ’’روحانی غسل‘‘ کے عمل سے اللہ کا ایسا تعلق ملا ہے اور ملتا ہے کہ انسان گناہوں سے مکمل پاک ہوجاتا ہے۔ میں نے روحانی غسل والا عمل کیا بس....! اس عمل کے کرنے سے وہ لڑکا چُھوٹ گیا اور مجھے اللہ مل گیا۔ اس عمل کے کرنے سے میری زندگی میں سکون آگیا، چین آگیا، مزہ آگیا....! اور واقعی مزہ آگیا....! یہ بات آپ اپنے درس میں ضرور شامل کیجئے گا کہ ’’روحانی غسل‘‘ سے گناہوں سے چھٹکارہ مل گیا۔ (ن۔ م۔ س)

دانتوں کی تکلیف ختم

’’روحانی غسل‘‘ سے چھوٹی بیٹی کے دانتوں کا مسئلہ حل ہوگیا۔ اسے دانتوں کی تکلیف رہتی تھی ’’روحانی غسل‘‘ سے اس کے دانتوں کی تکلیف بھی دور ہوگئی اور اس کے منہ کی بدبو جو تکلیف کی وجہ سے آتی تھی وہ بھی دور ہوگئی۔ اس کے علاوہ بیٹے کے سر میں خشکی بہت تھی ’’روحانی غسل‘‘ کی برکت وہ ختم ہوگئی۔ میری ایک بہت بری عادت تھی....! میں جب بھی مارکیٹ جاتی تھی آدھا کام چھوڑ کر واپس آجاتی تھی۔ اللہ کا شکر ہے کہ ’’روحانی غسل‘‘ سے یہ بری عادت بھی دور ہوگئی۔ تین گھونٹ پانی کے عمل سے ہر قسم کی چھوٹی بڑی تکلیفیں دور ہوجاتی ہیں۔

ایک رات میں بیعت کارڈ کی تسبیح پڑھ کر سوئی تو خواب میں صاف ستھرے آسمان پر چاند اور ستارے چمکتے ہوئے دیکھے۔ بس....! اللہ حکیم صاحب کو سلامت رکھے اور ہزاروں خوشیاں دے۔ آپ لوگوں کے درد دور کرنے کا سبب بن رہے ہیں اللہ پاک آپ کے تمام درد دور کرے گا۔ انشاء اللہ....! **(روزینہ خان)**

ٹانگوں کا شدید درد ختم

میری ٹانگوں میں شدید درد اور جلن رہتی تھی۔ بچوں سے دبواتی تھی۔ اتنا درد ہوتا کہ بستر سے ہلا ہی نہ جاتا تھا پھر ایک دم خیال آیا کہ ’’روحانی غسل‘‘ کروں۔ مجھے پتہ ہی نہ چلا میں باتھ روم میں بیٹھی بیٹھی ہی ہلکی پھلکی ہوگئی۔ **(والدہ جنید)**

شادی کا مسئلہ حل

میری ایک دوست روبینہ بہت ہی دکھی اور پریشان تھی۔ وہ یتیم ہے میرے ساتھ اسکول میں ہی پڑھاتی تھی۔ وہ دو بہنیں ہیں۔ چھوٹی بہن کی شادی پہلے ہوگئی تھی اور اب دو بچے بھی ہوگئے ہیں لیکن روبینہ کی شادی کا مسئلہ حل نہ ہوا، کبھی اِن کی طرف سے اور کبھی لڑکے والوں کی طرف سے انکار ہوجاتا تھا کہ لڑکی موٹی ہے وغیرہ

وغیرہ.....! میں نے درس میں ''روحانی غسل'' کے بارے میں سنا تھا۔ میں نے اپنی دوست کو''روحانی غسل'' کرنے کو کہا۔ اس نے''روحانی غسل'' دن میں کئی بار کیا۔ پھر اس نے بتایا کہ خواب میں عجیب چیزیں دیکھتی ہوں۔ میں نے اس سے کہا کہ حکیم صاحب کو خط لکھو! اس نے آپ کو خط لکھا۔ آپ نے اسے روحانی غسل والے عمل کو توجہ سے کرنے کو کہا اور کچھ پڑھنے کو دیا۔ یہ عمل اس نے ایک مہینہ تک کیا۔ ''روحانی غسل'' کی برکت سے اللہ کی رحمت متوجہ ہوئی اور جھٹ منگنی پٹ بیاہ ہوا اور اس کو بہت خوبصورت شوہر ملا۔ صرف اعمال اور اللہ کے کلام کی وجہ سے اس کی پریشانیاں دور ہوئیں۔ آپ نے اس کو صحیح گائیڈ لائن دی، اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ آمین۔ (صنوبر اقبال، لاہور)

گالیوں کی عادت ختم

میرے خالو اپنے بچوں کو بہت گالیاں دیتے تھے۔ میں نے اپنی خالہ سے کہا کہ آپ''روحانی غسل'' کا عمل اس نیت سے شروع کریں کہ خالو کی گالیوں کی عادت چھوٹ جائے۔ خالہ نے''روحانی غسل'' اس نیت سے کیا۔ اب وہ ایک بہت بہترین انسان بن گئے ہیں اور اب نماز بھی پڑھتے ہیں۔ (م۔ج)

بڑھتی ہوئی لڑائی رک گئی

حکیم صاحب! ہمارے کرائے داروں کے گھر میں میاں بیوی اور ساس کی آپس میں لڑائی ہو رہی تھی۔ غصے میں میاں نے بیوی کو مارا تو لڑائی بڑھتی گئی۔ میں نے ان کی آوازیں سنی تو سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص والا وظیفہ پڑھ کر دعا کی اور ان کو ہدیہ کر دیا اور پڑھتے وقت تصور کرتی رہی کہ اس وظیفے کا نور ان کے دل میں جا رہا ہے اور نور سے ان کے دل آپس میں جڑ رہے ہیں۔ تھوڑی دیر میں ان کی لڑائی ختم ہو گئی۔

عمل کا طریقہ اس طرح ہے کہ: اول آخر تین دفعہ درود شریف ایک مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور تین بار سورۃ الاخلاص پڑھیں۔

میں اکیڈمی جا رہی تھی۔ میرا روز کا معمول ہے جب بھی میں گھر سے باہر نکلتی ہوں گیارہ مرتبہ ایک سانس میں ''یَاحَفِیْظُ'' اور گھر سے باہر نکلنے والی دعا پڑھ کر نکلتی ہوں۔ یَاحَفِیْظُ کا اپنے اوپر دم بھی کر لیتی ہوں۔ میں اکیڈمی کی طرف جا رہی تھی تو پیچھے سے لڑکے بائیک پر بہت تیز رفتار میں آ رہے تھے۔ میں اس وقت راستے میں درود ابراہیم پڑھتی ہوئی جا رہی تھی ان کی موٹر سائیکل میرے بالکل قریب سے گزری اور میرے پاؤں کو ٹچ ہوئی تھی میں حیران تھی کہ میں کیسے بچ گئی؟ بس اللہ پاک نے اپنے نام اور اپنے پیارے محبوب ﷺ کے صدقے میری جان بچا لی۔ اگر میں نے یہ حفاظت کے اعمال نہ پڑھے ہوتے تو میں اس دن ہسپتال ہوتی۔ (ر۔ب۔ع، لاہور)

بیٹی کے جہیز کی غیبی مدد

حکیم صاحب نے مجھے ''یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ'' کا وظیفہ دیا اس وظیفے سے میرے بہت سے ایسے کام جو ناممکن تھے ممکن ہوئے بیٹی کی شادی کے جہیز کا میرے پاس کوئی انتظام نہیں تھا اللہ تعالیٰ نے ایسے غیب سے انتظامات کئے کہ جن کے گھر میں چار کمانے والے ہوں وہ بھی نہ کرتے ہونگے، میں نے اپنی پھول جیسی بچی کو دنیا کی ہر چیز دی۔ ہر بندہ خود ہدیے دے رہا تھا میں نے کسی سے نہیں مانگا۔ روزگار کے کچھ مسائل تھے وہ تمام مسئلے بھی حل ہو گئے۔

(فیروزہ، لاہور)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مجھے وظائف سے
غیبی مدد کیسے ملی

افادات: **حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی**
پی۔ایچ۔ڈی (امریکہ)

مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات
آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل

دفتر ماہنامہ "عبقری"
78/3 مرکز روحانیت وامن عبقری [illegible]
فون: [illegible], 042-37597605
[illegible] Website: www.ubqari.org


مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات
مجالس مجذوبی


گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے


عامل کامل بننے کے راز


اُف جہنم اور اذان کے کرشمات


جیلوں میں بیتے لمحات کی کہانی مشاہیر کی زبانی


حکماء کی زندگیوں کا طبی نچوڑ


آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل
تحقیق و تالیف
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
(پی ایچ ڈی امریکہ)


جنات کا پیدائشی دوست


گھریلو الجھنوں کا قرآنی اور روحانی علاج

دفتر ماہنامہ ''عبقری''

78/3 مرکز روحانیت و امن، عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور
فون: 042-37552384, 042-37597605
Email: contact@ubqari.org, Website: www.ubqari.org